باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

190

ماہنامہ عبقری لاہور

مارچ 2022ء شعبان 1443 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

جاوید حسین

جنات کا پیدائشی دوست

جناتی دنیا کا صدیوں سے آزمودہ تیسرا لاہوتی نقش

اسی شمارہ کے صفحہ نمبر 41 ملاحظہ فرمائیں! اجازت عام

جو تمنا دل میں لے کر آئیں پوری

15 شعبان کی شب تسبیح خانہ میں گزاریں

تکیہ کے کور کا خاص عمل

24 مارچ بروز جمعرات تسبیح خانہ لاہور میں تکیہ کا کور لائیے دوران محفل خاص الخاص عمل ہوگا۔ بیماریوں، روگوں سے نجات پائیے

اجڑتے گھر، سسکتی زندگیاں، فاقہ زدہ بچے

اس شمارہ کا صفحہ نمبر 38 دیکھ لیجئے!

غموں سے نجات پائیے!

- بگڑی شوگر کا بالکل مفت گارنٹی شدہ علاج
- ایسی تھکاوٹ جو بے بس کردے، نجات پائیے!
- رمضان سے پہلے بدہضمی سے بچنے کے چند آسان حل
- دماغی کمزوری دور اور لاجواب طاقت! ایک چمچ کا ٹوٹکہ
- پہلوان کو زندہ لاش بنانا ہے تو پاؤں کے بل بٹھادیں!
- آخری جادو اور طاقتور جنات کا توڑ! یہ عمل بہت طاقتور ہے
- اسی سال شادی کرنا چاہتے ہیں تو یہ تحریر ضرور پڑھیں

نسلیں رہیں سدا صحت مند، جاندار اور شاندار

روٹی بنے مزیدار معالج آٹا سے ہر بار

رمضان المبارک کے پہلے گیارہ دنوں میں اسم اعظم کے عامل بنئے! جو چاہیں پالیں!

شدید قبض، نزلہ زکام اور ماہواری کے مسائل کا حل

آیۃ الکرسی پڑھتے مٹھی بند کیجئے، پھر کھولیے! رزق کا انبار لگ جائے!

نسلوں کو کھرب پتی بنائیے! اولیاء کا آزمودہ نسخہ

UbqariTasbeehKhana ubqari ubqariofficial1
ubqari UbqariTasbeehKhana www.ubqari.org

ماہنامہ عبقری ٭ عبقری ویب چینل ٭ روزنامہ اینٹی کرپشن

+92 332 755 2382 , +92 321 434 3500

شیخ الوظائف کے نام پر رقم لینے والوں سے محفوظ رہیں اطلاع کریں۔ بیشمار کیساتھ دھوکہ ہو چکا اگر کسی نے آپکے ساتھ رابطہ کیا ہے تو ہمیں فوراً اس نمبر پر واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کیجئے 0343-8710009

اور کمتر نظر میں دیکھا جاتا تھا۔ آیئے! اپنی نسلوں کو اس خطرناک ڈسنے والے سانپ سے بچائیں ورنہ یہ خطرناک ڈسنے والا سانپ نسلوں کو کھا جائے گا اور نسلوں کو روگی بنا دے گا ایسے خطرناک روگ مشکلات اور مسائل کہ انسان گمان نہیں کرسکتا۔

ایڈیٹر کے قلم سے

حال دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

ایک سانپ کا سچا واقعہ جس نے نسلوں کو ڈس لیا!

قارئین! میرے پاس سارا دن دکھوں، غموں اور مصائب کے مارے کیس آتے ہیں اور واقعات سننے کو ملتے ہیں، نسلوں کا دکھ انسان کو دیمک کی طرح کھا جاتا ہے، بندہ اپنا غم تو برداشت کرلیتا ہے لیکن نسلوں کا دکھ اور غم برداشت نہیں کرسکتا۔ کتنے دنیا کے بے شمار لوگ ہیں جو ساری عمر زمانے سے لڑتے رہے یا دکھوں کی جنگ لڑ کر کامیاب ہوگیا، قرضوں میں حالات کی بندش نے، مشکلات کی شدت نے، مسائل کی الجھن نے انہیں کبھی بھی جھکنے نہ دیا لیکن نسلیں واحد ہیں اور خاص طور پر اولاد جو انہیں جھکنے پر اور مانگی موت یا اپنی موت مرنے پر مجبور [illegible]۔ ہم اولاد کو اچھا کھانا، پینا، نعمتیں، رزق، دولت، گھر، گاڑیاں اور لاجواب برانڈ [illegible] دیتے ہیں کہ اپنی نسلوں کو سکھی اور خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں لیکن رزق حرام واحد چیز ہے جو نسلوں کو کبھی خوش اور خوشحال نہیں ہونے دیتے۔ جیسے حرام کھانے میں وقتی ذائقہ ضرور ہوتا ہے لیکن اس زندگی میں ہمیشہ کی تلخی شدت اور مصیبت گھل جاتی ہے اور ایسی تلخی شدت اور مصیبت گھلتی ہے۔

آئیں! نسلوں کو اس خطرناک جادو سے بچائیں!

میرا شعبہ رازوں کا ہے وہ راز جو سینے میں اور حتیٰ کہ قبروں تک چلے جاتے ہیں اور کوئی کسی کو نہیں بتاسکتا میں ان رازوں کا ایک پرانا صندوق ہوں جو شاید میں کسی کو نہ بتاسکوں کیونکہ رازداری معالج کا پہلا قدم ہے۔ قارئین! دکھ، غم، مسائل اور مشکلات انسان نسلوں کے برداشت نہیں کرسکتا لیکن کتنا نادان ہے کہ نسلوں کو وہ رزق کھلاتا ہے جو رزق مشکوک ہوتا ہے اور ایسا کہ جس کی بنیادیں حرام اور ناجائز پر ہوتی ہیں۔

اگر نسلوں کو سکھ، سکون، خوشیاں، خوشحالیاں راحت دینا چاہتے ہیں تو انہیں خطرناک جادو سے بچائیں، رزق حرام بہت بڑا جادو ہے، آئیں میں آپ کو ایک لفظ بتاتا ہوں آپ نے کسی بندے کا کردار، مشکوک، غلط، بدترین ہو لوگوں کو ستاتا ہو، لوٹتا ہو، ڈاکے، چوری اس کا شعبہ اور پیشہ ہو تو اس کو "بدمعاش" کہتے ہیں۔ کبھی سوچا کہ لفظ "بدمعاش" کیا ہے، آئیں! میں اس کی وضاحت عرض کرتا ہوں۔ بد بُرے کو کہتے ہیں اور معاش رزق کو کہتے ہیں جیسے عموماً لفظ استعمال ہوتا ہے کہ ہمارے ملک کا معاشی نظام ترقی کررہا ہے یا کمزور ہورہا ہے فلاں بندے کا معاشی نظام بہت کمزور ہے یعنی جس کی معاش بد ہو کہ وہ ایسا رزق کمارہا ہے جو حرام اور بد ہو، تو پہلے زمانے اسی زمانے میں اسی شخص کو "بدمعاش" کہتے تھے اور وہ معاشرے میں انتہائی گھٹیا

آیئے! لاہور کی ایک مارکیٹ کا سچا واقعہ پڑھیں!

ایک سچا واقعہ لاہور کا لکھتا ہوں۔ کیا خیال ہے؟ ہم احساس کرسکتے ہیں اور یہ سچا واقعہ بھی اس شخص کا ہے معلوم ہوتا ہے کہ قدرت اس کو اپنے قریب کرنا چاہتی تھی اور قدرت اس کو متوجہ کررہی تھی۔ آئیں! قدرت کی توجہ کو اس واقعہ کی وضاحت سے دیکھتے ہیں۔

ایک زرگر کی دکان تھی، وہ سونے کے ہاروں کے نگ لگاتا تھا، بڑے بڑے دکاندار اس کو ہار دے جاتے تھے اور وہ ان کو نگ لگا کر دیتا تھا۔ ایک بار ایک دکاندار جس کا اس سے مسلسل لین دین تھا، اسے سونے کے بیس ہار دے گیا۔ روز کا معمول تھا اس نے اسے انیس ہار لوٹائے ایک اس نے اپنے کیبن کے نیچے چھپالیا، تھوڑی سی بحث کے بعد وہ دکاندار چلا گیا یعنی ہار چھپانے والا جیت گیا اور بڑا زرگر جو نگ لگوانے کے لیے آتا تھا وہ ہار گیا۔ یہ مطمئن تھا، خوش تھا کہ ایک سونے کا بڑا بھاری ہار اس نے آج کی کمائی میں اپنا کرلیا اور یقیناً یہ اس کے نسلوں کے گلے کا ہار بنتا تھا یا رزق اور خوشحالیوں کا ذریعہ پر واقعہ کوئی انوکھا ہوگیا ہوا یہ کہ اس نے رات کو خواب میں میز کے نیچے ایک سانپ نکلتا ہے اور اس کی ٹانگ پر ڈس کر دوبارہ واپس چلا جاتا ہے، صبح اٹھتا ہے تو اس کی ٹانگ پر درد ہورہی ہوتی ہے، اس نے اسے عام اور معمول کا واقعہ سمجھا، کوئی گہری توجہ نہیں دی۔ دوسری رات پھر سویا تو پھر وہی خواب دیکھا یہ اپنی دکان پر بیٹھا ہے، اس کے کاؤنٹر کے نیچے سے پھر خطرناک سانپ نکلتا ہے اور اس کو ڈس کر واپس چلا جاتا ہے۔ صبح اٹھا تو پھر اس کو شدید درد تھا جو سارا دن رہا۔ تیسری رات پھر یہی خواب دیکھا، پھر تیسری مرتبہ بھی اس کو سانپ نے ڈسا۔ چوتھے دن یہ دکان پر گیا اور ٹیبل سے ہار نکالا۔ اس کو سمجھ آچکی تھی کہ سانپ کیوں ڈس رہا ہے اور یہ سارا معاملہ کیا ہے، اس نے اس دکاندار کو فون کیا اور اسے کہا کہ تمہارا ایک ہار میرے پاس تھا جو مجھے مل گیا آکر لے جائیں۔ اس دن کے بعد اس کے خواب میں سانپ نہ آیا۔

شاید وہ سعید، سعادت مند، نیک روح تھی!

قارئین! شاید وہ سعید، سعادت مند، نیک روح تھی، میرا رب اور خالق کائنات اسے دنیا کی بڑی مصیبتوں تکالیف اور مسائل سے بچانا چاہتا تھا اس لیے تھوڑی سی تکلیف دنیا میں دے کر اس کو تنبیہ کردی۔ یاد رکھیں! کوئی شخص اگر حرام کھارہا ہے اور اس کو حرام ہضم ہوگیا اور بظاہر کچھ نہ ہوا بلکہ مزید حرام کی تلاش میں ہے تو معلوم یہ ہوتا ہے وہ کسی بڑے حادثہ کا انتظار کررہا ہے اور کبھی بھی حرام کھانے والے سے ہم نفرت نہ کریں اور ہاں کبھی متاثر بھی نہ ہوں۔

عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 9 | جلد نمبر 16 | مارچ 2022 شعبان المعظم 1443 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصّبات سے پاک

ماھنامہ عبقری لاہور

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

مارچ 2022ء

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

آپ کی امانت ضرور لوٹائیں گے

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں، ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں، رسالہ آپ کی نظر سے گزرا، حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے، بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے، ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب، رسائل، جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے، وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں، مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

دکھی انسانوں کے لیے خوشیوں کا سامان

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے، وہاں سالہا سال سے ادارہ عبقری کا شعبہ "عبقری خدمات" لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے، یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ گڈز ٹرانسپورٹ کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

یقین کیجئے یہ سچ اور حقیقت ہے! احتیاط کیجئے!

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری خدمات کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر خدمات کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

کوئی ایجنسی ہولڈر عبقری خدمات کے نام پر سامان، نقدی یا کسی بھی دیگر چیز کا مطالبہ کرے تو اس نمبر پر بذریعہ میسج یا واٹس ایپ اطلاع کیجئے۔ 03438710009

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

آیئے عبقری سوشل میڈیا سے مسائل کا حل پایئے!

Websites www.ubqari.org

Facebook fanPage facebook.com/ubqari

instagram.com/ubqariofficial1

Youtube.com/UbqariTasbeehKhana

03327552382 0321-4343500

twitter.com/ubqari

pinterest.com/ubqaritasbeehkhana/

Facebook fanPage — عبقری وظائف کے حوالہ جات جاننے کیلئے
facebook.com/akabirparaitmad

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org || 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

محمد طارق محمود نے اظہار سنز ریتی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر لاہور سے شائع کیا۔ مزنگ چونگی نزد قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

مذاق میں بھی کسی کی چیز نہ لو

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، بن سائب بن یزید سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''تم میں سے کوئی اپنے (مسلمان) بھائی کی (کوئی) چیز نہ لے (بلا اجازت) نہ مذاق میں اور نہ حقیقتاً اور اگر کسی نے اپنے بھائی کی لکڑی (یا کوئی اور چیز) لے لی تو اسے چاہئے کہ اسے واپس کردے۔ (سنن ابی داؤد شریف: باب من یاخذ الشی علی المزاح)

احسان کا بدلہ دو، اگرچہ دعا سے ہو

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ کا نام لے کر تم سے پناہ مانگے اس کو پناہ دو اور جو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر تم سے سوال کرے اس کو دو اور جو شخص تم کو (دعوت میں) بلائے اس کو قبول کرو اور جو شخص تمہاری طرف احسان کرے اس کو بدلہ دو اگر تمہارے پاس کچھ بدلہ دینے کے لیے نہ ہو تو اس کے لیے دعا کرو یہاں تک کہ تم دیکھو کہ اس کا بدلہ تم نے دے دیا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف: باب افضل الصدقۃ)

صلح کروانا افضل ترین عمل

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں نماز، روزہ اور زکوٰۃ سے افضل درجے کا عمل نہ بتاؤں؟'' صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: ''کیوں نہیں۔'' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جن لوگوں میں جدائی ہوگئی ہو ان میں صلح کروانا جبکہ لوگوں میں پھوٹ اور فساد ڈالنا مونڈنے والی چیز ہے۔ (جو دین کو مونڈ کر رکھ دیتی ہے یعنی اعمال کو ضائع کردیتی ہے)۔ (مسند احمد بن حنبل)

رات سوتے وقت یہ درود پڑھیں اور پھر کمال دیکھیں!

ایک نادر درود شریف یہ ہے:۔ یہ صلوٰۃ البیر' کنویں والا درود ہے۔ مؤلف دلائل الخیرات محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ کو وضو کیلئے پانی کی ضرورت پڑی دیکھا کہ ایک کنواں ہے مگر اس پر ڈول رسی نہیں ہے۔ آپ کی اس پریشانی کو دیکھ کر ایک لڑکی آئی اور اس نے کچھ پڑھ کر تھوک دیا جس سے پانی ابل کر کناروں تک آ گیا۔ آپ حیران ہوئے اور پوچھنے پر معلوم ہوا وہ لڑکی یہ درود شریف پڑھتی ہے جس سے اسے یہ مرتبہ حاصل ہوا۔ شیخ زروق رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ مؤلف دلائل الخیرات کی قبر سے مشک وعنبر کی خوشبو آتی ہے جو درود شریف کی برکت ہے۔ (زاد السعید ص ۱۶) حدیث شریف میں ہے کہ اس کے پڑھنے والے کا چہرہ پل صراط پر چاند کی طرح چمکدار ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول ۱۷۵) (بحوالہ: اللھماس 88/1 از: منظور احمد شامی) وہ مبارک درود شریف یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ۔

ایک صاحب لکھتے ہیں کہ یہ درود شریف مجھے تقریباً 40 سال کی کوشش کے بعد ملا اور ہم کو تقریباً 10 سال کی کوشش کے بعد ملا۔ ہماری ملاقات اس صاحب سے ہوئی انہوں نے فرمایا عشاء کے بعد سب کام سے فارغ ہو کر اس درود شریف کو 1100 مرتبہ پڑھ کر سو جاؤ پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔

تجربات رومی — قسط نمبر 25 — رومی احمد پوری

نسلوں کو کھرب پتی بنائیے! اولیاء کا آزمودہ نسخہ

قارئین السلام علیکم! جس دور میں اور جس صدی میں کوئی پیغام پھیلا ہے وہ صرف اور صرف اس پیغام کے تذکرے عام کرنے سے عام ہوا ہے اور پھر ایک ایسا وقت آتا ہے کہ ہر انسان اس پیغام سے باخبر ہوتا ہے۔ اسی طرح ہماری عبقری کی خانقاہ تسبیح خانہ کا پیغام امت کا وہ ورثہ ہے جس سے امت کو بے انتہاء نفع پہنچا۔ وہ پیغام اور ورثہ وظائف کا ہے جو صحابہؓ، اہل بیتؓ اور خاص طور پر اولیاءؒ کی زندگی میں بھرا ہوا ہے۔ اس خانقاہ تسبیح خانہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ جب ادھر سے وظائف کی آواز اٹھی تو کوئی موافق نہیں تھا لیکن شیخ الوظائف کی دن رات لگن اور محنت رنگ لائی۔

قارئین! اگر صحابہؓ دین اپنے تک رکھتے یعنی دین ایمان اور دوسروں کو نہ سکھاتے تو آج ہم غیر مسلم، ہندو، نصرانی ہوتے لیکن انہوں نے اس دین کے پیغام کو پھیلانے کیلئے جانیں دے دیں، ان کی قربانیوں کی وجہ سے آج ہم اپنے آپ کو مومن اور مسلمان کہتے ہیں۔ حیران کن بات ہے صحابہؓ نے 1400 سال پہلے جب سہولیات کم ہوتی تھیں تب ہزاروں میل سفر کیا اور اپنی آخری آرام گاہیں اور قبریں چولستان کے صحرا میں بنا ڈالیں۔

صحابہ و اہل بیت سلام اللہ و رضوانہ علیہ افریقہ، یورپ اور ایشیاء میں پھیل گئے اور وہیں جانیں دے دیں۔ میرا تو معمول بن گیا ہے کہ جو بندہ ملتا ہے میں اس کو مشکلات مسائل پریشانیوں کا حل، جادو جنات سے چھٹکارا اعمال نبوی ﷺ سے بتاتا ہوں تاکہ جو امت پریشان حال ہے ان کو بھی کوئی پوچھنے والا ہو' چلو کچھ نہیں کر پاؤں گا لیکن کبوتر کی چونچ میں پانی کے قطرے جتنا تو فائدہ ہوگا۔

آپ بھی تسبیح خانہ کے مشن کو اپنا مشن بنائیں اور عزم کریں کہ جو وظائف' اعمال' تسبیح خانہ سے سیکھیں وہ آگے پھیلائیں۔ جو امت کا فکر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس بندے کا فکر کرتے ہیں اور جو انسان اللہ کی فکر میں آجاتا ہے تو اللہ کی مدد شامل ہوجاتی ہے اور جب اللہ کی مدد شامل ہوتی ہے تو اس کی نسلیں سنور جاتی ہیں۔ اس کی لڑیوں میں دولت' عزت' شہرت' ایمان اور اعمال جیسی نعمتیں آتی ہیں۔ یہ نعمتیں اس کو ملتی ہیں جو امت کا فکر کرتے ہیں۔ اولیاء نے امت کا فکر کیا جس میں شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ علی بن عثمان الہجویری رحمۃ اللہ علیہ' شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ' خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ جیسے موجود ہیں۔ آج ان کی نسلیں کھربوں پتی ہیں۔ اللہ ان کی نسلوں کو بیٹھے بٹھائے بنا کام کاج کے کھلا رہا ہے' پلا رہا' پال رہا ہے۔ لہٰذا تسبیح خانہ کے غم کو اپنا غم بنائیں' تسبیح خانہ کے درد کو اپنا درد بنائیں' پھر تو امت کو آپ جیسے مخلصین سے فائدہ ہوگا ورنہ امت سسکتی سسکتی اپنے مسائل مشکلات میں ہی مرجائے گی۔ میں شیخ الوظائف دامت برکاتہم العالیہ کو دیکھتا ہوں ان کے ذہن میں ہر وقت تسبیح خانہ کا پیغام سوار رہتا ہے کہ آنے والے مجمع کے مسائل مشکلات کا حل کیسے کیا جائے؟ قارئین! آپ بھی تیار ہوں اور میں بھی فیصلہ کرتا ہوں۔ جزاک اللہ خیرا۔

(حصہ دوئم)

رستم زماں گاما پہلوان (غلام محمد) کے 6 بیٹے کیسے مرے؟

بغداد کی بابرکت سرزمین پر شیخ الوظائف نے ساڑھ ستی کے راز کھول دیئے!

کالا' جادو بندش' سفلی عمل جب اپنی انتہا پر پہنچ جاتا ہے وہ ساڑھ ستی کہلاتا ہے اور یہ بعض اوقات نسل در نسل بندش کی شکل میں چلتا ہے اور زندگی کا ہر نظام تنگ' مشکلات' مسائل ناکامیاں پریشانیاں مقدر بن جاتی ہیں۔ آئیے! خود اور اپنی نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے شیخ الوظائف سے یہ راز جانیے' سمجھیے ان پر عمل کیجئے اور پرسکون زندگی گزاریئے!

اولاد کیلئے قبر سے نکالے مردہ بچے پر بیٹھ کر نہانا پڑا

گزشتہ شمارہ میں میں اس بندے کی بات بتا رہا تھا جو بچے اغوا کر کے آگے ساڑھ ستی کیلئے بیچتا تھا۔ ایک اور چیز میں آپ کی خدمت میں عرض کروں۔ راجہ مہاراجاؤں کا جب دور تھا، تو شیر کے شکار کے لئے بھی بچے کام آتے تھے۔ میں تاریخ کا ورق پلٹ رہا ہوں۔ دس بارہ سال کے بچوں کو بوری میں بند کر دیا جاتا تھا۔ راجہ مہاراجہ انہیں درخت کے اوپر باندھتے تھے۔ بچہ خوف سے چلاتا تھا۔ جنگل میں اس کی چیخوں کی آواز گونجتی تھی اور شیر سونگھتا ہوا آتا تھا اور وہ آکر بوری کو جھنجھوڑتا تھا، پنجہ مارتا تھا کہ اس انسانی جان کو کھاؤں اور بچہ مزید چیختا تھا بچہ شیر کے پنجوں سے زخمی ہو ہو کر مر جاتا تھا۔ اس کے بعد پھر بادشاہ اس شیر کے ساتھ شکار کھیلتا تھا اور خوش ہوتا تھا اور پھر شکار کر کے شیر کے اوپر پاؤں رکھ کر فخر کرتا تھا۔ تو مجھے وہ بندہ کہنے لگا: میں بہت عرصہ، اغواء کر کر کے بچوں کو سپلائی کرتا رہا' صرف دو چیزوں کے لیے ایک اونٹوں کی ریس اور دوسرا کالے جادو یعنی ساڑھ ستی کے لیے۔ قارئین! جب آپ قرآن وحدیث' ایمان' اعمال کی سچی راہیں لوگوں کو نہیں دیں گے' اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' صحابہ رضی اللہ عنہم، اہل بیت رضی اللہ عنہم، اولیاء' صلحاء نے جو عمل بتائے وہ پریشان حال لوگوں کو نہیں بتائیں گے تو پھر یہ ساڑھ ستی اور کالے جادو کی راہیں کھلیں گی۔ تسبیح خانہ پیاسی مخلوق کو مسنون اعمال' اذکار اور وظائف دے رہا' مخلوق کے مسائل مشکلات پریشانیوں کا حل دے کر ان کی پیاس ختم کر رہا ہے۔ اگر آپ یہ چیزیں نہیں دیں گے، تو اگلا راستہ یہی ہے کہ پھر جو چیز وہ چاہے، بندر کی کھوپڑی ہے، کتے کی کھوپڑی ہے یا پھر وہ انسانی کھوپڑی ہے یا انسانی لاشیں اور بچے ہیں۔ ایک خاتون نے مجھے بتایا کہ مجھے کہا گیا کہ اولاد کے لئے جو بچہ چھوٹی عمر میں مرا ہو، اس کی میت کو جا کر نکالو، نکال کے اس کے اوپر نہاؤ۔ نہانے سے تیرا بیٹا ہوگا۔ گورکن کے ذمے لگایا کہ جو چھوٹا بچہ مرے، اس کے بارے میں بتائے اور گورکن کو منہ مانگے پیسے دیئے۔ گورکن نے مجھے اطلاع کی، رات کو گئی، اس نے قبر کو کھودا، بچے کو نکالا اور بچے کو نکال کے، لے کے پھر میں بچے پہ بیٹھی اور میں نے بچے پہ بیٹھ کر غسل کیا۔ اور پھر میت کو چھوڑ کے آگئی، پھر گورکن جانے اس کا کام جانے۔ اس نے پھر بچے کو اٹھا کے دبا دیا۔ جب لوگوں ایمان اعمال کی زندگی، قرآن و حدیث، اللہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان جب یہ چیزیں نہیں دیں گے پھر اس کا نقصان یہ ہوگا کہ لوگ اس کالی گندی سفلی زندگی میں آئیں گے، جو زندگی اللہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناپسندیدہ زندگی ہے۔

گاما پہلوان (غلام محمد) کے 6 بیٹے کیسے مرے؟

ایک چھوٹا سا واقعہ بیان کروں گا جس کی تاریخ بہت حیرت انگیز ہے وہ واقعہ ہے برصغیر کے ایک مشہور پہلوان غلام محمد جو گاما پہلوان کے نام سے مشہور ہیں اور انہیں رستم زماں بھی کہا جاتا ہے۔ غلام محمد (گاما پہلوان) کی چار بیٹیاں تھیں اور اس کے چھ بیٹے پیدا ہوئے اور چھ ہی فوت ہو گئے۔ ایک بیٹے کے غم نے غلام محمد (گاما پہلوان) کی کمر کو توڑ دیا۔ اسے امام بخش (بھائی) اور تمام جاننے والے بڑی تسلیاں دیتے تھے۔ اس کا بیٹا جس نے اس کی کمر توڑ دی وہ 14 سال کا تھا' اس کا نام جلال تھا اور یہ اس کا چھٹا بیٹا تھا جو فوت ہوا۔ مہاراجہ پٹیالہ نے ریاست پٹیالہ میں اسے ایک بہت چھوٹا سا محل دیا ہوا تھا' غلام محمد (گاما پہلوان) وہاں رہتا تھا عزت وقار تھا کیونکہ مہاراجہ خود ایک عظیم انسان تھا۔ وہاں انت ناد کا ایک جوگی آتا تھا' بادشاہ اس کی بڑی قدر کرتا اور وہ جوگی غلام محمد (گاما پہلوان) کا بہت دیوانہ' شیدائی اور اس سے محبت کرتا تھا۔ جوگی غلام محمد (گاما پہلوان) کے گھر رہتا تھا اور غلام محمد (گاما پہلوان) بھی اس کی بہت عزت کرتا تھا۔ غلام محمد (گاما پہلوان) کا بیٹا جلال چھوٹا سا تھا تو جوگی بوڑھا اس سے محبت کرتا۔ ایک بار جوگی سال کے بعد آیا۔ اس مرتبہ وہ اپنے ساتھ دو عدد شیر بھی لایا اور آتے ہی کہا میں نے غلام محمد (گاما پہلوان) کے پاس رہنا ہے بادشاہ کے محل میں نہیں رہنا۔ لوگ حیران جب بھی آتا ہے غلام محمد (گاما پہلوان) کا مہمان بنتا ہے' غلام محمد (گاما پہلوان) نے اس کو دو چار پائیاں دیں بستر بچھا اور شیر وہاں بیٹھے۔ غلام محمد (گاما پہلوان) کی بیوی نے جلال کو نہ بھیجا کہ کہیں شیروں سے ڈر نہ جائے۔ غلام محمد (گاما پہلوان) آیا تو جوگی نے شیروں سے کہا کہ یہ رستم زماں ہے اس کے پاؤں چاٹو۔ وہ شیر غلام محمد (گاما پہلوان) کے پاؤں چاٹتے تھے۔ غلام محمد (گاما پہلوان) کہنے لگا ان کی زبانیں ریگ مال کی طرح ہیں کہ انہوں نے میرے تلوے چھیل دیئے' غلام محمد (گاما پہلوان) جب بھی چارپائی سے نیچے پاؤں کرتا شیر چاٹنا شروع ہو جاتے۔ کچھ دن رہ کر جوگی شیروں کے ہمراہ غلام محمد (گاما پہلوان) کے گھر سے چلا گیا۔ ہمیشہ سے جوگی ایک سال کے بعد آتا تھا مگر اس مرتبہ اچانک کچھ ماہ کے بعد آیا تو غلام محمد (گاما پہلوان) گھر پر نہیں تھا۔ اسے گھر میں جلال ملا' جوگی نے جلال کو دس روپے دیئے (جاری ہے)

یہ سب جمعرات کی محفل کی وجہ سے ملا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کا سائے ہم پر قائم ودائم رکھے۔ تسبیح خانہ میں ہونے والی ہر جمعرات کی محفل میں شرکت کرنا میں نے اپنا معمول بنا لیا ہے کوشش کرتا ہوں ناغہ نہ ہوتا کہ میں محفل میں بکھرنے والے موتیوں سے محروم نہ ہو جاؤ۔ جمعرات کی محفل میں آپ کا دیا گیا ایک ایک موتی اپنی مثال آپ ہے۔ میں کاروباری پریشان سے دوچار تھا لیکن محفل میں شرکت کرنے کے بعد پہلے تو ذہنی ٹینشن جو تھی وہ ختم ہوئی پھر میرے کاروبار میں برکت ہونا شروع ہوگئی ماشاء اللہ سے کاروبار بہترین چل رہا ہے۔ مجھے ہر جمعرات کی آنے والی محفل کا انتظار رہتا ہے کہ کب جمعرات آئے اور میں روحانیت سے بھرپور سمندر میں غوطے لگاؤں۔ (محمد زبیر، لاہور)

غربت، تنگ دستی، سے پریشان ہیں تو سورۂ کوثر کے خاص عمل میں شریک ہوں اور اللہ کے غیب کے خزانوں سے پالیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

انتخاب: ابولبیب شاذلی

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیوانے کی روشن زندگی کے روشن واقعات

امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جیسے ہی منصب خلافت سنبھالا تو آپ کو معلوم ہوا کہ لوگوں کے اذہان میں آپ کی طبیعت کی سختی گردش کررہی ہے، چنانچہ آپؓ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور اس میں ارشاد فرمایا: ''سب لوگ غور سے سنو! میری سختی صرف اور صرف ظالموں اور فسادیوں کے لیے ہے، امن پسند، متبعین شریعت اور اصحاب فضل کے لیے میں اتنا نرم ہوں کہ وہ خود آپس میں بھی اتنے نرم نہ ہوں گے۔ میں جس ظالم کو ظلم کرتے ہوئے دیکھ لوں اسے ہرگز نہیں چھوڑتا، میں ظالم کو اس وقت تک نہیں چھوڑتا جب تک وہ اپنے ظلم سے توبہ نہ کرلے۔ اے لوگو! تمہارے فائدے کے لیے چند اُمور مجھ پر لازم ہیں جنہیں مجھ سے حاصل کرنا تمہارا حق ہے: (۱) مجھ پر لازم ہے کہ میں خراج میں سے کچھ نہ چھپاؤں اور اسے صحیح مقام پر خرچ کروں۔ (۲) میں تمہارے وظائف بغیر کمی بیشی ادا کرتا رہوں۔ (۳) تمہیں نقصان دہ معاملات میں نہ الجھاؤں۔ (۴) اور اگر تم جنگوں میں جانا پسند کرو تو تمہارے اہل وعیال کے ساتھ ایسے اخلاق سے پیش آؤں کہ انہیں اس بات کا ذرہ بھر احساس نہ ہو کہ تم ان کے پاس نہیں ہو''۔ (تاریخ ابن عساکر، ج ۴۴، ص ۲۶۶، ریاض النضرۃ، ج ۱، ص ۳۱۵)

اس بیان کے بعد لوگوں کو اطمینان ہوگیا اور اس خطبے میں موجود صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اس بات کی گواہی دی کہ جیسا سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا ویسا ہی کیا اور وصال تک آپ نے نہ تو حقوق اللہ تلف کیے اور نہ ہی حقوق العباد۔ حضرت سیدنا سعید بن مسیبؓ اور سیدنا ابوسلمہ بن عبدالرحمنؓ فرماتی ہیں: ''خدا کی قسم! امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منصب خلافت پر فائز ہونے کے بعد جو ہم سے وعدے کیے تھے وہ سارے کے سارے کما حقہ پورے کر دکھائے۔'' پھر حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حقوق العباد سے متعلق مختلف اُمور کو نہایت تفصیل سے بیان فرمایا۔ ہم ان کو مختلف عنوانات کے تحت مفہوماً ذکر کرتے ہیں تاکہ حقوق العباد کے معاملے میں آپ کی کوششیں واضح ہوجائیں چنانچہ:

(۱) فاروق اعظمؓ کا مثالی رویہ: منصب خلافت پر فائز ہونے کے بعد آپؓ نے اپنی رعایا پر چاہے وہ مسلمان ہوں یا ذمی کفار کبھی بھی بلاوجہ نرمی یا سختی نہ فرمائی۔ بلکہ جہاں نرمی کی حاجت تھی وہاں نرمی کی اور جہاں سختی کی ضرورت تھی وہاں سختی فرمائی، یقیناً آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ عمل حقوق العباد کے معاملے میں مشعل راہ ہے۔

(۲) فوج کے اہل وعیال سے سلوک: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنگ پر گئے ہوئے مسلمانوں کے اہل وعیال کے ساتھ انتہائی حسن سلوک کے ساتھ پیش آتے، ان کی تمام ضروریات کو پورا کرتے، اور انہیں اس بات کا احساس ہی نہ ہونے دیتے کہ ان کے گھر کا سربراہ جنگ کے سلسلے میں شہر سے باہر گیا ہوا ہے۔ آپ نے ان سے ایسا محبت بھرا سلوک کیا کہ گویا آپ ان کے لیے ''ابوالعیال'' یعنی خاندان کے سربراہ ہیں۔

گھروں پر جاکر خبر گیری: سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ عادت مبارکہ تھی کہ سفر پر گئے ہوئے مسلمانوں کے گھروں پر جاکر پوچھتے کہ تمہیں کسی نے تکلیف تو نہیں دی؟ کیونکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا یہ فرض منصبی سمجھتے تھے کہ فوج کے ارکان جو جنگ پر گئے اور دیگر رعایا کے سفر پر جانے کے بعد ان کے گھر والوں کو ہر طرح کی تکالیف اور پریشانی سے بچائیں۔

لوگوں کے لیے خریداری: سیدنا فاروق اعظم کی یہ بھی عادت مبارکہ تھی کہ جنگ پر گئے ہوئے افواج کے اہل و عیال کو اگر کسی چیز کی حاجت ہوتی تو آپؓ ان سے استفسار فرماتے کہ میں تمہیں بازار سے کچھ خرید کر لادوں؟ کیونکہ مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ تمہیں خرید وفروخت میں دھوکہ دیا جائے۔

لونڈیوں اور غلاموں کا ہجوم لگ جاتا: مجاہدین کے اہل وعیال اپنی ضرورتوں کے لیے اپنے غلام یا لونڈیاں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بھیج دیتے، جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بازار میں آتے تو لونڈیوں اور غلاموں کی ایک فوج آپ کے پیچھے ہوتی تھی، آپ سامان خرید کر ان غلاموں اور لونڈیوں کے حوالے کردیتے۔

خود گھر پر سودا سلف پہنچاتے: اگر کسی کے اہل وعیال کے پاس کوئی خادم یا لونڈی وغیرہ نہ ہوتی تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود سودا سلف بازار سے لاکر ان کے گھر پہنچاتے۔

مکتوب خود پڑھ کر سناتے: پھر اگر کسی کے گھر میں کوئی ایسا ہوتا کہ جو مکتوب وغیرہ پڑھ لے تو ٹھیک ورنہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے: ''تمہارے شوہر راہِ خدا میں ہیں اور تم شہر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہو، تمہارے ہاں کوئی خط پڑھنے والا ہے تو بہتر، نہیں تو دروازے کے قریب آجاؤ میں باہر سے پڑھ کر سنا دیتا ہوں''۔

جوابی مکتوب خود لکھ دیتے: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفحات اور قلم ودوات لیے گھر گھر تشریف لے جاتے، کسی نے خط لکھ کر رکھا ہوتا تو وہ حاصل کرلیتے، اگر کسی فوجی کے گھر میں کوئی ایسا فرد نہ ہوتا جو جوابی مکتوب لکھ سکتا تو فرماتے ''دروازہ کے پاس آجاؤ اور اندر ہی سے اِملا کروادو میں لکھ دیتا ہوں''۔

ستو اور کھجور کی دعوت عام فرماتے: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اونٹ پر دو بوریاں ہوتی تھیں ایک میں ستو دوسری میں کھجوریں، سواری پر آپ کے آگے پانی کا ایک مشکیزہ اور پیچھے ایک بڑا پیالہ دھرا ہوتا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جہاں اترتے پیالے میں ستو ڈال کر اس میں پانی ملا لیتے اور چٹائی بچھا کر اس پر تشریف فرما ہوجاتے۔ جو شخص کوئی معاملہ سلجھانے کے لیے آپ کے پاس آتا یا پانی کی طلب یا کوئی اور حاجت لے کر آتا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسے ستو اور کھجور کی دعوت دیتے۔

دوران سفر رخصتی کا اعلان فرماتے: یونہی اگر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفر پر تشریف لے جاتے تو جگہ جگہ پڑاؤ کرنے کے بعد فرماتے: ''کوچ کرو۔'' کہنے والا کہتا: ''یہ دیکھو امیر المومنین نے کوچ کا حکم دے دیا ہے، اٹھو تیاری کرو اور نکل کھڑے ہو۔'' آپ دوبارہ ندا کرتے تو لوگ کہتے: ''وہ دیکھو امیر المومنین دوبارہ صدا لگا رہے ہیں''۔ جب لوگ تیار ہوجاتے تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے اونٹ پر بیٹھ جاتے اور روانہ ہوجاتے۔

بھوکے بچوں والی خاتون کی دادرسی: آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، اپنے خادم کے ساتھ رات کے وقت مدینہ منورہ کا دورہ فرمارہے تھے ایک خاتون اپنے بچوں کے ساتھ اپنے گھر میں موجود تھی' جو رات کے وقت اپنے بچوں کو بہلانے کیلئے ہنڈیا میں پانی ڈال کر چولہے پر چڑھائے بیٹھی تھی' سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اس کی دادرسی فرمائی' اپنے کاندھوں پر کھانے کا سامان لے کر آئے' خود اپنے ہاتھوں سے پکا کر اس خاتون کے بچوں کو کھلایا' جب تک وہ بچے سو نہ گئے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، وہیں رہے بعدازاں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے۔ (الکامل فی التاریخ، ج ۲ ص 453)

بچوں کو مہذب بنانے کیلئے اپنی شخصیت مثالی بنائیے!

شمائلہ، ملتان

جوعوامل بچوں کوغیرمہذب اور ناشائستہ بناتے ہیں، ان میں والدین کا غیرمہذبانہ طرزعمل سرفہرست ہے اکثراوقات ہم بچوں کووہ قاعدہ یا اصول سکھانے کی کوشش کررہے ہوتے ہیں جس پرہم خودعمل نہیں کرتے۔ خود جھگڑا کرتے ہیں اور بچے کوامن سے رہنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ماہرین نفسیات اس بات پر متفق ہیں کہ ''تہذیب اوراخلاقیات کسی لیکچر کی مدد سے نہیں سکھائی جاسکتی۔ والدین کے رویئے اور ردعمل سے بچے یہ چیزیں خودبخود دیکھتے ہیں۔ بچوں کی تربیت کرنے اورانہیں مہذب بنانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل اصولوں پرکاربند ہوکروالدین بہترنتائج حاصل کرسکتے ہیں۔

والدین بچوں میں ناکامیوں اورمحرومیوں کو برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کریں۔ اس صورتحال کوخندہ پیشانی سے قبول کریں، جو بچہ نہیں کرسکا۔ معروف ماہرنفسیات کا کہنا ہے کہ کئی والدین بچے کی خرابی اور ناکامی یعنی ہربات کا ذمہ دار دوسروں کوٹھہراتے ہیں مثلاً اگر بچہ اچھا گریڈ حاصل نہ کرسکے تواسے سکول کی ناقص پالیسی یا استاد کی جانبداری قرار دینا یاخود بچے کوکند ذہن قرار دینا۔ مناسب رویہ یہ ہے کہ ہم دوسروں کو موردِ الزام ٹھہرانے کے بجائے صورتحال کو بہتر بنانے کا کوئی راستہ تلاش کریں اگر کامیابی نہ ہوتوکم ازکم بچے میں وقار کے ساتھ صورتحال کو برداشت کرنے اور حالات کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا کریں۔

جبکہ عام طور پروالدین ایک مایوس اورناامید بچے کوبھرپور اخلاقی موادفراہم نہیں کرتے۔ اسے لعن طعن کرکے مزید ذہنی دباؤ کا شکار بنادیتے ہیں۔

ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ صبر اور برداشت پر مبنی رویوں کی مدد سے ہم اپنے بچوں کی مثبت تربیت کرسکتے ہیں اور ان کی زندگی خوشگوار بناسکتے ہیں۔ ایسے مواقع پر بچوں کوسمجھایا جائے کہ یہ کوئی ایسا اہم معاملہ نہ تھا اور نہ یہ زندگی کا آخری موقع تھا۔

بعض اوقات سوشل میڈیا یا بھی باہر کی منفی سرگرمیوں اور غلط رجحانات سے متعارف کرانے کا سبب بنتے ہیں لہٰذا والدین کا اولین فرض ہے کہ وہ اس بات پر خصوصی نظررکھیں کہ بچہ اپنے ہم جماعتوں، دوستوں یا سوشل میڈیا سے کوئی مضر اثرات توقبول نہیں کررہا لیکن یہ عمل نہایت غیرمحسوس ہونا چاہیے۔ بچے کواحساس نہ ہوکہ اس کی نگرانی کی جارہی ہے کیونکہ اس طرح وہ عدم اعتماد کا شکار ہوسکتا ہے۔ والدین اپنی ضروریات کے حصول میں اس قدرمصروف ہوگئے ہیں کہ بچوں کے حقوق نظرانداز ہورہے ہیں۔ بچوں کے بیرونی ماحول پرنظررکھنا جوان کا اولین فریضہ ہے اس سے بڑی حد تک غافل ہوچکے ہیں۔ مختلف معاملات میں اپنے تجربات کی روشنی میں بچوں کوشریک رکھیں ان سے یہ مت کہیئے کہ وہ شریف، ایماندار اور مہذب بنے بلکہ اسے ایسے واقعات، تجربات اور یادوں میں شریک کیجئے جب آپ نے اپنی اقدار یا روایات کی پاسداری کی، ایمانداری، راست بازی، شرافت یا ایثار کا مظاہرہ کیا۔ بچہ بالغ ہونے تک ان یادداشتوں کو اپنے ذہن میں محفوظ کرتا رہے گا، گویا اس طرح لیکچر دیئے بغیرغیررسمی انداز سے ہم بچے کواپنی اقدار اور اخلاقیات سے روشناس کراسکتے ہیں۔ یہ بہتر ہے کہ بچہ درست رہنمائی کے لیے محض کتابی علم پرانحصار کرے۔

اکثر والدین بچوں کومہذب بنانے کے لیے سخت سزائیں دینے کے قائل ہوتے ہیں جبکہ تحقیق اور تجربات نے ثابت کیا ہے کہ سختی بچوں کوضدی، خودسر اور ڈھیٹ بناتی ہے۔ سزا کا تصورانہیں کبھی خوش خلق اور نرم مزاج نہیں بناسکتا۔ بچے اگرمہذب نہیں بن رہے توہم سختیاں کرکے، پابندیاں عائد کرکے انہیں مہذب اور خلیق نہیں بناسکتے۔ یہ کام صرف نرمی اورمحبت سے ہی ممکن ہے۔ سیکھنے کو بچہ کھیل کے دوران بھی بہت کچھ سیکھ سکتا ہے۔ مثلاً ''جیتو انصاف سے اور ہارو وقار سے''۔ ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ والدین کا بچوں کے ساتھ بیٹھ کرکھانا کھانا اورروزانہ ایک آدھ گھنٹہ ان کے ساتھ گزارنا نہایت جادوئی اثرات کا حامل ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس دوران اپنے موبائل، ٹی وی کا سوئچ بند رکھیں۔ بچے سے اس کی روزمرہ مصروفیات اور معاملات کے متعلق گفتگو کیجئے۔ ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ بچے اپنے والدین کے ہمراہ کھانے کی ٹیبل پرتعاون، پابندی وقت، پراعتماد گفتگو اورنفاست سیکھتے ہیں۔ بچے اس ماحول میں بے تکلفی سے اپنے معاملات اور مسائل والدین تک پہنچاسکتے ہیں اور خود بھی گھر کے معاملات سے روشناس ہوتے ہیں۔ اس طرح بچے اور والدین کے درمیان بہترین ابلاغ اور ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے اور خاندان کے افراد میں موجود محبت، اپنائیت اور قربت میں اضافہ ہوتا ہے۔

وعدہ خلافی بچے کے دل کوسب سے زیادہ ٹھیس پہنچاتی ہے۔ آئس کریم کھلانے یا چھٹی کے دن سیر کرانے جیسے سرسری وعدے، والدین کے لیے بڑے غیر اہم ہیں۔ مستقبل میں وہ خود بھی بدعہدی اور وعدہ خلافیوں کے مرتکب ہوتے ہیں اور اس ضمن میں کسی قسم کی ندامت محسوس نہیں کرتے۔ الغرض بچوں کوتہذیب یافتہ، بااخلاق اور بااصول بنانے کا واحد راستہ یہ ہے کہ والدین خود تہذیب یافتہ اور بااصول بنیں!

ہر مشکل میں یہ عمل کام آئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں درود پاک ایک تصور کے ساتھ فجر کے وقت پڑھتا ہوں تصور یہ ہے کہ رسول مقبول محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے ادب سے کھڑا درود پاک پڑھ رہا ہوں۔ آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مجھے مسکرا کر شفقت بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں' پھر تصور خودبخود بننا شروع ہوگیا، ایک مرتبہ ایسے لگا کہ مجھے کوئی ہستی بازو سے پکڑ کر کسی بڑی ہستی کے پاس لے جارہی ہے' میں جب وہاں جاتا ہوں تو وہ ہستی بھی درود پاک ہی پڑھ رہی ہوتی ہے اور میری زبان پر بھی مسلسل درود پاک جاری ہوتا ہے۔ پھر میرا تصور ٹوٹ جاتا ہے' محترم حکیم صاحب یہ بہت طاقتور عمل ہے' اس عمل سے جو کام چاہے کروالیں' بس سخت تصور رکھیں اور درود پاک پڑھیں' آپ کا کام ہوجاتا ہے' مزید اس عمل سے انوکھی خوشبو اور لذت ملتی ہے۔ ہر مشکل میں یہ عمل کام آئے!: اوّل آخر درود پاک 13 بار سورۂ قریش تسمیہ کے ساتھ جس تصور کے ساتھ پڑھیں وہ کام ہوجائے۔ اس بار فروری میں والدہ ہسپتال داخل تھیں اسی دوران بارش ہوگئی میری موٹرسائیکل کا پچھلا مڈگارڈ ٹوٹا ہوا تھا جس کی وجہ سے کیچڑ میری کمر پر لگتا تھا میں نے سوچا مذکورہ عمل بارش روکنے کے لیے پڑھا جائے میں نے بارش روکنے کی نیت سے سورۂ قریش پڑھنا شروع کردی کچھ دیر میں بارش بند ہوگئی اور مجھے ہسپتال آنے جانے میں کوئی مشکل نہیں ہوئی۔ (محمد امین، کراچی)

انوکھا قرآنی نسخہ! بیٹی کا رشتہ بیٹے کی نوکری اور شوہر کا کاروبار بہترین

(ثناء ناصر، کراچی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک سے دعا ہے کہ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رہے۔ اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو صحت و عافیت عطا کرے۔ میں کراچی دعوت پر گئی تو ہماری ایک رشتے دار خاتون مجھ سے بات کر رہی تھی اچانک انگلی پر نظر پڑی تو انگوٹھی غائب تھی پریشان ہوگئی میں نے جلدی سے ٹیبل پر ہی انگلی سے "یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" لکھ دیا۔ پندرہ منٹ بعد اس کی انگوٹھی مل گئی وہ میرے پاس آئی اور بولی کہ آپ نے ٹیبل پر کیا لکھا تھا۔ میں نے اسے بتایا کہ میں نے یہ لکھا تھا۔ کہنے لگی میں بھی وظائف کرتی ہوں لیکن پریشانی میں کرنا بھول گئی مگر آپ کا اعتماد دیکھ کر میں حیران رہ گئی۔ میں نے کہا میں اسی طرح اعتماد کے ساتھ چلتی ہوں۔ میرے کام بن جاتے ہیں۔ میں ہمیشہ یہی دعا کرتی ہوں کہ یارب وہ خیر، برکت، عافیت، صحت میری نسلوں کے لیے عطا کردے تو اب میں نے دیکھا کہ سب سے پہلے اللہ نے مجھے جمعرات کی خیر عطا کی ہے یعنی درس سننے کی کیونکہ میرے والد کے زمانے میں ہمارے گھر میں بھی ہر جمعرات درس ہوا کرتا تھا پھر ہم لوگ راولپنڈی سے کراچی آگئے تو سارا نظام ختم ہوگیا اور اب تقریباً آٹھ سال سے اللہ نے تسبیح خانہ سے جوڑ دیا ہے۔ میری ایک سہیلی کے بیٹے کا رشتہ نہیں ہو رہا تھا میں نے اسے "وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَیْكَ" کا قرآن مکمل کرنے کا کہا۔ کچھ ماہ بعد ملی تو کہنے لگی پانچ قرآن پاک مکمل کیے اور مرضی کے مطابق رشتہ ہوگیا۔ ایک اور سہیلی کا بیٹا بے روزگار تھا اس کو بھی بتایا اس کے بیٹے کی دبئی میں اچھی نوکری لگ گئی۔ آپ کے بتائے گئے وظائف میں اور میرا شوہر کر رہے ہیں ماشاء اللہ سے دکان کا کام پہلے سے بہت بہتر ہوگیا ہے۔

برکت، سورۂ بقرہ، گھر میں قدموں کی آواز اور خوشبو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سخت بیماری کے دنوں میں تھا‘ مجھے کسی نے بتایا کہ روزانہ سورۂ بقرہ پڑھو تمہاری تمام روحانی و جسمانی بیماریاں ختم ہوجائیں گی۔ میں روزانہ ناشتہ سے پہلے ہی پڑھ لیتا تھا اور لگاتار پانچ ماہ تقریباً روزانہ پڑھتا رہا‘ طبیعت بہتر ہونے کے بعد چھوڑ دیا۔ اس کے پڑھنے کے دوران مجھے تو نہیں لیکن میری والدہ کو گھر میں کسی کے چلنے کی آہٹ محسوس ہوتی تھی اور خوشبو بھی محسوس ہوتی تھی‘ مجھے بتانے والے نے یہ بھی بتایا تھا کہ پڑھنے کے دوران گھر میں کسی کے چلنے کی آہٹ اور خوشبو محسوس ہوگی یہ اس عمل کی قبولیت کی نشانی ہے‘ اس لیے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا ہمیں کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ قارئین بھی یہ عمل اپنی جسمانی و روحانی بیماریوں کے لیے کرسکتے ہیں‘ نو دن، اکیس دن، یا اکتالیس دن بلاناغہ روزانہ سورۂ بقرہ پڑھتی ہے۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں نہ پڑھیں‘ دن بعد میں شمار کرلیں۔ گھر میں چلنے کی آواز یا خوشبو محسوس ہو تو ہرگز نہ گھبرائیے‘ میری مشکلات‘ بیماریاں اسی عمل سے ختم ہوئی ہیں۔ (ج، لاہور)

یہ پڑھا‘ بیٹی کی شادی ہوگئی‘ شوہر کا روزگار لگ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ بخیرو عافیت ہوں گے اور مخلوق خدا کے دکھ درد دور کرنے میں معاون ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوشوں کو قبول و منظور فرمائے اور دنیا آخرت کی کامیابیاں اور آسانیاں آپ کا مقدار ہوں۔ آمین۔ میں آپ سے بیعت ہوں اور آپ کا دیا ہوا وظیفہ سورۂ کوثر کو لاتعداد پڑھا۔ کچھ سال پہلے میں نے یہ وظیفہ شروع کیا جس کی برکت سے بیٹی کی شادی ہوگئی اور شوہر نے روزگار کے لیے رکشہ لے لیا جس سے گھر کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ (پوشیدہ، گوجرانوالہ)

بیوی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر یہ اسم پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے طالب علمی کے دور میں عملیات کی ایک کتاب میں پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام یَاشَھِیْدُ بیوی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اوّل آخر درود پاک کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے میاں بیوی میں پیار و محبت بڑھتا ہے۔ (رب نواز، پنوعاقل)

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

قسط نمبر: 164

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

مسلمانوں کی کامیابی کی بڑی وجہ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی رومیوں سے برابر ٹکر رہی اور جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے جانباز سپہ سالاروں نے دمشق، فحل اردن اور حمص پر قبضہ کرلیا تو ہرقل بہت حیران و پریشان ہوا اس نے اپنے فوجی امراء کو بلا کر پوچھا کہ کیا وجہ ہے کہ عرب تعداد و اسلحہ اور سروسامان میں ہم سے بہت کم ہیں پھر بھی وہ کامیاب ہوتے ہیں۔ اس کا جواب ایک تجربہ کار شخص نے دیا کہ عرب کے اخلاق ہمارے اخلاق سے اچھے ہیں وہ رات کو عبادت کرتے ہیں دن کو روزہ رکھتے ہیں کسی پر ظلم نہیں کرتے آپس میں برابری کے ساتھ رہتے ہیں ان کے مقابلہ میں ہمارا حال یہ ہے کہ ہم شراب پیتے ہیں‘ بدکاریاں کرتے ہیں‘ وعدہ کی پابندی نہیں کرتے‘ دوسروں پر ظلم کرتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان کے ہر کام میں جوش اور استقلال ہوتا ہے اور ہمارے کام ان سے خالی ہوتے ہیں۔

نسلوں میں رزق کی فراوانی کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سورۂ القریش کے بارے میں آپ نے بتایا تھا کہ کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھنے سے کھانا ہضم ہوتا ہے۔ دوسرا فائدہ: دسترخوان پہلے سے زیادہ اچھا ہوتا ہے۔ تیسرا فائدہ نسلوں میں رزق کی فراوانی ہوتی ہے۔ میری ڈیڑھ سال کی بیٹی ہمیشہ رات کو دودھ پینے کے بعد اُلٹی کردیتی تھی جتنا مرضی اس کو ڈکار دلا دوں یا تھوڑی سی چہل قدمی وغیرہ کروانے کے بعد ہی سلاتی تھی لیکن پھر بھی لیٹتے ہی الٹی کردیتی تھی اب میں دودھ پلانے کے بعد اس کی طرف سے تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر اس کے پیٹ پر پھونک مار دیتی ہوں اب اس عمل کے بعد سے اس نے الٹی کرنا چھوڑ دیا ہے۔ (ہانیہ عمر، لاہور)

(1) آپ کے روحانی مسائل حل ہوئے، بندشیں ٹوٹیں، جادو کے وار ئل گئے، آپ کو مبارک ہو لیکن کیا آپ دکھی انسانیت کا مداوا نہیں بنیں گے؟ آئیں اپنے طبی و روحانی تجربات عبقری کو لکھیں۔

ایسی تھکاوٹ جو بے بس کردے! نجات پائیے!

قیصر شہزاد، راولپنڈی

معالج! آخر یہ کیسی تھکن ہے جس نے مجھے بے بس کر دیا ہے؟ یہ جملہ میں اب تقریباً روز ہی سنتا ہوں۔ تھکن کی شکایت نے آج کے ہر مرد اور عورت کو پریشان کر رکھا ہے۔ اس کے مریض مجھ سے علاج طلب کرتے ہیں۔ وہ اکثر اوقات اس کے اسباب کا خود کھوج لگا نہیں پاتے ہیں۔ لوگ پستی کا شکار ہوں تو سوتے بھی خوب ہیں لیکن کتنے ہی مریض اچھی نیند کو ترستے ہیں، کیونکہ کسی کو مثانے کے غدود کی شکایت بار بار ٹائلٹ لے جاتی ہے تو بعض سوفٹ ڈرنک، کوفی، چائے وغیرہ کے کثرت استعمال کی وجہ سے نیند سے محروم رہتے ہیں۔
بعض افراد دن میں سکون بخش دواؤں کے علاوہ بلڈ پریشر کی دوائیں یا درد دور کرنے والی ادویات استعمال کرنے کی وجہ سے بھی رات کی پرسکون نیند سے محروم رہتے ہیں۔
غرض یہ کہ اس شکایت کے کئی اسباب ہوتے ہیں۔ مریضوں کو چاہیے کہ وہ خود اس کے اسباب کا جائزہ لیں اور اصل سبب کو دور کر کے اپنی توانائی بحال کریں۔
مسلسل تھکن کی شکایت اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ آپ کسی نہ کسی مسئلے سے دو چار ہیں۔ اوپر بیان کیے گئے اسباب کے علاوہ اور بھی کئی وجوہ ہوسکتی ہیں جن کا دور کرنا ممکن ہوتا ہے۔ ان میں سرطان کا مرض بھی شامل ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کے جسم میں خون کی کمی ہو جس کے کئی اسباب ہوسکتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کے جگر، تھائرائڈ اور گردوں میں کوئی خرابی ہو۔ بہرنوع اسباب کچھ ہوں، آپ کا اصل مسئلہ ہڈیاں چور کرنے والی تھکن ہوتی ہے جو رات بھر کی نیند کے باوجود صبح آپ کو بستر سے اٹھنے نہیں دیتی۔ کتنا ہی آرام کرلیں آپ خود کو بے حد تھکا ہوا پاتے ہیں۔ ہر کام مشکل اور ناممکن نظر آتا ہے۔ دفتر، گھر ہر جگہ تھکن کی وجہ سے آپ کی کارکردگی بہت خراب رہتی ہے۔ معالج سے رجوع ہوں تو تمام رپورٹیں معمول کے مطابق قرار دی جاتی ہیں اور تشخیص یہی رہتی ہے کہ آپ تھکن کے پرانے شاکی ہیں۔
تھکن کی پرانی شکایت کرانک فیٹیگ سنڈروم کو پہلی مرتبہ 1988ء میں ایک مرض تسلیم کیا گیا اور اس کی تین اہم علامات طے پائیں: (۱) کم از کم چھے ماہ تک مسلسل جاری رہنے والی تھکن: تھکن جو ورزش یا جسمانی محنت کا نتیجہ نہ ہو، جو آرام سے دور نہ ہوتی ہو، جس سے کام کاج کے علاوہ سماجی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہوں۔
(۲) جسے معالجین کسی مرض کا نتیجہ قرار نہ دیں۔
(۳) درج ذیل میں سے کم از کم چار علامات موجود ہوں: کم مدتی یادداشت ختم ہوجائے یعنی تھوڑی دیر پہلے کی بات یاد نہ رہے، ذہن اور دماغ کی کسی بات پر مرکوز کرنے کی صلاحیت باقی نہ رہے، تازگی بخش نیند نہ آئے، گلا خراب رہے، غدود یا گلٹیاں دکھتی ہوں، عضلات میں درد ہو، مختلف جوڑوں میں درد ہو، شدت اور نوعیت کے لحاظ سے سر میں نئی قسم کا درد ہو، جسمانی سرگرمی کے بعد چوبیس یا اس سے زیادہ گھنٹوں تک تھکن رہے۔ تھکن کا مرض مردوں کے مقابلے میں خواتین میں تین گنا زیادہ ہوتا ہے اور ہر عمر میں ہوتا ہے۔ ایک مرض تسلیم کرلیے جانے کے باوجود معالجین کی خاصی تعداد اسے محض ڈیپریشن قرار دیتی ہے اور ان کا اصرار ہے کہ جسمانی معائنے اور خون کے ٹیسٹ سے کسی غیر معمولی وجہ کا کھوج لگ سکتا ہے۔ خود میں بھی اسے محض ذہن و دماغ کا مرض سمجھتا تھا، لیکن اب میں نے اپنی یہ رائے بدل دی ہے اور اسے واقعی ایک مرض تسلیم کرتا ہوں جو یقیناً جسم کے نظام مدافعت میں کسی نہ کسی خرابی کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ خرابی کسی انفیکشن، الرجی یا ہارمونی عدم توازن کا نتیجہ ہو۔ بہرنوع اس کے باوجود یہ مرض ایک بھید اور بھول بھلیاں ہی ہے۔
اس شکایت میں مبتلا افراد بے حد تھکن سے بھی زیادہ تھکاوٹ کے شکار رہتے ہیں اور ان کی علامات بھی بڑی مخصوص نوعیت کی ہوتی ہیں۔ ان میں سے اکثر پستی میں مبتلا رہتے ہیں۔ اب ایسے افراد کو آپ کیا کہہ سکتے ہیں۔ یہ ان کا گویا اپنا ایک انداز ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ فلو جیسی شکایات کی بات بھی کرتے ہیں اور ان میں یہ علامات اکثر رونما بھی ہوتی ہیں۔ یہ خون کے کم دباؤ کی شکایت کے مریض بھی ہوتے ہیں۔ صحیح طور پر سوچنے سے معذور اور عموماً چڑچڑے بھی ہوتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً ان کے گلے میں بھی خراب ہوتے ہیں اور بغل اور گردن کے غدود پھول جاتے ہیں۔ ان میں درد بھی ہوتا ہے۔ معمولی ورزش اور جسمانی محنت سے ان کا پورا جسم پھوڑے کی طرح دکھتا ہے۔ علامات کی تفصیل آپ نے اوپر پڑھ لی ہے جس سے اندازہ ہوگیا ہوگا کہ تھکن کی کوئی ایک مخصوص علامت نہیں ہوتی۔ یہ ذیابیطس یا قلب کے مرض جیسا روگ نہیں ہے۔ اصولاً اس شکایت پر معالج کے لیے ضروری ہے کہ وہ پورے حالات اور تفصیل سنے، خون کے ٹیسٹ کرا کر کسی مرض کا کھوج لگائے خاص طور پر کسی وائرس، بیکٹیریا وغیرہ کی نشان دہی کرے۔ اس کے علاوہ نیند کے بارے میں معلومات حاصل کرلے کہ مریض کو کیسی نیند آتی ہے، گہری یا اچاٹ، اس کے بعد وہ خود کیسا محسوس کرتا ہے تازہ دم یا تھکا ہوا، کیونکہ یہ بھی اس مرض کا ایک اہم سبب ہوسکتا ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ مریض میں سرطان، ایچ آئی وی کی موجودگی اور موٹاپا، شراب نوشی نشہ بازی کے بارے میں معلومات کر کے اصل سبب کا پتہ لگائے۔
اس شکایت کی نوعیت ہر مریض میں مختلف ہوتی ہے۔ اکثر مطالعوں سے ظاہر ہوا کہ ایک تہائی مریض پانچ سال کے اندر سنبھل جاتے ہیں جب کہ تقریباً آدھے مریضوں کے ٹھیک ہونے میں دس سال لگ جاتے ہیں لیکن صحت یاب ہونے والے مریضوں میں بھی اس کی بعض علامتیں موجود رہتی ہیں۔ میرا تجربہ بتاتا ہے کہ دوا ساز جو چاہیں دعوے کرتے رہیں، اس مرض کا کوئی مصدقہ علاج نہیں ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ بعض اقدامات کے ذریعے سے مرض کی علامات کم ہوجاتی ہیں مثلاً: ☆ایسے مریضوں کو اپنی غذا سے ایسی اشیاء خارج کردینی چاہئیں جو الرجی کا سبب بنتی ہوں۔ اسی طرح انہیں ماحولیاتی عوامل مثلاً گرد و غبار، پرندوں اور جانوروں کے پَر اور بالوں وغیرہ سے بچنا چاہیے۔ ☆ایسی سرگرمیوں سے بچنا چاہیے جو تھکن بڑھا دیتی ہوں۔ ورزش سے عموماً اس مرض میں فائدہ نہیں ہوتا جب کہ بعض معالجین اسے مفید قرار دیتے ہیں۔ ان کی رائے میں ہلکی پھلکی ائروبک ورزشیں اپنا اچھا اثر دکھاتی ہیں۔
☆ عمدہ اور غذائیت سے بھرپور غذا کھانی چاہیے مثلاً ثابت اناج، چھلکے والی دالیں، بے چھنا آٹا، بغیر پالش کے چاول، پھلیاں، مچھلی، تازہ پھل، سبزیاں شوق سے کھائیں۔ چکنائی والی غذاؤں سے پرہیز کریں۔

معاون متبادل علاج: اکیوپنکچر اور اکیوپریشر سے بعض مریضوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ یہ بے ضرر علاج ہیں ان سے استفادہ کرنا چاہیے۔ مغرب اور مشرق کے نباتی ماہرین علاج بعض بوٹیوں کو مفید قرار دیتے ہیں ان میں ایکی نیشیا اور مشہور چینی دوا جن سنگ قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ مریضوں کو تازہ لہسن خوب کھانا چاہیے کیونکہ اس میں جسم کے نظام مدافعت کو تحریک دینے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

صبح! خوابوں کو حقیقت کا روپ دینے کا ایک موقع

حناء رفیق، لاہور

ہر روز جب ہم صبح جاگتے ہیں تو ہمیں زندگی ایک نیا موقع فراہم کرتی ہے کہ ہم اپنے خوابوں کو حقیقت کا روپ دے سکیں اپنے مقاصد کا حصول کر سکیں اور بحیثیت انسان اپنی پوری توانائی اور صلاحیت کو بروئے کار لا کر اپنی خواہشات کو پورا کر سکیں۔ یہ سب کچھ بہت حسین اور خوبصورت دکھائی دیتا ہے، اس وقت تک جب تک آپ کا الارم چیخنا نہیں شروع کر دیتا اور آپ کو حقیقت کی دنیا میں لا پٹختا ہے۔ کچھ لوگ قدرتی طور پر صبح خیز ہوتے ہیں اور وہ الارم کی آواز کے ساتھ ہی بستر چھوڑ دیتے ہیں اور ایک نئے عزم اور نئی امید کے ساتھ اپنے نئے دن کا آغاز کرتے ہیں اور کچھ لوگوں کو ان کے بستر سے اترنا دنیا کا سب سے مشکل کام لگ رہا ہوتا ہے۔ انہیں خوابوں کی یہ دنیا بہت پسند ہوتی ہے اسی لیے ان کے لیے گھڑی کا الارم ساعت پہ ناگوار گزرتا ہے۔ بہت سارے لوگوں کے صبح کے رویوں پر غور کرنے کے بعد اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اٹھنے کے بعد ان کی صبح کی سستی یا چستی ہوتی ہے وہ ان کے سارا دن کے کام پر بھی اثر انداز ہوتی ہے ان کے ہر کام پر اس کا اثر پڑتا ہے۔ ہمیں یہ دیکھ کر حیرانی بھی ہوتی ہے کہ لوگوں کا صبح اٹھنا بھی ایک الگ اندازہ کا تجربہ ہے۔ کچھ لوگ بڑے موڈی، مست اور زندگی کے بارے میں کچھ زیادہ پرجوش نہیں ہوتے ان کے لیے صبح اٹھنے میں کوئی خاص کشش نہیں ہوتی ایک نارمل روٹین ہے جس پر ایک روبوٹ کی طرح عمل کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ بہت منفرد ہوتے ہیں ان کو صبح اٹھنا اچھا لگتا ہے، وہ صبح ایک نئے ولولے اور جوش کے ساتھ بیدار ہوتے ہیں لیکن ان کا زندگی کے بارے میں یہ اصول ہوتا ہے کہ نہ کسی کی زندگی میں دخل دو نہ کسی کو اپنی زندگی میں دخل اندازی کرنے دو۔ یہاں ہم صبح اٹھنے کے چند بہت موثر طریقے بیان کر رہے ہیں:

☆ صبح اٹھ کر نماز پڑھیں اور قرآن کی تلاوت سے اپنے دن کا آغاز کریں۔ ☆ موسم خوشگوار ہو تو اپنے کمرے کی کھڑکیاں کھول دیں تاکہ صبح کی تر و تازہ ہوا آپ کو تازہ دم کر دے اور یہ تازہ ہوا آپ کے پورے گھر میں داخل ہو کر اس کو بھی فریش کر دے۔ ☆ تھوڑی سی ورزش کریں یا اگر یوگا سے دلچسپی ہے تو یوگا کریں اس سے بھی آپ تازگی محسوس کریں گے۔ ☆ ایک گلاس نیم گرم پانی پئیں جس میں لیموں کے چند قطرے اور ادرک کا ٹکڑا ڈال لیں اس سے آپ کا نظام انہضام متحرک ہو کر آپ کے آنتوں کے نظام کو بھی بہتر کر دے گا۔ ☆ گھر میں پھولوں کے پودے ہیں تو تازہ پھولوں کی خوشبو سونگھیے اس سے آپ کا دماغ تازہ دم بھی ہو گا اور آپ کی یادداشت میں بھی بہتری آئے گی۔ ☆ تازہ پانی سے غسل کریں۔ ☆ اپنی خامیوں کو زیادہ مت سوچیے بلکہ اپنی خوبیوں پر نظر رکھیے اور ان کو بہتر کرنے کی کوشش کریں۔ ☆ اپنے سونے کا وقت مقرر کیجئے اور پھر سختی سے اس پر عمل پیرا ہوں ٹائم ٹیبل کی پابندی صرف بچوں کے لیے نہیں ہونی چاہیے۔ ☆ اپنے ناشتے کا بھی وقت مقرر کریں اور اس میں تازہ پھلوں کا رس بھی استعمال کریں۔ ☆ اپنی ذات کو ای میلز اور سوشل میڈیا میں غرق نہ کریں۔ بیدار ہونے کے فوراً بعد حقیقی دنیا سے رابطہ جوڑیں انٹرنیٹ کی دنیا کی باری اس کے بعد آئے گی۔ ☆ اپنے ذہن میں سارے دن کے کاموں کی ترتیب کو واضح کریں کہ کونسا کام زیادہ ضروری ہے جو آپ کو پہلے کرنا ہے۔ ☆ اپنے پاس موجود نعمتوں کا شکر ادا کریں اور جو کچھ آپ کے پاس ہے اس پر اپنے رب کا شکر ادا کریں۔ ☆ دوسروں کے لیے مسکرانا سیکھیے۔ ☆ کسی بھی کام کو جذباتی پن سے شروع نہ کریں خاص طور پر صبح غصے کی کیفیت کو اپنے اوپر طاری نہ کریں ورنہ آپ کا سارا دن خراب ہی گزرے گا۔ ☆ اپنے دن کو ایک نئے جوش سے مہمان کی طرح اپنے گھر اور اپنی زندگی میں خوش آمدید کہیں۔ ☆ اپنی پسندیدہ خوشبو اور عطر کا استعمال کریں۔ ☆ اپنی شخصیت کو اچھا اور خوبصورت بنانے پر بھی دھیان دیں اگر آپ اچھے لگ رہے ہیں تو آپ اچھا محسوس کریں گے۔ اگر آپ ان دیئے گئے پوائنٹس پر عمل کریں گے تو ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں آپ اپنی خامیوں پر بہت جلد قابو پا سکیں گے اور اپنی غیر صحت مندانہ سرگرمیوں کو ختم کر کے اپنی صبح کا آغاز بہترین طریقے سے کر سکیں گے۔ اس سے آپ کی صحت پر بہت اچھے اثرات پڑیں گے اس کے ساتھ ساتھ اپنے تعلقات اور اپنے کام دونوں کی کارکردگی میں بہتری لانے کی کوشش کریں اور اپنی صبح کو خوبصورت اور روشن بنائیں۔

میاں بیوی کے مثالی تعلقات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت دے اور آپ کی نسلوں میں عزت، صحت، دولت اور دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرمائے۔ آمین

آپ کی ایک وظائف کی کتاب میں میاں بیوی کے جھگڑے کے بارے میں پڑھا کہ جمعہ کے دن سورۂ جمعہ تین مرتبہ پڑھیں ہر جمعہ نہ پڑھ سکیں تو ایک جمعہ چھوڑ کر ایک جمعہ پڑھ لیں ان شاء اللہ میاں بیوی کے تعلقات اچھے ہو جائیں گے اور دونوں میں محبت بڑھے گی۔ (محمد شفیع، کراچی)

رمضان اپریل 2022ء کا شمارہ

تجربہ کاروں کے مشاہدات، روحانی ٹوٹکے، نسخہ جات سے لبریز عبقری رمضان اپریل 2022ء کا شمارہ پڑھنا مت بھولیے گا۔ جس میں آپ کے مسائل کا حل چھپا ہے۔ خود بھی پڑھیں، دوستوں، رشتہ داروں و دیگر احباب کو بھی پڑھائیں۔

معدہ کی جلن، قے الٹی کیلئے آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتا بھی ہوں اور پھیلاتا بھی ہوں۔ ایک طبی ٹوٹکہ ہے جو میرا آزمودہ ہے۔ اس ٹوٹکہ سے معدے کی گرمی، ہاتھ پاؤں میں پسینہ آنا اور قے الٹی وغیرہ کے لیے یہ نہایت مفید ہے۔ معدے کی جلن کو ختم کرتا ہے۔ ھوالشافی: ست پودینہ ایک تولہ، میٹھا سوڈا ایک چھٹانک، چینی ایک پاؤ۔ ترکیب: ست پودینہ اور چینی کو پیس کر میٹھا سوڈا میں مکس کر کے ایک شیشی کی بوتل میں بند کر دیں تاکہ اسے ہوا نہ لگے۔ کیونکہ اگر ہوا لگتی رہے گی تو اس پاؤڈر کی گٹھلیاں بننا شروع ہو جاتی ہیں۔ طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد ایک چمچ چائے والا بغیر پانی کے کھانا ہے کیونکہ اگر اس پاؤڈر کے ساتھ پانی استعمال کریں گے تو نہیں کھایا جائے گا کیونکہ یہ ٹھنڈا ہی اتنا ہوتا ہے۔ ایک چمچ صبح، دوپہر، شام کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں بہت کارآمد نسخہ ہے۔ (محمد شفیق، دنیاپور)

شعبان! رحمت، رزق کے دروازے اپنے لیے کھلوائیے

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز نفل ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ہدیہ کرے خاتون جنت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز جنت میں قدم نہ رکھوں گی جب تک کہ اس نماز پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ جنت میں نہ لے جاؤں۔ ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔ شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی دس بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق اور ایک بار سورۂ ناس پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ نماز ترقی ایمان کیلئے بہت مفید ہے۔

وظیفہ: شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) **نوافل اور روزہ:** حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو تم رات کو قیام کیا کرو، یعنی نوافل پڑھو اور دن کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں، کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اسے رزق عطا کروں، کوئی مصیبت میں مبتلا ہے کہ میں اس کو عافیت دوں۔ **شب برأت:** حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تیس صحابہ رضوان اللہ علیہم نے بیان کیا ہے کہ اس رات جو شخص یہ نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستر بار (نظر رحمت سے) دیکھتے ہیں اور ہر نگاہ میں ستر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سب سے ادنیٰ حاجت گناہوں کی مغفرت ہے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ دو، دو نفل کی نیت سے سو رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے کے بعد نماز دعا کرے۔ (رات کو عبادت کرے اور دن کو روزہ رکھے) شب برأت میں دو رکعت نوافل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف سو دفعہ پڑھ کر رزق کی وسعت و برکت کے لیے دعا کریں۔ جو شخص شب برأت کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کیلئے بے شمار فرشتے مقرر کردیں گے جو اسے عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دیں گے۔ **گھر بیٹھے حج اور عمرہ کا ثواب:** ماہ شعبان میں ہر جمعہ کی رات چار رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں تو ان نوافل کے پڑھنے والے کو مقبول حج اور عمرہ کا ثواب نصیب ہوگا۔ شب برأت کی عظمت، اہمیت اور فضیلت کے پیش نظر اس میں عبادت و مناجات، ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن کے لئے غسل کرلینا مستحب ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

خوشیاں، خوشحالیاں اور برکات کی گھڑیاں آپ کی منتظر!

بیماریوں، پریشانیوں سے عاجز متوجہ ہوں! اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے! ماہانہ روحانی محفل

آپ پریشان ہیں، سالہا سال سے بیمار ہیں، یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروباری بندش ہے یا گھریلو الجھنیں، جھگڑے، بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرائیے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں، خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

11 مارچ بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 20 مارچ بروز اتوار رات 9 بجکر 13 منٹ سے لیکر 10 بجکر 7 منٹ تک۔ 28 مارچ بروز پیر صبح 11 بج کر 19 منٹ سے لیکر 12 بج کر 7 منٹ تک یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں، ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد 20 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

کاروباری خسارہ، ہاتھ لگتے ہی سونا مٹی بن گیا، لاکھوں تھا اب روٹی کو بھی ترستے ہیں تو شیخ الوظائف کے ہمراہ عمل کریں پھر دیکھیں خدا کی قدرت (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

جسمانی کمزوری کا علاج

بعض مرتبہ تھوڑے عرصہ کے بعد صحت بگڑتی رہتی ہے اور انسان بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس کمزوری اور طرح طرح کی بیماریوں کے دفعیہ کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوجائے گی اور ہر قسم کی کمزوری دور ہوجائیگی وہ عمل یہ ہے:۔ باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھیں کہ ہر مُبِیۡن کے لفظ پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اسی طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر ختم کرلیں اور ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم کردیں پھر اس پانی کو صبح نہار منہ اور سوتے وقت ایک ایک گھونٹ پی لیا کریں۔ اکیس روز مسلسل یہ پانی استعمال کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہوجائے گی۔ اگر اکیس دن میں یہ بیماری اور کمزوری دور نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اکیس دن پھر استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیالیس دن کے استعمال پر ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی اور جسم کی کمزوری اور نقاہت ختم ہوکر بدن میں چستی اور پھرتی پیدا ہوجائے گی۔

تعلیم سے دل اُچاٹ ہونے کا علاج

بعض مرتبہ کسی بچے یا بڑے کا تعلیم سے دل اُچاٹ ہوجاتا ہے۔ کتنا ہی مارو پیٹو سزا دو وہ پڑھنے پر آمادہ نہیں ہوتا اور گھر سے بھاگنے لگتا ہے۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک بوتل میں پانی پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں درمیان میں تین سو تیرہ مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور روزانہ سوتے وقت تین گھونٹ پانی بچے کو پلادیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن پانی پلانے کے بعد اس کو تعلیم کا شوق پیدا ہوگا اور بُری عادتوں سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

گھر کو جنات سے پاک کرنا

بعض مرتبہ خالی مکان پر جنات قبضہ کرلیتے ہیں جب کوئی شخص اس مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے تو یہ اسے طرح طرح سے تنگ کرتے ہیں۔ آئے دن لوگ مکان میں آتے ہیں اور چند دن کے بعد رخصت ہوجاتے ہیں۔ اس کا مستقل علاج یہ ہے کہ چالیس حفاظ قرآن پاک کو جمع کرکے ان سے ایک ایک مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھوائی جائے سب الگ الگ کمروں میں بلند آواز سے پڑھیں اور ایک کورے نئے مٹکے کو دھوکر پاک کرکے اس میں پانی بھر کر سب حافظوں سے دم کرا کر رکھ لیں، وہ پانی غسل خانہ اور بیت الخلاء کو چھوڑ کر سب کمروں، صحن، باورچی خانے کے کونوں میں چاروقت ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔ یہ پانی اکتالیس دن تک مسلسل چھڑکیں ناغہ نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام جن اس مکان سے نکل جائینگے۔ اگر چالیس حفاظ کا انتظام نہ ہوسکے تو کسی ایک حافظ یا ناظرہ خواں کو مقرر کردیں جو روزانہ وقت مقررہ پر ایک بار سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی کے مٹکے پر دم کردیا کرے اسی میں سے پانی لے کر چاروقت چھڑک دیا کریں۔ (بہتر کہ خود گھر والے پڑھیں) پانی چھڑکنے کے چاروقت:۔ 1۔ صبح 7 بجے، 2۔ دوپہر 11 بجے، 3۔ شام کو بعد نماز عصر، 4۔ بعد نماز عشاء۔

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کردیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہوجائے تو اسے چاہیے کہ اول تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں سات بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ۔ اس کے بعد نماز فجر میں روزانہ تین دن تک دس تسبیح روزانہ یَارَزَّاقُ پڑھے اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہوجائے گی۔

مرض معلوم کرنے کا عمل

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا (موٹا دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر 7 مرتبہ اس پر سورۂ مزمل پ 29 پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر چھوٹا ہوجائے تو سحر ہے اور اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے۔ جوں کا توں (برابر) رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

مجھے اپنے بڑوں پر اعتماد ہے! آئیں ہم اعتماد کی سند دیکھتے ہیں اور اعتماد کے حوالے تلاش کرتے ہیں۔

بہت سے دوست کہتے ہیں کہ تسبیح خانہ میں ایسی کیا خصوصیت ہے کہ لوگ وہاں دنیا بھر سے کھینچے چلے آتے ہیں۔ تو آج میں ایسے دوستوں کے لیے تسبیح خانہ میں کرایا جانے والا ایسا عمل عرض کرتا ہوں جسے کرکے اللہ کے فضل سے آپ بھی محروم نہیں رہیں گے اور یہی عمل تسبیح خانہ میں صبح وشام کروایا جاتا ہے۔

تسبیح خانہ میں کرایا جانے والا ایسا عمل جس کے ذریعے جو چاہیں قبول کروالیں ان شاء اللہ

کسی بھی وقت نماز حاجت کی نیت سے بارہ رکعتیں ایک سلام کے ساتھ پڑھیں، آخری تشہد میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کریں اور آپ ﷺ پر درود پڑھ کر سجدہ کریں اور اس میں سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور سات بار آیۃ الکرسی، دس مرتبہ "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَاشَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ" اور ایک مرتبہ "اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡأَلُکَ بِمَعَاقِدِ الۡعِزِّ مِنۡ عَرۡشِکَ وَمُنۡتَھَی الرَّحۡمَۃِ مِنۡ کِتَابِکَ وَاسۡمِکَ الۡاَعۡظَمِ وَجَدِّکَ الۡاَعۡلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّآمَّۃِ" پڑھیں اور پھر ہم اپنی ہر ضرورت طلب کریں سجدے سے سر اٹھا کر دائیں بائیں سلام پھیریں۔

فائدہ (۱) آپ ﷺ نے فرمایا یہ عمل بے وقوف اور نا سمجھ لوگوں کو نہ سکھاؤ ورنہ وہ اُلٹی سیدھی دعائیں کرلیں گے اور وہ قبول ہو جائے گی (مستدرک حاکم)۔

(۲) شیخ احمد بن حرب رحمۃ اللہ علیہ، ابراہیم بن علی الدبیلی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ ابو ذکریا رحمۃ اللہ علیہ اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس نماز کا تجربہ کیا اور اسے صحیح پایا۔ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ منذری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس روایت پر تجربہ کی بنیاد پر عمل کیا جاتا ہے۔ (ترغیب وترھیب)

وٹس ایپ گروپ جوائن کیجئے +92-343-8710009 +92-321-4343-500 +92-301-000-6311

facebook.com/akabirparaitmad

کیا شیخ الوظائف کے وظائف کی کوئی سند ہے؟

شیخ الوظائف سے تین نبوی ﷺ تحائف لیں اور بگڑے نصیب سنوار لیں، نسلوں میں بھی رزق کی کمی، لاعلاج بیماری کا سامنا نہیں کرنا پڑیگا (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

بگڑی شوگر کا بالکل مفت گارنٹی شدہ علاج

محمد طاہر صدیق، لاہور

بستر پر کراہنا چھوڑ دیجئے! آئیے ہنستی مسکراتی صحت مند اور خوشگوار زندگی آپ کی منتظر!

ان کی صحت دن بدن بہتر سے بہترین ہوتی جارہی تھی، عمر تقریباً 52 سال اور آج جب میں ان کے گھر گیا تو میرے سامنے اپنا بازو کیا اور کہا کہ چیک کرو میں نے بازو پکڑا تو وہ کسی باڈی بلڈر کی طرح سخت تھا اور میں چاہ کر بھی ان کا بازو دبا نہیں پارہا تھا، میں حیران رہ گیا کہ یہ وہی ہیں جو بستر پر پڑے، ہروقت کراہتے رہتے تھے اور ٹانگوں پر ڈوپٹے بندھواتے تھے کہ میری پنڈلیاں سخت درد کرتی ہیں۔ یہ نہ سیڑھیاں چڑھ سکتے تھے اور نہ ہی کچھ دیر تک مسلسل پیدل چل سکتے تھے۔ میری حیرانی کو دیکھتے ہوئے کسی پہلوان کی طرح اپنا ہاتھ میری کمر پر مارا جس وجہ سے کچھ دیر تو میرا سانس الٹ گیا اور میں کھانستا رہا جب میری کھانسی اور ان کا قہقہہ ختم ہوا تو بولے یہ سارا ''واک'' کا کمال ہے۔ حیرانی سے میرا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا واقعی صرف واک سے، میں نے ان سے عرض کیا آج تک واک کے فوائد صرف پڑھتے تھے مگر ایسا فائدہ آج پہلی مرتبہ دیکھ رہا ہوں۔

قارئین! یہ میرے ایک جاننے والے ہیں، تقریباً دو سال پہلے ان کو شوگر ہوئی اور وہ بڑھتی ہی رہی، گھر میں گولیوں کا انبار لگ گیا، ٹوٹکوں، نسخوں، سیرپ! جہاں سے کوئی کچھ بتاتا یہ بھاگ کر ادھر چلے جاتے اور اس کی بتائی دوا لے آتے، گھر میں شوگر چیک کرنے والا آلہ بھی لے آئے، ناشتہ سے پہلے شوگر چیک کرتے، ناشتے کے بعد شوگر چیک کرتے، رات کھانے سے پہلے اور اسی طرح کھانے کے بعد! ویسے یہ کھابوں کے معاملے میں مشہور ہیں، کہیں سے کوئی دعوت کبھی مس کی نہ کبھی کھانے میں جھجک محسوس کیا، جو آیا ہڑپ ہوا۔ دعوتیں دینے اور دعوتیں کھانے میں مشہور ہیں۔ ان کی شوگر 450 اور 320 کے درمیان رہتی۔ جب کبھی 280 یا 250 ہوجاتی وہ خبر ان کیلئے کسی خوشخبری سے کم نہ ہوتی۔ جسم ڈھلک گیا، آنکھوں کے نیچے ہلکے، چہرے پر رونق ختم، کھانے پینے میں سخت احتیاط، جب تقریباً ڈیڑھ سال پہلے دیکھا تھا تو میں بھی ایک مرتبہ پریشان ہوگیا تھا کہ شوگر کتنا ظالم مرض ہے ایک صحت مند، خوش خوراک خوشگوار انسان کو چند دنوں کے اندر نچوڑ کر رکھ دیا۔ پھر زندگی کی مصروفیات ان سے کبھی کبھی صرف سلام دعا ہوجاتی تھی تفصیلی ملاقات نہ ہوتی، آج جب ملاقات ہوئی تو یہ بالکل ویسے نہیں بلکہ پہلے سے بھی زیادہ صحت مند، جوان اور مضبوط لگ رہے تھے اور میرے سامنے انہوں نے بیٹھے بیٹھے میٹھی چائے کے ساتھ دو پیسٹریاں کھا گئے اور اس کے بعد ڈٹ کر مرغ کڑاہی اڑائی، میں حیرانی سے انہیں دیکھ رہا اور ڈرتے ڈرتے پوچھ لیا آپ کی شوگر؟ اس کے بعد انہوں نے اپنا جو صحت مند زندگی کا راز بتایا وہ میں قارئین عبقری کو ضرور بتانا چاہوں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ:۔ میں شوگر سے بہت زیادہ ڈرا ہوا تھا، میری زندگی سے چین سکون سب ختم ہوگیا تھا، لگتا تھا یہ مرض مجھے اندر ہی اندر ختم کررہا ہے اور چند سالوں کے اندر میں اس کی مکمل خوراک بن جاؤں گا۔ مگر پھر مجھے ایک شخص ملا اس نے کہا سب سے پہلے اپنے اندر سے ڈر ختم کرو، یہ عام مرض ہے اور تقریباً ہر چھٹے یا ساتویں شخص کو پچاس سال کی عمر کے بعد ہوجاتا ہے، دوسرا رات کو آدھ مٹھی کالے چنے نیم گرم پانی میں بھگو دو، صبح اٹھ کر وہ چنے کھالو۔ ناشتہ ڈیڑھ گھنٹے بعد کرنا۔ اس کے علاوہ جو اس نے مجھے سب سے بڑے گُر کی بات بتائی وہ یہ بتائی کہ صبح کی سیر شوگر کا آخری علاج ہے، اگر تم نے واک کرنا شروع کردی تو تم خود دیکھو گے زندگی کی طرف واپس لوٹ آئے ہو، تمہاری صحت، جوانی، چہرے کی رونق سب چہچہا رہے ہوں گے۔ میں ہمیشہ دیر سے اٹھنے والا، کبھی صبح کی رونق، صبح کا خوشگوار احساس چکھا ہی نہ تھا، اگر میں بیمار اور بیزار نہ ہوتا تو کبھی بھی اس کی بات نہ مانتا۔ خیر پہلے دن صبح اٹھا تو طبیعت انتہائی خراب ہوئی، جسم ٹوٹ رہا تھا مگر میں نے تہیہ کرلیا کہ اب میں بستر کو چھوڑوں گا اور قدموں کو گرم رکھوں گا۔ شوز پہنے اور گھر سے نکل پڑا، قریبی مسجد میں عرصہ بعد نماز فجر پڑھی اور پارک کی طرف چل پڑا، میرے گھر سے پارک اڑھائی کلومیٹر ہے، گراؤنڈ کے سات چکر لگاؤں تو تین کلومیٹر بنتا ہے، اسی طرح واپسی بھی اڑھائی کلومیٹر پیدل چلتا ہوں تو روزانہ کا آٹھ کلومیٹر بنتا ہے جو تقریباً پہلے تین گھنٹوں اور اب دو سے اڑھائی گھنٹے میں ہوتا ہے، اس کے علاوہ میں وہاں جاکر اٹھک بیٹھک اور پش اپس کرتا ہوں، جو تقریباً اب تیس سے چالیس کے درمیان ہوتے ہیں۔ دن بدن صحت بہتر ہوتی گئی، میرا شوگر لیول نیچے آتا گیا، میری گولیاں، سیرپ، سفوف سب چھوٹ گئے، سارے پرہیز خود ہی ختم ہوگئے، عرصہ ہوگیا شوگر لیول چیک کرنے والی مشین وہ ڈبے میں بند پڑی ہیں، کبھی اسے ہاتھ بھی نہ لگایا ہے۔ پہلے سے بہترین اور خوشگوار زندگی جی رہا ہوں۔ قارئین! واقعی میرے لیے یہ حیران کن تجربہ تھا، میں نے اپنی آنکھوں سے اس شخص کو بستر سے لگتے دیکھا تھا اور پھر بستر سے اچھل کر بھاگ دوڑ کرتے دیکھ رہا ہوں۔ آپ آزما لیجئے ایک صحت مند خوشگوار اور ہنستی مسکراتی زندگی آپ کی منتظر ہے!

کیا آپ نے نبی کریم ﷺ کی زیارت کرنی ہے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خیر و عافیت سے رکھے آپ کو اور آپ کی اولاد کو لمبی زندگی دے آپ یوں ہی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔ تسبیح خانہ ہمیشہ آباد رہے۔ میں نے آپ کے بتائے ہوئے شب جمعہ کے نوافل پڑھے۔ طریقہ: دو رکعت نفل ادا کرنے ہیں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ نوافل کے بعد ایک تسبیح درود پاک کی پڑھیں اور خوشبو لگا کر پاک صاف بستر پر سو جائیں۔ میں نے پہلے دن ہی عمل کیا تو جمعہ کے دن فجر کے بعد خواب میں مجھے کسی نے کہا کہ آپ نے حضرت محمد ﷺ کی زیارت کرنی ہے میں بہت خوش ہوئی میں نے کہا ہاں کرنی ہے اس کے بعد مجھے مسلسل درود پاک پڑھنے کا کہا گیا۔ مزید اس عمل سے بے شمار پریشانیاں حل ہوئیں اور ہو رہی ہیں۔ (بینش اشرف، گوجرانوالہ)

گھر اور زندگی میں سکون پانے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو ہمیشہ خوشیاں، کامیابیاں عطا فرمائیں اور آپ کے خلوص کو قبول فرمائے۔ آمین۔ عبقری روحانی چلہ اور ہر جمعرات تسبیح خانہ میں ہونے والی محفل میں شرکت سے رزق میں بہت برکت ملی۔ سورۂ الم نشرح، سورۂ والضحیٰ، یاکریم کے ساتھ اور ہر نماز کے بعد اللہ الصمد کا وظیفہ جاری رکھے ہوئے ہوں۔ گھر، زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (عظمیٰ مسعود، گوجرانوالہ)

ڈیپریشن، ٹینشن سے نجات پائیں لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

(2) غموں کی طویل مسافت طے کرکے کیا اب آپ کے گھر روشنی کی کرنیں آئیں؟ اگر ایسا ہے تو پھر آئیں! لوگوں کے گھروں میں خوشیوں کی شمع روشن کرنے میں عبقری کا ساتھ دیں اپنے تجربات لکھیں۔

بیٹے بیروزگار، بہنیں مالی مشکلات سے دوچار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے تین بیٹے ہیں ماشاء اللہ تعلیم یافتہ ہیں لیکن بے روزگار ہیں۔ اس کے علاوہ میری چھوٹی تین بہنیں ہیں انہیں رزق کی بہت تنگی ہے مالی حالات بہتر نہیں ہیں۔ میری سہیلی اور ان کا بیٹا بھی ہر وقت بیمار رہتے ہیں۔ ان تمام کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ تمام کے مسائل حل ہوجائیں۔ (ط، بھکر)

جواب: آپ درج ذیل عمل یقین، توجہ اور دھیان سے کیجئے، جس نے بھی آج تک یہ عمل کیا ہے وہ نامراد نہیں رہا۔ آپ کے تمام مسائل کا حل یہی عمل ہے۔ خود بھی کیجئے دوسروں کو بھی بتائیے۔ وہ عمل یہ ہے: دو رکعت نماز نفل حاجت کے پڑھیں اور ہر سجدے میں سجدے کی دعا پڑھنے کے بعد چالیس مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں اس کے بعد گڑگڑا کر اللہ پاک سے اپنی حاجت مانگیں۔ ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔ الحمدللہ! بے شمار لوگ اس عمل کو آزما چکے ہیں، اجازت عام ہے۔

میری اولاد بے اولاد ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بڑے بیٹے کی شادی کو تین سال ہوگئے ہیں۔ میرا بیٹا اور بہو دبئی میں ہوتے ہیں۔ ان کے گھر ابھی تک اولاد نہیں ہے۔ بہت سی جگہوں سے علاج کروایا ہے مگر افاقہ نہیں ہوا۔ اس طرح میری بیٹی بھی بے اولاد ہے اس کی شادی کو بھی اڑھائی سال ہوگئے ہیں۔ میں بہت ہی زیادہ پریشان ہوں۔ (والدہ حسن، پوشیدہ)

جواب: یہ عمل بے اولاد جوڑوں کیلئے ہے۔ عبقری رسالہ میں شائع ہو چکا بے شمار کو فائدہ ہوا۔ عمل یہ ہے: سفید کاغذ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ (89، سورۃ الانبیاء) 60 بار لکھ کر پرچیاں بنالیں فجر کی نماز کی ادائیگی سے پہلے دو تین گھونٹ پانی میں گھول کر رکھ لیں، سلام پھیرتے ہی پانی پی لیں۔ عمل ماہواری سے پاک ہوکر شروع کریں اور اگلی ماہواری آجائے تو فجر کے وقت اسی طرح خالی پیٹ روزانہ ایک پرچی گھول کر پینا ہے، ماہواری سے پاک ہوکر نماز کے بعد! اسی دوران حمل ٹھہر جائے گا مگر 60 پرچیاں آیت والی پوری پینی ہیں۔ بفضل خدا حمل ٹھہرے گا، بیٹا ہوگا اور عافیت سے ہوگا۔ کالی گھلنے والی سیاہی سے آیت لکھی جائے تاکہ آسانی سے گھل جائے۔

کچھ بتائیے! طلاق کا داغ نہیں چاہتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شوہر کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ گھر میں اور گھر سے باہر ہر کسی سے لڑائی جھگڑا کرتے ہیں غصہ کی حالت میں بے قابو ہوجاتے ہیں۔ مجھ سے بھی لڑائی کرتے ہیں اور غصے میں کہتے ہیں میں تمہیں طلاق دے دوں گا۔ میرے بچے جوان ہیں میں اس بڑھاپے میں طلاق کی بدنامی لے کر کہاں جاؤں گی۔ مہربانی کچھ وظائف بتائیں کہ شوہر مجھ سے محبت سے بات کریں اور لڑائی جھگڑا چھوڑ دیں۔ (رخسانہ حسنین، پوشیدہ)

جواب: میاں بیوی میں ناچاقی کا کسی ایک کی بے رخی اور توجہ کم دینے یا طلاق کی دھمکیوں جیسے مسائل ہوں تو ہر وقت یَاوَدُوْدُ یَاسَلَامُ پڑھتے رہیں تو جب بہت دیر پڑھ لے تو اپنے شوہر کا سخت تصور کرکے پھونک مار دے اور اپنے گھر میں کھانے پینے کی چیزوں اور خصوصاً چینی اور پانی پر پھونک ماردیں ان شاء اللہ ناچاقی محبت میں بدل جائے گی۔

دکانداری ختم ہوتی جارہی، قرض بڑھتا جارہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری لانڈری کی دکان، کاروبار تسلسل سے نہیں چل رہا کام میں برکت نہیں اور قرض بہت زیادہ ہے براہ مہربانی دعا فرمادیں اور کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (قاضی ناصر، چکوال)

جواب: عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ عمل شائع ہوا کہ روزانہ کھلا درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کرتے رہیں اور وہ پانی کاروبار کی جگہ، دکان، دفتر، ٹھیلہ، ٹرانسپورٹ کی گاڑی جہاں کہیں سے آپ روزگار کمارہے وہاں جاکر چھڑکنے سے برکت ہوتی ہے، یہ عمل بے شمار نے آزمایا لاجواب فوائد پائے۔ آپ اور آپ کے تمام گھر والے بھی ترقی، کامیابی، خوشحالی اور قرضوں سے نجات پانے کیلئے سارا دن اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حالت میں کھلا درود پاک پڑھیں اور رات کو عشاء کے بعد پانی پر دم کردیں۔ پھر یہ پانی روزانہ دکان کھولتے دکان کے چاروں کونوں میں چھڑک دیا کریں اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد صرف گیارہ مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۃ یوسف کی آیت نمبر 80 پڑھ لیجئے، ان شاء اللہ رزق میں وسعت، کاروبار میں ترقی اور خوشحالی ہوگی۔

جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں
راز داری کا خیال رکھا جائے گا

شادی نہیں ہورہی جسمانی درد بھی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 42 سال ہے اور غیر شادی شدہ ہوں شادی نہیں ہورہی۔ میری ناف میں اکثر درد رہتی ہے اور ہاتھ پاؤں جلتے ہیں۔ شادی کے لیے اور بیماریوں کے خاتمے کے لیے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (گ۔ب، لاہور)

جواب: کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھرلیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبولیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبولیں، پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، بیماری سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کرکے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کردیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو گرادیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکہتر دن، اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

طبی مسائل کا آزمودہ حل

براہِ راست شیخ الوظائف سے جانیئے

معذور بچے کی وجہ سے پریشان ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا سات ماہ کا تھا جو بذریعہ آپریشن پیدا ہوا تھا اور پانچ دن تک ای سی یو میں رہا۔ اب ساڑھے پانچ سال کا ہوگیا ہے لیکن چلنے سے معذور ہے۔ ڈاکٹری علاج بھی کافی کروایا لیکن کوئی افاقہ نہیں ہورہا۔ ڈاکٹر بتاتے ہیں کہ اس کے حرام مغز، ریڑھ کی ہڈی اور پٹھے کمزور ہیں۔ بچہ ٹانگ کے اوپر ٹانگ چڑھائے رکھتا ہے۔ سنتا بھی ٹھیک ہے ہر بات کو سمجھتا بھی ہے دیکھتا بھی صحیح ہے اشاروں سے ہر بات سمجھا لیتا ہے۔ کوئی دوائی تجویز فرمادے کہ وہ جلد صحت یاب ہوجائے اور عام بچوں کی طرح چلتا پھرتا نظر آئے۔ (محمد عثمان، جہلم)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ معجون شفاء یابی اور کراماتی تیل' بچے کو لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کروایئے' اس کے ساتھ ساتھ سارا گھرانہ سارا دن بچے کا سخت تصور کرتے ہوئے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی صحت مندانہ نتائج نظر آئیں گے۔

موسمی بیماری سے نجات چاہیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب گندم کا خوشہ نکلنے لگتا ہے اور مکئی اوپر ڈنٹھل نکالنے لگتا ہے تو میرے دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں میں انگلیوں تک درد شروع ہوجاتا ہے پھر ان میں سختی پیدا ہوتی ہے۔ پھر چھوٹے دانے نکلتے ہیں جو کہ خشک ہوتے ہیں پھر وہ چھلکا اتارتا ہے اور پھٹ جاتے ہیں پھر نئی کھال چڑھتی ہے اگر کام کروں تو وہ بھی پھٹ جاتی ہے۔ یہ صورتحال دونوں موسموں میں شروع سے آخر تک رہتی ہے پھر سارا سال ٹھیک رہتا ہوں اس موسمی بیماری سے بچاؤ کے لیے کوئی نسخہ تجویز فرمادیں۔ (شاداب، صوابی)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''جوہر شفاء مدینہ'' سفوف لے لیں' اس سفوف کا چوتھائی چمچ چائے والا لے کر ایک کپ پانی میں ابالیں' جب آدھا کپ رہ جائے تو حسب ذائقہ شہد یا چینی ملا کر چسکی چسکی پی لیں۔ اس کے ساتھ آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''مرہم سکون'' جہاں جلد اتر رہی ہے یا دیگر مسائل ہیں وہاں لگائیں۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی آپ کے مسائل حل ہوجائیں گے۔

والدہ کے معدہ میں مسلسل جلن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی عمر 75 سال ہے کھانا کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد معدہ میں جلن شروع ہوجاتی ہے جو تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہتی ہے اس جلن کے دوران پسلیوں میں دباؤ محسوس ہوتا ہے۔ گیس بن جاتی ہے۔ یہ صورتحال انہیں پچھلے تین سال سے ہے کافی ادویات استعمال کیں لیکن وقتی فائدہ ہوتا ہے۔ ان کے لیے کچھ تجویز فرمادیں۔ (طارق فدا، راولپنڈی)

مشورہ: یہ دیسی پھکی آپ خود گھر میں تیار کرلیجئے اور اس کو خود بھی استعمال کیجئے اور اپنی والدہ کو بھی استعمال کروایئے۔

ھوالشافی: پنیر ڈوڈی۔ اجوائن۔ سفید پودینہ جس کو پہاڑی پودینہ بھی کہتے ہیں۔ ان تین چیزوں کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان لیں۔ پھر اس میں حسب ضرورت کالا نمک ملا کر استعمال کریں۔ دوا آدھا چائے والا چمچ کھانے کے بعد صبح و شام کھائیں۔ قبض' گیس' معدہ کی جلن سب ٹھیک۔ یہ تینوں چیزیں پنسار سے عام مل جاتی ہیں۔

موٹا ہونا چاہتا ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر تقریباً 23 سال ہے مجھے بظاہر کوئی بیماری نہیں بچپن میں میں خاصا موٹا تازہ تھا جبکہ اب میرا بدن بہت پتلا ہوچکا ہے، قد لمبا ہے اور بدن پر گوشت انتہائی کم ہے جس سے میں بہت کمزور نظر آتا ہوں۔ دوا تجویز فرمائیں۔ (صہیب احمد، لاہور)

مشورہ: آپ کو دوا نہیں غذا کی ضرورت ہے' ورزش کی عادت اپنائیں' خاص طور پر صبح کی سیر تو ہرگز نہ چھوڑیئے' مکھن، پھل' گوشت کھائیں' دودھ پیجئے' پنج وقتہ نماز پڑھیے' کسی قسم کا کوئی ڈبہ بند فوڈ سپلیمنٹ ہرگز نہ کھایئے' رات کو ایک سیب میں جگہ جگہ سے سوراخ کرکے دودھ میں بھگودیں' صبح اٹھ کر یہ دودھ پی لیں اور سیب کھالیں۔ ان شاء اللہ چالیس دنوں میں آپ کی صحت میں مثبت تبدیلی آچکی ہوگی۔

پنڈلیوں میں شدید درد رہتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دن رات میری پنڈلیوں میں مسلسل ناقابل برداشت درد رہتا ہے سو بھی نہیں سکتی چل بھی نہیں سکتی چیخیں مار مار کر روتی ہوں۔ بہت ہی زیادہ تکلیف میں ہوں۔ میرے لیے کوئی اچھی سی دوائی تجویز فرمائیں۔ (پروین سلطانہ، لاہور)

مشورہ: پہلے نسخہ لیجئے پھر اس کے فوائد پر نظر ڈالیں۔ طریقہ نسخہ ھوالشافی: کھٹہ تلخ، پھٹکڑی سرخ' آنبہ ہلدی' السی ہر ایک 100 گرام سب کو کوٹ کر 3 کلو پانی میں ابالیں ایک کلو باقی بچنے پر چھان کر اس میں ایک کلو خالص تل کا تیل ڈال کر ہلکی آنچ میں جلائیں۔ دو دن تک جلاتے رہیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر اس میں 50 گرام رتن جوت ڈال کر 3 دن رکھ چھوڑیں۔ 3 دن کے بعد چھان کر محفوظ کرلیں' اب وہ کراماتی تیل تیار ہے۔ بے شمار فوائد کرامات سے کم نہیں: فوائد:۔ پرانا جوڑوں کا درد جو کسی طرح درست نہ ہوتا ہو۔ چھوٹے جوڑوں کا ہو یا بڑے جوڑوں کا' گھٹنوں کا ہو یا پنڈلیوں کا' نہایت لاجواب ہے۔ مالش صبح وشام بہت دیر تک کریں کہ جذب ہوجائے۔ چند ہفتے میں بے مثال فائدہ ہوگا۔

مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

والد حقیقی پاگل‘ والدہ نے دین نہ سکھایا‘ ہم برباد ہوگئے

قارئین! حضرت جی کے درس‘ موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں‘ آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 19 سال ہے۔ مجھے اپنے والد سے بہت محبت تھی پر نا معلوم کیوں مجھے اپنے والد سے بہت نفرت ہوگئی اتنی نفرت کہ میں ان کا نام لینا بھی پسند نہیں کرتی۔ گھر کا ماحول کبھی بھی مذہبی نہیں رہا‘ ہمیں نہ کبھی کچھ سمجھایا گیا نہ سکھایا گیا‘ جو ہم نے دیکھا وہی کرتے یہی وجہ تھی کہ صرف 13 سال کی عمر میں ہی میں بھٹکی اور اپنی خالہ کے بیٹے سے نام نہاد محبت کر بیٹھی چونکہ گھر کا ماحول ہی ایسا تھا کسی بڑے کو معلوم بھی ہوا تو اس نے بجائے سمجھانے کہ اسے چھپایا۔ میرے والد حقیقی پاگل تھے۔ رات کے تین بجے میری والدہ سے لڑائی کرکے ان کو گھر سے باہر نکال دیتے تھے ابھی بھی اکثر باہر نکال دیتے ہیں کوئی ایسا دن نہیں ہوتا جس دن ہمارے گھر میں لڑائی نہ ہو۔ میرا کزن جو میری خالہ کا بیٹا ہے جس سے مجھے بہت محبت بھی ہوگئی تھی اسے بھی بندش تھی وہ بھی جادو کا شکار تھا جس کی وجہ سے میری والدہ اس سے میری شادی نہیں کرنا چاہتی تھیں۔

میری والدہ نے ساری زندگی بہت دکھوں مصائب میں گزاری‘ میری والدہ میں بہت صبر ہے وہ میری شادی میرے دوسرے کزن جو میری دوسری خالہ کا بیٹا ہے اس سے کرنا چاہتی ہیں۔ میری والدہ کو بھی میری گمراہی کا علم تھا مگر میں نے اوپر ذکر کیا کہ اس چیز کو ہمارے گھر کے ماحول میں معیوب ہی نہ سمجھا گیا۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا‘ گانے‘ فلمیں‘ ڈرامے چلتے دیکھے اور اسی سب کو دیکھتے ہوئے جوانی میں قدم رکھا اور بھٹک گئی۔

میری زندگی انہی مسائل میں چل رہی تھی کہ میری والدہ کو کسی نے عبقری دیا‘ میں نویں کلاس میں تھی کہ ہمارے گھر عبقری آیا‘ میری والدہ اور میں نے عبقری پڑھنا شروع کردیا‘ اس میں موجود وظائف اور تحریروں نے ہمیں جھنجھوڑ کر رکھ دیا‘ عبقری رسالہ سے ہی ہمیں آپ کی جمعرات کو ہونے والی محفل کے بارے میں معلوم ہوا‘ ہم اپنے والد سے چھپ کر ایک مرتبہ تسبیح خانہ گئے‘ وہاں جاکر درس سنا تو مجھے ایسے لگا جیسے کسی نے مجھے اندر سے جھنجھوڑ کر رکھ دیا‘ مجھے اپنے آپ سے گھن آنا شروع ہوگئی‘ گھر آکر بہت روئی‘ نماز سکول میں سیکھی تو تھی کبھی کبھار کہیں دکھاوے کے لیے پڑھ بھی لیتی تھی مگر اس رات میں نہ سو سکی‘ فجر کی اذان ہوئی‘ اٹھی ٹوٹا پھوٹا وضو کیا اور زندگی میں پہلی مرتبہ نماز میں اپنے رب کے حضور کھڑی ہوئی‘ خوب روئی کہ ہم نے کبھی اپنے رب سے استغفار ہی نہ کیا‘ کبھی شکر ہی نہ کیا‘ مسلمان ہوتے ہوئے بھی رب کی طرف دھیان ہی نہ گیا۔ ہر وہ کام کیا جس کی وجہ سے ہمارا رب ہم سے ناراض ہو اور ہم نے خوب ناراض بھی کیا۔ جذبات میں نامعلوم رب سے کیا باتیں کیں‘ جب نماز پڑھ کر اٹھی تو خود کو بہت ہلکا پھلکا محسوس کیا پھر سو گئی‘ گھر میں ہر وقت درس چلنا شروع ہوگیا‘ حالات بدلنا شروع ہوئے‘ گھر میں سکون محسوس ہونا شروع ہوگیا‘ میری والدہ اب عبقری پر بہت یقین کرتی ہے۔ ہمارے گھر کا ماحول بدل رہا‘ ہماری زندگیاں بدل رہیں‘ میں سنبھل چکی ہوں‘ خود کو سمیٹ چکی ہوں‘ اب میری والدہ میرے لیے جو بہتر سمجھیں گی فیصلہ کریں گی۔ (پوشیدہ)

اہلیہ سارا دن ٹی وی ڈرامے دیکھتی اور میں کڑھتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو مزید روحانی ترقی عطا فرمائے‘ تسبیح خانہ کے تجویز کردہ اعمال قرآن بہت ہی آزمودہ اور ان کی تاثیر بہت زیادہ ہے‘ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ بہت ہی اعلیٰ کام کررہے ہیں۔ ہم جیسے غیر ممالک میں بسنے والے اس سے بہت فائدہ اٹھا رہے ہیں‘ میرے گھر میں سارا دن پاکستانی انڈین ڈرامے چلتے تھے‘ اہلیہ شام چار بجے سے رات گیارہ بجے تک مسلسل مختلف چینلز پر ٹی وی ڈرامے دیکھتی تھیں‘ اس کا شیڈول ہوتا تھا جسے ذہن میں رکھتے ہوئے وہ ہر گھنٹے بعد چینل تبدیل کرلیتی تھی‘ نہ نماز‘ نہ قرآن‘ نہ تسبیح اور نہ ہی کھانے پکانے کی فکر‘ میں اللہ کے فضل سے شروع سے اولیاء کے در کا ایک ادنیٰ سا غلام تھا‘ نماز‘ قرآن کی پابندی اور سارا دن درود اور اپنی تسبیحات پڑھتا تھا۔ عبقری رسالہ جب سوشل میڈیا پر دیکھا تو پڑھنا شروع کیا‘ میں نے اس میں ایک عمل سورۂ کوثر 129 مرتبہ صبح و شام اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت ہی زیادہ برکت ہوئی الحمدللہ! اب جب بیگم کو ٹی وی کے آگے پاکستانی‘ انڈین ڈرامے دیکھتے ہوئے پاتا تو مجھے سخت برا لگتا‘ اس کو مختلف انداز سے سمجھانے کی کوشش کی مگر جب دیکھا کہ گھر کے حالات معاملات خراب ہونا شروع ہوگئے ہیں‘ اس بات کو لے کر لڑائی جھگڑے بڑھ رہے ہیں تو کہنا چھوڑ دیا اور اندر ہی اندر کڑھتا رہتا۔ عبقری رسالہ میں اعمال ہدیہ کرنے کا عمل دیکھا تو ہر نماز کے بعد ایک بار سورۂ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ اپنی اہلیہ کی روح کو ہدیہ کرتا اور تصور یہ رکھتا کہ میرے گھر سے یہ ڈراموں کی نحوست ختم ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا کہ میری اہلیہ نے خود ہی آہستہ آہستہ ڈرامے دیکھنا بند کردیئے اور خود ہی میرا لیپ ٹاپ کھول کر عبقری ویب سائٹ سے کبھی میگزین پڑھنا شروع کردیئے اور کبھی درس لگا کر سنتی اور حکیم صاحب کا نام بھی جناب عبقری صاحب پکارتی۔ پھر عبقری سے خود ہی وظائف ڈھونڈ لیے اور سارا دن پڑھنا شروع کردیئے‘ سورۂ کوثر والا عمل جو میں نے اوپر بتایا وہ میرے بتائے بغیر خود ہی کرنا شروع کردیا۔ اب وہ آپ کے درس‘ رسالے دوسروں کو بھی بتاتی ہے‘ ڈرامے اب ہمارے گھر سے بالکل ختم ہوگئے ہیں۔ نماز کی پابندی کرنا شروع کردی ہے اللہ تعالیٰ کے کرم سے بچے بھی سلجھ گئے ہیں۔ اب وہ مجھے اور بچوں کو کہتی ہے کہ یہ عمل کرو اور بچوں کو بھی نماز خود پڑھاتی ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ (رب نواز وڑائچ‘ یوکے)

بیٹے کا بگڑا بخار یوں ختم ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کو بہت شدید گردن توڑ بخار ہوا‘ بہت پریشانی ہوئی‘ مقامی ہسپتال داخل رہا‘ بخار تھا کہ ٹوٹنے کا نام ہی نہ لے رہا تھا‘ مجھے وہاں موجود بہت سے لوگوں نے ڈرا دیا‘ مجھے ایک شخص نے ایک عمل بتایا کہ سورۂ بینات پڑھ کر مسلسل بچے کو دم کیا‘ پانی پر دم کرکے بچے کے ماتھے اور گردن پر وہ پانی مسلسل لگایا‘ اس کے علاوہ ایک صفحے پر لکھ کر اس کا تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں بھی ڈال دیا‘ بخار اسی دن ٹوٹ گیا اور میرا بچہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (یٰسین احمد‘ یوکے)

وہ جادو پر یقین نہیں کرتے مگر 18 سال سے زد میں ہیں!

والدہ عبدالوہاب، ایبٹ آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کے سسرال والے جادو پر یقین نہیں کرتے۔ میری بیٹی کی جب سے وہاں شادی ہوئی ہے اس دن سے لے کر آج شادی کو 18 سال ہو گئے ہیں جادو کی زد میں تھی۔ میں عبقری سے آٹھ سال سے جڑی ہوئی ہوں۔ آپ سے ملاقات ہوئی تو میں نے اپنی بیٹی کے معاملات کے بارے میں آپ کو بتایا تھا کہ وہ ہر وقت بیمار رہتی ہے، میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا عام سی بات ہے کبھی کبھی تو طلاق تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ میری بیٹی سسرال والوں کی بہت خدمت کرتی ہے لیکن کسی نے اس کی قدر نہیں کی۔ اس کو ڈراؤنے خواب آتے ہیں اور ہر وقت گھر سے بدبو آتی تھی۔ آپ نے ''یَالَطِیۡفُ یَاعَلِیۡمُ یَاخَبِیۡرُ'' کا وظیفہ پڑھنے کے لیے دیا میں نے اپنی بیٹی کو فون پر یہ وظیفہ پڑھنے کے لیے کہا اس نے کثرت سے اس کا ورد کیا اللہ پاک نے اس کو اپنے گھر میں سکون عطا فرما دیا۔ اس کے علاوہ میرا اپنا بچہ پیدائش سے دل کی تکلیف میں مبتلا تھا آپ کے دیئے گئے وظیفہ سے پہلے دو مرتبہ اس کا آپریشن ہو چکا تھا۔ ہر چھ ماہ بعد اس کو اسلام آباد میں مقیم اسپیشلسٹ ڈاکٹر سے چیک اپ کروایا جاتا تھا۔ آپ نے مجھے یہی وظیفہ کھلا پڑھنے کا حکم فرمایا تھا میں نے ایک تسبیح سے شروع کیا اور بڑھتے بڑھتے وظیفہ دس ہزار تک پہنچ گیا جیسے جیسے میں پڑھتی گئی مسائل حل ہوتے گئے۔ جب میرے بیٹے کا ڈاکٹر نے ٹیسٹ کیا تو وہ خود حیران تھا کہ اتنی جلدی صحت یابی کی طرف جا رہا ہے آپ لگتا ہے کچھ روحانی علاج بھی کروا رہی ہیں تو میں نے کہا جی میں اپنے بیٹے کی صحت یابی کے لیے وظیفہ بھی کر رہی ہوں۔ اب میرا بیٹا بالکل ٹھیک ہو گیا ہے اور پڑھائی جاری رکھے ہوئے ہے۔

دیر ضرور مگر اندھیر نہیں! اللہ نے 49 سال کی عمر میں اولاد سے نوازا

ح، ا۔ لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا کرے اور تسبیح خانہ اپنی روشنی سے امت محمدی کو فیض یاب کرتا رہے۔ آمین۔ میں خوش بخت ہوں کہ میں 2014ء سے تسبیح خانہ سے جڑی ہوئی ہوں۔ اعمال، درس، وظائف، عبقری روحانی اجتماع، حلقہ کشف المحجوب، اسم اعظم کے روحانی دم میں بھی الحمدللہ بغیر ناغہ کے شریک ہوتی ہوں۔ میں اولاد جیسی نعمت سے محروم تھی، صبح و شام رب سے دعائیں مانگتی، تہجد میں مانگتی، ہر درس، ہر اسم اعظم کے روحانی دم میں رو رو کر رب سے اولاد مانگتی، لوگوں کے طعنے سنتی، کوئی بانجھ کہتا، کوئی جادو، کوئی بندش بتاتا، مگر مجھے یقین تھا اور ہے کہ اللہ نے میری سن لی ہے وہ ضرور سنتا ہے، وہ مجھے ضرور نوازے گا، انتہائی سخت حالات کا سامنا بھی کیا، طلاق کی دھمکیاں بھی سنیں، کئی بار یقین ہو گیا کہ اب طلاق ہو جائے گی، لڑائی جھگڑے، طعنے، سسکیاں، رات رات بھر رونا، اللہ سے مانگنا جیسے بھی حالات آئے مگر کبھی مایوسی کو اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیا، پھر میری خوش قسمتی، میری دعائیں قبول ہوئی اور مجھے راستہ مل گیا۔ 2019ء میں آپ سے ملاقات ہوئی آپ نے مجھے وظیفہ ''اَحَدٌ سَصَطَعَ کَلۡمُوۡہُ'' 313 مرتبہ پڑھنے کے لیے دیا اور اس کے ساتھ میں ایک اور وظیفہ سورۂ فیل پڑھ رہی تھی آپ نے فرمایا آپ نے وہ پڑھنا ہے اور یہ بھی پڑھنا ہے۔ ابھی صرف چند ماہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ کریم نے 49 سال کی عمر میں میری مراد میری جھولی ڈال دی۔ جب ہر کوئی ناامید ہو چکا تھا اب کچھ نہیں ہو سکتا' یہ درخت سوکھ چکا' اب اس پر کبھی پھل نہیں لگے گا' مگر میرے رب نے میری فریادیں سن لیں' مجھے پھل لگا دیا' میری سوکھی ٹہنیاں ہری کر دیں' اس کریم کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے' یہ خط لکھتے ہوئے میرے آنسو ہیں کہ تھمنے کا نام نہیں لے رہے' الحمدللہ ثم الحمدللہ! شکر کے میٹھے آنسو ہیں' اللہ ہر بے اولاد کو اولاد سے نوازے' کیونکہ میں یہ درد سمجھتی ہوں' یہ روگ جھیل چکی ہوں' اذیت برداشت کر چکی ہوں' اللہ ہر بے اولاد کی دعا قبول فرمائے اور سب کی مرادیں پوری ہوں۔

صحت مند سحری' خوش ذائقہ افطاری کیجئے

عبقری شمارہ اپریل 2022ء ایسے ٹوٹکوں اور نسخہ جات سے بھرپور ہیں جس سے آپ کی سحری صحت مند اور افطاری لذیذ بنے' پورا مہینہ معدہ کے مسائل سے چھٹکارا پائیں۔

صبر کی زمین

مولانا وحیدالدین خان مرحوم

ہری بھری فصل مٹی کے کھیت میں اگتی ہے نہ کہ سونے چاندی کے فرش پر۔ یہ محدود معنوں میں صرف زراعت کی بات نہیں بلکہ یہ زندگی کا عالم گیر قانون ہے خدا نے ہر چیز کے وجود میں آنے کے لیے ایک نظام مقرر کر دیا ہے۔ اسی خاص نظام کے تحت وہ چیز وجود میں آتی ہے کسی اور طریقہ سے ہم اس کو وجود میں نہیں لا سکتے۔ یہی انسانی زندگی کا معاملہ بھی ہے' زندگی ایک ایسا امتحان ہے جو صبر کی زمین پر دینا پڑتا ہے۔ زندگی ایک ایسی کھیتی ہے جو صبر کی زمین پر اگتی ہے۔ خدا نے ابدی طور پر مقرر کر دیا ہے کہ زندگی کی تعمیر صبر کی زمین پر ہو اب قیامت تک یہی ہونا ہے ہم اس کی تعمیر کیلئے کوئی دوسری زمین نہیں بنا سکتے۔ صبر کسی منفی چیز کا نام نہیں وہ سراسر ایک مثبت رویہ ہے صبر کا مطلب ہے' بے سوچے سمجھے کر گزرنے کے بجائے سوچ سمجھ کر اپنا کام کرنا' جذباتی ردعمل کے بجائے شعوری فیصلہ کے تحت اپنا منصوبہ بنانا' وقتی ناامیدیوں میں مستقبل کی امید کو دیکھ لینا' حالات میں گھر کر رائے قائم کرنے کے بجائے حالات سے اوپر اٹھ کر رائے قائم کرنا۔

ایک بیج کو آپ سونے کی پلیٹ میں رکھ دیں تو وہ اپنی زندگی کے سرچشموں سے مربوط نہیں ہوتا۔ وہ زندگی کے اسباب سے بھری ہوئی کائنات میں بے اسباب بنا ہوا پڑا رہتا ہے وہ بچاؤ کی ساری صلاحیت رکھتے ہوئے بچنے سے محروم رہتا ہے۔ یہی حال انسان کا ہے اگر وہ بے صبری کی حالت میں ہو تو وہ خدا کی سرسبز و شاداب دنیا میں ایک ٹھنٹھ کی مانند سوکھا ہوا پڑا رہے گا لیکن صبر کو اختیار کرتے ہی وہ اچانک خدا کی زمین میں اپنی جڑیں پا لیتا ہے اور بڑھتے بڑھتے بالآخر پورا درخت بن جاتا ہے۔

جب آدمی حقیقی معنوں میں صبر کا ثبوت دیتا ہے تو وہ بندوں کو سطح پر جینے کے بجائے خدا کی سطح پر جینے لگتا ہے۔ دنیا کی تنگیوں سے گزر کر وہ آخرت کی وسعتوں میں پہنچ جاتا ہے۔ وہ بے معنی زندگی کے مرحلہ سے نکل کر بامعنی زندگی کے مرحلہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ صبر والا انسان ہی مومن انسان ہے اسی کیلئے وہ ابدی انعام مقرر کیا گیا ہے جس کا دوسرا نام جنت ہے۔

میاں بیوی میں جھگڑا اب نہیں ہوگا صفحہ 41 پر لاہوتی نقش پڑ کریں

بے گناہ قید سے رہائی پائے، جھوٹے مقدمات سے بری ہونا چاہتے ہیں، یا بیٹی سسرال میں خوش نہیں تو بس قرآن سے سفارش کروائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

میرا گھر برباد ہوتے ہوتے کیسے بچا؟

گھر بچانا اور بسانا ہے تو خدارا اپنی عقل استعمال کیجئے

(شگفتہ، حافظ آباد)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے تین ماہ ہوگئے ہیں میری زندگی کیسے بدلی میرا کل کیا تھا اور آج کیا ہے۔ میری شادی کو اٹھارہ سال ہوگئے ہیں پانچ بچوں کی ماں ہوں اللہ نے عقل بھی دی ہے شکل بھی دی ہے اور علم بھی دیا ہے۔ میرے خاوند بہت پڑھے لکھے ہیں سرکاری نوکری کرتے ہیں اپنا گھر ہے اللہ کا دیا سب کچھ ہے۔ شادی کے دس سال پرسکون گزرے میری امی کہتی تھیں کہ تم بہت خوش نصیب ہو تمہیں بہت اچھا شوہر ملا ہے میری دو بہنیں گھر اُجاڑ کر بیٹھی ہیں میری اور میرے شوہر کی محبت مثالی تھی بہت اچھا وقت گزر رہا ہے۔ میری اچھائی اور حسن اخلاق کی وجہ سے میری چھوٹی بہن کی شادی میرے دیور سے ہوگئی وہ جھوٹ بڑے شوق سے بولتی ہے جھوٹ بولنا اس کا شغل ہے۔ چغل خوری اس کی عادت ثانیہ ہے چویر کرنا بھی اس کا مشغلہ ہے۔ اپنے خاوند کے علاوہ سب کو غلط سمجھتی ہے ساس اور سسر کی دل سے عزت نہیں کرتی جبکہ میں خدمت میں بہت مشہور تھی میرے پاس ساس اور سسر کی دعائیں ہیں۔ میری بہن بہت تیز زبان ہے اس کے خاوند قطر ہوتے ہیں ایک ہزار خرچ کرتی ہے اور سات ہزار بتاتی ہے خود بازار جاتی ہے شاپنگ کرتی ہے مزے اُڑاتی ہے جھگڑا کرنے کی ماہر ہے مجھ نادان کے ذہن میں اس نے یہ بات ڈال دی کہ میرا خاوند اچھا ہے تمہارا خاوند غلط ہے اس نے میرے گھریلو معاملات میں دخل اندازی شروع کردی میں نادان بھی اپنے گھر کی ہر بات اس کو بتاتی تھی وہ غلط مشورہ دیتی اس نے ابو امی اور دیگر بہن بھائیوں کے کانوں میں بھی یہ بات ڈال دی کہ اس کا شوہر صحیح نہیں ہے۔ اللہ کی شان دیکھیں۔ میری امی، میرے ابو، میرے بہن، بھائی اور میں خود سب میرے شوہر کے بارے میں بہت اچھی رائے رکھتے تھے چھوٹی بہن کی مہربانیوں سے مجھ سمیت سب کی رائے میرے شوہر کے بارے میں غلط ہوگئی اب وہی شوہر جس کے ساتھ میری زندگی بہت اچھی، باعزت اور خوشگوار گزر رہی تھی ہم سب ان کی اچھائی پر گواہی دیتے تھے ہمارے گھر میں جھگڑے شروع ہوگئے اور جب بھی جھگڑا ہوا چھوٹی بہن کی دخل اندازی سے اور مہربانی سے ہوا۔ میں ناراض ہوکر اپنے بچوں اور شوہر کو تنہا چھوڑ کر میکے آجاتی۔ میری چھوٹی بہن بھی تھوڑا وقت نکال کر اور کوئی بہانہ بنا کر میکے آجاتی اور طرح طرح کے اُلٹے سبق پڑھا جاتی کان بھر جاتی ہم سب کے ذہن گندے کر جاتی اور مجھے کہتی کہ ہار بالکل نہیں ماننی میں تمہارے ساتھ ہوں تمہارا ایک ہی حل ہے کہ اپنے خاوند کو خوب بدنام کرو اس سلسلے میں میری خدمات بھی حاضر ہیں۔ میں نماز پڑھتی اور دعا مانگی کہ میری صلح ہو جائے تسبیح پڑھتی کہ صلح ہو جائے تلاوت کرتی کہ اس کی برکت سے صلح ہو جائے لیکن چھوٹی بہن پھر آجاتی اور کوئی نئی کہانی اور نئی بات سنا جاتی میں اپنی والدہ کے ساتھ مل کر اپنے شوہر کے خلاف غلط اور جھوٹ بکتی رہتی اور بہن بھی یہ ڈیوٹی سرانجام دیتی تھی۔ پھر جب اکیلی ہوتی تو روتی رہتی تڑپتی رہتی پوری پوری رات نیند نہیں آتی تھی۔ یہی سوچتی رہتی کہ پتہ نہیں کیا بنے گا؟ پتہ نہیں صلح ہوگی یا نہیں؟ پھر صلح کے لیے دعائیں مانگتی رہتی میری برادری بھی میں کوئی بندہ ایسا نہیں تھا وہ تو سب کہتے کہ اتنا اچھا گھر ملا اسے کیا ہوگیا ہے۔ میری پہلی دو بہنیں بھی گھر بیٹھی ہوئی تھیں بس سوچتی رہتی اور روتی رہتی۔ چھوٹی بہن آکر پھر مہربانی کر جاتی اور جلتی پر تیل ڈال جاتی ناراضگی کے دوران چھوٹی بہن مہربانی کرتی ہی رہی اُدھر بڑے اچھے پڑھے لکھے اور باعزت شوہر متنفر ہو چکے تھے۔ وہ صلح کے لیے بالکل بھی تیار نہیں تھے آخر کار صلح ہوگئی گھر بچوں اور شوہر کے پاس پہنچی سکھ کا سانس لیا سوچا کہ اب کبھی ناراض ہوکر نہیں جاؤں گی۔ چھوٹی بہن پھر میدان میں آگئی اور اپنی ڈیوٹی شروع کردی اپنی نادانیوں سے اور چھوٹی بہن کی مہربانیوں سے جلد ہی ناراض ہوکر پھر سے میں میکے پہنچ گئی چھوٹی کا آنا جانا لگا رہتا اور میرے خاوند کے خلاف باتیں اور جھوٹی کہانیاں سنا جاتی صلح کیسے ہوتی چھوٹی کی مہربانیاں صلح میں رکاوٹ تھیں اور مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی۔

اہم بات یہ ہے کہ خود ایک دو دفعہ ناراض ہوکر گئی اور خود ہی اپنے خاوند سے رابطہ کر کے صلح کرلی اور گاؤں میں اور برادری میں کسی کو پتہ بھی نہیں چلا اور میں نادان اسی کے کہنے پر برادری میں اور گاؤں میں اپنے انتہائی باعزت شوہر کے خلاف پراپیگنڈہ کرتی رہتی، خیر سے کچھ عرصے کے بعد بڑی مشکل سے صلح ہوگئی اس بار تو قسم اٹھا کر آئی کہ اب کبھی ناراض نہیں ہوں گی۔ اپنے گھر پہنچی خوشی کی انتہا نہ رہی میرا خاوند اس کے جھوٹ، چغلی، ہیرا پھری کے سخت خلاف تھے وہ پھر میدان میں آگئی چند ماہ ہی گزرے تھے میں چھوٹی کی مہربانیوں سے پھر میکے آگئی اب مرتی کیا نہ کرتی پھر وہ آجاتی مہربانی کرنے جس کو میں بیاہ کر لے گئی تھی جس کا رشتہ بھی کوئی نہ پوچھتا تھا اس نے اپنی محنت شروع کردی اور میں اس کی محنت کے نتیجے میں تیسری مرتبہ میکے پہنچ گئی۔ گاؤں محلے اور برادری والے بھی تو سوچتے ہوں گے کہ اس کا شوہر تو بہت اچھا انسان ہے اور گاؤں میں میری شوہر کی بہت عزت بھی تھی نماز پڑھتی تلاوت کرتی دعائیں کرتی صلح ہو جائے۔ میرے شوہر بچوں سمیت گاؤں چھوڑ کر شہر میں شفٹ ہوگئے اور میں گاؤں میں در در کی ٹھوکریں کھا رہی تھی آخر اللہ نے کرم کیا پھر صلح ہوگئی۔

اپنے بچوں کے پاس پہنچی لیکن میری چھوٹی بہن نے میرا پیچھا نہ چھوڑا اور چوری چھپے فون پر مشورے دیتی رہتی میں نادان ایک بار پھر اس کے مشوروں کی برکت سے اپنا گھر چھوڑ کر چوتھی بار میکے آپہنچی وہ صبح آتی شام کو آتی اور کہتی کہ ڈٹ جاؤ تم ٹھیک ہو تم حق پر ہو ہار بالکل نہیں ماننی وہ اپنی ڈیوٹی کرتی رہی آٹھ نو ماہ گزر گئے شوہر نے کوئی بندہ انہوں نے صلح کے لیے نہیں بھیجا ہر وقت پریشان رہتی دعائیں کرتی رہتی۔ آخر ایک رشتہ دار کے ذریعے شوہر سے صلح بڑی مشکل سے ہوئی۔ اب مجھے عقل آگئی تھی۔ شہر میں اپنا ذاتی گھر ہے عزت کی زندگی گزار رہی ہوں ہر چیز دروازے کے اندر ملتی ہے خاوند پر نہ پہلے کوئی شکوہ تھا نہ اب ہے بہت نیک انسان ہیں سمجھدار ہیں سب کچھ سمجھتے ہیں میری چھوٹی بہن کے خلاف ہیں۔ یہ چھوٹی بہن کی مہربانیاں ہیں کہ وہ میرے گھر نہیں آسکتی اس کی مہربانیوں سے میرے ابو امی اور میرے بہن بھائی میرے گھر آنے کے قابل نہیں رہے۔ اب نتیجہ نکالا ہے کہ میں اگر گاؤں گئی تو میرا گھر برباد ہو جائے گا اس لیے اب میں اپنے گھر میں بہت خوش ہوں۔

عبقری رسالہ میں باقاعدگی سے پڑھتی ہوں بہت سبق آموز باتیں ملتی ہیں بہت ہی کام کے وظائف ملتے ہیں نوجوان نسل کو میرا پیغام ہے کہ عبقری رسالہ ضرور پڑھیں اور دوسروں تک اس کا پیغام پہنچائیں کیونکہ کام کی بات بھی دوسروں تک پہنچانا صدقہ جاریہ ہے۔

رشتوں میں سالوں کی بندش کا خاتمہ
صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

نوجوانی میں چہرہ بدصورت ہو جائے تو یہ نسخہ جات آزمائیے!

مسز راحت، راولپنڈی

کیل اور مہاسوں کی شکایت جلدی امراض میں سے زیادہ ہے، اس سے نہ صرف چہرہ بدصورت دکھائی دینے لگتا ہے بلکہ شدید نفسیاتی الجھن ہوتی ہے۔ مرد اور خواتین بلوغت کی عمر میں اس کا شکار ہوتے ہیں اور ایک خاص وقت کے بعد از خود ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کیل جنہیں مہاسے بھی کہتے ہیں ایک قسم کی پھنسیاں ہیں جو پیشانی، رخسار یا جسم کے مختلف حصوں پر ہوتی ہیں۔ بعض ماہرین طب انہیں روغنی غذاؤں کا سبب قرار دیتے ہیں اور بعض قدرتی طور پر زمانہ بلوغت میں غدود میں تیزی کے ساتھ ہونے والے تغیرات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں جبکہ بعض میں اس کا سبب بالوں کا جھڑ جانا اور قبض دیکھنے میں آیا ہے اور لڑکیوں میں ماہانہ ایام کی خرابی بھی سبب قرار پاتی ہے۔

بہرحال یہ ایک حقیقت ہے کہ آغاز جوانی میں یہ تکلیف شدت سے نمودار ہوتی ہے اور عموماً تیس سال بعد بہت کم ہوتی ہے تاہم بعض لوگوں میں عرصہ دراز تک یہ مسئلہ بن جاتے ہیں۔ اکثر لوگوں میں یہ تکلیف شدت کے ساتھ نہیں ہوتی۔ زبان طب میں یہ کیلیں بثور لبنیہ کہلاتی ہیں۔ جن لوگوں میں کیل مہاسے صاف ہو جاتے ہیں، تب بھی ان میں ان کے نشانات کچھ عرصہ تک باقی رہ جاتے ہیں جو حسن کو داغ دار بنا دیتے ہیں۔ جب ان کے کالے دانوں میں سوزش ہوتی ہے تو عموماً پک کر زرد رنگ کا مادہ نکلتا ہے اور کبھی یہ پھوڑے پھنسیوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ ہمارے زیادہ تر لوگ کیل مہاسوں کو عمر کا طبعی تقاضہ سمجھ کر علاج معالجہ کو نظر انداز کرتے ہیں جو کہ قطعی غلطی ہے۔ بروقت مؤثر تدابیر اختیار کر کے چہرہ کو بدصورتی سے بچایا جا سکتا ہے۔

کیل مہاسے کس طرح بنتے ہیں؟: ہمارے جسم کی جلد میں کئی غدود ہیں جن میں پسینہ بنانے والے غدود کے علاوہ چکنائی تیار کرنے والے غدود بھی ہیں جو ہتھیلی اور تلوے کے سوا سارے جسم میں ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جسم کے ان دونوں حصوں میں پسینہ تو آتا ہے مگر چکنائی نہیں آتی۔ ان غدودوں کے منہ جلد کے مسامات میں کھلتے ہیں۔ قبل ازیں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ کیل مہاسوں کا سبب ان غدودوں کی سرگرمی ہے جب کہ نئی تحقیقات کے مطابق چکنائی تیار کرنے والے غدود سے آگے بالوں کی جڑوں سے اوپر بہت باریک قسم کے چکنائی پیدا کرنے والے غدود ہوتے ہیں اسی جگہ خون کی رگیں اور جلد کی نشوونما کرنے والے اہم اجزاء کو کلاجین، ایلاسٹین اور جالی دار ریشے بھی ہوتے ہیں اس جگہ کو نقصان ہونے سے غدود بھی متاثر ہوتے ہیں اور ان تمام اجزاء کو بھی نقصان ہوتا ہے۔ اس طرح جب لاجین کو اس حد تک نقصان ہوتا ہے کہ جسم کا دفاعی نظام اس کی مرمت نہیں کر پاتا تو داغ دھبے ظاہر ہوتے ہیں جن کو ہم کیل مہاسے کہتے ہیں۔ ان باریک غدود کی بڑھی ہوئی سرگرمی کا ہی نتیجہ ہوتا ہے کہ کیل مہاسوں والوں کے چہرے، سینے اور جسم پر چکنائی زیادہ ہوتی ہے اور اس چکنائی میں ٹرائی گلیسرائیڈ، ڈائی گلیسرائیڈ اور آزاد شحمی تیزابات، مومی مادہ، کولیسٹرول اور اس سے بننے والا مادہ اسکوالین موجود ہوتا ہے۔

شحمی غدود کی رطوبت کی راہ میں رکاوٹ بھی کیلوں کا ایک سبب ہے۔ وہ زرد مادہ جسے دبا کر نکالا جاتا ہے، مہاسے کا جزو نہیں ہوتا بلکہ چربی ہوتی ہے جس کا اخراج مہاسے کی پیدائش کے سبب رک جاتا ہے۔ اگر کالے دھبے میں سوزش ہو جائے یا غذا اچھی نہ ہو یعنی حیاتین اور معدنی اجزاء کی کمی ہو تو یہ بڑھ کر پھوڑے پھنسی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ کیلوں مہاسوں کا منہ کالا بھی ہو جاتا ہے جو کہ مٹی اور دھول کے باعث نہیں بلکہ ایک دوسرے سے پیوست خلیات میں جمع ہونے والا مادہ میلانین ہوتا ہے۔ پھٹ جانے پر رطوبت کو نکلنے کا موقع مل جاتا ہے۔ کیل کے پھٹ جانے پر شحمی تیزاب جلد کو متورم کر کے وہاں سرخی اور درد کا سبب بھی بن جاتا ہے۔ اگر کیل میں سوزش بڑھ جائے تو پیپ پڑ جاتی ہے جسے پھنسی کہا جاتا ہے۔ اگر جسم میں دفاعی نظام کمزور ہو تو یہ پھنسیاں گومڑیاں بن جاتی ہیں جو جلد میں گہری ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات خون اور پیپ میں ورم پیدا کرنے والا ردی مواد جمع ہو جاتا ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ اگر کیلوں کو نہ چھیڑا جائے تو جلد داغدار نہیں ہوتی۔ کیلوں مہاسوں کا ایک سبب بلوغت کے آغاز پر ہارمونز پیدا کرنے والے غدودوں کی تیز سرگرمی بھی ہے۔ جذباتی اور ذہنی دباؤ کا بھی جسمانی ہارمونی نظام سے گہرا تعلق ہے۔ اس لیے ذہنی دباؤ سے کیل مہاسے بڑھ جاتے ہیں جس کی مثال یہ ہے کہ بعض لوگوں میں امتحانات میں کیل مہاسے بڑھ جاتے ہیں۔ بعض ادویہ بھی کیل مہاسوں کا سبب بن جاتی ہیں اور بعض اندرونی امراض بھی ہارمونی نظام کو عدم توازن کا شکار کر کے کیل مہاسوں کا سبب بن جاتے ہیں، زیادہ مرطوب آب و ہوا والے علاقوں میں کیل مہاسوں کی شکایت زیادہ ہے کیونکہ نمی اور رطوبت کی وجہ سے جلد پر چکنائی اور گرد و غبار جسم کے مسامات کو بند کر دیتا ہے۔ **علاج:** کیل مہاسوں کے علاج کے سلسلے میں یہ ضروری ہے کہ جسم کو ان زہروں سے پاک کیا جائے جو عرصے سے جمع ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ چند روز تک صرف پھلوں پر گزر بسر کیا جائے۔ ثقیل اور تلی ہوئی اشیاء سے احتیاط کی جائے، زندگی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق گزارنے کی سعی کریں، جلد کو تحریک دینے کے لیے ہر صبح جلد کو خشک تولیے سے رگڑیں اور اس کے بعد سرد پانی سے چہرے کو غسل دیں۔ قبض سے بچا جائے، پانی زیادہ پئیں۔ پھل سبزیاں زیادہ کھائیں۔ گرم اشیاء انڈا، مچھلی، مرچ مصالحہ جات سے پرہیز کریں۔ خشک میوہ جات کا استعمال کم سے کم کریں۔ حیاتین الف یا حیاتین مرکب کا استعمال مفید ہے۔

داغ دھبے کیل مہاسوں کیلئے ٹوٹکے

(۱) داغ دھبے کیل مہاسوں کے لیے میٹھے کے چھلکے کو پانی میں پیس کر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ (۲) لیموں کا رس سفیدہ کاشغری اور گلیسرین ہم وزن ملا کر لگانا مفید ہے۔ (۳) مٹی کے پیالے میں زرد کوڑی اور سرکہ ڈال کر تین روز بھگو کر سائے میں خشک کر کے رگڑ کر کیلوں پر لگانا مفید ہے۔ (۴) گل منڈی چھ گرام اور آدھے گلاس پانی میں ابال کر چھان کر شہد ایک چمچ ملا کر پینا مفید ہے۔

کلمہ طیبہ پڑھا سانپ غائب ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت پڑھتی ہوں' بہت فائدہ ہوتا ہے' میری والدہ تو رسالہ بہت پھیلاتی بھی ہیں' الحمدللہ بے شمار مسائل سے چھٹکارا مل رہا ہے' میرے ساتھ جنات کا مسئلہ تھا' مجھے خواب میں اگر کوئی چیز مارتی تو جاگ کر اس کے نشان اور درد رہتا۔ عبقری سے کلمہ طیبہ کا وظیفہ ملا' وہ پڑھتی رہتی' اسی طرح خواب میں سانپ نے ڈس لیا، میں کلمہ طیبہ پڑھ رہی تھی' اچانک وہ سانپ غائب ہوگیا ایک اور سانپ دیکھا جو مرا ہوا تھا اس پر کیڑے وغیرہ بیٹھے تھے۔ آپ نے جو وظیفہ بتایا ہوا ہے ہم پڑھ رہے ہیں۔ وہ صبح خوشگوار تھی' کسی قسم کی تکلیف نہ تھی۔ (کوثر بی بی، مانانوالہ)

گلے کی خراش منٹوں میں دور ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تجارت کے حوالے سے میرا راولپنڈی جانا ہوا جس تاجر سے میں ملنے گیا تھا اس نے مجھ سے پوچھا آپ چائے لیں گے یا قہوہ؟ تو میں نے کہا کہ میں جہاں سے آیا ہوں وہاں سردی ہو یا گرمی 80 فیصد قہوہ ہی چلتا ہے آپ ایسا کریں کہ مجھے چائے پلا دیں۔ تو ان صاحب نے کہا کہ خان صاحب یہ والا قہوہ نہیں ہے جو آپ ہر روز پیتے ہیں یہ قہوہ بہت ہی زبردست اور کمال کا ہے اگر میں نے آپ کو ایک کپ پلا دیا تو آپ اس قہوہ کے دیوانے ہو جاؤ گے۔ میں نے کہا اگر آپ دعویٰ سے بات کر رہے ہیں تو میں ضرور وہ قہوہ پینا پسند کروں گا چند منٹوں بعد قہوہ کا کپ میرے پاس آ گیا۔ میں نے ابھی قہوہ کی پہلی چسکی لگائی تھی کہ میں نے فوراً ان صاحب سے کہا آپ نے سچ کہا ایسا قہوہ میں نے نہیں پیا۔ قہوہ پیتا گیا اور میں سوچتا گیا کہ آخر یہ کس قسم کا قہوہ ہے جس کا ذائقہ منفرد ہے حالانکہ میں نے بہت سی اقسام کا قہوہ پیا تھا لیکن یہ والے قہوہ کی کچھ بات انوکھی تھی۔ میں نے تاجر سے پوچھا کہ یہ کونسا قہوہ ہے اس کا نام کیا ہے؟ یہ واقعی لاجواب ہے۔ رات سے میرے گلے میں خراش تھی لیکن اس قہوہ کے پیتے ہی ختم ہوگئی۔ تاجر نے کہا کہ اس کا نام ''عبقری قہوہ'' ہے۔ میں فوراً سے بولا یہ عبقری والوں کا ہے جن کی پوسٹیں فیس بک پر آتی ہیں انہوں نے کہا جی ان کا ہے۔ اور انہوں نے مجھے فوراً سے قہوہ کا ساشے دکھایا اور عبقری رسالہ مجھے ہدیہ کیا کہ یہ ان کا رسالہ بھی ہے۔ میں نے سامان لیا اور بس میں سوار ہو کر واپس پشاور آتے ہوئے سفر میں عبقری رسالے کا مطالعہ شروع کیا بہت اچھا لگا اس میں دیئے گئے ٹوٹکے تو لاجواب ہیں۔ اور اس میں ایک ایجنسی کا صفحہ تھا جس پر مختلف شہروں میں عبقری دواخانہ کی ادویات فروخت کرنے والوں کے نمبرز تھے میں نے پشاور والے کا نمبر نوٹ کیا اور اگلے دن کی دوکان پر پہنچ کر دو ڈبے عبقری قہوہ کے لیے بس وہ دن اور آج کا دن میرے گھر میں عبقری قہوہ استعمال ہوتا ہے جس سے موسمی اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔ بچے بڑے سب بہت شوق سے پیتے ہیں اور اگر اس میں شہد ملا دیا جائے تو قہوہ کی تاثیر ڈبل ہو جاتی ہے۔ میں ہمیشہ شہد ڈال کر استعمال کرتا ہوں جس کا بھرپور فائدہ ہوتا ہے۔ (گل خان، پشاور)

روتا بچہ آرام سے سو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹا دو سال کا ہے۔ آدھی رات کو اچانک اس نے زور زور سے رونا شروع کر دیا ہم سمجھے گئے شاید ڈر گیا ہے لیکن پھر اندازا ہوا کہ لگتا ہے اس کو جسم کے کسی حصہ میں درد ہو رہا ہے۔ غور کرنے پر پتہ چلا کہ اس کے کان میں درد ہے میں نے فوراً الماری میں دیکھا تو عبقری دواخانہ کا ''کان شفاء'' دوا پڑی تھی میں نے فوراً سے دو قطرے اس کے کان میں ڈال دیئے کچھ ہی دیر بعد روتا بچہ آرام سے سو گیا۔ میں حیران تھا کہ سادہ سے کان کے قطروں نے کیا کمال کر دیا ہے ورنہ میں نے تو ویسے ہی رکھے تھے کیونکہ یہ قطرے میرے ایک دوست نے مجھے دیئے تھے کہ گھر میں رکھ لو کام آ جائیں گے۔ میں نے کال پر اس دوست کو بتایا تو اس نے کہا کہ میرے بھائی عبقری دواخانہ کے قطرے اور تمام ادویات خالص ہیں اور فائدہ مند ہیں اس دن کے بعد کافی ادویات اب میرے استعمال میں ہیں۔ (شہزاد اسلم، لاہور)

نیند کی رنگ برنگی گولیوں سے بچ گیا! اب پرسکون آتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق بہاولپور سے ہے لیکن میں کام کے سلسلہ میں اکثر لاہور میں ہی ہوتا ہوں۔ مجھے ذہنی دباؤ، کھچاؤ، نیند کی کمی کا مسئلہ تھا اور میں نیند کی گولیاں لینے کے حق میں بھی نہیں تھا کیونکہ اگر ان کی عادت پڑ جائے تو ساری عمر انسان نیند کی گولیوں کے تابع ہو جاتا ہے۔ بیماری کی وجہ سے چند دن سکون کے لیے اپنے گھر گیا تو وہاں دوستوں کے ساتھ کچھ وقت صرف کیا تو باتوں باتوں میں میں نے ان سے اپنی بیماری کے بارے میں بتایا تو ان میں سے ایک دوست نے مشورہ دیا کہ آپ لاہور میں ہی ایک بہت بڑے حکیم صاحب ہیں جو ہماری ریاست بہاولپور کے ہی ہیں اس نے آپ کا نام لیا اور مجھے ایڈریس دیا کہ عبقری دواخانہ جانا۔ میں چھٹیاں گزار کر لاہور آیا اور آپ کے دواخانہ پہنچا آپ کا نام لیا تو پتہ چلا کہ آپ سے ملنے کے لیے وقت لینا پڑتا ہے لیکن آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے بغیر وقت لیے ملا جا سکتا ہے میں ٹوکن لیا اور باری آنے پر آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کی انہیں اپنی تمام طبیعت کے بارے آگاہ کیا تو انہوں نے مجھے ''خاندان راز شفاء'' جو کہ سفوف کی شکل میں تھا تین سے چار ڈبی استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ''خاندانی راز شفاء'' کا استعمال شروع کیا مسلسل ڈیڑھ ماہ کے استعمال کے بعد ذہنی دباؤ، نیند کی کمی سے چھٹکارا مل گیا اب بہت آرام اور سکون سے نیند آتی ہے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے میں اپنے وقت سے بھی زیادہ سویا رہتا ہوں۔ میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ جس نے مجھے رنگ برنگی ادویات سے بچا لیا۔ اور آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس جدید اور کیمیکل ملے دور میں بھی اصل جڑی بوٹیوں سے ادویات تیار کر کے خدمت خلق کی خدمت کر رہے ہیں۔ (عرفان عرفی، بہاولپور)

پرہیزی کھانے شاید موت تک کھانے پڑتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بواسیر کا مسئلہ تھا اور جب قبض ہو جائے تو تکلیف میں اور شدت آ جاتی تھی جس وجہ سے میرا بیٹھنا، اٹھنا، چلنا، پھرنا دشوار ہوا پڑا تھا۔ بہت ہی زیادہ تکلیف میں مبتلا تھا۔ پرہیزی کھانے جیسے موت تک ہی کھانے پڑیں گے ناامیدی سے ذہن اور ڈیرے لگا لیے تھے اور بس یہی تھا کہ اب ٹھیک ہونا مشکل ہے اسی بیماری سے ہی میری جان چلی جائے گی آخری حد تک ناامید تھا نماز پڑھنے سے بھی قاصر تھا کیونکہ ہر وقت تو ناپاک رہتا تھا۔ کئی کئی گھنٹے تکلیف کے باعث بیٹھ نہیں پاتا تھا۔ فیس بک پر میں نے عبقری دواخانہ کی ''بواسیر کورس'' دوائی کے بارے میں پڑھا اور کال کر کے مزید معلومات لی آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے مجھے بواسیر کورس اور ساتھ میں قبض کشاء گولیوں کے استعمال کا مشورہ دیا میں نے اسی وقت دو کورس بواسیر اور دو ڈبی قبض کشا کی آرڈر کروائی۔ تین دن بعد پارسل مجھے مل گیا اور لکھی ہوئی ہدایات کے مطابق دوائی کا استعمال شروع کیا۔ مسلسل ایک ماہ دوائی کھانے سے مرض کی شدت میں کمی ہوئی اور قبض کی شکایت جو اکثر رہتی تھی وہ بھی ختم ہو گئی۔ بواسیر کے چار کورس استعمال کرنے سے میرا مرض ہمیشہ کے لیے ختم ہو گیا اور میں نے اللہ کا شکر ادا کیا جس نے مجھے شفاء دی اس کے علاوہ آپ اور عبقری دواخانہ سے منسلک جتنے افراد ہیں سب کے لیے دعا کی جنہوں نے معیاری ادویات ہم تک پہنچائی۔ (ناصر بیگ، ایمن آباد)

ایک عرصہ سے بیمار ہیں، شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن نہیں مل رہا تو پریشان مت ہوں ڈائریکٹ شیخ الوظائف سے سوال کریں علاج ملے گا (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

Scanned with CamScanner

رمضان المبارک کے پہلے گیارہ دنوں میں اسم اعظم کے عامل بنئے! جو چاہیں پالیں!

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (اے جلال اور عزت والے) اس اسم کی تاثیر جلالی ہے اور اس کے ذکر میں دنیاوی بزرگی اور بلندی روحانیت پوشیدہ ہے۔ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنے والا دنیا میں باعزت اور خوش بخت ہوجاتا ہے۔ ہر کام میں ترقی اور عظمت پیدا ہوتی ہے۔ لوگ اس کی تواضع اور تعظیم کرتے ہیں۔ لہٰذا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کو دین و دنیا میں سعادت مندی حاصل ہو تو وہ اس اسم کو بلاناغہ پڑھے۔ اس کو پڑھنے کے مختلف طریقے مندرجہ ذیل ہیں:

اسرارِ غیبی کا مشاہدہ: اکثر بزرگانِ دین نے اس وظیفہ کو اسم اعظم قرار دیا ہے۔ چونکہ اس ذکر کی کثرت سے اسرار باطنی کا مشاہدہ ہوتا ہے پڑھنے والے کو بے شمار غائب کے اسرار و رموز حاصل ہوتے ہیں۔ اس لیے میرے تجربے کے مطابق بھی یہ اسم اعظم ہے۔ ایسے حضرات جو راہِ طریقت پر چل رہے ہوں انہیں چاہیے کہ وہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ بہت جلد ان کا باطن کھل جائے گا اور انہیں غیبی اسرار و رموز کا خواب یا مراقبہ میں مشاہدہ ہوگا۔ صاحب روحانیت بننے کے لیے بھی یہ وظیفہ بہت اکسیر ہے اس لیے روحانیت کے طالب کو چاہیے کہ وہ نفی اثبات کے ذکر پر مداومت کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ 21 ہزار مرتبہ پڑھے اگر اتنی تعداد میں نہ پڑھ سکے تو کم از کم 7 ہزار مرتبہ تادمِ آخر پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ وہ روحانی دولت سے مالا مال ہوجائے گا۔

شفائے امراض: اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اس کے لواحقین کو چاہیے کہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو 1094 مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کرکے سات روز تک مریض کو پلائے ان شاء اللہ‘ اللہ تعالیٰ اس کی صحت یابی کے اسباب پیدا کرے گا۔ اگر کوئی شخص سوتے وقت صرف 21 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس کے بعد اللہ کے حضور اپنی تندرستی و صحت کی التجا کرتا رہے تو ان شاء اللہ تندرست و توانا رہے گا۔

حصول عزت: یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ و کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ دوسروں کی نگاہ میں باعزت اور معظم رہتا ہے۔ اس سے بزرگانِ دین جن کو اللہ تعالیٰ لوگوں میں دائمی عزت بخشنا چاہتا ہے تو اللہ اسے باطنی اشارہ کے ذریعہ یہ اسم پڑھنے کا حکم دیتا ہے اور جوں جوں وہ شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو دائمی عزت سے نوازتا جاتا ہے اور وہ ایسی عزت ہوتی ہے جسے دنیا کا کوئی شخص چھین نہیں سکتا۔ اگر کوئی مرید اپنے مرشد کی نظروں سے گرگیا ہو تو اس اسم کو پڑھنے سے اس کی عزت بحال ہوجائے گی۔ ایسے ہی اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی نظروں سے گرجائے تو اسے چاہیے کہ اکتالیس دن صبح و شام ایک ہزار مرتبہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کا ورد کرے ان شاء اللہ وہ نہ صرف اپنے خاوند کی نظروں میں صاحب عزت ہوجائے گی بلکہ تمام خاندان کو نظروں میں سربلند و مکرم ہوجائے گی۔ ایسے ہی اگر کوئی ملازم اپنے مالک کی نظروں میں کمتر اور ذلیل ہوگیا ہو تو اسے بھی چاہیے کہ اکتالیس دن تک صبح و شام ایک ہزار مرتبہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھے تو وہ اپنے مالک کی نظروں میں باعزت ہوجائے گا۔

ہر کام میں کامیابی: اس اسم کی ایک تاثیر یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے والا زندگی کے متعلقہ شعبہ میں کامیاب ہوتا چلا جاتا ہے اگر کسی شخص پر کوئی مقدمہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ 80 دن تک 3125 مرتبہ ایک وقت مقرر کرکے یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھے۔ اوّل آخر 7،7 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد مقدمہ پر پیش ہونے والی تاریخ کو گھر سے نکلتے وقت یہ اسم پڑھتا جائے اور منصف کے سامنے پیش ہونے تک پڑھتا جائے ان شاء اللہ اگر وہ حق پر ہوگا تو ہر لحاظ سے کامیابی حاصل ہوگی۔

تسخیر خلق: اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ تمام دنیا اس کے سامنے تسخیر ہوجائے۔ ہر ملنے جلنے والا اس کی عزت کرے تو اسے چاہیے کہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو روزانہ 2100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور ہمیشہ پڑھتا رہے ان شاء اللہ مخلوق خدا مسخر ہوکر اس کی تابع ہوجائیگی۔

حصول مراد: اگر کسی شخص کے پیش نظر کوئی خاص مقصد یا مراد ہو تو اسے چاہیے کہ گیارہ دن تک اسے گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا مقصد اور مراد برآئے گی اور ایسے ہی اگر کسی اور کا کوئی مشکل کام ہو اور وہ پورا نہ ہو رہا ہو تو اس اسم کے نقش کو اسے دے دیں اور وہ اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ اس کا کام ہوجائیگا۔

صفت جلال کا عمل و نقش: اس اسم کا چلہ کرنے کے لیے رمضان المبارک سے پہلے گیارہ دن شروع کرلیں اور پورا رمضان المبارک اس اسم کو روزانہ 6250 مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ آپ کا چلہ کامیاب ہوگا اور آپ عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس اسم کے مندرجہ بالا فوائد کے لیے استعمال میں لائیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

شب قدر ماں کے قدموں کے ذریعے ملی!

ام محمد والدہ شیخ ابوعبداللہ بن خفیف رحمۃ اللہ علیہ عابدات فرمانبرداروں میں سے تھیں‘ بہت زیادہ عابد گزار اللہ کی ولیہ تھیں۔ ان کے مکاشفات مجاہدات بہت ہیں۔ کہتے ہیں کہ شیخ ابوعبداللہ رمضان کے آخری عشرہ میں راتوں کو جاگا کرتے تھے کہ میں بھی شب قدر پالوں‘ ایک رات مکان کی چھت پر نماز پڑھ رہے تھے اور ان کی والدہ اُم محمد گھر کے اندر خدا کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھی ہوئی تھیں۔ یہاں تک کہ شب قدر کے انوار ان پر ظاہر ہونے لگے۔ آواز دی کہ اے محمد ﷺ! جو کچھ تم وہاں طلب کرتے ہو وہ یہاں پر موجود ہے۔ شیخ اترے اور ان انوار کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور والدہ کے قدموں میں گر پڑے۔ اس کے بعد شیخ کہا کرتے تھے کہ اس وقت کے بعد سے میں نے والدہ کی قدر جانی۔ یعنی اس سے پہلے میں عبادات بہت کرتا تھا مگر ماں کی خدمت پر زیادہ توجہ نہیں دیتا تھا‘ مگر اس واقعہ نے میری آنکھیں کھول دیں اور اس کے بعد عبادات کے ساتھ ساتھ میں نے والدہ کی خدمت پروقت دینا شروع کردیا کہ عبادات کا اجر و ثواب اپنی جگہ مگر ماں کی خدمت سے وہ کچھ ملا جو شاید مجھے عبادات سے سو سال نہ ملتا۔ (ابوحذیفہ‘ لاہور)

آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

①۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں، اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ ②۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ، یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ، بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ ③۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ ④۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ ⑤۔ تمام گھر والے پڑھیں، ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ ⑥۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ ⑦۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ ⑧۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

رانی، جلال پور پیروالہ۔ نادرا، کراچی۔ زنیرہ، واہ کینٹ۔ سمیرا، ٹنڈو آدم۔ محمد احسن کریم، چکوال۔ حسن اختر کریم، چکوال۔ محمد ناصر، اسلام آباد۔ محمد لطیف اکبر، بھکر۔ اریبہ انور، راولپنڈی۔ ستارہ ملک، جوہر آباد۔ فریدہ خانم، جوہر آباد۔ سعدیہ رضوان، فیصل آباد۔ نیلم، کچا کھوہ۔ محمد اعظم، سیالکوٹ۔ محمد سرور خان، باغ آزاد کشمیر۔ سمیرا فاطمہ، سکھر۔ عائشہ ناز، لاہور۔ حمیرا، ٹنڈو آدم۔ نسیم، سرگودھا۔ عبدالرشید، مظفرگڑھ۔ عبدالحمید، مظفرگڑھ۔ صابرہ بی بی، جھنگ۔ فرزانہ انور، لاہور۔ سعدیہ تبسم، عارف والہ۔ عبدالرحمن، احسان پور۔ خدیجہ قادر، احسان پور۔ سید عباس علی شاہ، رینالہ خورد۔ محمد برہان، بچیکی۔ نازیہ دلدار، بچیکی۔ اختر زمان، کراچی۔ نذیر احمد، ایبٹ آباد۔ انوار الحق فاخر، راولپنڈی۔ سائرہ عرف غزالہ، میرپور خاص۔ سمیرا احمد، راولپنڈی۔ بشریٰ قاسم، حویلی لکھا۔ مریم النساء، کلرسیداں۔ نورمائی، کروڑ لعل عیسن۔ غلام فرید، کروڑ لعل عیسن۔ محمد جعفر، عبدالحکیم۔ ہادیہ رحمٰن، لاہور۔ محمد صادق، حیدرآباد۔ مبین ملک، گوجرانوالہ۔ عبدالستار، شیخوپورہ۔ محمد جاوید، پسرور۔ سعیدہ خاتون، کراچی۔ تابندہ، فیصل آباد۔ فوزیہ یاسمین، اسلام آباد۔ ناہید خان، کراچی۔ ثناء رسول، ونداد شاہ۔ شوکت علی خان، کبیروالہ۔ ارشاد خان، پشاور۔ کاشف اقبال، کراچی۔ محمد عثمان، ٹبہ سلطان پور۔ محمد احتشام، تربیلا غازی۔ نرگس پروین، لاہور۔ سعید الرحمن، کراچی۔ انیلہ سہیل، ڈیرہ غازی خان۔ زبیدہ، لاہور۔ بشریٰ خانم، لاہور۔ ثمینہ ناز، راولپنڈی۔ عبدالعزیز، ہرچند۔ محمد اسماعیل، خانیوال۔ قیصرہ، لاہور۔ فدا محمد، عیسیٰ خیل۔ مونا عالیہ بٹ، لاہور۔ سمیرا بشیر، واہ کینٹ۔ عاشق علی، خیرپور۔ محمد اسماعیل، سکھر۔ حاجراں بی بی، جوہر آباد۔ اقراء سعید، لاہور۔ آصف علی، کراچی۔ روبینہ کوثر، لالہ موسیٰ۔ صفیہ، سمندری۔ محمد اقبال، اٹک۔ ارم شہزادی، فیصل آباد۔ امجد حسین، ڈی جی خان۔ نزہت غفور، ڈی جی خان۔ مولوی عبدالرزاق، چنال بنگ۔ سکینہ بی بی، نور پور۔

> آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
> **یَاقَادِرُ یَانَافِعُ** سارا دن کھلا پڑھیں ہر حالت یعنی وضو بے وضو۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

شعیب قاسم، خانپور۔ رضوانہ اشفاق، کراچی۔ غزالہ جبین، پنڈ سلطانی۔ ریحانہ، راولپنڈی۔ عظمیٰ شفاعت، لاہور۔ مریم، لاہور۔ فیصل محبوب، لاہور۔ نگہت، راولپنڈی۔ عائشہ تنویر، لاہور۔ محمد عمران، لاہور۔ عبدالغفار، کھوہ پانی۔ فائزہ، فیصل آباد۔ قراۃ العین، کلرسیداں۔ کنزہ شاہین، گجرات۔ زارہ بتول، گجرات۔ محمد احمد، لاہور۔ نعیم الرحمن، مری۔ ثمینہ ناز، نوشہرہ کلاں۔ اسماء سلمان، لاہور۔ فریحہ اکرم، لاہور۔ محمد اویس خان، پشاور۔ محمد انور، شیخوپورہ۔ خضر حیات، پنڈی گھیپ۔ غیاث الدین، ٹنڈو الہیار۔ محمد فیضان، میرپور خاص۔ محمد شہباز، فیصل آباد۔ رضیہ بی بی، کوٹلی۔ فہد جمشید، ڈی جی خان۔ میمونہ خان، کراچی۔ آسیہ، لاہور۔ لیاقت علی، رسول پور۔ رقیہ، کراچی۔ محمد اجمل شبیر، جہلم۔ غلام قادر، چکوال۔ کنول حبیب، سیالکوٹ۔ حاجی راجہ عبدالجبار، اسلام آباد۔ سیدہ سعدیہ سعید، لاہور کینٹ۔ حمیرا، اسلام آباد۔ شاہد خان، پشاور۔ فریال، حیدرآباد۔ فرحت بی بی، حسن ابدال۔ عبدالواحد، فیصل آباد۔ خالدہ دلشاد، لاہور۔ عائشہ، لاہور۔ محمد سلیم، کراچی۔ نسرین اختر، کراچی۔ عائشہ سلیم، کراچی۔ عرشان سلیم، کراچی۔ یحییٰ جاوید، ملتان۔ سید اقتدار حسین، سرگودھا۔ سیدہ ادیبہ ایوب، سرگودھا۔ حبیب احمد خان، ملتان۔ محمد زبیر، صادق آباد۔ عبدالعزیز، مظفرگڑھ۔ ثمینہ عظیم، نوشہرہ۔ نذیر حسین، منڈی بہاؤالدین۔ محمد ہارون، آزاد کشمیر۔ شہزاد احمد، لاہور۔ ارم شہزادی، فیصل آباد۔ محمد طارق، راولپنڈی۔ محمد عثمان، کامونکی۔ محمد امین، ڈیرہ اسماعیل خان۔ نایاب کرن، بورے والہ۔ پروین اختر، کوٹ ادو۔ صوبیہ، لاہور۔ اقصیٰ، لاہور۔ سید راشد علی، لاہور۔ اقصیٰ، اوکاڑہ۔ محمد ثاقب جاوید، اٹک۔ مرزا مطیع اللہ بیگ، کراچی۔ طاہر عباس، ماتلی۔ راحیل جویریہ، لاہور۔ نوشین کومل، لاہور۔ زاہد حسین، لاہور۔ ریحانہ انیس، کراچی۔ فرزانہ کوثر، صفدر آباد۔ محمد اویس، پنڈی گھیپ۔ شبانہ، راولپنڈی۔

> آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
> سورۃ آل عمران کی پہلی تین آیات 319 بار اول و آخر سات دفعہ درود شریف صبح و شام پڑھیں یہ کچھ عرصہ مستقل پڑھیں، جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

محمد رفیق، جتوئی۔ عروج ظفر، پتوکی۔ فقیر گل، شریف آباد۔ شکیلہ، کراچی۔ زعمارہ کلثوم، سانگلہ ہل۔ عاقب عزیز کھوکھر، کوٹلہ۔ نوشابہ بلال، راولپنڈی۔ سمیرا فیاضت، راولپنڈی۔ محمد آصف، فیصل آباد۔ شہزادی، خانیوال۔ محمد ذیشان صدیقی، اٹک۔ شوکت علی، لاہور۔ عبدالمعید شیخ، پنوعاقل۔ کلثوم پروین، پنوعاقل۔ حق نواز، لاوہ۔ نوشین، کراچی۔ محمد افضل، پنڈ دادنخان۔ سمیرا شہناز، سانگلہ ہل۔ سمیہ احمد، کراچی۔ مبشرہ نوید، ملتان۔ شمیم اختر، چکوال۔ سمیرا، لاہور۔ سلمیٰ جبین، لاہور۔ سید لئیق الدین، لاہور۔ فریدہ لئیق، لاہور۔ صائمہ، گوجرانوالہ۔ راحیل جویریہ، مغلپورہ۔ سیدہ فرزانہ خالد، لاہور۔ محمد نعیم، سرگودھا۔ زبیر الحسن، اسلام آباد۔ سمیرا احمد، راولپنڈی۔ شبانہ، گوجرانوالہ۔ طارق رفیق، میرپور خاص۔ محمد عدنان بھٹی، کراچی۔ شوکت علی خان، کبیروالہ۔ اسامہ، مردان۔ الیس عبدالعلی، حیدرآباد۔ رضا محمد، کوٹری۔ ثمرین، حیدرآباد۔ محمد نعیم، کراچی۔ صغراں، بھلوال۔ عبدالرشید، بدین۔ واحد واحد بخش، ڈی جی خان۔ سید خالد جمیل، کہوٹہ۔ علیشاہ رفیق، برہان۔ زاہد محمود، مریدکے۔ صباء ناز، اسلام آباد۔ سدرہ بی بی، کلرسیداں۔ گل محمد، کوہاٹ۔ محمد زین اکرم، شاہکوٹ۔ طیبہ شہزادی، حلہ کنگ۔ عفیفہ، قصور۔ نادیہ نازش، چکوال۔ عنایت اللہ، چکوال۔ محمد نادر خان، ملتان۔ ریحانہ بانو، اسلام آباد۔ شیخ زاہد خورشید، کوٹ ادو۔ نسرین آغا، لاہور۔ محمد صادق، راولپنڈی۔ نعیم احمد، راولپنڈی۔ ثوبیہ ابراہیم، لاہور۔

> آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔
> **یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ** سارا دن کھلا پڑھیں ہر حالت یعنی وضو بے وضو۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ (نوٹ: اس سے پہلے کوئی وظیفہ کر رہے ہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔)

شوہر راہ راست پر آجائے صفحہ 41 پر لاہوتی نقش پڑھیں

قرضوں میں ڈوبے، بیماریوں سے بھرے پریشان مزید پریشان مت ہوں بس ایک بار آئیں تمام پریشانی کا حل لے جائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

رمضان سے پہلے بدہضمی سے بچنے کے چند آسان حل

کہکشاں، کراچی

رمضان المبارک کی آمد آمد ہے اور اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ افطاری میں زیادہ کھانے سے آپ کی طبیعت کچھ خراب ہوجاتی ہے یا آپ کا معدہ اس کو ہضم نہیں کرپاتا تو اس کے لیے ہم چند ایسی غذاؤں کے بارے میں بتائیں گے جو کہ آپ کے معدے کے لیے اچھی اور زود ہضم ہوں گی۔ اس سے آپ کے معدے پر بوجھ بھی نہیں پڑے گا اور آپ کے لیے اس کو ہضم کرنا بہت آسان ہوجائے گا۔

کیلا: کیلا وہ غذا ہے جو آسانی سے ہضم ہوکر آپ کے معدے کو سکون پہنچاتی ہے اور یہ وہ غذا ہے جس کو ہضم کرنے میں ہمارے معدے کو محنت نہیں کرنا پڑتی۔ اگر افطاری کے وقت بھی اس کو کھایا جائے تو یہ بوجھ نہیں بنتا اس کے علاوہ اس میں موجود پوٹاشیم ہمارے نظام انہضام کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ کیلا میں موجود ریشے دار اجزاء ڈائریا کو بھی کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

اورنج جوس: بدہضمی کی ایک وجہ عام طور پر معدے کی تبخیر یا گیس بھی ہوسکتی ہے اور اورنج جوس میں موجود قدرتی ایسڈ اس گیس کو ختم کرنے میں مدد دیتے ہیں اگر آپ پیٹ کی یا معدے کی خرابی میں اورنج جوس پئیں گے تو اس سے آپ کے پیٹ کو سکون مل جائے گا لیکن کچھ بھی کھانے سے پہلے اس کو پیا جائے تو یہ فائدہ پہنچائے گا اور ایک بات کا خیال رکھیں کہ نشاستے والی چیز کے ساتھ اس کو نہ پئیں ورنہ یہ مزید گیس اور بے آرامی کا باعث بنے گا۔

مصالحہ جات کا استعمال کم کریں

اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ جو کچھ بھی کھائیں وہ آپ کے لیے تکلیف کا باعث نہ بنے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی غذا میں مرچ مصالحوں کا استعمال کم سے کم کریں۔ اس سے آپ کے معدے کو غذا ہضم کرنے میں مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ لیکن مصالحوں میں زیرے کا استعمال ہمارے جگر اور معدے کے لیے مفید ہے اس سے جگر کا نظام اور فعال ہوجاتا ہے اور ہمارے جسم میں ہضم کرنے کی مزید صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے۔

نمک کا استعمال کم کریں: نمک کے زائد استعمال سے آپ کے پیٹ میں پانی بھی بھر سکتا ہے۔ اسی لئے چھٹی کے دن افطاری کے وقت جب آپ سب گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر نمکین پکوڑے اور آلو کے چپس سے لطف اندوز ہورہے ہوتے ہیں تو اس سے آپ کے جسم میں پانی کی زیادتی ہوسکتی ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کچھ کھایا جائے جو کہ کھانے سے الگ ہو اور اس کو آپ افطاری کے بعد آرام کرتے ہوئے کھانا چاہتے ہیں تو بغیر نمک کے بادام اور پاپ کارن کا ایک عمدہ نعم البدل ثابت ہوسکتے ہیں۔

چاول کا استعمال کریں: سفید چاول کھانے میں ہلکے رہتے ہیں کیونکہ یہ غذائیت میں بھی کم ہوجاتے ہیں اس کو مشینوں سے گزارا جاتا ہے اس لیے یہ فائبر میں بھی کم ہوتے ہیں اس لیے آپ کے معدے کو اس کو ہضم کرنے میں زیادہ کام نہیں کرنا پڑتا۔ اسی طرح سادہ کھانے مثلاً ابلے ہوئے آلو بھی ہمارے معدے پر زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے اور اگر ڈائریا ہو تو اس کو بھی کنٹرول کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

پیپر منٹ کی چائے کا استعمال: اگر آپ کا پیٹ کچھ گڑبڑ کررہا ہے تو اس کے لیے ایک سادہ اور آسان حل یہ بہترین دوا ہے۔ اگر یہ چھوٹی چھوٹی چیزوں کا استعمال دوران رمضان اور اپنی روزمرہ زندگی میں کرنا شروع کردیا جائے تو زندگی میں خاصی آسانی پیدا ہوجائے گی اور ہر وقت ڈاکٹروں کے پاس بھاگنے سے نجات مل جائے گی۔

بھینس کے زچگی مسائل اور میرا آزمودہ ٹوٹکہ

زاہد اقبال، پھولنگر

جانور بچے کی پیدائش کے بعد "جیر" نہ گرا رہا ہو

جانور بچہ کی پیدائش کے بعد ایک جھلی پھینکتا ہے جسے پنجابی میں "جیر" یا آنول بھی کہتے ہیں بعض علاقوں میں اسے میلا بھی کہا جاتا ہے۔ اگر جانور وہ نہ پھینک رہا ہو تو یہ نسخہ استعمال کروائیں۔ ھوالشافی: گڑ ایک پاؤ کوٹ کر باریک کرلیں پھر تین پڑیاں بنالیں ایک پڑیا آدھا کلو گھی میں پکا کر جانور کو دیں، تین دن استعمال کریں اس سے دودھ میں بھی اضافہ ہوگا۔

گائے، بھینس یا بکری کے پیشاب میں خون آنا

ھوالشافی: انجبار کے پتے دو کلو، شکر دو کلو، گھی دو کلو (اگر دیسی ہو تو بہتر ورنہ ڈالڈا لے لیں)۔ ترکیب: ایک کلو گھی آگ پر پکائیں جب گھی پتلا ہو جائے تو اس میں کلو شکر اور دو کلو انجبار کے پتے ڈال کر لڈو بنالیں اور صبح وشام ایک لڈو جانور کو دیں اسی طرح دوسرے دن دے دیں اگر جانور کمزور ہو تو یہ نسخہ تین دن کرلیں۔ گائے، بھینس کیلئے آٹے کے پیڑے جتنا لڈو بنالیں جبکہ بکری کیلئے بڑے بیر جتنا لڈو بنالیا جائے۔

پالتو بیمار بلی کیسے صحت یاب ہوئی؟ آپ تو ضرور پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔ اللہ پاک آپ کا سایہ ہم پر قائم و دائم رکھے۔ مجھے پالتو جانور پالنے کا بہت شوق ہے میرے گھر میں بلی اور بکریاں ہیں۔ ایک روز اچانک سے میری بلی کی طبیعت ناساز ہوگئی جانور کے ڈاکٹر کے پاس لے کر گیا اس نے انجکشن لگایا دو دن ٹھیک رہی پھر دوبارہ وہی حالت ہوگئی۔ میں نے عبقری دواخانہ کی "جانور شفاء" اس کو اس طرح استعمال کروائی کہ جب میں نے مرغی کا گوشت اُبالنے کے دوران اس میں ایک چمچ جانور شفاء ڈال دی اور بلی کو دو سے تین دن ایسا ہی گوشت کھلاتا رہا بلی صحت یاب ہوگئی۔ اسی طرح میری بکری کو موشن لگ گئے میں نے جانور شفاء چارے میں ڈال کر بکری کو کھلانا شروع کی تو اس کے موشن بھی جاتے رہے اور وہ بھی صحت مند ہوگئی۔ اب جب بھی میرے جانوروں کو کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو میری پہلی ترجیح "جانور شفاء" ہی ہوتی ہے۔ (عبداللہ عیسیٰ طارقی، کراچی)

آئیے! کسان خوشحال بنائیں: قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

دماغی کمزوری دور اور لاجواب طاقت! ایک چمچ کا ٹوٹکہ

تسبیح خانہ میں آئے احباب کے بتائے آزمودہ ٹوٹکے! عبقری قارئین کے نام

تسبیح خانہ میں آئے احباب نے اپنے آزمودہ ٹوٹکے مخلوق خدا کیلئے بتائے‘ آیئے آپ بھی آزمایئے اوران سخیوں کو دعائیں دیں!

شوگر کے لیے پاؤں کی مالش: میری والدہ کی شوگر اکثر ہائی رہتی تھی رات کو امی کے پاؤں کی سرسوں کے تیل کی مالش کی اور شوگر ختم ہوگئی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

دانت درد کیلئے: پانچ عدد لونگ کوٹ کر ایک کپ پانی میں اتنا ابالیں کہ قہوہ بن جائے اس پانی سے کلی کرنی ہے دانت درد کیلئے بہت لاجواب ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

گلا خراب: گلا بہت خراب ہوتو شہد ایک چمچ، ہلدی آدھی چمچ مکس کر کے کھالیں، عبقری دواخانہ کا تیار کردہ سیرپ شفائے حیرت ابلے ہوئے پانی میں ڈال کر صبح وشام غرارے کریں اور یہ دوا کھائیں ریشہ بلغم ٹھیک ہوجاتا ہے۔ اگر وبائی مرض ہو اور سانس رکتا ہو‘ زکام‘ خشک کھانسی اور بخار ہوتو اس کیلئے بھی قلزم کے تین چار قطرے لیں تو اس سے بھی بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

کانوں کی الرجی: مجھے کانوں میں الرجی تھی۔ کانوں سے سفید پانی نکلتا تھا۔ میں نے ایک مٹھی عناب کھانے سے پہلے کھائے اوپر سے پانی پیا اور گھنٹے کے بعد کھانا کھایا۔ پندرہ دن یہی عمل کرتا رہا کانوں کی الرجی کم ہوگئی اگلے پندرہ دن مزید استعمال سے الرجی ختم ہوگئی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ریشہ کے لیے مفید ہے: مجھے بہت زیادہ ریشہ تھا میں نے صبح وشام عناب کے پانچ دانے کھانا شروع کیے چند ہفتوں کے استعمال سے ریشہ ختم ہوگیا۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

چہرے پر دانے: چہرے پر دانے بننا شروع ہوگئے تھے میں نے عناب استعمال کیا چہرے کے دانے پہلے کالے ہوئے پھر ختم ہوگئے نشان تک باقی نہیں رہا۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

پھوڑے پھنسیاں ختم: بیٹے کو بہت زیادہ پھوڑے پھنسیاں نکلتے تھے میں نے اس کو عناب استعمال کروانا شروع کیے پھوڑے پھنسیاں نکلنا بند ہوگئے اور جو نکلے تھے وہ بھی ختم ہوگئے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ہاضمہ اور خارش میں مفید: میرا اکثر ہاضمہ خراب رہتا تھا اور جسم پر خارش بھی شروع ہوجاتی کافی مرہم اور ادویات کا استعمال کیا لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ عناب کے فائدے پڑھے تو میں نے استعمال کرنا شروع کیا پانچ دانے صبح ناشتے سے پہلے اور پانچ دانے رات کے کھانے سے پہلے چند ہفتوں میں ہاضمہ بھی ٹھیک ہوگیا اور جو جسم پر خارش ہوتی تھی وہ بھی ہونا بند ہوگئی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

تیزابیت اور الرجی کے لیے: یوں تو عناب کے میں نے بہت سے فوائد پائے اس میں سے جو اہم تھے اس میں معدے کی تیزابیت اور الرجی کے لیے مفید پایا۔ میں نے عناب کو خشک کر کے پیس کر ایک ڈبی میں رکھا ہوا ہے جب بھی معدے کی تیزابیت ہوتی ہے تو ایک چٹکی پانی کے ساتھ لیتا ہوں فوراً تیزابیت میں کمی آتی ہے اور اگر الرجی کا مسئلہ ہوتو ایک چمچ ڈیڑھ کپ پانی میں ڈال کر اس کو ابال کر جب ایک پیالی پانی رہ جائے تو چھان کر استعمال کریں‘ الرجی کے لیے بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

خونی بواسیر ختم: مجھے خوانی بواسیر تھی میں نے تانبے کا چھلہ پہننا شروع کیا بواسیر ختم ہوگئی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

روزے کو نمک کے ساتھ کھولنا: روزے کو نمک کے ساتھ کھولنے کی بڑی حکمتیں ہیں حتیٰ کہ کوئی لاعلاج بیماری ہوتو بھی اس میں فائدہ ہوتا ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ہائی بلڈ پریشر کے لیے: ہائی بلڈ پریشر کے لیے دیسی تھوم لہسن تین ٹکڑے استعمال کیے فائدہ ہوا۔ اب بلڈ پریشر نارمل رہتا ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

قبض کا علاج: جس کی قبض کسی طرح نہ کھل رہی ہو ایک کلو پانی ابالیں اور اس میں ایک پاؤ میگنیشیم سالٹ ڈال کر ملالیں اور اس کا ایک کپ پلائیں قبض جاتی رہتی ہے۔

ڈاڑھ درد کے لیے: میری ڈاڑھ میں آدھی رات کو بہت درد ہورہا تھا اس وقت سب ڈینٹل کلینک بھی بند تھے میں نے گھر میں موجود عبقری دواخانہ کی ”ستر شفائیں“ کی چنے برابر گولی بنائی اور ڈاڑھ کے اوپر رکھ لی چند منٹ بعد درد ختم ہوگیا۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

نیند نہ آنے اور بال گرنے کا ٹوٹکہ: جن کو نیند نہ آتی ہو رات کو پاؤں کی مالش کریں بہترین نیند آئے گی۔ بال گر رہے ہوں تو تارامیرا کا تیل لگائیں‘ بال گرنا بند ہوجائیں گے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

دماغی کمزوری اور طاقت کے لیے: دماغی کمزوری اور طاقت کے لیے بوہڑ کے درخت کا سبز چھلکا لے کر سائے میں خشک کر کے ہم وزن شکر ملا کے ایک چمچ رات دودھ کے ہمراہ لیں۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

سر میں خشکی ختم: سر میں بہت خشکی تھی پھر میں نے ایک ٹوٹکہ آزمایا۔ انڈے کی سفیدی، تھوڑا سا دہی اور سرسوں کا تیل ملا کے بالوں کی جڑوں میں ایک گھنٹہ لگا کر چھوڑ دیا اور ہفتے میں دوبار ایسا کیا۔ کچھ عرصہ کیا اور بالوں کی خشکی ختم ہوگئی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ٹماٹر سے دل کا مسئلہ حل: ماموں کو دل کا مسئلہ ہوگیا ان کو کہا گیا کہ ٹماٹر کو سلاد کے طور پر استعمال کریں ان کا دل کا مسئلہ حل ہوگیا۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ملیریا اور ٹائیفائیڈ کے لئے: آدھا کلو پانی میں آدھا کلو کدو، گیارہ جوئے لہسن کے، چھوٹا پیاز اور ایک چھوٹا ٹماٹر ڈال کر حسب ذائقہ نمک مکس کرلیں اور آگ پر چڑھادیں۔ ایک کپ رہ جائے تو اس میں کالی مرچ ڈال کے سوپ کی طرح وہ پانی پی لیں کدو دوبارہ بھون کے چمچ سے کھانا ہے پہلے پانی پینا ہے۔ تین خوراک سے ملیریا، ٹائیفائیڈ جڑ سے ختم ہوجائے گا۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

پتہ کی پتھری: پتہ کی پتھری جس کو ہو وہ دوپہر کو کھانے کے ایک ڈیڑھ گھنٹے کے بعد ایک گلاس پانی میں دو چمچ لیموں کا رس اور دو چمچ زیتون کا تیل مکس کر کے پی لیں۔ پتہ کی پتھری چند دن چند ہفتوں میں ختم ہوجائے گی۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

کان درد کے لیے: کیکر کے پھول سرسوں کے تیل میں جلا لیں۔ کان میں ڈراپر کے ذریعے یہ تیل ڈالیں درد ختم ہو جاتا ہے۔ موسم نہ ہوتو کیکر کے درخت پر پھول خشک مل جاتے ہیں وہ جلا لیں اور ڈالیں کان کا درد ختم ہوجاتا ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

کمر درد کے لیے: کمر کے درد کے لئے انار کا چھلکا باریک پیس لیں اس کو دودھ کے ساتھ صبح وشام ایک چمچ استعمال کریں۔ کمر درد ٹھیک ہوجاتا ہے۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

ڈاڑھ درد کا روحانی علاج: ڈاڑھ درد میں بسم اللہ والا تعویذ استعمال کیا درد ایسے گیا جیسے کبھی ہوا ہی نہیں۔ (تجربہ: مقیم تسبیح خانہ لاہور)

پہلوان کو زندہ لاش بنانا ہے تو پاؤں کے بل بٹھادیں!

قارئین! آپ کے لیے قیمتی موتی چن کرلاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

پہلے یہ خط پڑھ لیجئے: میں ایک سہ پہر اپنی گلی میں دوستوں کے ساتھ پاؤں کے بل بیٹھا ہوا تھا‘ آپس میں باتیں چل رہی تھیں‘ اسی دوران ایک بابا جی گلی سے گزر رہے تھے جب وہ میرے قریب آئے تو مجھے غور سے دیکھا اور گزر گئے‘ نجانے ان کے دل میں کیا آیا وہ واپس پلٹے‘ ہم آپس میں کسی موضوع پر بات کررہے تھے تو وہ خاموش ہوکر کھڑے رہے‘ ان کو کھڑا دیکھ کر ہم سب خاموش ہوگئے اور ان کی طرف متوجہ ہوئے کہ شاید ہم سے راستہ پوچھنے کیلئے کھڑے ہوئے ہیں‘ میں نے پوچھا جی باباجی بتائیں۔ باباجی کہنے لگے: بیٹا تم جس طرح بیٹھے ہوئے ہو‘ یہ تمہاری آنکھوں‘ دماغ‘ بالوں‘ یادداشت کیلئے بالکل بھی ٹھیک نہیں‘ میں حیران ہوا کہ یہ کیا بات ہوئی؟ انہوں نے کہا کہ بیٹا پاؤں کے بل زیادہ دیر بیٹھنے سے نظر کمزور ہوجاتی ہے‘ بال سفید اور کمزور ہوجاتے ہیں‘ مزید یادداشت کا اس پر بڑا گہرا اثر پڑتا ہے۔ میرے ساتھ دو سے تین لڑکے مزید کھڑے تھے ان میں سے ایک لڑکا بابا جی کی بات سن کر ہنس پڑا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ یعنی وہ کوئی دلیل مانگ رہا تھا اور باباجی اس کی ہنسی سے سمجھ گئے۔ باباجی نے بات آگے بڑھاتے اور ختم کرتے ہوئے کہا کہ تم لوگوں نے اکثر قبض والے مریض دیکھے ہوں گے اگر نہیں دیکھے تو کسی گنجے‘ کمزور نظر‘ یا جس کے بال جوانی میں سفید ہوگئے ہوں پوچھ لینا اس کو قبض ہوگی یا رہی ہوگی۔ مزید مجھے دیکھ کر کہا کہ یہ ساتھ اینٹ پڑی ہے اس کے اوپر بیٹھ جاؤ۔ یہ کہہ کر باباجی وہاں سے چلے گئے۔

چھوٹی سی بات مگر زندگی کی سچی راہیں دے گئی: قارئین! یہ ایک چھوٹی سی بات اور مختصر سا راز لیکن زندگی میں سچی راہیں اور سچے راستے دے گیا‘ قارئین آپ نے دیکھا ہوگا گھر میں پہلے کوکنگ کا نظام‘ کھانے‘ پینے‘ پکانے کا نظام نیچے ہوتا تھا اور کھڑے ہوکر کوکنگ اور باورچی خانے کی ترتیب نہیں تھی‘ خواتین کے پاس چھوٹی چوکیاں اور بیٹھنے کے لیے کوئی نشست گاہ ہوتی تھی اور خواتین اس پر بیٹھتی تھیں‘ ان کی نظریں بھی ٹھیک ان کی یادداشت بھی مضبوط ان کی صحت اور فٹنس بھی لاجواب‘ اصل میں ہمارا جو کچھ بھی ہے وہ ریڑھ کی ہڈی ہے‘ ریڑھ کی ہڈی ہماری زندگی بھی ہے صحت اور تندرستی بھی ہے‘ زندگی میں جہاں بھی چوٹ لگے وہ چیز جڑ جاتی ہے لیکن اگر ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ لگے تو انسان زندگی بھر کیلئے معذور اور مجبور ہوجاتا ہے کیونکہ ریڑھ کی ہڈی سارے جسم کو سنبھالے ہوئے ہے‘ اس لیے عام محاورے میں بھی ایک بات استعمال ہوتی ہے کہ ہماری فلاں چیز یا معیشت ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہے‘ پاؤں کے بل بیٹھنا جس کے نیچے سہارا نہ ہو‘ یہ ہماری ریڑھ کی ہڈی کو اس میں موجود اسپیل کاڈ یعنی حرام مغز کو متاثر کرتی ہے اور یہ حرام مغز کا تعلق سو فیصد دماغ، اعصاب، پٹھوں اور جسم کی قوتوں کے ساتھ ہے اور دماغی نظام جب متاثر ہوا نظر بھی گئی‘ بالوں کا حسن‘ جوانی‘ چہرے کی شباہت‘ رونق‘ سرخی بس سب کچھ گیا‘ پھر ایک چلتا پھرتا کھوکھلا انسان ہوتا ہے جو موت کا انتظار کررہا یا معاشرے اور زمانے پر بوجھ ہوتا ہے۔

بغیر سہارے بیٹھ کر کام کرنے والوں کا حال: کتنے پیشے ایسے ہیں جس میں لوگ بغیر سہارے کے بیٹھتے ہیں ابھی میں ایک واقعہ سناتا ہوں جو لوگ مٹی کی اینٹیں بناتے ہیں وہ اکثر پاؤں کے بل بیٹھ کر مٹی کی اینٹوں کو سانچوں میں ڈھالتے ہیں‘ میرے پاس وہ علاج کیلئے آئے ان کا جسم نچڑا ہوا ہوتا ہے ان کے اعصاب بالکل ختم‘ دماغ کمزور‘ یادداشت متاثر‘ کچھ عرصہ کے بعد نظر نہیں آتا‘ آنکھیں ختم‘ دل دماغ ختم‘ اس کی بنیادی وجہ پاؤں کے بل بیٹھنا ہے‘ ہمارے پڑوس میں ایک لوہار تھا وہ خود تو نشست پر بیٹھا ہوتا تھا لیکن اس کا شاگرد جو گرم لوہے پر ہتھوڑا مارتا تھا وہ پاؤں کے بل بیٹھا لوہے کے گرم ہونے کا انتظار کرتا تھا تاکہ اس کو کوٹے اور اس پر چوٹ لگائے‘ اس کا شاگرد ایک مرتبہ میرے پاس علاج کے لیے آیا‘ لوہار بھی ساتھ تھا‘ اس نے اس کے وہ روگ بتائے حالانکہ شاگرد کی عمر کوئی ستائیس اٹھائیس سال کی تھی‘ استاد ستر سال کے اوپر تھا استاد شاگرد سے زیادہ صحت مند‘ طاقتور اور بہترین لاجواب لیکن شاگرد بالکل کمزور‘ ہڈیوں کا ڈھانچہ۔ حتیٰ کہ اب وہ ہتھوڑا اٹھا نہیں سکتا تھا۔ بعض معالج کہنے لگے کہ اس کو خون کی بوتلیں لگیں گی‘ اس کی بنیادی وجہ پاؤں کے بل بیٹھنا تھا‘ موٹے شیشوں کی عینک اسے لگی ہوئی تھی سر کے بال سفید تھے حتیٰ کہ بدن کے بال بھی سفید ہورہے تھے۔ وہ چلتی پھرتی ایک زندہ لاش تھی۔ کہنے لگا: اس کو غصہ بہت آنے لگا ہے کیونکہ کمزور جسم کو غصہ ہی تو آتا ہے‘ اس کو سب سے پہلے اکڑوبیٹھنے یعنی بغیر کوئی چوکی یا سہارے سے بیٹھنے سے منع کیا اور پھر اس کا علاج کیا اور پھر کچھ ہی عرصہ میں وہ صحت اور تندرستی منازل طے کرنا لگا۔

پنڈت کنوردت شرما سے لیجئے تندرستی کا راز: پنڈت کنوردت شرما ہندوستان کا ایک مشہور کردار ایک طبی رسالہ نکلتا تھا آب حیات یہ اس کے ایڈیٹر تھے۔ انہوں نے اپنا ایک واقعہ سنایا ہمارے ہاں ایک یوگی جوگی لوگوں کو صحت اور تندرستی کے راز بتاتا تھا اور یوگ جسے آج کل یوگا کہتے ہیں کی مشقیں کرواتا تھا‘ اس کی ایک مشق تھی اکڑو یعنی پاؤں کے بل بیٹھنے کی جس میں وہ کہتا تھا کہ پاؤں کے بل بس اتنی دیر بیٹھو جتنی دیر میں بکری منمناتی ہے۔ یعنی بکری جتنی دیر میں آواز نکالتی ہے وہ آواز منٹوں میں نہیں وہ ایک آواز سیکنڈز میں ہوتی ہے کہا اس سے اگر زیادہ دیر بیٹھے بکری کی دوسری منمناہٹ یا تیسری منمناہٹ میں تم اولاد نرینہ پیدا نہیں کرسکو گے یعنی اولاد نرینہ کے قابل نہیں رہو گے‘ تمہارے گھٹنے‘ جوڑ‘ پٹھے‘ اعصاب اور جسم ہمیشہ کے لیے نڈھال ہوجائے گا۔ طبیعت میں بے چینی‘ دماغ میں کمزوری‘ نظر میں اثر‘ یادداشت بالکل صفر اور ہاتھوں میں کپکپاہٹ شروع ہوگی‘ اس یوگی کا دعوی تھا کہ مجھ سے طاقتور ترین آدمی جو ایک وقت میں پچاس آدمیوں سے لڑسکتا ہو اور پچاس پہلوانوں کو پچھاڑ سکتا ہو بس اس بندے سے میری ملاقات کراؤ میں اسے ایک گر بتاتا ہوں وہ پچاس دنوں کے اندر ایک بکری کے بچے سے بھی نہیں لڑسکے گا اور وہ گر یہ ہے کہ اسے کہو کہ سارا دن پاؤں کے بل بیٹھے یا دن کا کچھ حصہ پاؤں کے بل گزارے۔ بس کسی کو کمزور کرنے کا یہی راز ہے۔

بغیر سہارے پاؤں کے بل بیٹھنا چھوڑ دیں: قارئین! چھوٹی چھوٹی چیزیں زندگی کا متاثر بھی کرتی ہیں‘ صحت مند بھی‘ بیمار بھی اور شفاء یاب بھی‘ بال اڑاتی بھی ہیں‘ بال اگاتی بھی ہیں‘ خون بناتی بھی ہیں خون جلاتی بھی ہیں‘ جسم بڑھاتی بھی ہیں اور سکھاتی یعنی خشک بھی کرتی ہیں۔ یہ چھوٹے راز ہیں‘ کبھی بھی ان رازوں کو اپنی زندگی سے نہ جانے دیں۔ صحت مند رہنا ہے‘ تندرست رہنا ہے اور سدا بہار جوانی کو اپنی زندگی کا ساتھی بنانا ہے تو بغیر سہارے کے پاؤں کے بل بیٹھنا چھوڑ دیں۔

ہر اُلجھن کی سلجھن

پریشان، بدحال گھرانوں اور ذہنی طور پر اُلجھے افراد کے خطوط اور سلجھے جواب

عبقری لاہور، پاکستان Cell: 0332-7552382

ضمیر کا سودا

میرے والد نے بہت ایمانداری سے زندگی گزاری، اس پر انہیں فخر ہے جبکہ ہم نے دیکھا کہ ان کے دوست جو اسی عہدے پر کام کرتے رہے ہیں، ان کا معیار زندگی ہم سے بہت اچھا ہے۔ مجھے اور میری امی کو پیسے کی اہمیت کا احساس ہے۔ میں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔ والد سے کہتا ہوں اپنے محکمے میں ملازمت دلوادیں۔ وہ تیار نہیں ہوتے۔ کیا کوئی ایسا باپ ہوگا جو اپنے بیٹے کی ترقی اور خوشحالی میں مدد کرنا نہ چاہے۔ (منیر حمید، سکھر)

مشورہ: آپ کو شاید اندازہ نہیں کہ ایمانداری، نیکی اور سچائی میں دل، دماغ اور روح کا سکون ہے۔ اگر ضمیر کا سودا کرکے دنیا خریدی جائے اور معیارِ زندگی بڑھایا جائے تو وہ خوشی نہ صرف عارضی ہوگی بلکہ سکون سے بھی خالی ہوگی۔ کہیں کوئی بے اعتمادی ضرور ہے جو والد کیساتھ اتفاق رائے نہیں۔ ان کی طرف سے بدگمان ہرگز نہ ہوں۔ اعلیٰ تعلیم دلوانے کا مطلب آپ کی ترقی اور خوشحالی کی خواہش ہی ہے۔

بھالو سے کھیلنے کا شوق

میری عمر 17 سال ہے، 4 یا 5 سال کی عمر سے میں نے بھالو سے کھیلنا شروع کیا تھا اور اب میرے پاس بہت سے بھالو ہیں۔ چھوٹا تھا تو ٹھیک تھا، اب سب مذاق اڑاتے ہیں۔ ٹیڈی بیئر کو چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ (شہریار، لاہور)

مشورہ: 4 یا 5 سال کی عمر میں بھالو سے کھیلنے کا مطلب ہے کپڑے کے بنے ہوئے کھلونے سے کھیلنا جو ریچھ کی شکل سے مشابہت رکھتا ہو۔ آپ ہی نہیں اس طرح کھلونوں سے بہت سے بچے کھیلتے ہیں۔ خاص طور پر وہ بچے جو اکیلے اپنے کمرے میں سوتے ہوں ان کو اپنے بستر پر سلانے یا رکھنے میں سکون محسوس کرتے ہیں۔ 17 سال کی عمر کو پہنچ کر کوئی لڑکا اس طرح کرے گا تو یقیناً مذاق کا سبب ہوگا۔ کھلونوں یا سجاوٹ کی چیزوں کو پسند کیا جاتا ہے۔ وقت کے ساتھ انہیں تبدیل کرلینا بھی عام بات ہے، ایک ہی طرح کے کھلونوں کو جمع کرنے میں حرج نہیں، مگر ان سے محبت یا پیار کا دعویٰ غیر فطری ہے کیونکہ محبت جاندار چیزوں سے ہوتی ہے۔ خاص طور پر وہ جو جذبات کو سمجھتے ہوں اور محبت کا جواب محبت سے دے سکیں۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ آپ کو ان سے پیار ہے تو ان کو کھانا کھلانا کس طرح ممکن ہے، کہیں ایسا تو نہیں کہ آپ نے اصلی ریچھ پال لیا ہے۔

جو دل چاہا خریدا

میں نے کہیں پڑھا تھا کہ خریداری کرنے سے ڈپریشن کم ہوتا ہے، جیسے ہی امتحان سے فارغ ہوئی کزن کو ساتھ لیا اور جو دل چاہا خریدا، نتیجتاً ساری بچت ختم ہوگئی۔ ہوسٹل کے کرائے اور یونیورسٹی کی فیس کا مسئلہ ہوا۔ باوجود اس کے کہ گھر والے خوشحال ہیں۔ اب اپنی خوشی کے لیے کیا کروں۔ تعلیم حاصل کرتے ہوئے تنہائی اور بوریت کا شکار ہوجاتی ہوں، کسی کو پتا چل گیا کہ مجھے ڈپریشن ہوتا ہے تو اچھی بات نہ ہوگی، یہ بھی ڈر ساتھ ہے۔ (نیلما، کوئٹہ)

مشورہ: اکثر لوگوں کو خریداری کرنے میں لطف آتا ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اس کے لیے پہلے پیسہ کمانا پڑتا ہے۔ اگر طالب علم صبر سے کام نہ لیں اور اپنی خواہشات کو قابو میں نہ رکھیں تو یہ دور، بہت مشکل ہوگا۔ اگر دیکھا جائے تو اس وقت بھی آپ علم حاصل کررہی ہیں اور یہ وہ دولت ہے جو ختم نہیں ہوتی۔ جسے علم حاصل کرنے میں لطف آجائے، وہ خریداری میں مایوسی کا علاج تلاش نہیں کرتا۔

مسلسل سردرد

عام طور پر رات کو میرے سر میں درد شروع ہوجاتا ہے۔ سونے سے پہلے آمدنی اور اخراجات کا جائزہ لینا ہمیشہ کی عادت ہے۔ مگر اب اسی سردرد کے ساتھ سوجاتا ہوں۔ صبح اٹھ کر جسم میں درد محسوس ہوتا ہے جبکہ سردرد میں آرام آچکا ہوتا ہے۔ گھر والوں یا دوستوں سے طبیعت خراب ہونے کا ذکر کروں تو وہ یوں دیکھتے ہیں جیسے میں جھوٹ بول رہا ہوں۔ (سلمان، حیدرآباد)

مشورہ: سردرد پر قابو پانے کے لیے آمدنی اور اخراجات کے حوالے سے کیے جانے والے کام کا وقت تبدیل کرلیں۔ اس سلسلے میں چھوٹی ڈائری لے کر ضرورت کے وقت اپنا حساب وغیرہ لکھ لیں۔ سونے سے پہلے والی مصروفیات اچھی ہونی چاہیے مثلاً اہل خانہ سے ہلکی پھلکی گفتگو وغیرہ تاکہ موڈ خوشگوار رہے۔ ذہنی بوجھ نہ ہوگا تو نیند اچھی آئے گی۔ صبح بیدار ہو تو محسوس کریں کہ جسم میں پہلے سے زیادہ توانائی ہے۔ گھر والوں سے مسکرا کر بات کریں۔ معمولی تکلیفوں کا ذکر نہ کیا جائے تو بہتر ہے۔ اس بات کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے کہ اپنی طبیعت خرابی کی بات بار بار اور ہر ایک سے نہیں کرنی چاہیے۔ اچھی صحت کے لیے خود کو اچھا اور صحت مند محسوس کرنا بھی ضروری ہے۔

حادثہ کا خوف

ہر شام دفتر سے واپس آتے ہوئے ایک معذور شخص کو دیکھتا ہوں۔ وہ میرا پڑوسی ہے اور گھر سے باہر وہیل چیئر پر بیٹھا ہوتا ہے۔ اسے دیکھتے ہی وہ حادثہ یاد آتا ہے جب اس کو ہسپتال میں ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے لفٹ کا دروازہ کھلا اور لفٹ کا فرش نہ ہونے کی وجہ سے یہ اور اس کا اٹینڈنٹ دونوں ایک منزل نیچے جاگرے۔ میں اس بات کو یاد کرنا نہیں چاہتا، اس لیے اپنے پڑوسی سے ملے بغیر تیزی سے گھر میں آجاتا ہوں۔ پھر بھی میرے دماغ میں یہی بات گھومتی ہے۔ خاص طور پر اپنے دفتر میں جب لفٹ میں ہوتا ہوں عجیب سا خوف محسوس ہوتا ہے۔ (عمران، کراچی)

مشورہ: حادثہ یقیناً تکلیف دہ تھا لیکن آپ سے زیادہ ان صاحب کے لیے جو اس کا شکار ہوئے۔ وہ اگر اس وقت کی وحشت اور تکلیف سے اپنے ذہن کو آزاد نہ کرتے تو اس طرح ہر روز گھر سے باہر لوگوں سے ملاقات کے لیے نہ بیٹھے ہوتے۔ انہیں دیکھ کر حوصلہ ہونا چاہیے کہ معذوری کے باوجود زندگی سے سمجھوتہ کیے ہوئے ہیں۔ آپ ان سے ملا کریں، ان کی خیریت معلوم کرنا، طبیعت پوچھنا اور مسکرانا ان سے زیادہ آپ کے اپنے لیے بہتر ہوگا۔ پھر ان کے حوالے سے ہمیشہ کی طرح ایک ہی بات سوچنا چھوڑ دیں گے۔ یہ صرف میرا ہی نہیں اور بہت سے لوگوں کا مشاہدہ ہے کہ جس بات پر ہم وہم اور خوف کا شکار ہوتے ہیں وہ واقع نہیں ہوتی۔

آخری جادو اور طاقتور جنات کا توڑ! یہ عمل بہت طاقتور ہے!

ڈاکٹر اُم عبداللہ، خیر پور ٹامیوالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر اولاد اور وقت میں خوب خوب برکت عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہم پر قائم و دائم رکھے۔ آمین۔ ایک بہت ہی مبارک عمل ہے جو قرآن و حدیث مبارکہ سے ماخذ ہے جس کے مقابلہ میں انتہائی زوراثر فوری و مستقل پائیدار روحانی علاج جنات جادو کا کوئی اور نہیں ہوسکتا اس کے ویسے بہت سے واقعات ہیں مگر چند ایک بیان کرتی ہوں۔

بڑی حویلی میں جنات کا قبضہ! خاندان مار ڈالا

(۱) یہاں مدینہ چوک سے آگے ایک دیہات میں چار خاندان اکٹھے رہتے تھے۔ تقریباً تین کنال اراضی میں پکے مکان بنا کر ایک ہی حویلی تھی۔ اس جگہ پر جنات کا قبضہ تھا تو آہستہ آہستہ ایسا ہونے لگا کہ کبھی مرد کبھی عورت کو اچانک ہی کوئی تکلیف شروع ہو جاتی وہ ڈاکٹروں کے پاس بھاگتے۔ دو ماہ، چھ ماہ کے عرصہ میں بندہ ختم ہو جاتا اس طرح کرتے کرتے خاندان ختم ہوگئے صرف ان میں ایک بیٹا رہ گیا جو کہ چوتھے گھر کا داماد تھا اب اسے بھی تکلیف شروع ہونے لگی تو ان لوگوں نے کافی عامل وغیرہ کو دکھایا کوئی بھینس لے گیا تو کوئی گائے، لاکھوں روپیہ لگانے کے بعد عامل حضرات نے کہا کہ یہ کام ہم سے بھاری ہے آپ یہ ساری حویلی چھوڑ دیں۔ اب مجبوراً تنگ آکر وہ لوگ حویلی چھوڑنے کی تیاری کرنے لگے کہ ان کے استاد کی بیوی میرے پاس دم کروانے آئی' انہوں نے چھاتی میں موجود بڑی گلٹی کا بتایا تو میں نے اللہ کا کلام پڑھ کر دم کردیا' اللہ کریم نے انہیں شفاء دے دی۔ اب انہوں نے بتایا کہ ہمارے گھر میں جنات کا بسیرا ہے برتن دھو کر اندر الماری میں لگاتی ہوں دوبارہ اندر جاتے ہیں تو برتن غائب، بچی کو رات اٹھا کر بستر سے نیچے کھڑا کردیتے ہیں، کبھی پنکھا گھوم رہا ہے تو ہم بڑے پریشان ہیں برتن دیکھتے تو چارپائی کے نیچے پہنچے ہوتے ہیں آپ کچھ کریں؟ میں نے عرض کی کہ بہن اللہ کا کلام ہے' سنت کا علاج ہے۔ اللہ کرم فرمائے گا۔ بہتر ہے کہ گھر چیک کرائیں وہ مجھے اپنے گھر لے گئی اللہ سے دعا کرتے ہوئے یہی علاج اسی دن کر آئی وہ دن اور آج کا دن مکمل ہر چیز ختم ہوگئی کہ یہ چیز گھر میں لگاتے ہی فوراً جنات جادو دفع ہو جاتے ہیں اور دوبارہ ادھر کا رخ نہیں کرتے کیسا ہی جادو ہو ختم ہو جاتا ہے دوبارہ اثر نہیں کرتا خواہ آپ کا دشمن کتنا ہی زور لگا لے یعنی فوری مستقل علاج ہے۔ وہ دوبارہ پھر میرے پاس آئی اور کہنے لگی باجی ایک اور گھر ہے انہیں بھی یہی مسئلہ ہے وہ بہت پریشان ہیں کہ لاکھوں کی جائیداد چھوڑ کر جارہے ہیں ہمارے بہت ہی نیک شاگرد ہیں میں آپ کو ان کے گھر لے چلتی ہوں خیر بہت سخت معاملہ تھا۔ میں نے اسی طریقے سے ان کے گھر میں بھی یہی تعویذ لگائے ساتھ اعمال کی تلقین کی، الحمدللہ آٹھ ماہ ہوگئے ہیں اس واقعہ کو وہ لوگ مکمل امن و سکون سے اسی حویلی میں آباد ہیں۔

ایف اے پاس بچی پر جنات کے اثرات

(۲) خانیوال سے نوجوان بچی ایف اے پاس اس پر اثرات ہوگئے غشی بے ہوشی، گم سم، اکلوتی لاڈلی تھی سات دن ہسپتال میں لے کر بیٹھے رہے ڈرپ وغیرہ لگتی رہی ایلوپیتھک میڈیسن استعمال کر کر کے اس کی آنکھوں میں بینائی متاثر ہوگئی۔ ان کا میکہ یہاں رہتا تھا یعنی بچی کی نانی۔ ان کا روحانی مریض ایک خاتون یہاں سے ایک گھنٹہ میں ٹھیک ہوگئی تھی وہ بھی دو سال سے دھکے کھا کھا کر تنگ آگئے تھے مگر روحانی تکلیف تھی۔ تو بچی کے ماموں نے اپنی بہن سے کہا کہ آپ بچی کو ہماری طرف لے آئیں یہاں باجی سے چیک کرواتے ہیں وہ لوگ بچی کو گاڑی میں لے آئے ہاتھوں میں اٹھا کر میرے پاس لائے وہ بے ہوش تھی دو گھنٹہ بعد اس کو ہوش آئی میں نے اس کو یہی عمل والا پانی پلا دیا' اللہ پاک نے اس کو بھی شفاء عطا فرما دی۔

جادو' جنات کے شر سے حفاظت کا مجرب عمل

ایک بڑا صفحہ لیں اس کے اوپر درمیان میں بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھیں اسکے نیچے مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اس کے نیچے اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ اس کے نیچے فَلَمَّآ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِهِ السِّحۡرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ. وَ یُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ اس کے نیچے یَا حَیُّ حِیۡنَ لَا حَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَتِهٖ مُلۡكِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ اس کے نیچے سورۂ فاتحہ۔ آیۃ الکرسی اور تہدیدی نامہ لکھیے۔ پھر نیچے سورۂ الفلق اور الناس لکھیں۔ اس صفحے کے چاروں کونوں میں یا حفیظ لکھیں۔ یہ عمل تیار ہوگیا' اب اس عمل کو اس گھر میں جہاں جادو ہو' آسیب ہو' جنات بندے تک مار دیتے ہوں وہاں لٹکا دیں پھر کمال جاگتی آنکھوں سے خود دیکھئے' بڑے بڑے دیو' جن' آخری سفلی عمل اس ایک صفحہ نے ختم کردیئے۔ نوٹ اس صفحہ کو پڑھنا نہیں صرف لکھ کر لیمینیشن کروا کر خوشبو لگا کر گھر کے چاروں کمروں میں لٹکا دیجئے۔ نوٹ: تہدیدی نامہ عام پرنٹ شدہ بھی مل جاتا ہے آپ لے کر وہاں سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں۔ یہ عمل لکھنے سے پہلے پورے گھر کی طرف سے سوا کلو بڑا گوشت لے کر صدقہ ضرور کرنا ہے پھر اس کی تاثیر بھرپور طاقت رکھتی ہے' سب کے لیے اجازت ہے۔

کینسر: بے شمار کا آزمودہ نسخہ

کینسر کا نسخہ جس سے بہت سے لوگوں کو نفع ہوا حاضر خدمت ہے۔ ھوالشافی: قسط شیریں 200 گرام، کلونجی 100 گرام، میتھرے 25 گرام۔ تینوں کو الگ الگ کوٹ پیس کر مکس کر کے ایک چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی لیں۔ کینسر کے لیے لاجواب چیز ہے۔ ساتھ شہد، مکھن، ٹماٹر، گاجر، چقندر، گائے کا دودھ، باجرہ، مکئی کا استعمال بھی کریں۔ اگر سردی کا موسم ہو تو ساتھ یہ نسخہ بھی استعمال کریں۔ زیتون کا تیل ایک کلو، خالص ہلدی پسی ہوئی 100 گرام۔ ہلدی کو خوب گرم کریں مگر جلنے نہ پائے۔ زیتون کے تیل میں حل کر کے اس کے دس سے پندرہ قطرے صبح و شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ گرم دودھ یا گرم پانی لیں۔ خصوصی نوٹ: کینسر کے علاج میں بھی پہلے درج بالا عمل جو آپ نے ایک صفحے پر لکھا اس کو اپنے تکیے میں رکھیں' کمرے میں لگائیں' پھر دوائی استعمال کریں۔ اس کے ساتھ درود شفاء اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكۡ وَسَلِّمۡ کثرت سے پڑھیں۔ صدقہ خیرات کریں اللہ شفاء دے گا۔

بشیر احمد رانا، اسلام آباد

آیۃ الکرسی پڑھتے مٹھی بند کیجئے! پھر کھولیے! رزق کا انبار لگ جائے!

آیۃ الکرسی قرآن کریم کی عظیم ترین آیت ہے اور احادیث مقدسہ میں اس کے بڑے فضائل و برکات بیان فرمائے گئے ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ ''یہ قرآن کی آیات کی سردار ہے''۔ ہدایہ الرواۃ، ج ۲، مسلم۔ ترمذی عن سہل بن سعدؓ)۔ ☆ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ''جس مال یا اولاد پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کردی جائے یا لکھ کر (مال میں) رکھ دی جائے یا بچے کے گلے میں ڈال دی جائے تو شیطان اس مال کے قریب بھی نہ بھٹکے گا۔ (ابن جان، حصن حصین)۔ ☆رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعبؓ سے دریافت کیا کہ قرآن میں کونسی آیت سب سے زیادہ عظیم ہے؟ آپؓ نے عرض کیا آیت الکرسی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تصدیق کی اور فرمایا اے ابوالمنذر تمہیں علم مبارک ہو۔ ☆حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ البقرہ میں ایک آیت ہے جو سیدہ آیات القرآن ہے وہ جس گھر میں پڑھی جائے شیطان اس گھر سے نکل جاتا ہے (وہ آیت الکرسی ہے)۔ ☆نسائی شریف میں ایک روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھا کرے تو اس کو جنت میں داخل ہونے کے لیے سوائے موت کے کوئی چیز مانع نہیں ہے یعنی موت کے فوراً بعد وہ جنت کے آثار، راحت، سکون، آرام و بہاریں اور عیش و عشرت کا مشاہدہ کرنے لگے گا۔

☆بزرگان دین نے آیۃ الکرسی کو قضائے حاجات اور حل مشکلات کے لیے اکسیر مانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اس طرح پڑھیں کہ اس میں دس اوقاف آئے ہیں ہر وقف پر ایک انگلی بند کرتے جائیں وہ اس طرح کہ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ پر دائیں ہاتھ کی چھنگلیا اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ پر بنصر (چھنگلیا کے ساتھ والی) لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ پر وسطی (درمیان والی انگلی) لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ پر شہادت کی انگلی مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ پر انگوٹھا یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ پر بائیں ہاتھ کی چھنگلیا وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ پر چھوٹی انگلی کے ساتھ والی (بنصر) وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ پر وسطی (درمیان والی) وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا پر انگشت شہادت (سبابہ) وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پر انگوٹھا بند کریں۔ اب آپ کے دونوں ہاتھوں کی دس انگلیاں بند ہوگئیں اب انگلیاں اسی طرح بند رہنے دیں اور (۱) تین بار سورۃ الم نشرح، (۲) تین بار سورۃ اخلاص، (۳) تین بار کوئی سا درود شریف پڑھیں اور آسمان کی طرف منہ کرکے دم کردیں۔ اب سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھنا شروع کریں کہ ہر بار بسم اللہ کی آخری میم الحمد کے ساتھ ملائیں یعنی (بسم اللہ الرحمن الرحی مل حمد للہ) اور ہر دفعہ سورۃ فاتحہ مکمل کرنے کے بعد پہلے بائیں ہاتھ کا انگوٹھا پھر ساتھ والی انگلی پھر ساتھ والی انگلی اسی ترتیب سے کھولتے جائیں حتیٰ کہ باری باری تمام انگلیاں کھل جائیں یعنی دس مرتبہ مذکورہ ترتیب سے سورۃ الفاتحہ پڑھی جائے گی اور باری باری ایک ایک انگلی کھولی جائے گی یعنی جس ترتیب سے بند کی ہے اس کی الٹی طرف سے جو آخر میں بند ہوئی وہ پہلے کھلے گی اور جو پہلے بند ہوئی تھی وہ آخر میں کھلے گی۔ انگلیاں کھول کر ہاتھوں پر پھونک ماردیں اور دونوں ہاتھ چہرے اور بدن پر مل لیں۔ اس میں یہ خیال رکھیں کہ جب آپ کلمہ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ پر پہنچیں تو دونوں عین کے درمیان اپنے درجات کی بلندی اور وسعت رزق کی دل میں دعا کریں اور اگر مقہوری اعداد مطلوب ہے تو یَعْلَمُ مَا بَیْنَ کی دونوں میموں کے درمیان دشمن کی مقہوریت کا خیال رکھیں اگر کسی کی تسخیر مطلوب ہو تو انگوٹھے کو بند کرتے وقت اس کا تصور رکھیں۔ اگر تمام زندگی ہر فرض نماز کے بعد اس کا معمول بنا لیا جائے تو کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہیں رہتی۔

☆اگر چاہیں کہ پورا سال ہر قسم کی پریشانی سے بچے رہیں۔ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے تو یکم محرم الحرام کو 360 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں واضح رہے کہ ہر بار بسم اللہ ضرور پڑھیں 360 مرتبہ پڑھ کر یہ دعا پڑھیں ''اَللّٰهُمَّ یَا مُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ یَا كَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ یَا عَزِیْزُ یَا مِفْضَالُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ''۔

☆اگر کوئی بلغم کے مرض میں مبتلا ہے تو وہ نمک کی سات چھوٹی چھوٹی ڈلیاں لے اور ہر ڈلی پر سات سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور سات دن روزانہ صبح نہار منہ ایک ڈلی چاٹ لے ان شاء اللہ ان سات دنوں میں بلغم کا مرض ختم ہو جائے گا۔ ☆درد جگر اور دفع خفقان اختلاج قلب کے لیے آیۃ الکرسی ایک پاک برتن میں تین بار لکھیں اور پھر دھو کر مریض وہ پانی پی لے اور پیتے وقت اس بیماری سے شفاء کی نیت کرے۔ ''نَوَیْتُ الشِّفَآءَ مِنَ الْعِلَّةِ الْفُلَانِیَّةِ'' یعنی فلاں بیماری سے شفاء کی نیت سے پی رہا ہوں۔

☆برائے حفاظت شیاطین و جنات وغیرہ کے آیۃ الکرسی لکھیں اور اس کے ساتھ آیات حفظ جو کہ قرآن پاک میں مختلف جگہ پر ہیں لکھ کر پاس رکھیں۔ بچوں کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ ہر طرح کی حفاظت رہے گی اور کوئی شیطان جن نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ آیات حفظ یہ ہیں:

وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ. فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ. وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ. وَحِفْظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ. وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ. اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ. اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ. اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ. وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ. ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ. فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ. هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ. فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ. بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ تَكْذِیْبٍ. وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ. بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ. فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ. وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً. لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ. وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِیْنَ. وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ. لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ. وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ. اَللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ. فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق سورۃ الناس۔

☆مکروہ اور ڈراؤنے خواب اگر نظر آتے ہوں تو پہلے تعوذ پڑھیں پھر تین بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور جب ''وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ'' پر پہنچیں تو اس کو بھی تین بار پڑھیں اور پھر اپنے اوپر دم کرلیں۔ ☆جس گھر میں آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر رات کے پہلے حصے میں دستک دی جائے وہاں ان شاء اللہ کوئی آفت نہیں آئے گی نہ چوری ہوگی۔ ☆جن بچوں کو نظر لگ جاتی ہو ان پر اگر صبح کے وقت آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کردیا جائے تو وہ نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

گھر کی بنیاد کھدواتے احتیاط نہ کی تو ہماری طرح پچھتائیں گے

محترم قارئین مختصر بیان کرتی ہوں' یہ کہانی بیس سال پرانی ہے' گزشتہ بیس سال ایک ایک منٹ اذیت ناک تھا' لکھنا بھی دشوار ہو رہا ہے' میرے والد نے دس مرلے کا گھر بنایا' ابھی گھر بن رہا تھا کہ ہم اس گھر میں شفٹ ہو گئے کہ پیسے نہ ہونے کی وجہ سے آہستہ آہستہ مکمل کروالیں گے' جب بنیادیں رکھی گئیں تو میرے والد موقع پر موجود نہ تھے' کوئی احتیاط نہ کی' نہ نگرانی کی' ان بنیادوں میں کسی نے جادو کی چیزیں رکھ دیں' تب یہ بات ہمیں معلوم نہ تھی' گھر کی اتنی تعمیر ہوگئی کہ اس میں رہائش رکھی جاسکے' ہم اس گھر میں شفٹ ہوگئے۔ شفٹ ہونے کے ایک ہفتے کے اندر ہی ہمارے ساتھ عجیب وغریب واقعات ہونا شروع ہو گئے ایسے واقعات جنہیں لکھتے ہوئے بھی میرا دل کانپ رہا ہے' ہمارے کپڑے کٹنا شروع ہو گئے' پھر پیسے گم ہونا شروع ہوئے' دم کیلئے ادھر ادھر دھکے خوب کھائے' سب نے بتایا کہ بہت سخت جادو ہے' پھر آہستہ آہستہ وقت گزرتا گیا' میرے بھائی کو دورے پڑنا شروع ہوئے' پھر ان کے اندر جنات نے آکر بولنا شروع کردیا' اسی طرح اس سے چھوٹے بھائیوں پر بھی جنات نے حملہ کردیا' میں اس وقت بہت چھوٹی تھی سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھتی اور ساری ساری رات تکیہ میں منہ دیکر روتی روتی سوجاتی۔ بھائی بیہوش ہوجاتے' قاری صاحب کو بلاتے وہ قرآنی آیات پڑھتے تو بھائی کو ہوش آتا' جب عامل حضرات آکر دم کرتے تو جنات خود رو رو کر کہتے ہیں کہ ہم بے قصور ہیں' ہم قید ہیں اگر ہم ایسا نہ کریں گے تو ہمیں تکلیف دی جاتی ہے۔

قارئین! یہ سلسلہ چلتا رہا پھر ایسا ہوا کہ جنات جو ہمارے گھر میں جادو سے بھیجے گئے تھے اتنے ہو گئے کہ پورا گھر جنات سے بھر گیا' اسی دوران بڑے بھائی کو ایک بزرگ نظر آتے وہ بھائی کو لے کر غائب ہو جاتے' میرے والد پوری رات پاگلوں کی طرح بھائی کو ڈھونڈتے مگر صبح ہوتے ہی بھائی خود ہی واپس آجاتے' بھائی آکر بتاتے کہ ایک بزرگ مجھے نہر پر لے جاتے ہیں اور میرے اردگرد مصور کی دال اور گوشت ڈال کر عمل کرتے ہیں' آپ میرے قریب سے کئی بار گزرے مگر آپ نے مجھے نہیں دیکھا' میں نے آپ کو آواز دی مگر آپ نے نہیں سنی۔ پھر گھر میں بیٹھے بیٹھے آگ لگ جاتی' پورے خاندان کا مذاق بن گیا' لوگوں نے ہمارے گھر آنا چھوڑ دیا' ہم کھانے سے بھی محروم ہو گئے' اتنی غربت کہ لوگ دیکھ کہ یقین نہیں کرتے کہ آپ زندہ کیسے تھے۔ پورے محلے میں ہمارا گھر بھوت بنگلہ کے نام سے پکارا جانے لگا۔ ہم رات نماز پڑھتے تھے جائے نماز کے چاروں طرف چوہے مرے ہوتے۔ ایک ایک جگہ پر چار چار چوہے مردہ اٹھا کر باہر پھینکتے۔ اسی طرح مچھلیوں کے سر جائے نماز پر آکر گرتے تھے۔ ہم بیٹھے ہوتے تھے کہ یک دم پانی کے چھینٹے آتے تھے اور پانی پر خون بن جاتا تھا۔ ان مشکل حالات میں بڑے بڑے عاملین کے پاس گئے' کوئی دھوکہ کر گئے اور جو ٹھیک تھے وہ اتنا حوصلہ دے جاتے کہ شکر کریں آپ کے گھر ابھی تک کوئی بندہ فوت نہیں ہوا اور وہ اس میں ہاتھ نہ ڈالتے تھے۔ ایک بار عشاء کے وقت بھائی کو بیٹھے بیٹھے آگ لگ گئی' قاری صاحب کو عشاء کے وقت جا کر لانا پڑا' انہوں نے پڑھائی کی تو آگ خود بخود بجھ گئی' پھر ایک عامل آئے انہوں نے جب عمل شروع کیا تو ہمیں چھوڑ کر بھاگ گئے کہ اگر چند منٹ بھی میں یہاں رہا تو میری میت ہی یہاں سے نکلے گی۔ ایک عامل نے کہا کہ آپ لوگ گھر بیچ دو یا سات فٹ مٹی نکالو اس کے نیچے چیز دبی ہوئی ہے وہ نکالو' مگر ہمارے ہاں غربت اتنی تھی کہ کھانے کو کچھ نہ تھا مٹی کہاں سے نکلواتے یا مکان بیچ کر کہاں جاتے اور کہاں اور لیتے۔ سورۂ بقرہ ہم نے ہر وقت گھر میں لگائی' خوب پڑھی اس سے کچھ فرق پڑ جاتا' گھر کا ریٹ لگوانا چاہا تو کوئی پلٹ کر بھی نہ دیکھتا تھا' ہم نے سستا بھی بیچنا چاہا مگر کسی نے نہ خریدا۔ میری بہن بہت پڑھائی کرتی تھی' اللہ نے کرم کیا اس کو خواب آیا کہ ایک بزرگ بتا رہے تھے کہ گھر کی اس جگہ کی کھدائی کرو' جب صبح ہوئی تو اس نے کہا میں نے یہ جگہ کھودنی ہے' امی اور میں بھی اس کے ساتھ لگیں' میری بہن میں نجانے کہاں سے اتنی طاقت آئی کہ چند گھنٹوں میں ہی ہم نے وہ جگہ کھود لی' خود اندر گئی اور ایک جگہ ایک شاپر تھا اس کو باہر نکالا تو اس میں ہڈی تھی' اس ہڈی پر چھوٹے چھوٹے بت بنے ہوئے تھے ایک طرف میری والدہ اور دوسری طرف میرے بھائی کا نام لکھا ہوا تھا' تین چار بت بنے ہوئے تھے' اس کے اندر سویاں ڈالی ہوئی تھیں بڑی سویاں جو کہ ہڈی کے اردگرد مڑی ہوئی تھیں۔ اب وہ نکالی' امی نے چچا کو دکھائی' تو پھر انہوں نے ایک باباجی کو فون کیا انہوں نے کہا یہ سب کچھ اتنی آسانی سے نہیں ہوا آپ کے پیچھے کسی ہستی کا ہاتھ تھا اور آپ یہ سب کو کیوں دکھا رہی ہیں' فوراً گھر جائیں' دودھ کی کچی لسی بنائیں اور اس میں سوئیوں سے زنگ نکالیں اور جو بت بنے ہیں ان کو مٹاؤ اور نہر میں گراؤ۔ والدہ نے ایسا ہی کیا' پھر اس کے بعد ہمارے گھر میں سکون آنا شروع ہوا' میں نے بیس سال بربادی کے دیکھے ہیں' وہ جادو کس نے کروایا تھا وہ بھی میری بہن کو دکھایا گیا' یہ سب قرآن' اعمال کو نہ چھوڑنے کا نتیجہ تھا کہ ہماری کسی کی موت نہ ہوئی۔ خاص طور پر سورۂ بقرہ تو ہم نے اتنی پڑھی اور اتنی لگائی کہ گھر کے ہر فرد کو یاد ہوگئی۔ مجھے یاد ہے بیس سالوں میں بے شمار قاری حضرات اور عامل آئے ان میں سے چار ایسے تھے جو چند دنوں کے اندر اندر وفات پا گئے اور باقی بھاگ گئے۔ نحوست نے ہماری جان نہ چھوڑی' پھر وہ چیزیں نکلنے کے بعد ہمارا گھر بکا اور یقین نہیں کریں گے 90 لاکھ مارکیٹ میں ریٹ تھا اور ہم نے صرف 21 لاکھ میں بیچ کر اپنی جان چھڑوائی۔ اب ہم ایک چھوٹے سے گھر میں رہتے ہیں اور پرسکون ہے اور اس سے بھی حیرت انگیز بات جسے پڑھ کر شاید آپ یقین نہ کریں جن کو گھر بیچا ان کا کہنا ہے کہ اس گھر میں جب سے آئے ہیں ہمیں ترقی ملی' کامیابی ملی' رزق بے شمار ملا' کوئی ڈر نہیں نہ کوئی ہمیں تنگ کر رہا ہے' یہ گھر ہمارے لیے سعودی عرب سے کم نہیں ہے۔ یعنی پہلے اگر ہم ایک ہزار کماتے تھے تو یہاں آکر ہماری آمدن پچاس ہزار ہوگئی ہے۔

آستانہ منت مراد جاتے ہی طبیعت خراب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ چار ماہ سے طبیعت انتہائی خراب' دماغ جکڑا ہوا' کندھوں پر بوجھ' بس بستر پر لگ کر رہ گیا' ہر ٹیسٹ' ہر علاج کروالیا مگر کوئی فرق نہ پڑا' بہت پریشان تھا' میری خالہ میرا پتہ لینے آئیں تو انہوں نے مجھے ہجویری محل ''آستانہ منت مراد'' کے متعلق بتایا' کہ وہاں جاؤ' تمہارا مسئلہ روحانی لگتا ہے' ان شاء اللہ وہاں تمہیں شفاء ملے گی' میں اپنے والد کے ساتھ وہاں گیا' آستانہ منت مراد میں داخل ہوتے ہی میری طبیعت خراب ہوگئی' ایسے جیسے کسی نے میرا دماغ زور سے پکڑ لیا اور کوئی گردن دبوچ رہا ہے' والد پریشان ہو گئے' میرے والد مجھے سورۂ رحمٰن کے شفائی کمرہ میں لے گئے' وہاں کچھ دیر میں میری طبیعت بحال ہونا شروع ہوگئی اور میرے کندھوں سے بوجھ کم' دماغ کی جکڑن ختم ہوگئی۔ میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اس کے بعد دو ماہ تک ہر اتوار کو جاتا رہا' میں بالکل صحت یاب ہوگیا۔ (نعمان گجر' کوٹ عبدالمالک)

میں بے اولاد یوں ہی نہ رہا! کچھ گناہ میرے بھی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو کئی سال ہوگئے تھے لیکن میرے ہاں اولاد نہیں تھی۔ بڑے بڑے اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے چیک اپ کروایا اور مہنگے مہنگے ٹیسٹ بھی کروائے رپورٹ صحیح آتی تھی مگر اولاد کی نعمت سے محروم تھا۔ ایک اللہ والے کے پاس گیا انہوں نے مراقبہ کے بعد فرمایا کہ تمہاری بیوی کی عادات اور بدزبانی کی وجہ سے پڑوسی اور محلے والے تنگ ہیں اسی وجہ سے تمہاری اولاد نہیں ہورہی‘ اپنی بیوی سے کہو کہ پڑوسیوں اور اہل محلہ سے معافی مانگے اور اللہ تعالیٰ سے سچی توبہ کریں ان شاء اللہ اولاد ہوجائے گی۔ ان اللہ والے کی وجہ سے مجھے پتہ چلا کہ پڑوسیوں اور اہل محلہ کو تنگ کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اولاد کا ہونا بند فرما دیتا ہے۔ حالانکہ کسی انسان، ڈاکٹر کی توجہ اس طرف نہیں جاتی کہ حقوق العباد کو تلف کرنے اور پڑوسیوں، رشتہ داروں کو تکلیف، دکھ دینے اور دل آزاری کرنے کی وجہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ اولاد کی نعمت روک دیتے ہیں۔ کبھی بھی کسی انسان کی دل آزاری، تکلیف، اذیت نہیں دینی چاہیے کبھی کسی انسان سے بدتمیزی، بے ادبی نہیں کرنی چاہیے کبھی کسی کو ذلیل ورسوا نہیں کرنا چاہیے۔ ہمیں بھی سوچنا چاہیے کہ ہماری پریشانی کی وجہ اور اسباب کسی کی دل آزادی کرنے کی وجہ سے تو نہیں ہے؟۔ اپنے رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق کا خیال رکھیں۔ مجھے تو اپنی اولاد نہ ہونے کے اسباب کا پتہ چل گیا ورنہ ساری زندگی ڈاکٹروں، حکیموں کے چکر میں پڑا رہتا۔ میرا تجربہ ہے تلوار کا زخم بھر سکتا ہے زبان اور دل آزاری کا زخم نہیں بھر سکتا۔ میں نے اور میری اہلیہ نے تمام محلہ داروں‘ رشتہ داروں سے جا کر ہاتھ جوڑ کر معافی مانگی‘ حالانکہ کئی وجہ بھی نہ جانتے تھے کہ آپ لوگ معافی کیوں مانگ رہے؟ جب سب نے معاف کردیا پھر رب العزت کے حضور آنسوؤں کی جھریوں کے ساتھ متوجہ ہوئے اور اللہ کریم نے کرم کردیا۔ میں تمام عبقری کے قارئین سے گزارش کرتا ہوں بدتمیزی، زبان سے تکلیف دینے اور دل آزاری کرنے سے بچیں پھر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں رحمتوں کا مشاہدہ کریں۔

(آفاق احمد، کراچی)

میری رسوائی کا بدلہ قدرت نے لیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور اس میں موجود وظائف بھی پڑھتی ہوں اور میرے بہت سے مسئلے حل ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیروں خوشیاں دے اور آپ کی نسلوں کو خوشیاں اور رزق دے آپ میرے لیے گھنا سایہ ہیں اور ٹھنڈی چھاؤں ہیں۔ میرے بہت سے مسائل تھے مگر جب سے آپ سے تعلق بنا ہے اس دن سے میری مشکلات آہستہ آہستہ ختم ہورہی ہیں آپ نے مجھے فَحَسْبُهُمْ ، اذان والا عمل دیا تھا کہ ہر پانچ منٹ بعد پڑھنا ہے۔ جس کے پڑھنے سے میرے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ عبقری سے تعلق سے پہلے میں جب سسرال میں تھی تو میری شوہر سے اکثر لڑائی جھگڑا رہتا تھا۔ ایک دن میری نندیں آئی ہوئی تھی تو ایک نند نے کہا تھا کہ اماں کے بالوں میں تم کنگھی کردو۔ میں نے اپنی ساس کے بالوں میں کنگھی کردی۔ اگلے دن میں اپنی ماں کے گھر آگئی۔ جب میں رات کو گھر گئی تو میری نندوں نے مجھے مارنا شروع کردیا کہ تم نے ہماری ماں کے بال کاٹے ہیں۔ میں نے ان لوگوں کو بہت یقین دلایا کہ میں نے بال نہیں کاٹے۔ میں نے بہت قسمیں کھائی۔ پھر ایک دن میری نند نے قرآن پاک اٹھا کر میری جھولی میں رکھ دیا کہ قسم کھاؤ تم نے بال نہیں کاٹے‘ میں اس وقت حمل سے تھی سات ماہ تھے۔ مجھ پر انہوں نے بہت ظلم کیا اور گھر سے نکال دیا۔ اب میں اپنی امی کے گھر ہوتی ہوں میرے شوہر کی میرے ساتھ دوسری شادی تھی اب اس نے تیسری شادی کرلی ہے۔ بچے میرے پاس ہوتے ہیں۔ یہ تمام قصہ لکھنے کا مقصد یہ تھا کہ میری اس نند کے ساتھ کیا ہوا؟ جس نے میرے ساتھ یہ ظلم کیا اور قرآن پاک میری جھولی میں رکھا تھا۔ وہ نند اس وقت شادی شدہ تھی‘ اس کے پھر چار بچے ہوئے‘ وہ چاروں بچے بیمار ہیں‘ اللہ معاف فرمائے‘ کسی کا دماغ چھوٹا ہے یا کوئی بچہ ہر وقت بیمار رہتا ہے اور میری نند کی آنکھ کے پاس رسولی بن گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی لاٹھی بے آواز ہے۔ مگر میں نے ان سب لوگوں کو معاف کردیا ہے۔ مگر مجھے شوہر کا ہر وقت انتظار رہتا ہے کہ کیا پتہ آج ہی ملنے آجائے۔ میری والدہ بھی بیمار رہتی ہیں لیکن جب سے آپ سے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا ہے اس کے بعد ان کی طبیعت ٹھیک رہنا شروع ہوگئی ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ آٹا گوندھتے وقت میں صرف اکتالیس مرتبہ پڑھتی ہوں یا سالن بناتے ہوئے اکتالیس مرتبہ پڑھتی ہوں‘ میرے بچے پہلے سے بہت اچھے ہوگئے ہیں پہلے ضدی بہت تھے لیکن اب کہنا بھی مانتے ہیں۔ **غیبی مدد کی دعا:** آپ کے درس سننے کے لیے میرے پاس میموری کارڈ نہیں تھا۔ میں نے وضو کی دعا کے بارے میں عبقری رسالہ میں پڑھا تو جب بھی میں وضو کرتی ہوں تو وضو کی دعا کا اہتمام کرتی ہوں جس سے اللہ تعالیٰ نے غیب سے میری مدد کرنا شروع کردی۔ میری والدہ خود غریب لوگ ہیں وہ اپنا گھر مشکل سے پورا کرتے ہیں تو پھر میں نے اعمال کرنے شروع کردیئے اب میرے پاس دو میموری کارڈ ہیں جو میں ہر وقت سنتی رہتی ہوں۔ وضو کی دعا اور اعمال کی برکت سے میرے بچے اچھے سکول میں پڑھائی کررہے ہیں حالانکہ میرے پاس اتنے پیسے نہیں ہوتے۔ بچے جہاں پڑھتے ہیں ان کی فیس 1500 ہے جس میں سے 300 میں دیتی ہوں باقی فیس سکول کی ہی ایک ٹیچر ہے وہ دیتی ہے۔ یہ سب وضو کی دعا کی برکت سے ہوا ہے۔ اللہ نے غیب سے بندوبست کردیا ہے۔ یہ تحریر عبقری رسالہ میں ضرور شائع کیجئے مگر میرا نام شائع نہ کیجئے۔ (پوشیدہ)

دو ٹوٹکے آپ کی نظر! بس لائیے‘ استعمال کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کو قیامت تک شاد وآباد رکھے‘ آپ عبقری کے ذریعے ہم سب پر بڑا احسان کررہے ہیں۔ درس سن رہا ہوں‘ زندگی بدل رہی ہے۔ میں دو عدد ٹوٹکے عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں۔ **موہکوں کا علاج** مجھے موہکے نکلے تو میں نے ایک دوست کے مشورے سے ہومیو پیتھک کی دوا Natural Warts Remover استعمال کی‘ تو تمام سفید اور کالے موہکے ختم ہوگئے جس دوست کو بھی استعمال کروایا تو وہ بھی ٹھیک ہوگئے۔ **پاؤں کی چنڈیاں کا علاج:** میرے پاؤں میں چنڈیاں نکلیں تو میں نے ڈیوفلم Duofilm ایلو پیتھک دوا استعمال کی تو وہ چنڈیاں ختم ہوگئیں۔ نوٹ: یہ لیکویڈ پاؤں ہاتھوں پر نشانات کیلئے ہے‘ چہرے پر ہرگز نہ لگائیں۔ مزید معالج سے مشورہ کرلیجئے۔ (مدثر حسین ملک‘ پشاور)

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کی احمد پوری

کھانا پکانے کیلئے بہترین تیل تل کا ہے!

فرمان حضرت علی سلام اللہ ورضوانہ،

گرمیوں میں کھانا پکانے کیلئے بہترین تیل تل کا ہے!

جدید سائنس کے مطابق

تل کی 3 اقسام ہوتی ہیں۔ یہ سفید، کالے اور لال رنگ میں پائے جاتے ہیں۔ لیکن کالے اور سفید تل زیادہ مشہور ہیں۔ تل کے بیج پیس کر ان کا تیل نکالا جاتا ہے جسے میٹھا تیل کہتے ہیں۔ یہ تیل ہلکا پھلکا اور چکنائی سے پاک ہوتا ہے اور آسانی سے جلد میں جذب ہو جاتا ہے۔ سیاہ تلوں سے نکلنے والا تیل کھانے پکانے اور ادویات میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ سفید تلوں کے تیل کو سر میں لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس وقت مارکیٹ میں نقصان دہ فیٹس والی اشیاء دستیاب ہیں، تلوں کا تیل پولی ان سیچوریٹڈ اور مونو سیچوریٹڈ فیٹس سے بھرپور ہوتا ہے جبکہ سیچوریٹڈ فیٹس کم ہوتے ہیں جو کہ اسے دل کے لیے صحت مند اور کولیسٹرول کی سطح کنٹرول میں رکھنے کے قابل بناتے ہیں۔ طبی ماہرین ایک طویل تحقیق کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ کھانا پکانے میں پولی ان سیچوریٹڈ یا مونو ان سیچوریٹڈ چکنائی والے تیل استعمال کیے جائیں اور یہ خصوصیات تل کے تیل میں موجود ہیں۔ یہ ذیابیطس، بلڈ پریشر، کینسر، ہڈیوں کی کمزوری، جلد کو پہنچنے والے نقصانات، دل کی بیماریوں، منہ کی بیماریوں، اور کشیدگی سے بچاتا ہے اور جسم کو ڈی ٹاکسی فائی کرتا ہے۔ تل کا تیل میگنیشیم، کیلشیم، زنک، آئرن، فاسفورس، پروٹین اور وٹامن بی اور B6 سے بھرپور ہوتا ہے۔ گرمیوں میں کھانے پکانے میں تل کے تیل کا استعمال بہت ساری بیماریوں کے خلاف مزاحمت فراہم کرتا ہے۔ تل کا تیل اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی سوزش کی خصوصیات اور مہاسوں کو کم کرتا ہے، ذیابیطس کے اثرات کو کم اور جوڑوں کے درد کو روکتا ہے۔ ایک حالیہ تحقیق میں، ہائی بلڈ پریشر کے شکار افراد کو ایک مہینے کے لئے تل کا تیل دیا گیا تھا اور ایک ماہ کے آخر میں ان کا بلڈ پریشر کافی حد تک کنٹرول ہو گیا تھا۔

تِل کے مزید فوائد: تِل جلد کو نرم وملائم رکھتے ہیں۔ یہ اندرونی طور پر ہونے والی خراش کو ختم کر کے سکون پہنچاتے ہیں۔ **بواسیر کے مرض میں تِل:** تِل بواسیر کے مرض میں بھی مفید ہیں۔ تِل پانی کے ساتھ گرائنڈ کر کے خونی بواسیر کے علاج کے لئے استعمال کیے جاتے ہیں۔ **خون کی کمی دور کرے:** خون کی کمی کو دور کرنے کے لئے کالے تِل بہترین ہیں کیونکہ ان میں آئرن کی وافر مقدار ہوتی ہے۔ اگر کالے تل نیم گرم پانی میں بھگو کر گرائنڈ کر کے چھان کر اس میں دودھ ملا کر پیا جائے تو چند روز میں خون کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ **کینسر سے بچاؤ:** تِل میں موجود اہم معدنیات اور وٹامنز کینسر کی تمام اقسام سے بچاؤ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ **موٹا ہونا چاہتے ہیں تو:** موٹے ہونے کے خواہشمند افراد تِل کو بادام اور خشخاش کے ساتھ کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ **بستر پر پیشاب کی عادت چھڑوایئے:** بچوں کے بستر پر پیشاب کرنے کی عادت چھڑوانے میں تِل اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے لئے آپ تِل کے لڈو یا تِل کی چکی کا استعمال عمل میں لا سکتے ہیں۔ **نمونیہ اور دمہ ختم:** تِل اور السی کے بیج ہم وزن تقریباً دو چمچ لے کر ایک چٹکی نمک اور تھوڑا سا شہد ملا کر روزانہ کھانے سے نمونیہ اور دمہ کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ **ماہواری کے مسائل ختم:** آدھا چمچ پسے تِل نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار کھانے سے حیض کے مسائل جیسے شدید درد اور حیض کی کمی وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔

تِل میں موجود وافر کیلشیم کے باعث ہڈیوں کے مسائل سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ **نظام ہاضمہ کیلئے بہترین:** نظامِ ہاضمہ کے لئے بہترین ہیں۔ ان میں فائبر پایا جاتا ہے جو قبض سے محفوظ رکھتا ہے۔ **شوگر سے بچاؤ:** ان میں میگنیشیم پایا جاتا ہے جس کے باعث ذیابیطس کے خطرے سے بچا جا سکتا ہے۔ **انرجی اور میٹابولزم بڑھایئے:** تِل انرجی اور میٹابولزم کو بڑھاتے ہیں۔ اس میں پائے جانے والے اہم اجزاء کے باعث بالوں اور جلد کے لئے بہترین ہیں۔ یہ دل کے نظام کی کشیدگی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اللہ والے کی ماننے میں خیر

ایک دانشور کسی اللہ والے کی زیارت کے لیے گئے۔ حاضرین مجلس نے ان کا بڑا احترام کیا اور لوگوں نے ان اللہ والے سے اس کا تعارف اس طرح کرایا کہ یہ اس وقت سب سے زیادہ باکمال اور صاحب علم ہیں۔ بزرگ نے دریافت فرمایا: ''سب سے زیادہ انہیں کس علم میں کمال حاصل ہے؟'' لوگوں نے کہا: ''علم نجوم میں'' یہ سنتے ہی بزرگ کو بڑی کوفت ہوئی۔ انہوں نے جواب میں ارشاد فرمایا: ''میرا خیال ہے کہ سفید گدھا ان سے زیادہ علم نجوم کا ماہر ہوتا ہے'' بزرگ کی اس گفتگو سے انتہائی برہم ہوا اور درویش کو حقیر جان کر دانش ور اٹھ کھڑا ہوا اور اپنے گھر کو روانہ ہو گیا۔ اتفاق سے اس سفر میں ایک گدھے والے کے مکان پر رات بسر کرنا پڑی۔ دانشور نے مکان کے باہر صحن میں اپنا بستر جمایا تو ایک دم گدھے والا کہنے لگا: ''آپ مکان کے اندر بستر لگائیں کیونکہ عنقریب بڑی خوفناک بارش ہونے والی ہے اور سیلاب کا خطرہ ہے'' دانشور اس کی بات سن کر بڑا حیران ہوا اور اس سے پوچھ تمہیں کیسے علم ہوا کہ بارش ہونے والی ہے'' گدھے والے یہ جواب دیا: صاحب میرا یہ سفید گدھا جس رات تین مرتبہ اپنی دم آسمان کی طرف اٹھا دیتا ہے تو رات بھر بارش نہیں ہوتی اور جب یہ اپنی دم زمین کی طرف جھکا کر ہلاتا ہے تو میرا برسوں کا تجربہ ہے کہ اس رات ضرور زوردار بارش ہوتی ہے۔ چنانچہ واقعی تھوڑی دیر کے بعد ہی بارش شروع ہو گئی اور قریبی ندی میں سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی۔ اب دانشور کو خیال آیا کہ واقعی اس درویش اللہ والے نے سچ فرمایا تھا گدھا مجھ سے زیادہ علم نجوم جانتا ہے۔ لہٰذا صبح ہوتے ہی یہ واپس اسی درویش کے پاس گیا اور جا کر اپنی گستاخی کی معافی مانگی۔ واقعی اللہ والے کی ماننے میں ہی خیر ہوتی ہے ورنہ رب جاگتی آنکھوں سے اوقات دکھا دیتا ہے۔

پیسہ پیسے کو کھینچا ہے اپنی آنکھوں سے دیکھیں! ایک نوٹ شیخ الوظائف سے لیں اپنے پیسوں میں رکھیں اور پھر نوٹ گنتے جائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

ہارٹ اٹیک کے باوجود صحتمند زندگی کا راز مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے ڈاکٹر نے دل کی تکلیف بتائی تو مجھے ہمارے رشتے داروں میں ایک شخص جس کو دو بار ہارٹ اٹیک آچکا تھا وہ کمزور ہونے کی بجائے دن بدن صحت یاب ہو رہا ہے میں بہت حیران تھا کہ دو بار اٹیک کا شکار ہونے والا اتنی تیزی سے صحت یاب کیسے ہوسکتا ہے۔ ایک روز کسی شادی میں اس سے ملنے کا موقع ملا اور اس سے اس چیز کی وضاحت پوچھی تو اس نے بتایا کہ دو اٹیک کے بعد پرہیزی کھانا کھاتا رہا اور ڈھیروں ادویات اپنے اندر پھینکتا رہا جس سے طبیعت میں بے چینی، ذہنی دباؤ کا شکار تھا۔ ان رنگ برنگی ادویات سے چھٹکارا چاہتا تھا جس کا متبادل نہیں مل رہا تھا۔ پھر ایک دوست نے مجھے بتایا کہ عبقری دواخانہ کا دل شفاء سیرپ بہت ہی اچھے رزلٹ کا حامل ہے۔ میں پھر ٹائم نکال کر عبقری دواخانہ گیا وہاں آپ کے اسسٹنٹ بیٹھے ہوئے تھے انہیں تمام احوال سے آگاہ کیا۔ تو انہوں نے مجھے دس بوتل ''دل شفاء'' سیرپ کی استعمال کرنے کا کہا۔ میں پانچ بوتل لے کر آیا اور استعمال شروع کیا پہلے تو دل شفاء کے ساتھ ساتھ انگریزی ادویات کا استعمال جاری رکھا پھر آہستہ آہستہ گولیاں کم ہوتے ہوتے اب تمام گولیاں کھانا بند کر دی ہیں اور بس دل شفاء سیرپ کا ہی استعمال جاری رکھے ہوئے ہوں شکر ہے اللہ پاک کا صحت مند ہو رہا ہوں اکثر چیزیں جن سے پرہیز تھا وہ بھی کھانا شروع کر دی ہیں لیکن احتیاط کے ساتھ۔ میں نے اس کو بتایا کہ یہ سب پوچھنے کا مقصد یہ تھا کہ مجھے بھی ڈاکٹر نے تھوڑا دل کا مسئلہ بتایا گیا ہے تو اس نے فوراً سے کہا کہ دل شفاء کا استعمال آج سے ہی شروع کر دو۔ میں نے اس سے ایڈریس لیا اور اگلے دن عبقری دواخانہ پہنچ کر چھ بوتل دل شفاء سیرپ کی لے کر استعمال شروع کیا یعنی کہ مسلسل چار ماہ میں دل شفاء استعمال کرنے کے بعد جب ڈاکٹر کے پاس گیا اور ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ دل کا مسئلہ نہیں رہا تھا میں بہت خوش ہوا ڈاکٹر نے کہا کہ آپ نے دوائی لینے میں ناغہ نہیں کیا اس وجہ سے آپ کتنی جلدی صحت یاب ہو گئے۔ میں نے کہا میں نے تو ایک دن بھی دوائی نہیں کھائی۔ ڈاکٹر حیران ہو گیا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے دوائی بھی نہیں کھائی اور تندرستی بھی مل گئی۔ پھر میں نے اس کو دل شفاء کے بارے میں بتایا تو کہنے لگا واقعی بہت ہی اچھا سیرپ ہے جس سے تمہارا مرض ختم ہو گیا ہے۔ مجھے بتاؤ کونسی کمپنی کا ہے؟ میں نے جب عبقری دواخانہ کا نام لیا تو ڈاکٹر صاحب کہنے لگے ہاں ہاں ٹھیک ان کی ادویات واقعی اچھی ہوتی ہیں اور دواخانہ کے بڑے حکیم صاحب کا یوٹیوب پر درس بھی آتا ہے اور میں بھی اکثر سنتا ہوں بہت ہی راحت بخش الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ (محمد احسان، قصور)

والد محترم کو گھٹنوں کے درد سے افاقہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کی عمر 80 سال کے قریب ہے اور گھٹنوں کی تکلیف میں مبتلا تھے بغیر سہارے کے بیت الخلاء تک بھی نہیں جاسکتے تھے۔ ان کے لیے میں پریشان تھا انگریزی دوائی کا بھی استعمال نہیں کروا سکتا تھا کیونکہ انگریزی دوائی ویسے بھی لینے سے وہ اجتناب کرتے تھے۔ اب مجھے دیسی اور خالص ادویات کی تلاش تھی جو کہ عبقری دواخانہ پر آکر ختم ہوئی۔ جہاں میں نے آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے مشورہ کیا اور انہوں نے والد صاحب کو انوکھی شفاء استعمال کرنے کا کہا۔ میں دو ڈبی لے کر چلا گیا اور والد صاحب کو استعمال کروانا شروع کی۔ چند ہفتوں کے استعمال سے والد صاحب کو واضح فرق محسوس ہوا اور کہنے لگے بچہ یہ دوائی بالکل ٹھیک ہے اور مجھے اس سے کافی فرق محسوس ہو رہا ہے۔ یہ سن کر میرے دل سے عبقری اور آپ کے لیے بہت سی دعائیں نکلیں۔ اب تو میرا عبقری کی ادویات پر اعتماد اور بھی زیادہ ہو گیا تھا۔ اب جب بھی گھر میں کسی بڑے یا چھوٹے کو کوئی بھی جسمانی مسئلہ ہوتا ہے تو میں سب سے پہلے عبقری دواخانہ کو ترجیح دیتا ہوں۔ (نصر اللہ شاہ، مانگا منڈی)

گیس، بدہضمی جیسے مسائل سے دوچار تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا گیس، بدہضمی، سینے کی جلن کا مسئلہ تھا جو ایک عرصہ سے چلا آرہا تھا بہت ادویات استعمال کیں لیکن کوئی خاص فرق نہیں پڑا پھر بازار سے ایک پڑیا ملتی ہے جس کو کھاتے ہی دو منٹ میں ہر چیز ہضم ہو جاتی ہے وہ میں نے ایک عرصہ استعمال کی اس کا فائدہ تو ہوا لیکن ایک بہت بڑا نقصان یہ ہوا کہ میرے معدے میں زخم ہو گئے جس وجہ سے میری بیماری میں مزید اضافہ ہو گیا۔ پھر مجھے عبقری دواخانہ کا پتہ چلا اور یہاں آکر آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کے لیے انتظار کر رہا تھا کہ ساتھ والے شخص سے تھوڑی بات ہوئی تو میں نے اس کو بتایا کہ میں اس مسئلہ کے لیے آیا ہوں تو اس نے کا ان کی ایک فیملی شفاء ساشے میں آپ وہ استعمال کر لیا کریں آپ کو کسی بھی دوائی کی ضرورت نہیں پڑے گی میں نے فوراً سے ایک ساشے کا ڈبہ فیملی شفاء لیا اور اسی دن سے رات کے کھانے کے بعد استعمال کی صبح اٹھا تو میرا معدہ بالکل ہلکا پھلکا تھا۔ سینہ کی جلن نہیں تھی بہت ہی لاجواب پڑیا ہے اور ہے بھی انتہائی سستی جو ہر ایک کی پہنچ میں ہے۔ میرے علاوہ گھر میں تمام چھوٹے بڑے بھی فیملی شفاء کا اکثر استعمال کرتے ہیں۔ (چوہدری ارشد، پھولنگر)

کتابیں قدردان کو ملنے سے جسمانی و دماغی سکون مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کو کتابیں پڑھنے کا شوق تھا اس کی کتابوں کا ایک کاٹن اس کے کمرے میں کافی سالوں سے پڑا تھا خود وہ دبئی میں ہوتا ہے۔ جب بھی کتابوں کی بات کرو تو کہتا میری کتابوں کو ہاتھ نہ لگانا۔ میں عبقری رسالہ پڑھتی تھی جب میں نے اس میں ایک باکس دیکھا کہ آپ کتابوں کی کتنی قدر کرتے ہیں تو میں نے فون پر بھائی کو سمجھایا کہ یہ کتابیں کسی ردی والے کے ہاتھ میں نہیں جائیں گی بلکہ قدردان کے ہاتھ میں جائیں گی تو وہ مان گیا کہ دے دو میں نے جب کتابیں عبقری دواخانہ دے دیں تو بھائی کو کال کر دی۔ دو دن بعد بھائی کی کال آئی کہ میرے سر سے بوجھ سا اُتر گیا ہے کیونکہ کتابوں سے مجھے محبت تھی اور ان کا اس طرح کمرے میں ردی کی طرح پڑا رہنا میرے دل پر بوجھ کی طرح تھا جب سے تم نے عبقری میں کتابیں جمع کروائی ہیں مجھے جسمانی و دماغی سکون مل گیا ہے۔ مجھے یہاں بیٹھے محسوس ہو رہا ہے کہ میری کتابیں محفوظ ہیں اور کسی قدردان کو ملی ہیں۔ (سدرہ نثار، واہگہ)

بیٹی دس اور بیٹا پندرہ سال سے بے اولادی کا شکار ہے تو پریشان والدین مزید پریشان مت ہوں شیخ الوظائف سے شیرینی لے جائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

بے خوابی نے زندگی عذاب بنا رکھی تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ چار سال سے بے خوابی، ڈپریشن میں مبتلا تھی جس وجہ سے شوگر کی شکایت بھی ہوگئی۔ انگریزی ادویات کا استعمال روزانہ کے معمول میں شامل تھا۔ ایک روز ایک جاننے والی خاتون نے عبقری رسالہ تھما دیا اور اس کے مطالعہ کا مشورہ دیا اور ساتھ بتایا کہ یہ رسالہ تمہاری روحانی وجسمانی بیماریوں کے لیے ایک خزانہ ہے اس کی قدر کرنا۔ میں نے اس کا مطالعہ شروع کیا اس میں واقعی کافی اچھی چیزیں تھیں میں نے سوچا کہ مجھے عبقری دواخانہ جا کر چیک اپ کروانا چاہیے میں عبقری دواخانہ آئی یہاں آپ کے اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے 10 بوتل سکون افزاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ابھی پانچ بوتل ہی استعمال کیں تھیں کہ بے خوابی، ٹینشن بالکل ختم ہوگئی۔ میں سارا دن پرسکون رہتی جبکہ مزاج میں چڑچڑا پن بہت زیادہ تھا مجھ سے کسی کی بھی بات برداشت نہ ہوتی تھی جبکہ اب کوئی میرے ساتھ غصہ سے بھی بات کرے تو مجھے غصہ نہیں آتا اور میں پراعتماد انداز میں اس کی بات کا جواب دیتی ہوں۔ پہلے ساری ساری رات جاگ کر گزرتی تھی جس وجہ سے دن بدن ذہنی مریضہ بنتی جارہی تھی مگر اب جب سے سکون افزاء کا استعمال شروع کیا ہے ساری رات آرام سے نیند آتی ہے اور فجر کے وقت خود بخود نماز کے لیے آنکھ کھل جاتی ہے۔ صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد ذکر اذکار میں مشغول ہو جاتی ہوں اور یہ ذکر سارا دن گھر کے کام کاج کرتے ہوئے میری زبان پر رہتا ہے جس سے اپنے اندر ایک روحانی سکون محسوس کرتی ہوں اور اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں۔ (شاہدہ بی بی، کوٹ نورشاہ)

چہرہ بدنما دانوں سے صاف اور شفاف ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ پاک آپ کو صحت وتندرستی اور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین۔ تین سال پہلے عبقری رسالہ سے ہمارا تعارف ہوا ہم سب گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں میں گزشتہ چار سال سے جلدی مسائل کا شکار تھی چہرے پر داغ، دھبے اور گڑھے پڑ چکے تھے اپنی کزنز کے سامنے بھی چہرہ چھپا کر رکھتی، بے شمار ملٹی نیشنل کمپنیز کی کریمیں استعمال کرتی رہی مگر مسئلہ درست ہونے کے بجائے مزید بگڑ جاتا۔ جب عبقری رسالہ گھر میں آنا شروع ہوا تو اس میں سے نمبر دیکھ کر عبقری دواخانہ کال کی۔ آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو مختصر الفاظ میں اپنی پریشانی بیان کی۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی ایک دوائی خون صفاء اور حسن جمال کریم استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری رسالہ سے دیکھا کہ ہمارے شہر میں عبقری ایجنسی کہاں ہے تو اوکاڑہ کا نمبر درج تھا کال کر کے جگہ معلوم کی اور چھوٹے بھائی کو اگلے دن بھیج دیا۔ وہ ایک عدد حسن جمال کریم اور ایک عدد خون صفاء ڈبی لے آیا میں نے لکھی ہوئی ہدایات کے مطابق عمل کرتے ہوئے کریم اور دوائی کا استعمال شروع کیا۔ ختم ہونے پر دوبارہ پھر منگوائی تقریباً تین تین ڈبی استعمال کرنے کے بعد میرا چہرہ جو دیکھنے کے بھی قابل نہیں تھا آہستہ آہستہ صاف ہونا شروع ہوگیا اور آخر میرا چہرہ بدنما دانوں سے صاف اور شفاف ہوگیا۔ اور میں آج بھی سوچتی ہوں کہ عبقری نہ ملا ہوتا تو شاید ایسی شکل وصورت کے ساتھ مجھے جینا پڑتا لیکن اللہ پاک نے مجھے صحت وتندرستی عطا کی۔ اب خاندان میں کسی بھی لڑکی کو ایسی تکلیف ہوتی ہے تو میں اس کو عبقری دواخانہ کے بارے میں بتاتی ہوں۔ (حرا عثمان، اوکاڑہ)

چنبل جیسی ضدی بیماری سے چھٹکارا چند ماہ میں ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ہم تسبیح خانے کے ساتھ جڑے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہمیں بہت شفاء ملی ہے۔ مجھے پچھلے پانچ سال سے چنبل تھی بہت جگہ سے علاج کروایا کچھ ماہ کے لیے تو شفاء مل جاتی لیکن پھر بیماری ہری ہو جاتی جس کو لے کر میں ذہنی ٹینشن میں بھی مبتلا ہوگئی تھی۔ لیکن اس بیماری اور ذہنی ٹینشن سے مجھے عبقری نے چھٹکارا دلوایا۔ میں راولپنڈی سے لاہور عبقری دواخانہ پہنچی اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو اپنی بیماری سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے میری بات بہت ہی اطمینان سے سنی اور مجھے تسلی دی کہ میری بتائی ہوئی دوائی کا استعمال اگر آپ کچھ ماہ کریں گے تو ان شاء اللہ آپ کو چنبل دوبارہ کبھی نہیں ہوگی۔ انہوں نے مجھے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ اور مرہم سکون لگانے کا مشورہ دیا میں نے ان کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ اور مرہم سکون کا استعمال شروع کیا مسلسل سات ماہ دوائی اور مرہم کے استعمال سے میرا اس بیماری سے پیچھا چھوٹ گیا۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور مجھے ایک خدشہ تھا کہ بیماری فی الحال تو چلی گئی ہے اب دوبارہ نہ ہو اس بارے میں سوچنے لگی۔ آخر جب تین سے چار ماہ گزرے تو مجھے چنبل کی شکایت تک نہ ہوئی پھر میں سمجھ گئی کہ اس بیماری کا جڑ سے خاتمہ ہوگیا ہے ورنہ ادویات کے استعمال کے دو ماہ بعد ہی دوبارہ سے بیماری ہری ہونا شروع ہو جاتی تھی لیکن عبقری دواخانہ کی ادویات اور مرہم سکون کے استعمال سے بیماری کا خاتمہ ہوا۔ (شبنم نورین، راولپنڈی)

ایام کا مسئلہ حل، جسم سے فالتو چربی جاتی رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 33 سال ہے اور پہلے بچے کے بعد مجھے ایام کئی ماہ تک نہیں آئے جس کی وجہ سے میرا جسم پھول گیا، چہرے پر فالتو بال آنا شروع ہوگئے۔ میں بہت پریشان ہوگئی کہ میں تو موٹاپے کی طرف جارہی ہوں جس کو کنٹرول کرنے کے لیے میں نے چکنائی والی چیزیں کھانا چھوڑ دیں اور پرہیزی کھانے شروع کر دیئے۔ انہیں دنوں میں میری خالہ میرے گھر آئیں میں نے ان سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ تم پرہیزی کھانے مت کھاؤ جو دل کرتا ہے کھاؤ کیونکہ یہ موٹاپا کھانے سے نہیں ہوا بلکہ تمہارے ایام کا مسئلہ ہے کیونکہ تمہیں ایام آئے ایک سال کے قریب ہونے والا ہے۔ تم ایسا کرو عبقری دواخانہ کا ایام شفاء سیرپ استعمال کرو وہ بہت ہی لاجواب چیز ہے ان شاء اللہ ایک دو بوتل کے استعمال سے ہی تمہارا مسئلہ حل ہو جائے گا میں نے خالہ کے ذریعے ہی عبقری دواخانہ فون کروایا اور تین بوتل ایام شفاء کا آرڈر لکھا دیا جو اگلی شام تک مجھے مل گیا دی گئی ہدایات کے مطابق میں نے سیرپ کا استعمال کرنا شروع کیا الحمدللہ ڈیڑھ ماہ مسلسل استعمال سے میرا سال بھر کا جو حیض رکا ہوا تھا وہ آگیا جس سے مجھے سکون کا سانس آیا اور پھر وہی ہوا دو تین ماہ ایام باقاعدگی سے آنا شروع ہوگئے چھ ماہ کے اندر اندر میرا جسم واپس وہیں آگیا جہاں پہلے تھا۔ میرا ہارمونز کا مسئلہ بھی بالکل ٹھیک ہوگیا۔ وہی دن تھا جب خالہ کے ذریعے میرا عبقری سے تعلق جڑا اب ہر ماہ عبقری رسالے کا انتظار رہتا ہے کب آئے گا اور اس میں نئے نسخہ جات اور ٹوٹکے بھی میں آزماتی ہوں ہمیشہ ان سے فائدہ ہی ہوا ہے۔ (ر،ن۔ لاہور)

ناگہانی آفات سے محفوظ رہیں
صفحہ 41 پر لاہوتی نقش اپنے پاس رکھیں

گرمی، سردی ایڑیاں پھٹ جائیں تو

میری بھانجی کی عمر چھ سال ہے۔ اس کے پاؤں کے ناخن سخت ہیں۔ گرمی میں میری بھی ایڑیاں پھٹ جاتی ہیں۔ تیسری بات یہ کہ فریج کے نچلے خانہ میں پانی جمع ہو جاتا ہے جس سے فریج کو زنگ لگ رہا ہے، اس کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ میں روزانہ پانی صاف کر کر کے تھک چکی ہوں (فرخندہ رحمان، کھوڑ پکا)

مشورہ: بھانجی کے ناخن اگر اُبھرے ہوئے سینگ دار ہیں تو اچھے ڈاکٹر سے مشورہ کریں اگر صرف سخت ہیں تو اس پر مہندی کے پتے پیس کر تھوڑے سے تازہ مکھن میں ملا کر دن میں دو تین بار لگانے سے فرق پڑ جاتا ہے۔ پھٹی ایڑیوں کے لیے ویزلین میں موم ڈال کر ایک ہفتے رات کو سوتے وقت پھٹی ایڑیوں پر لگائیں افاقہ ہوگا۔ فریج کو زنگ سے بچنے کے لیے روزانہ نچلے خانہ میں جمع ہونے والا پانی خشک تولیہ کی مدد سے صاف کریں اور میٹھا سوڈا میں دو چمچ لیموں کا رس ملا کر کپڑے کی مدد سے پوری فریج کی صفائی کریں جس سے زنگ بھی ختم ہو جائے گا اور فریج خوشبو سے مہک بھی جائے گی۔

جلے کا نشان دور کرنے کیلئے

پانچ سال پہلے پلاسٹک کا جلا ہوا گرم کھلونا ہاتھ پر لگنے سے ہاتھ جل گیا۔ زخم تو ٹھیک ہو گیا مگر نشانات آج بھی باقی ہیں۔ ان نشانات کو ختم کرنے کے لیے کچھ بتائیں؟ (اہلیہ علی احمد، سکھر)

مشورہ: جلے کے نشانات دور کرنے کے لیے پانی میں کتھا ملا کر صبح و شام لگانے سے بھی نشانات چلے جاتے ہیں اس کے علاوہ اخروٹ کا مغز بھی پیس کر نشانات پر لگایا جاسکتا ہے۔ آپ مسلسل گھیکوار کا گودا نشانات پر لگائیں ان شاء اللہ نشانات نہیں رہیں گے۔

بچے کو کیا کھلاؤں؟ صحت بہترین ہو

میرا بچہ سات ماہ کا ہے میں اسے اپنا دودھ پلاتی ہوں مگر چند روز سے روتا رہتا ہے۔ لگتا ہے اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ بچے کو کیا کھلاؤں جس سے اس کا پیٹ بھر جائے اور وہ بھوکا نہ رہے۔ (بیگم عزیز الرحمن، لاہور)

مشورہ: آپ کے بچے کو اب ٹھوس غذا کی ضرورت ہے اس لیے وہ روتا ہے اس لیے بچے کو سوجی کا پتلا حلوہ، سوجی کی کھیر دودھ میں بنا کر دیں۔ ساگودانہ دودھ میں پکا کر کھلائیں، کیلا مسل کر دیں۔ گھر میں جو بھی پکے آپ اس میں سے سبزی، گوشت کی بوٹی نکال کر دھو کر اسے اچھی طرح مسل کر بچے کو دے سکتی ہیں۔ ایک آلو ابالیے اور چھلکا اتار کر مسل کر بچے کو کھلائیے۔

شوہر کو نیند نہیں آتی!

شوہر عارضہ قلب میں مبتلا۔ ادرک، لیموں اور لہسن والا نسخہ کتنے دن اور کتنی بار استعمال کراؤں۔؟ خود میں پریشانی کی وجہ سے بے خوابی کی شکار ہوں۔ نیند پوری نہ ہونے کے باعث صحت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے مجھے اچھا سا نسخہ عنایت فرمائیں۔ (ج، لاہور)

مشورہ: آپ ادرک، لیموں اور لہسن والا نسخہ صبح کے وقت روزانہ استعمال کروائیے۔ صرف ایک بار روزانہ لینا ہے۔ عبقری دواخانہ کا ''دل شفاء'' سیرپ بھی لے سکتی ہیں۔ اس کا بھی بہت اچھا رزلٹ ہے' نیند کیلئے عبقری دواخانہ کی سکون افزا پلائیں۔

خشک ہونٹ

سردی میں ہونٹ خشک ہو کر پھٹنے لگتے ہیں اس کے لیے کچھ بتائیں۔ (عامرہ، لاہور)

مشورہ: سردی کے موسم میں پانی کم پینے سے ایسی صورتحال درپیش ہوسکتی ہیں اس لیے کم از کم چھ گلاس پانی گن کر پینا شروع کریں۔ بادام اور سیب کے بیج پیس کر ان دونوں کا لیپ ہونٹوں پر لگائیں۔ رات سوتے وقت تیل روئی پر لگا کر ناف میں رکھیں اور صبح نکال دیجئے۔ دس پندرہ دن یہ عمل کریں ہونٹ ٹھیک ہو جائیں گے۔

معدے کی خرابی

بدہضمی رہتی' منہ میں لعاب رہتا بعض دفعہ قے آجاتی ہے' مشورہ دیجئے۔ (ا،ن۔ وزیر آباد)

مشورہ: آپ آدھا لیموں نچوڑ لیں اس میں اتنا ہی شہد ملا لیں اور آہستہ آہستہ انگلی سے چاٹیں۔ دن میں دو بار یہ نسخہ استعمال کریں۔ اس سے آرام ملے گا نیز معدے کی خرابی دور ہوگی۔

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں، چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں۔

پاؤں جلتے ہیں

گرمی ہو یا سردی میرے پاؤں تپ جاتے ہیں گھر میں ننگے پاؤں پھرتی ہوں تو پاؤں زمین پر رکھے نہیں جاتے۔ (بیگم کرامت، خان پور)

مشورہ: ہرا گھیا لیں اس کے تین چار گول گول قتلے کاٹ لیں ایک گلاس پانی میں ایک لیموں نچوڑیں، اس میں گھیا ڈالیں۔ پانی ٹھنڈا ہونا چاہیے اب لیموں والے پانی میں سے قتلے نکال کر پاؤں پر خوب مساج کریں، آخر میں لیموں کے چھلکے بھی خوب ملیں اس سے ٹھنڈ پڑ جائے گی۔ پورے تلوے، ایڑی، انگلیوں پر گھیے کے قتلے رگڑنے ہیں۔ گھیے کا استعمال کھانے میں بھی کریں۔ گھیا کھانے سے جسم کی حدت آہستہ آہستہ دور ہوگی۔

جوڑوں کا درد

میں ایک گاؤں میں رہتی ہوں۔ میرے بھائی کو کسی نے پارہ کھلا دیا جس سے ان کے جوڑوں میں درد ہے۔ کبھی دل کی دھڑکن بھی تیز ہو جاتی ہے۔ ایک حکیم صاحب سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ اس کے جوڑوں میں پارہ بیٹھ گیا ہے۔ اس کے لیے آپ کوئی ٹوٹکہ ہو تو بتا دیں۔ (ر،س۔ نوابشاہ)

مشورہ: اگر بہترین علاج کروایا جائے تو پارہ خارج ہو جاتا ہے۔ آپ انہیں کریلے پکا کر خوب کھلائیے۔ اگر کریلے کا موسم نہیں تو بکری کے دودھ میں عناب کا شربت ملا کر پلائیے۔ اس کے علاوہ چولائی کا ساگ بھی کھلایا جاسکتا ہے۔ چولائی رگڑ کے پانی میں ملا کر ہلکا سا گرم کر کے چھ سات دن نہانا بھی مفید ہے۔

چھالیہ مضر صحت

میرے بچے پان سپاری بہت کھاتے ہیں ان کے دانت بدرنگ ہو رہے ہیں بتائیے یہ کیسے ٹھیک ہوں گے۔ (مہ جبیں، کراچی)

مشورہ: پان چھالیہ مضر صحت ہے پہلے کوشش کریں کہ اپنے بچوں کو ان چیزوں کو چھوڑنے کی تلقین کریں۔ اچھے منجن کے ساتھ سے بھی دانتوں پر جما بدرنگ دور ہو جاتا ہے۔ شہد میں ذرا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملیں اس سے بھی دانتوں پر جمی میل ختم ہو جاتی ہے۔

پیاز کا شربت پیجئے! ہمیشہ صحت مند، طاقتور اور فٹ رہیے!

طیب فاروق، ہڑپہ

قدیم زمانے میں جب درد اور دافع بخار کی ادویات رائج نہیں ہوئی تھیں عام لوگ اپنے اکثر و بیشتر امراض کا علاج پیاز ہی سے کرتے تھے بلکہ علاج کا یہ سادہ طریقہ بہت مقبول طریقہ علاج تھا۔ اس کی وجہ پیاز کی افادیت تھی۔ اشک اور سبزی کو مختلف امراض میں پخت کر کے ابال کر یا کوٹ کر جب استعمال کیا جاتا تھا تو کم ہی ایسا ہوتا تھا کہ اس سے کوئی فائدہ نہ ہو اور بخار یا درد میں نمایاں کمی نہ ہو۔ ڈنگ والے زہریلے جانوروں کے کاٹے کا ایک مجرب علاج تھا۔ نمونیا کی طرح کی خطرناک بیماریوں کی بھی تیر بہدف دوا چنانچہ گھریلو علاج اور معالج کی قسم کی پرانی کتابوں میں پیاز کو ان مختلف امراض کا یقینی علاج بتایا گیا ہے۔

پیاز کا شربت: پیاز کا رس کھانسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سبزی کے طبی استعمال میں سے ایک اہم استعمال ہے۔ دراصل یہ دوا ہے تو کالی کھانسی کی مگر سردی لگنے سے ہونے والی کھانسی میں بھی مفید ہے۔ پیاز کا شربت بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ لیں۔ اور انہیں ایک برتن میں ڈال کر چینی سے ڈھانپ دیں اگر شہد موجود ہے تو زیادہ اچھا ہے۔ اس کے بعد یہ برتن کسی گرم جگہ پر رکھ دیں۔ اس طرح جو عرق تیار ہوتا ہے وہی پیاز کا شربت ہے۔ اسے آپ جب چاہیں استعمال میں لاسکتے ہیں۔ ایک قدیم طبی جریدے کے مطابق پیاز بخار کی صورت میں مریض کا درجہ حرارت کم کرنے کے لیے بھی مستعمل تھا اور پیاز کا یہ استعمال عام طور پر لوگوں کو معلوم تھا۔ اس مقصد کے لیے پیاز کی کچھ گانٹھیں باریک پیس لی جائیں یہاں تک کہ وہ نرم مرہم کی طرح بن جائیں۔ اس کے لگانے سے مریض کو بخار سے افاقہ ہوتا ہے۔

بے خوابی: بے خوابی کا مرض، جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کوئی جدید زمانے کی پیداوار نہیں ہے بلکہ زمانہ قدیم میں بھی اس کا سراغ ملتا ہے مگر پیاز کی مدد سے انسان نے اس مرض پر بھی فتح پائی تھی۔ بے خوابی کے مریض یا تو سوتے وقت کچا پیاز چباتے یا پھر رات کو دودھ میں ابلے ہوئے پیاز پر مشتمل ناشتہ کیا کرتے تھے۔

زہریلے جانوروں کے کاٹے کا علاج: شہد کی مکھی کے کاٹے پر اس زمانہ کے لوگ پیاز کا ایک ٹکڑا کاٹ کر باندھ دیتے اور اس سے انہیں یقینی طور پر افاقہ ہوجاتا۔ گرم پانی یا آگ سے جلنے کی صورت میں بھی یہی طریقہ اختیار کیا جاتا۔ اگر کوئی زہریلا جانور کسی شخص کے منہ پر کاٹ لیتا تو پیاز چبانے سے اس کو بھی فوری تسکین ہوجاتی تھی۔

نمونیا: نمونیا کے مریض کے علاج کے لیے کئی سیر پیاز کی ضرورت ہوتی تھی۔ سب سے پہلے اس کو ایک موگری سے پیس لیا جاتا اور پھر اس کوٹے ہوئے پیاز کو دھلے ہوئے کھدر کے گرم کپڑے پر تہہ سی بچھا دی جاتی مگر قبل ازیں کھدر کے کپڑے پر کافور بھی چھڑک لیا جاتا تھا۔ اس کے بعد یہ پٹی مریض کے سینے اور کمر کے ساتھ ساتھ باندھ دی جاتی تھی۔

دوا کی حیثیت میں پیاز کا یہ استعمال اس قدر عام اور مشہور و معروف تھا کہ یورپ کے طبی ماہرین عوام کو نصیحت کیا کرتے تھے کہ وہ اپنے چھوٹے بچوں کو مہینے میں کم از کم تین بار کچا پیاز کھلایا کریں۔ اور اگر پیاز اتنا سخت ہو کہ اسے کچا کھایا نہ جاسکے تو اسے بھون یا ابال لیا جائے لیکن بہر صورت پیاز کو غذا کا جزو لازم ضرور رہنا چاہیے۔ ایک طبی ماہر نے لکھا ہے کہ مضر صحت موسموں کے دوران جب بچوں کے منہ اور گلے سوج جاتے ہیں اور دوسری متعدی بیماریاں عام طور پر پھیلتی ہیں۔ پیاز کا ہفتہ میں کم از کم ایک بار استعمال ضرور کرنا چاہیے یہ سبزی بہت قوت بخش ہے۔

پاؤں کی بوائیاں اور ان کا علاج: سرد موسم میں پاؤں پر جو بوائیاں پیدا ہو جاتی ہیں پیاز کے استعمال سے ان کو بھی فائدہ ہوتا تھا۔ اس کے دلچسپ علاج کا طریقہ یہ تھا کہ آپ رات آگ کے سامنے بیٹھ جائیں اور پیاز کا ایک ٹکڑا لے کر ہاتھ یا پاؤں کی دکھتی ہوئی انگلیوں پر ملیں۔

تلوں کا علاج: بعض لوگوں کے جسموں پر جو تل یا کالے دھبے نمودار ہوجاتے ہیں وہ بھی پیاز کو ان پر رگڑنے سے جاتے رہتے ہیں اس مقصد کے لیے پیاز کے ایک ٹکڑے کو نمک کے محلول میں ڈبو کر تلوں پر آہستہ آہستہ رگڑنا چاہیے۔

کان کا درد: بعض حالتوں میں تو کانوں کا شدید ترین درد بھی پیاز کے استعمال سے ایک ہی رات میں بالکل جاتا رہتا ہے۔ اس مقصد کے لیے پہلے پیاز کو بھون لیں پھر اس کا مغز نکال کر ململ کے ایک ایسے کپڑے میں ڈال لیں جس پر کالی مرچ چھڑکی ہو اور پھر اس کا رس کان میں ڈالیں۔

گنجا پن کے لیے: گنجے پن میں بھی پیاز فائدہ مند ہے چنانچہ ایک قدیم طبی بیان کے مطابق اگر بالوں کی جڑیں محفوظ ہوں تو مندرجہ ذیل نسخہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ مچھلی کا خام تیل، پیاز کا رس، انڈے کی زردی تمام ہموزن لے کر خوب پھینٹ کر یک جان کرلیں اور ہفتہ میں ایک بار سر پر لگانے سے نئے بال آنا شروع ہوجاتے ہیں۔

موبائل کے نشے نے مجھے بیوی کا مجرم بنا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ سات سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' اس کے علاوہ جمعرات کو ہونے والے روحانی محفل میں بھی ضرور شرکت کرتا ہوں۔ گزشتہ سال پہلے میں نے نیا موبائل لیا' جس کی سپیڈ بہت زیادہ تھی' انٹرنیٹ پیکیج بھی لگوا لیتا تھا' بس گھر آتے ہی موبائل کا استعمال شروع' بیوی بچے چلاتے کہ خدارا ہمیں بھی وقت دیں' چھوٹے بچے روتے میری گود میں آتے اور میں انہیں اٹھا کر سائیڈ پر کردیتا وہ روہے ہوتے تھے اور میں موبائل میں گم رہتا ہے۔ میری بیوی سے میرے جھگڑے شروع ہوگئے' مجھ پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا' میں موبائل کا نشئی بن چکا تھا' جب تک اس کھول کر اس میں مختلف ایپس نہ استعمال کرلوں مجھے سکون نہ ملتا تھا' کھانا پینا' حقوق سب بھول چکا تھا۔ آپ نے درس میں یامانع کے فوائد بتائے' بس ہوش آگیا' روزانہ موبائل کی نیت کر کے ایک تسبیح یامانع پڑھنا شروع کی' اب موبائل پر فون آتا ہے تو سنتا ہوں ورنہ موبائل جیب میں ہی رہتا ہے' جب ہوش آئی تو ایک مجرم کی طرح اپنی بیوی کے سامنے کھڑا تھا کہ اب آئندہ تم مجھے موبائل استعمال کرتے نہیں دیکھو گی' الحمدللہ! عادت چھوٹ چکی ہے' گھر جا کر موبائل کی طرف دھیان ہی نہیں جاتا۔ بیوی بچے سب خوش ہیں کہ میں لوٹ آیا ہوں۔ الحمدللہ! آپ کی جمعرات کی روحانی محفل واقعی لوگوں کی زندگیاں بدل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (محمد عمر، لاہور)

گندی چیزیں خواب میں ستاتی ہیں! لاہوتی نقش صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

تسبیح خانہ میں آنے والے تجربہ کاروں کے مشاہدات، تجربات، ٹوٹکے، نسخہ جات اور وظائف سے انہیں کیا ملا خود ان کی زبانی سنیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزارا ئیں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

آپ کے بھیجے سنہری الفاظ اور موتی قارئین عبقری کے نام

چھاتی کی رسولی سے نجات کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ بفضل پروردگار خیریت سے ہوں گے میری دعا ہے کہ آپ کی نسلوں میں اللہ کی رحمت وحفاظت رہے۔ آمین

چھاتی کی رسولی کے لیے: آپ کا دیا ہوا نسخہ ماجو اور پھٹکڑی والا بہت کارآمد ہے۔ میری دائیں چھاتی میں رسولی تھی۔ ڈاکٹروں نے آپریشن کا کہہ دیا لیکن آپریشن سے مجھے ڈر لگتا تھا میں نے آپ کا یہ نسخہ آزمایا کچھ عرصہ استعمال سے بہت زیادہ فائدہ ہوا اب بہت کم رسولی ہوگئی ہے یہ نسخہ چنے کی دال کے برابر دن میں دو مرتبہ استعمال کرتی ہوں اس کے ساتھ ساتھ عبقری دواخانہ کا گلٹیوں اور رسولیوں (ٹیومر) سے نجات کورس بھی استعمال کیا۔ نسخہ: ماجو سو گرام، پھٹکڑی سفید دس گرام۔ ماجو اور پھٹکڑی کو علیحدہ علیحدہ پیس کر بالکل پاؤڈر بنالیں۔ پھر دونوں کو مکس کرکے کسی صاف بوتل میں محفوظ کرلیں۔ ترکیب استعمال: پانچ ماشہ دوائی صبح نہار منہ، پانچ ماشہ دوپہر اور پانچ ماشہ شام کو سونے سے پہلے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ (کوثر احسان، لاہور)

میرے کچھ روحانی مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کچھ روحانی مشاہدات حاضر خدمت ہیں:۔

(۱) میری ایڑھی کا درد نہیں جاتا تھا وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے عمل سے الحمدللہ میرا درد ختم ہوگیا۔

(۲) موٹر سائیکل کی ڈرائیونگ نہیں آتی تھی حادثے کا خوف رہتا تھا۔ الحمدللہ یاحفیظ یا سلام کی برکت سے ڈرائیونگ بھی کرلیتا ہوں اور خوف بھی نہیں رہا۔

(۳) میرا بیٹا پانچ سال کا ہے اسے گلہ کھنگارنے کی عادت پڑگئی تھی حالانکہ گلے میں کوئی مسئلہ بھی نہیں تھا۔ یَامَانِعُ پڑھتا رہا اور اس کی عادت ختم ہوگئی۔

(۴) میرے والد محترم کا آخری وقت تھا حالت نزع کے وقت سورۂ کافرون کے دم والا تیل کانوں، آنکھوں، ناک اور ہونٹوں پر بھی لگایا اور دم والا پانی بھی پلایا۔ دم والا تیل لگاتے ہی میرے والد صاحب نے آخری سانس لیا اور روح ان کے جسم سے پرواز کرگئی۔ میرا یقین اعظم ہے کہ ان شاءاللہ ان کا خاتمہ ایمان پر ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین۔ (محمد معین، نور پور)

یرقان اور فالج سے نجات کے کامیاب نسخے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ کے پاس چند تجربات ہیں جو آپ کی خدمت میں حاضر ہیں:۔

(۱) پیلے یرقان کے لیے: گلابی کت، کچور نم، مہندی۔ طریقہ ان کا یہ ہے کہ ان تینوں چیزوں کو ہلکا سا پیس کر مٹی کا بنا برتن ہو اس میں ڈال کر پانی میں بھگودیں جتنا پانی استعمال کریں اتنا روزانہ ڈالتے رہیں پر میرے استعمال شدہ تجربات میں اور کئی لوگوں کو بتائیں ہے۔

ہیپاٹائٹس سی کے لیے: چکوترہ، گل، گرنیڈہ کا کانٹا۔ ان تینوں چیزوں کو کوٹ کر پانی میں ابالیں۔ ابالنے کے بعد ایک بوتل شربت بزوری اگر زیادہ مقدار میں بنانا ہوتو اس میں ٹاٹری کی دو چمچ ڈال دیں۔ اور استعمال کریں۔

فالج زدہ کیلئے: دیسی گھی گائے کا ہو، سنڈھ کو پیس کر کپڑے میں چھان کر اس گھی میں ڈال دیں اس سے پاؤں سے لے کر سر تک بندے کی مالش کی جائے ان شاءاللہ کے فضل وکرم سے ٹھیک ہوجائے گا۔ (رحمت علی، حسن ابدال)

میرا کاروبار بہتر نہیں بہترین ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے برکت والی تھیلی والا عمل کیا اور میں بے تحاشہ مقروض تھا اس عمل سے اللہ نے کرم کیا اور میں اب الحمدللہ کافی حد تک ان حالات سے نکل چکا ہوں اور اب میرا کاروبار بھی بہتر ہوگیا ہے اس کے علاوہ سورۂ قریش کا عمل بھی باقاعدگی سے جب سفر میں ہوتا ہوں کرتا ہوں اور ہمیشہ سفر ٹھیک رہتا اور سواری کا مسئلہ کبھی نہیں ہوتا۔ (اصغر محمود عباسی، ایبٹ آباد)

جسم میں درد ہو یہ عمل شرطیہ کام کرتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جسم کے کسی بھی درد کے لیے متعدد بار آزمایا ہوا فوراً آرام بس یقین اور اخلاص عمل کے لیے شرط ہے۔ عمل ایک بار سورۂ فاتحہ، تین بار سورۂ اخلاص، ایک بار درود ابراہیم پھر ایک بار سورۂ فاتحہ، تین بار سورۂ اخلاص، ایک بار درود ابراہیمی، پھر ایک بار آیۃ الکرسی اور آخری تین معوذتین یعنی (سورۂ فلق اور ناس) اور دس مرتبہ کوئی بھی درود شریف انتہائی پیار محبت اور خلوص کے ساتھ یہ کلام پڑھ کر سرور کونین ﷺ کو ہدیہ کریں پھر حضرت بی بی آمنہؓ کو ہدیہ کریں پھر حضرت بی بی حلیمہؓ کو ہدیہ کریں اور پھر حضرت بی بی سمیہؓ کو ہدیہ کریں اور عاجزی سے اپنی بیماری یا درد کے لیے دعا کریں فوراً ان شاءاللہ آرام آجائے گا۔ (آفتاب احمد، ایبٹ آباد)

زبان بند ہوگئی، آسیب کی وجہ ہے! عمل کریں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ باقاعدہ عملیات شروع نہیں کیے لیکن جو عمل بھی بندہ کرتا ہے اس کا اثر ضرور پڑتا ہے ابھی انہی دنوں کے اندر ایک ہمارے محلے کے ساتھی کی زبان بند ہوگئی آنکھیں بند ہوگئیں تو لوگوں نے کہا کہ اس پر آسیب ہے تو بندہ نے اس پر اذان والا عمل کیا اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات والا عمل کیا تو جو بالکل بول نہیں سکتا تھا اور جس کا دل جکڑ دیا گیا تھا وہ بالکل ٹھیک ہوگیا اور باتیں کرنے لگ گیا۔

بچوں کے لیے: جو بچے شیر خوار یا روتے ہوں ان کے لیے صبح و شام درج ذیل عمل کرتا ہوں سات دفعہ جس سے الحمدللہ کافی افاقہ ہوتا ہے اور بچوں کا رونا بند ہوجاتا ہے۔ ”مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَیۡنِ یَدَیۡہِ وَ مِنۡ خَلۡفِہٖ یَحۡفَظُوۡنَہٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِہِمۡ ؕ وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰہُ بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَہٗ ۚ وَ مَا لَہُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖ مِنۡ وَّالٍ“ (سورۃ الرعد، آیت ۱۱) (محمد سہیل اختر، مظفر گڑھ)

دماغی الجھنیں، بوجھ، چکر ختم، سکون مل گیا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! جب سے ہوش سنبھالا سر درد کا شکار تھا، سر کے بال سفید، آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں، حافظہ انتہائی کمزور تھا۔ عبقری رسالہ میں ”ہجویری محل“ (بمقام: لاہور شیخوپورہ روڈ سٹاپ قلعہ ستار شاہ) کے متعلق معلوم ہوا کہ وہاں پر ”آستانہ منت مراد“ ہے۔ وہاں گیا، وہاں خاص روحانی کلمات لکھی دم شدہ ٹوپی ملی، عمل کیا، ٹوپی سر پر رکھتے ہی انتہا درجے کا سکون ملا جب سے یہ ٹوپی میرے سر پر ہے مجھے سر درد دوبارہ نہیں ہوا۔ یادداشت، حافظہ بہترین ہوگیا ہے۔ (ارشد، لاہور)

Scanned with CamScanner

مہینہ بھر کی بیماری تین دن میں ختم! میرے تجربات

اعجاز خان، ہری پور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری زندگی کے بہت سے تجربات روحانی ہیں اور کچھ طبی ٹوٹکے ہیں جو میرے ذاتی طور پر آزمائے ہوئے ہیں۔ **جس چیز کی تمنا ہو مل جاتی ہے!** اللہ کے نام سے مجھے بے پناہ محبت اور لگاؤ ہے برسوں سے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنا میرا معمول تھا کچھ عرصہ کے بعد اس اسم "اللہ" کی عجیب وغریب برکات ظاہر ہونا شروع ہوگئیں۔ میں جس چیز کی دل میں تمنا کرتا خواہش پیدا ہوتی وہ چیز شام سے پہلے پہلے مجھے مل جاتی۔ بے روزگار ہونے کے باوجود میری جیب پیسوں سے بھری رہتی۔ گناہوں سے نفرت نیکی کی رغبت پیدا ہوتی گئی، ظلم سے نفرت، مظلوم سے محبت پیدا ہوئی بہت سی باتوں کا قبل از وقت اندازہ ہو جاتا تھا اس اسم مبارک کی بے پناہ برکات ہیں۔ **غیبی حصار بن گیا:** بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ آخر تک صبح وشام اوّل وآخر درود شریف تین دفعہ بہت عرصہ سے پڑھنے کا معمول ہے اس دعا کی برکت سے لگتا ہے کہ کوئی غیبی حصار بن گیا ہے اکثر ایسے لگتا ہے کہ خطرے کی جگہ سے کوئی ہاتھ پکڑ کر اٹھا رہا ہے۔ بہت کمال کی دعا ہے۔ **سورۂ مائدہ کا فیض:** سورۂ مائدہ کی آیت 114 کی عجیب وغریب تاثیر دیکھی اوّل آخر درود شریف پڑھ کر گیارہ دفعہ جب بھی یہ آیت پڑھ کر بارش کی دعا مانگی اللہ تعالیٰ نے بارش برسا دی' اتنی دفعہ بارش مانگی کہ پھر ایک دن ہاتھ دعا کے لیے اٹھائے ہی تھے کہ اس خیال سے نیچے کر لیے کہ گاؤں میں کچے مکان ہیں نقصان نہ ہو جائے بارش کے لیے بہت مجرب آیت ہے۔

آندھی طوفان یا بجلی چمک رہی ہو تو: سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سُبۡحَانَ اللّٰهِ الۡعَظِیۡمِ جب کبھی آندھی، طوفان یا بجلی بہت زور سے گرج چمک رہی ہو تو کچھ دفعہ ہی اس کلمے کو پڑھنے سے طوفان ایسے غائب ہوتا ہے جیسے تھا ہی نہیں۔

چیونٹیوں سے چھٹکارے کیلئے: اسم مبارک یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ کو جہاں چیونٹیاں بکثرت ہوں کاغذ پر لکھ کر رکھ دیتا ہوں پانچ دس منٹ میں چیونٹیوں کا نام ونشان نہیں رہتا مجرب ہے۔

جلدی بیماری سے نجات کا ٹوٹکہ: کچھ عرصہ پہلے میرے چہرے پر رخسار سے لے کر گردن تک دھدر نما پٹی سی بن گئی بہت علاج کرایا افاقہ نہ ہوا ایک دن ایک آدمی نے چھوٹا سا نسخہ بتایا مہینوں کی بیماری تین چار دن میں بالکل ختم ہوگئی۔ تھوڑا سا دنداسہ ایک چمچ دہی میں پیس کر لگائیں جو لگے گا بہت مگر دوسری دفعہ لگانے کی نوبت نہیں آئے گی ان شاء اللہ ساری تکلیف ختم ہو جائے گی۔

طبی ٹوٹکہ: کچھ دن پہلے مجھے شدید کھانسی لگی، کھانسی بھی ایسی کہ میرا وجود ہل گیا۔ کھانسی کا پورا سیرپ ختم کیا مگر افاقہ نہ ہوا پھر ایک بندے نے معمولی سا ٹوٹکہ بتایا ایک دفعہ لینے سے ہفتہ بھر کی کھانسی بالکل ختم، بلغم ختم، گلہ صاف۔ تھوڑی سی خشخاش توے پر بھون کر اس میں شکر ملا کر رات کو پانی یا قہوے سے لے کر سو جائیں صبح تک کھانسی کا نام نہیں ہوگا۔

حاجی صاحب جن اور تھدیدی نامہ کا ادب: کچھ عرصہ پہلے میں آپ سے ملاقات کے لیے لاہور آپ کے کلینک پر گیا واپسی پر دفتر سے تھدیدی نامہ مبارک کی ایک کاپی لے آیا جس کی میں نے بہت سی کاپیاں کروالیں۔ یہ اتنی زبردست اور کمال کی چیز ہے میرے ایک دوست کے ساتھ جنات چمٹ گئے' غالباً جن حاجی تھا' اس دوست کو اسکے گھر والے پتا نہیں کہاں کہاں لے کر گئے مگر ان کا مسئلہ حل نہ ہوا مجھے پتہ چلا تو میں نے ایک کاپی دوست کو دے دی رات کو جب حاجی صاحب آئے تو میرے دوست نے کہا کہ میں آپ کے لیے ایک تحفہ لایا ہوں پھر اس نے تھدیدی نامہ مبارکہ ان کو دکھایا تو وہ رونے لگے اور کہا کہ ہمارا ارادہ تو یہاں کافی عرصہ رہنے کا تھا مگر اب ہم یہاں رہ نہیں سکتے وہ اسی وقت واپس چلے گئے میرے دوست نے مجھے اور آپ کو ڈھیروں دعائیں دیں۔ ایک اور دوست کی دکان سے پیسے اور سودا غائب ہوتا تھا وہاں لگانے کے بعد دوبارہ کبھی اس طرح کا واقعہ نہیں ہوا۔

بیماری سے نجات کے شفائی نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت جس طرح آپ سے مخلوق کی بھلائی کا کام لے رہا ہے یہ فیض رہتی دنیا تک جاری وساری رہے گا۔ عبقری رسالہ کے توسط سے میری بھی چند باتیں مخلوق خدا تک پہنچ جاتی ہیں اور ہمیں بھی دعاؤں کا کچھ حصہ مل جاتا ہے یہ سب کچھ آپ کی توجہ اور محبت کا نتیجہ ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے اور آپ کا سایہ تادیر قائم ودائم رکھے۔ **شوگر کے لیے نسخہ نمبر ۱:** شوگر کے لیے ایک نسخہ حاضر خدمت ہے جس کا رزلٹ بہت ہی اچھا ہے میں نے کئی مریضوں کو بنا کر دیا انہیں فیض ملا۔ جسم پر خارش، الرجی، دانے بھی اسی نسخہ سے ختم ہو جاتے ہیں۔ **ھوالشافی:** مازو دو بے سوراخ، مغز جامن، پھلی کیکر، چھلکا انار، موچرس، کمرکس، گل دعادا ہر ایک دس گرام باریک پیس کر سنبھال رکھیں ایک تا دو گرام کھانے سے پہلے لیں۔ **شوگر کے لیے نسخہ نمبر ۲:** مغز کرنجوہ 12 گرام، آملہ 12 گرام، شب یمانی 24 گرام، کشتہ یاقوت 4 گرام، کشت مروارید 4 گرام، کشتہ مرجان 4 گرام چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ کھانے کے بعد ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ یا دونوں نسخہ جات کو علیحدہ علیحدہ بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ **فوائد:** زیادتی پیشاب، شوگر، کمزوری، خرابی خون، بلغمی امراض کے لیے لاجواب مجرب نسخہ ہے۔ **شوگر کیلئے نسخہ نمبر ۳:** کلونجی، لوبان، ہینگ خالص، مرمکی، مصبر ہر ایک دو تولہ۔ چار کلو پانی میں ابال لیں جب ڈیڑھ کلو رہ جائے موٹے کپڑے سے چھان لیں۔ **طریقہ استعمال:** پہلے ایک چمچ صبح خالی پیٹ دس یوم، پھر آدھا چمچ دس یوم، پھر چنے برابر دس یوم، پھر مسور دانہ کے برابر دس یوم استعمال کریں شوگر ختم ہو جائے گی۔ **شوگر کے لیے نسخہ نمبر ۴:** اگر شوگر کے مریضوں کے پاؤں میں شدید درد ہو کانٹوں کی طرح دکھتے ہوں تو مندرجہ ذیل تیل بنا کر صبح و شام لگائیں۔ تیل سرسوں آدھا کلو، مشک کافور دو تولے۔ مکس کر کے چھ گھنٹے تیز دھوپ میں رکھ کر سنبھال کر رکھیں۔ اور مستقل مزاجی سے استعمال کریں ان شاء اللہ چند ہفتوں میں درد جاتا رہے گا اور سکون کی نیند آئے گی۔ **شوگر سے قوت باہ کی کمی:** اندر جو تلخ، چنے، گوند کیکر، مغز بادام، کلونجی ہموزن ادویات صبح وشام خالی پیٹ آدھی چمچ نیم گرم دودھ کیساتھ لیں ان شاء اللہ قوت باہ بحال ہو جائے گی۔

(حکیم حافظ محمد ارشد زبیر، سرگودھا)

قرض سے چھٹکارا چاہتے ہیں! صفحہ 41 پر لاہوتی نقش پُر کریں

پچھلے رمضان میں ہونے والے اعمال سے کیا پایا، کیا سیکھا، کیا کیا فوائد حاصل ہوئے آئیں اپنے تجربات مخلوق خدا کے آگے پیش کریں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

نمک اور اس کا معالجاتی استعمال

محمد انور، لاہور

بظاہر اس کی حیثیت کھانے میں معمولی نوعیت کی ہوتی ہے مگر اس کے کم ہونے یا نہ ہونے سے کھانا بے لذت رہتا ہے خواہ کھانے میں انواع واقسام کے مصالحہ جات موجود ہوں مگر اس کی عدم شمولیت سے بے ذائقہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس یہ مقدار سے زائد ملا دیا جائے تو اچھا بھلا کھانا کھانے کو جی نہیں کرتا۔ اگر مقدار کچھ زیادہ ہی ملا دی گئی ہو تو کھانا کڑوا ہو جاتا ہے۔ حقیقت میں قدرت کی پیدا کردہ کوئی چیز بھی فضول نہیں مگر ہر چیز کو میانہ روی سے استعمال کرنے میں ہی حکمت ہے۔ کسی بھی اہم غذائی جز کو دیر تک غذا میں شامل نہ کرنا بھی کئی ایک پیچیدگیوں کو جنم دیتا ہے۔ آج ہم جس اہم جز ''نمک طعام'' کو زیر بحث لا رہے ہیں جس کی قلیل مقدار ہی کھانے کی تیاری میں مرکزی کردار ادا کرتی ہے۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ اس جز کی قلیل مقدار کس قدر افادیت کی حامل ہے۔

آسان نسخہ جات

بھڑ یا حشرات الارض کا کاٹنا: اگر بھڑ یا حشرات الارض نے کاٹ لیا ہو تو متاثرہ مقام پر سرسوں کے تیل کے چند قطروں میں ایک چٹکی نمک ملا کر رگڑیں۔ یہ عمل دو تین بار دہرانے سے بفضلہٖ تعالیٰ نمک زہر کو جذب کر لے گا اور درد، جلن ختم ہو جائے گی۔

پیٹ درد: اگر پیٹ میں درد ہو، گیس، نفخ کی شکایت ہو تو ایک سے دو گرام نمک پانی کے ہمراہ کھلا دیں۔ پانچ منٹ کے بعد اللہ کے فضل سے درد دفع ہو جائے گا۔

پھوڑے کو پھاڑنا: اگر کسی ورم یا پھوڑے کو پھاڑنا مقصود ہو تو میدہ گندم 10 گرام، روغن سرسوں 10 ملی لیٹر، پاؤڈر نمک 5 گرام، پانی 50 ملی لیٹر۔ پانی کے اندر میدہ حل کر لیں۔ اس کے بعد اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب حلوہ کی مانند ہو جائے تو روغن ملا کر اتار لیں۔ نیم گرم حالت میں سوتی کپڑے کی مدد سے متاثرہ مقام پر باندھ دیں۔

ورم کو پھاڑنے کے لیے: اگر ورم کو پھاڑنا مقصود ہو تو کنوار گندل کا تقریباً دو انچ لمبا ٹکڑا لے کر اسے بھوبھل میں چند منٹ دبانے کے بعد نکال کر درمیان سے کاٹ کر اوپر نمک چھڑک کر ورم پر نیم گرم باندھ دیں ایک یا دو مرتبہ باندھنے سے ورم پھٹ جائے گا۔

دانت صاف کرنا: دانتوں کی میل کچیل اتارنے کے لیے پاؤڈر نمک ایک گرام کی مقدار میں انگلی کی مدد سے دانتوں پر لگائیں، جن افراد کو مسوڑھوں سے خون آنے کی شکایت ہو، وہ یہ نسخہ استعمال نہ کریں ورنہ خون آنے کی شکایت بڑھ جائے گی۔

خرابی زخم: اگر کوئی زخم خراب ہو گیا اور ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو ھوالشافی: ہلدی پاؤڈر 2 گرام، پھٹکڑی سفید خام 2 گرام، نمک ایک گرام، روغن سرسوں 10 ملی لیٹر۔ روغن کو نیم گرم کر کے اس میں ہلدی، نمک اور پھٹکڑی ملا دیں، نیم گرم حالت میں روئی کی مدد سے زخم پر باندھیں۔ دو تین روز میں زخم مندمل ہو جائے گا۔

قے لانا: کسی شخص نے زہریلا کھانا کھا لیا ہو تو فی الفور نیم گرم پانی کے ایک گلاس میں 5 گرام نمک حل کر کے اس کو پلائیں قے آ کر زہر باہر خارج ہو جائے گا۔ (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

13 مارچ بروز اتوار صبح 9 بجے ہجویری محل لاہور شیخوپورہ روڈ میں اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا

اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' شفائیہ دعا' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔ اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت کے لیے آنے والے مرد حضرات اُونچی آواز اور خواتین ہلکی آواز میں پورے کلمہ طیبہ کا ورد کریں گے۔ اس سے ان شاء اللہ مزید فائدہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنا لیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

تسبیح خانہ میں اسم اعظم کا روحانی دم اور 8 روحانی پیکیج

روحانی پیکیج نمبر 1: خوشبودار روحانی پھوار! نظر بد فوری ختم! روحانی جسمانی امراض سے حفاظت اور شفاء۔ **روحانی پیکیج نمبر 2:** اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! دم میں آنے والے مریضوں کے لیے تسبیح خانہ کا خاص تحفہ۔ **روحانی پیکیج نمبر 3:** جادو شکن ماچس! مشکلات، بندشیں، جادو جنات چند منٹ میں راکھ۔ **روحانی پیکیج نمبر 4:** حزب البحر کے چلے کا دم شدہ شفائیہ پانی! کلام الٰہی سے دم شدہ فیصلہ کن پانی! ہر دکھ، بیماری، الجھن اور جادوں کا چیلنج کے ساتھ توڑ۔ **روحانی پیکیج نمبر 5:** نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! صحتمند اور خوشحال گھرانہ!۔ **روحانی پیکیج نمبر 6:** بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے!۔ **روحانی پیکیج نمبر 7:** چار رنگی بدنی تعویذ! بیماری، بندش، جادو جنات کے اثرات! **روحانی پیکیج نمبر 8:** اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی۔

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

☆ حلقہ کشف المحجوب میں گھریلو الجھنیں' بندشوں کو توڑنے اور ہر دل کی مراد پانے کے لیے ارطغرلؒ کے مرشد شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کا خاص عمل ہوگا۔ اس کے بعد شفائیہ دعا اور آن لائن دم ہوگا۔ تجربہ ہے کہ شیخ ابن العربیؒ کے شجرہ کے عمل سے آج تک کسی کی بھی دعا رَد نہیں ہوئی اور ہر دعا قبول ہوئی۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں، کشف المحجوب کی دعا کے بعد لنگر پر ایک خاص عمل کا اجتماعی دم ہوگا۔ بیماریاں' بندشیں' جادو کو توڑنے' مشکلات اور مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کر دیں' واپس نہ لے جائیں' جو کھائے یا تقسیم کرے گا' دونوں قدرت کا کمال دیکھیں' بندشوں کا زوال دیکھیں' یہ بابرکت اور سعادت مند طعام ہے۔ ☆ شیخ الوظائف حلقہ کشف المحجوب کی دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم فرمائیں گے پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائے۔ گھر میں استعمال کریں اور دکھوں کے دروازے بند ہوتے دیکھیں۔ ☆ ہر دم کی حاضری پر نسلوں کی مال و جان کی حفاظت کے لیے شیخ الوظائف مجمع میں دائیاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور ''ہجویری چلہ'' کروائیں گے۔ اس چلے کے بعد آپ ''حفاظتی حصار اور کڑے'' میں آ جائیں گے۔ ☆ آپ کے پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور ہم سب کو آخری وقت میں کلمہ نصیب ہو، خاتمہ بالخیر ہو۔ حلقہ کشف المحجوب میں یہ خاص الخاص بھی عمل ہوگا۔

اپنے گھر میں پڑی بوسیدہ ڈائریوں میں چھپے نایاب موتی لے آئیں اور غموں کے ماروں میں لٹا دیں، دعائیں دامن میں سمیٹ لیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

20 سیکنڈز میں سالوں پرانی بندش اور جادو ٹوٹ گیا

تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے سے کیا ملتا ہے؟

صرف 20 سیکنڈز میں سالوں پرانی بندش اور جادو ٹوٹ گیا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! 2021ء کا رمضان تسبیح خانہ لاہور میں گزارا' جب تسبیح خانہ کے گیٹ کے اندر داخل ہوا تھا تو پریشانیوں' الجھنوں' بیماریوں' جادو جنات اور بندشوں کا مارا اور ان سب سے ہارا ہوا تھا' زندگی سے مایوس تھا' مگر جب تسبیح خانہ آیا اور اعمال شروع کیے' دماغی طور پر پرسکون ہوگیا کہ اب میری سُنی گئی' اللہ کریم یہاں میرے تمام مسائل حل فرمادیں گے' یہی ہوا جیسے جیسے رمضان گزر رہا تھا شیخ الوظائف نے انتہائی طاقتور عملیات اور اعمال کروانا شروع کردیئے' وہ بھی صرف چند سیکنڈز میں مکمل ہوجاتے' واقعی ان اعمال میں میرے جسم کے انگ انگ سے بیماری ختم ہوگئی' میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ خاص طور پر روزانہ سحری کے بعد فجر کی نماز کے بعد شیخ الوظائف صرف بیس سیکنڈ کا طاقتور بندش توڑ لاہوتی عمل کرواتے تھے یقین کیجئے اس عمل کو میں نے روزانہ پورا رمضان کیا' جب میں تسبیح خانہ سے نکلا نہ میں الجھا ہوا تھا' نہ میرے کندھوں پر بوجھ نہ دماغی طور پر پریشان' ہر طرح سے پرسکون تھا۔ واپس جا کر میں نے دوبارہ اپنے کاروبار میں ہاتھ رکھا' صرف تین ماہ کے اندر اندر میرا کام دوبارہ بالکل ٹھیک ہوگیا جبکہ پہلے میں اتنا مایوس تھا کہ لگتا تھا اب فاقے شروع ہوجائیں گے۔ (نوید خان' پشاور)

نسل در نسل چلنے والے دشمنی اور مقدمات سے نجات مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالا اپنے والد کو دشمنی اور مقدمات کو جھیلتے ہوئے ہی دیکھا' ہر مہینے یا دو سے تین ہفتوں کے بعد ان کورٹ کچہری کے چکر لگاتے ہی دیکھا' ان کی وفات کے بعد بڑے بھائی نے یہ ذمہ داری سنبھالی' ان کے بعد یہ ذمہ داری میرے کندھوں پر آگئی' تسبیح خانہ سے نسبت کی وجہ سے میں اس جھنجھٹ میں نہیں پڑنا چاہتا تھا' ہر وقت ڈر رہتا تھا کہ کہیں سے کوئی اندھی گولی آئے گی اور میرا سینہ چیر دے گی اور میرے بعد میرے بیٹے بھی اسی پریشانی زندگی گزاریں گے' بے شمار مرتبہ صلح کی کوشش ہوئی مگر ہر مرتبہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ کوئی نہ کوئی ایسی شرط دونوں میں سے ایک فریق پیش کرتا' جس پر صلح نہ ہو پاتی۔ زندگی ایسے ہی گزر رہی تھی' میں تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے آیا تو سارا رمضان رب سے عافیت کے ساتھ صلح مانگتا رہا' مختلف اعمال' وظائف اور عملیات بھی اسی نیت سے کیے' رمضان کے بعد گھر گاؤں گیا تو رب نے ایسا نظام بنایا کہ مخالف پارٹی نے خود صلح کیلئے پنچایت بلائی اور زمین کا بٹوارہ آدھا آدھا پر صلح ہوگئی۔ عدالت سے مقدمات بھی واپس لے لیے' اب زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (ک، شیخوپورہ)

یہ برکتی نوٹ نہیں کوئی غیبی خزانہ ہے' پیسے اب ختم نہیں ہوتے

قارئین! گزشتہ رمضان تسبیح خانہ میں گزارا' معمولی سی نوکری کرتا ہوں' تنخواہ ہمیشہ بیس تاریخ سے پہلے ہی ختم ہوجاتی تھی' زندگی گھسٹ گھسٹ کر چل رہی تھی' 25 رمضان المبارک میں تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف نے خاص عنایت فرمائی اور تمام احباب کو دس روپے جس پر خاص نقش پرنٹ تھا وہ دیئے' مجھے بھی یہ برکتی نوٹ ملا' یقین کیجئے جب سے میرے پاس یہ نوٹ آیا ہے' میری تنخواہ بچ جاتی ہے' یعنی پورا مہینہ معمول کا خرچہ بھی ہوتا ہے' راشن بھی آتا ہے اور جب بھی برکت والی تھیلی دیکھتا ہوں تو اس میں پیسے موجود ہوتے ہیں' واقعی یہ کوئی غیبی خزانہ ہے کہ پیسے اب ختم ہی نہیں ہوتے۔ (عبدالمنان' راولپنڈی)

(7) تسبیح خانہ لاہور میں ہر جمعرات کو ہونے والی محافل میں آپ نے شرکت کی، وظائف کیے، ذکر کیا، سسکیوں بھری دعا میں شریک ہونے سے آپ کے جو بھی مسائل حل ہوئے وہ عبقری کو ضرور لکھیں۔

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 147

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر یہ حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جنات کے ہاں اکثر نقش زیادہ ہوتے ہیں اور وظائف تھوڑے۔ یعنی تعویذ' دھاگے' ٹونے اور مختلف چیزوں کے پتلے اس کا نظام زیادہ ہوتا ہے اور اگر وظائف ہوتے بھی ہیں تو صرف وہ نیک اور صالح جنات قرآن و حدیث کے وظائف پڑھتے ہیں ورنہ اکثر پوربی زبان' سنسکرت یا یونانی زبان کے پرانے ایسے ورد، جنہیں منتر اور کالے عمل کہے جائیں' وہ زیادہ کرتے ہیں۔

ایک انوکھا واقعہ' جو آپ کو حیران کردے

ایک انوکھا واقعہ سناتا ہوں جو میری زندگی میں ہمیشہ کیلئے نقش رہے گا اور نقش ہے' وہ واقعہ یہ ہے کہ دو جنات کا مقابلہ ہوا' ان میں سے ایک جن عامل نہیں تھا لیکن نیک' صالح' اللہ اللہ کرنے والا تھا اور لوگوں کو اللہ اللہ سکھانے والا تھا' نہ وہ کالا جادو جانتا تھا نہ وہ کرتا تھا' وہ ایک ایسا درویش جو اپنا رزق حلال کما کر باقی وقت اپنی بیوی بچوں اور اللہ کو دینے والا تھا' ایک کالا جادوگر جن جو اس کا رشتہ دار بھی تھا اس سے اس نے خدا واسطے کا ویر تھا وہ ہر وقت اسے تکلیف دینے کی آخری کوشش کرتا رہتا تھا لیکن اس فقیر اور درویش جن کے مزاج میں درگزر' شفقت' محبت اور خلوص تھا' اس کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کرتے تھے اور اس شریر اور کالے عامل جادوگر سے لوگ نفرت کرتے تھے اور دور رہتے تھے یعنی لوگوں سے مراد جنات' ایک بار اس کالے جادوگر نے ایک منصوبہ بنایا کہ کسی طرح اس نیک بزرگ جن کو صفحہ ہستی سے مٹادوں ختم کردوں' اس منصوبہ میں گیارہ باتیں شامل تھیں۔

نیک جن کو صفحہ ہستی سے مٹانے کا منصوبہ: 1۔اس کے گھر میں کوئی صحت مند نہ رہے ہمیشہ بیمار رہے۔ 2۔اس کے گھر میں ہمیشہ نقصان در نقصان ہوتے رہیں اور نقصانات کی وجہ سے ان کو ہمیشہ کی اذیت اور تکلیف رہے۔ 3۔ایک مشکل سے نکلیں دوسری' دوسری مشکل سے نکلیں پھر تیسری' ایک پریشانی ختم نہ ہو دوسری پریشانی میں مبتلا رہے۔ 4۔کوئی دوا ان پر اثر نہ کرے' ہر دوا' ہر غذا ہر صحت مند ٹانک ان پر الٹا پڑے اور صحت و تندرستی کے رازوں سے بھی دور رہیں 5۔یہ اتنے پریشان ہوجائیں کہ لوگوں کے لیے عبرت بن جائیں لوگ ان کو دیکھ کر ہنسیں مذاق اڑائیں تالیاں بجائیں۔ 6۔مقروض اتنے ہوجائیں کہ لوگ ان کا دروازہ کھٹکھٹائیں ان کو بے عزت اور ذلیل کریں اور ان کے پاس کچھ دینے کو نہ ہو بلکہ دوسروں سے قرض لیں۔ 7۔رزق کے دروازے بند ہوں' آمدنی کے راستے ختم ہوجائیں۔ 8۔لوگوں کے ہاتھ میں پیسہ پیسہ ہوا اور پیسہ سونا ہوا اور ان کے پاس پیسہ پیسہ بھی نہ ہو سونا بھی نہ ہو' لوہا پیتل اور تانبا بھی نہ ہو بلکہ مٹی ہو۔ 9۔نواں منصوبہ جو اس کالے جادوگر نے بنایا کہ ان کی اولاد مرنا شروع ہوجائے بوڑھا باپ جوان اولاد کو کندھے دیتا پھرے گھر میں پراسرار موتیں ہوں اور پراسرار تکالیف ہوں۔ 10۔کبھی گھر میں سکون نہ ہو' آپس میں نفرتیں جھگڑے چھوٹی چھوٹی بات پر آگ لگ جائے اور چھوٹے چھوٹے واقعات میں یہ آپس میں جدا ہوجائیں اتنا ایک دوسرے سے دور ہوں کہ لوگ ان سے نفرت کریں یہ اپنے آپ سے نفرت کریں اور گھر ویران ہوجائے۔ 11۔ان کی ہر سیدھی الٹی ہو' ان کی ہر گلی بند ہو ان کا ہر راستہ ختم ہو' یہ زندگی میں ہمیشہ پریشان' بدحال' ناکام' بے عزت' بے وقار' کوئی شان و شوکت نہ ہو' کوئی سکھ سکون نہ ہو' کوئی خوشی اور خوشحالی نہ ہو' بس زندگی اسی طرح گزرتے گزرتے آخر کار یہ اس دنیا سے گزر جائیں یہ گیارہ منصوبے تھے جو اس کالے جادوگر نے اس نیک اللہ کے ولی جن کے لیے بنائے' اس نے اس کے لیے گیارہ چیزوں کا سہارا لیا۔

گیارہ چیزوں کا سہارا: 1۔پرانا کھنڈر۔ 2۔چوراہے کی مٹی اور کنکر۔ 3۔خشک پاخانہ۔ 4۔کتے کی کھوپڑی۔ 5۔خنزیر کی کھوپڑی۔ 6۔بندر کی کھوپڑی۔ 7۔زنگ آلود کیل۔ 8۔زنگ آلود سوئیاں۔ 9۔ایک پرانے جادوگر کا پہنا ہوا کپڑا۔ 10۔ایسے کافر کی قبر کی مٹی جو بہت پرانی ہو۔ 11۔پرانی بانس کی لکڑی کی گیارہ شاخیں۔

ڈنکے کی چوٹ پر جادو: اب ان گیارہ مقاصد کیلئے اس نے یہ گیارہ چیزیں اختیار کیں' اور اس نے اپنے جادو ڈنکے کی چوٹ پر شروع کیا' جادو کرنے سے پہلے اس نے پیغام بھیجا کہ میں ایک ایسا جادو کروں کہ جو اپنے جادو کو کھلے عام کرتا ہے چھپا کر نہیں کرتا کیونکہ میرا جادو اتنا طاقتور ہے کوئی آج تک اس کا توڑ نہیں کرسکا۔ اور کوئی اس کا حل نہیں کرسکا اور اس نیک جن سے کہا کہ اگر تمہیں جادو کا توڑ چاہیے تو جہاں جانا ہے کرکے دکھاؤ۔ اگر کرسکتے ہو تو میں تمہیں مان جاؤں گا ورنہ میرے جادو کا وار تمہاری نسلوں کو تہس نہس کردے گا اور تمہاری زندگی میں مشکلات' الجھنیں' ناکامیاں' پریشانیاں' دکھ اور بیماریاں بھر دے گا۔

پل پل ناکام' نسلیں عبرت کا نشان: تمہارا پل پل ناکام، تمہاری نسلیں عبرت کا نشان' لوگ تمہارے اوپر تالیاں بجائیں گے' حالات بہت زیادہ ناکام ہوجائیں گے' پریشانیاں گھیر لیں گی' زمین جگہ نہیں دے گی آسمان اٹھائے گا نہیں' تم گلی گلی ذلیل ہوتے پھروگے' حتیٰ کہ تمہاری عورتوں کی عزت بھی تار تار ہوجائے گی ایک ایسا خطرناک چیلنج جس کو اس کالے جادوگر نے سارے زمانے کے سامنے عام کیا اور کہا کہ اگر تمہارے پاس اس کا کوئی توڑ ہے تو مجھے کرکے دکھا' اب انوکھا واقعہ سنیں۔

خاموشی سے حروف مقطعات سے دوستی: اس نیک جن کے پاس اللہ کا نام' اللہ کا کلام اور بس اور کیا تھا اور ہے بھی سب کچھ یہی' اس نے حروف مقطعات کے ساتھ دوستی پہلے سے لگائی ہوئی تھی اور حروف مقطعات کے نقش اس کی زندگی کے ساتھی تھے اس نے خاموشی سے بس حروف مقطعات سے دوستی لگائی اور اس کے نقش کو اپنا ساتھی بنالیا' سننے والے پریشان تھے کہ آج تک اس جادوگر نے جس کو بھی چیلنج کیا ہے اس کا حشر کردیا ہے' اس کو ذلیل و خوار کردیا ہے اس کو پریشان اور ناکام کردیا ہے اور آج تک جس بندے نے بھی اس کو چھیڑا ہے وہ خود پریشان' ذلیل' خوار ناکام اور زمانے کے لیے عبرت اور نشانہ بن گیا ہے۔ لیکن جب اس نیک جن کو دیکھتے تھے یہ بالکل مطمئن ہوتا' اپنی زندگی کے کاروبار میں لگا' اپنے بیوی بچوں کے ساتھ مشغول اور باقی وقت اللہ اللہ کرتا' نہ پریشانی' نہ آہیں' نہ حسرتیں' نہ پھٹی آنکھیں' نہ الجھے قدم' نہ بگڑی شکل' جنات کو علم نہیں تھا کہ اس جن کے پاس ایسا کائنات کا عظیم راز ہے جس راز کے ساتھ زندگی کے راز وابستہ ہے اور زندگی کی صحت وابستہ ہے۔

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 3" اسی شمارہ مارچ 2022ء کے صفحہ نمبر 41 پر شائع ہوا ہے۔ نوٹ: پہلا نقش ستمبر 2021ء کے شمارہ میں شائع ہوا' دوسرا نقش دسمبر 2021ء میں شائع ہوچکا ہے۔ کل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جائے گا۔ اگر آپ نے پہلے اور دوسرے نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر اور دسمبر 2021ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر' ہاکر یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمائیے اور اس خاص عمل میں شامل ہوکر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پائیے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

صحت، زندگی، عزت، سلامتی کے راز: وہ راز زندگی ہے' عزت ہے' صحت ہے' اور وہ راز سلامتی ہے۔ وہ راز ہے حروف مقطعات اور اس کا نقش یہ نقش جس کے ایک ایک حرف میں طاقت' قوت' وقار اور شان و شوکت ہے' یہ نقش وہ ہے جس کے ایک ایک ہندسے میں رب کی کریمی اور رحمت ہے یہ نقش وہ ہے جو نسلوں کی بگڑی بنا دے اس نقش کے ذریعے کامیابیوں کے دروازے کھل جائیں وقار شان و شوکت خود بلائے' عزت اور عظمت واضح ہوجائے' راحت اور کامیابی پھولوں کی طرح برسے' خوشبو اور زندگی ہمیشہ ٹوٹ ٹوٹ کر اس پر گرے' جس نے بھی اس نقش کی قدر کی' معاشرے میں باوقار ہوا' ہر دل عزیز ہوا' لوگوں نے عزت کی' سلام کیا اور جس نے بھی اس نقش کی بے قدری کی' بے یقینی کی کیونکہ حروف مقطعات ہیں کسی انسان کے بول نہیں' کسی انسان کی سوچ نہیں اور کسی انسان کا جذبہ نہیں بلکہ یہ خالق کائنات کے وہ قیمتی اور رازدان بول ہیں جس کے رازوں کو رب نے اپنے پاس ہی رکھا ہے اور کسی تک ان رازوں کو جانے نہیں دیا۔ جب راز ہیں تو اس کے فوائد بھی راز ہیں اور اس کے نفع بھی راز ہیں۔ حروف مقطعات واقعی حیات جادواں اور حیات سرمدی ہیں' دولت اسی میں ہے' عزت مل کر رہتی ہے' نسلوں کا بخت اور نصیب بس اس خزانے کو کھولنے کی ضرورت ہے جس پر نہ محنت نہ کوشش نہ کوئی مال لگانے کی ضرورت ہے۔

کالے جادوگر جن کا انجام بھی پڑھیں: آیئے! حروف مقطعات پر توجہ کریں' اب پڑھیں اس کالے جادوگر جن کی کہانی جس نے یہ گیارہ منصوبے بنائے تھے اس کیلئے گیارہ چیزیں اکٹھی کی تھیں وہ اپنی پوری طاقت اور توجہ کے ساتھ اپنے کالے جادو کو اور اپنے کالے واروں کو لیے ایک ایک جن پر کالے وار کررہا تھا۔

لیکن آج اسے ایک ایسے جن سے واسطہ پڑا جس کے ساتھ حروف مقطعات کی طاقت تھی' اور حروف مقطعات کی قوت تھی' وہ جو بھی وار کرتا گیا ہر وار پہلے تو خطا گیا' اس نیک جن کو کچھ بھی نہ ہوا وہ حیران اس کا غصہ جلال' آگ' آتش' شعلے' چنگاریاں' شرارے' تپش بڑھتی چلی گئی' اس نے اس وار کو اور بڑھایا لیکن پھر بھی کوئی اثر نہ ہوا' پھر اس نے اپنی ساری آخری قوت ان واروں میں جمع کی لیکن اب اسے حروف مقطعات کی طاقت کا اندازہ ہوا لیکن اب وقت گزر چکا تھا اب زندگی دن رات اس کے خلاف ہوگئی تھی' وہ یہ ہوا کہ وہ جن خود عبرت بن گیا جو سارے منصوبے اس نے سوچے تھے' وہ سارے کے سارے سوچے سمجھے منصوبے اسی پر الٹے پڑ گئے۔ وہ ایسا ذلیل اور خوار ہوا اور اس کا ایسا جانی و مالی نقصان ہوا جس کو وہ سہہ بھی نہ سکا اور سمجھ بھی نہ سکا لیکن جب سمجھ آئی تو گیارہ کے گیارہ وار سارے اس پر واپس پلٹ چکے تھے اور وہ واپس ان واروں کو بدلوانے کے لیے اپنی ساری کالی جادوئی طاقتوں کو بلا چکا تھا لیکن ہر جادوئی طاقت نے اس کا ساتھ دینے سے انکار کیا کیونکہ وہ جادوئی طاقتیں بہت سی جل چکی تھیں بہت سی ایسی تھیں جو اپنی جان بچا کر اس سے دور ہوگئی تھیں۔ بس! یہ حروف مقطعات کا راز تھا جس نے خود اس کالے جادوگر کو لوگوں کے لیے مذاق بنا دیا تماشا بنا دیا اور عبرت بنا دیا اور لوگ اس نیک جن کے پاس راز پوچھنے کے لیے آئے آپ اتنے مطمئن تھے آخر وجہ کیا ہے؟

کلام الٰہی اور حروف مقطعات کے راز: اس نیک جن نے بتایا کہ میرے پاس کلام الٰہی اور حروف مقطعات کے راز ہیں اور اس کے نقش ہیں۔ میں نے ان نقش پر اعتماد کیا اور ان نقوش کو اپنی زندگی کا سرمایہ بنایا بس! آج میں مطمئن ہوں اور میرا دشمن ذلیل اور خوار ہے۔

جا کر نیک جن سے معافی مانگ: آخر کار نیک جنات اور معزز جنات نے اس خبیث اور کالے جن کو مشورہ دیا کہ جا کر اس نیک جن سے معافی مانگ لے' بچ سکتا ہے ورنہ سب کچھ تو ختم ہوچکا ہے اور رہی سہی جو تیرے پاس زندگی کی باقی رمک اور ذرے ہیں یہ بھی ختم ہوجائیں گے۔ آخر وہ ذلیل و خوار ہوکر اس نیک جن کے پاس آیا اس نیک جن نے بہت زیادہ عزت دی' وقار دیا' بٹھایا' کھلایا پلایا اور بس ایک لفظ میں یہ کہہ کر معاف کردیا میں نے تجھے نقصان نہیں پہنچایا بس نقش حروف مقطعات کے ذریعے اپنا تحفظ اور حفاظت کی ہے اور وہ تحفظ اور حفاظت میرے ذمے تھا۔ جو میں نے اپنی ذمہ داری پوری کردی ہے اور پھر اس نیک جن نے یہ بات بتائی کہ جو بھی یہ نقش حروف مقطعات پر اعتماد کرے گا اور اس پر توجہ کرے گا اور اس کی قدردانی کرے گا' رب پاک اس کی ایسے عزت دے گا اور اس کو ایسا وقار دے گا اور اس کو ایسی شان و شوکت دے گا' دنیا حیران ہوگی' حفاظت کفایت' کفالت اللہ کی مدد کے سچے وعدے عرشوں سے اترنے والے سچے نظام کو اپنی سچی آنکھوں سے دیکھے گا۔

نیکی کی بات بتانا اور فعل بد سے منع کرنا میرا جرم بن گیا: وہ جن ٹھنڈی آہ بھر کر کہنے لگا اس جن نے ساری زندگی سب کو ستایا میرا کوئی قصور نہیں تھا' میرا قصور یہ تھا کہ میں اسے نیکی کی بات بتا بیٹھا تھا اور اس کے فعل بد سے منع کر بیٹھا تھا اس کے علاوہ میرا کوئی قصور نہیں تھا لیکن اس جن نے میرے اس قصور کو بہت بڑا جرم بنایا اور آخری درجہ میں مجھے سزا دینے کا خطرناک منصوبہ بنایا اور اس منصوبے کو میں نے ختم نہیں کیا میں نے صرف اللہ کی طرف رجوع کیا اور حروف مقطعات اور نقش کو اپنا ساتھی بنایا بس اور کچھ نہیں تھا قیامت تک رہتی دنیا تک جو لوگ بھی حروف مقطعات اور اس کے نقش کو اپنا ساتھی بنائیں گے۔ زندگی میں کامیابیاں ان کے قدم چومیں گی اور عزتیں شان و شوکت ان کے ساتھ رہیں گی راحتیں رحمتیں اور برکات اس کو کبھی چھوڑ کر نہیں جائیں گی اور نہ کبھی اس سے کبھی روٹھیں گی۔ (جاری ہے)

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کے لیے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے

(1) کسی بھی کالی سیاہی والے بال پین یا قلم دوات سے اس نقش کو پُر کرنا ہے' سب سے پہلے نیچے دی گئی جگہ پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔اگر آپ کسی دوسرے کیلئے نقش پُر کررہے ہیں تو اس کا نام مع والدہ لکھیں' اس کی والدہ کا نام معلوم نہیں تو صرف اسی کا نام لکھ دیں۔(2) نقش کے درمیان 37 خانوں کو پُر کریں۔ان خانوں میں لکھے حروف پر قلم پھریں۔(3) اس نقش کو پُر کرتے ہوئے ہر خانے پر 1 بار ''الر'' پڑھیں۔(4) اس نقش کو کسی بھی دن' کسی بھی وقت پُر کرسکتے ہیں۔نقش پُر کرنے کے بعد 7 دن تک روزانہ دن میں کسی بھی وقت اس نقش کو دیکھتے ہوئے ایک تسبیح ''الر'' کی پڑھیں۔7 دن کے عمل کے بعد حسب توفیق شیرینی تقسیم کیجئے۔(5) یہ نقش صرف ایک فرد کیلئے ہے۔گھر کا ہر فرد اپنا علیحدہ نقش پُر کرے اور 7 دن کا عمل کرے۔اگر کوئی بندہ خود یہ عمل نہیں کرسکتا تو اس کی طرف سے کوئی دوسرا بھی کرسکتا ہے۔ایک وقت میں ایک سے زیادہ نقش بھی پُر کرسکتے ہیں' جتنے زیادہ نقش پُر کریں گے اتنی زیادہ برکات' خیریں اور سعادتیں ملیں گی۔آپ اپنے پیاروں عزیزوں اور دوستوں کیلئے بھی یہ عمل کرسکتے ہیں۔اگر بچے نقش پُر نہ کرسکتے ہوں تو والدین ان کی نیت سے کرلیں۔حاملہ عورت اپنے بچے کا علیحدہ نقش پُر کرے۔(6) یہ قرآنی حروف کا نقش ہے ان کو باوضو ہی پُر کریں۔خواتین ناپاکی کے ایام میں اس نقش کو پُر نہ کریں۔اگر عمل کے دوران ناپاکی کے ایام آجائیں تو پاکی کے بعد بقیہ عمل مکمل کرلیں۔(باقی صفحہ نمبر 59 پر)

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ! حروف مقطعات کا خاص عمل نقش نمبر 3

(نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

برکت حرکت کرنے والے کی ملکیت

جواد علی، لیہ

حرکت میں برکت ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ یہ مقولہ کس کا ہے مگر میں نے یہ بات اپنے بالکل بچپن سے اپنی والدہ سے سنی ہے وہ اپنی عمر کے بہتر سال تک یہ مقولہ دہراتی رہیں اور میں اب پچاس سال تک اس مقولے پر عمل کر رہا ہوں اور اس کی معنویت کی داد دیتا رہا ہوں، میں سمجھ نہیں سکتا کہ ایک انسان کے لیے جو اپنے مقصد پیدائش کو پورا کرنے کا عزم رکھتا ہو اور جو دنیا میں ایک مفید انسان بننا چاہتا ہو، اور جو صحتمند اور کارآمد زندگی گزارنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اس سے بہتر کوئی مقولہ نہیں ہوسکتا ہے اتنا پڑھنے کے بعد اور اتنا سمجھنے کے بعد آپ انتہائی سکون کے ساتھ غور کیجئے کہ کیا حرکت کے بغیر آپ کوئی بھی کام کر سکتے ہیں؟ جسم انسانی ایک ایسی حیاتیاتی مشین ہے کہ جس میں تبدل و تعمیر کا سلسلہ ابتدائے حیات سے انتہائے حیات تک جاری رہتا ہے مختصراً یہ جسم خلیات (سیلز) کا مرکب ہے اور یہ خلیات مرتے گھلتے رہتے ہیں اور ان کی جگہ نئے خلیات لیتے رہتے ہیں اور حیات وصحت کا سلسلہ اسی طرح باقی وجاری رہتا ہے۔ یہ ایک فطری عمل ہے جسے جاری رہنا چاہیے اور خوبی کے ساتھ یہ عمل فطری اسی صورت میں جاری رہ سکتا ہے کہ جسم میں حرکت ہو، کیونکہ حرکت ہی وہ شے ہے جو پرانے خلیوں کو ختم کرتی ہے اور نئے خلیے ان کی جگہ لیتے ہیں اور جسم پھر تازہ ہوجاتا ہے اگر حرکت نہ ہو اور انسان سستی کا پلندہ ہو کر پڑا رہے تو فطری عمل سست ہوجائے گا اور صحت وتازگی نہیں آئے گی۔ بڑھاپا آجائے گا۔

ایک موٹر کار کو مثال بنانا چاہیے۔ اس میں انسان جیسے سارے ہی پرزے موجود ہیں، اس موٹر کی غذا پٹرول ہے یا ڈیزل ہے، موٹر کو یہ غذا ملتی ہے وہ چلتی ہے یہ غذا نہ دیجئے، موٹر چلنی بند ہوجائے گی، موٹر کو کھڑا رکھیے، حرکت نہ دیجئے اس کے پرزوں کو زنگ لگ جائے گا۔ تاریں گل کر رہ جائیں گے۔ ایسی موٹر سستی کا پلندہ ہوگی۔ اب سستی کے اس پلندے کے لیے پیٹ یعنی ٹنک میں پٹرول یا ڈیزل ڈالے جائیں گے تو اس کا انجام آپ خوب جانتے ہیں کہ کیا ہوسکتا ہے۔ ذرا غور کیجئے کہ ایک انسان سستی کا پلندہ بنا بیٹھا ہے اور کھاتے چلا جارہا ہے۔ تو اس کا انجام ایک دن آخر کیا ہوگا۔ بھلا یہ بھی کوئی زندگی ہے۔ زندگی تو بس یہ ہے کہ انسان متحرک ہو، ہر شعبہ زندگی میں ایک روح رواں ہو اور ہر فعل وعمل میں شعلہ جواں ہو اور ماہ تاباں ہو، اچھا انسان وہی ہے جو حرکت میں رہے اور حیات کی ساری برکت حاصل کرلے۔ برکت حرکت کرنے والے کی ملکیت ہے۔

اپنی ہر صبح کا آغاز حرکت سے کیجئے ورزش کیجئے، ٹہلنا، دوڑ لگانا، تیرنا، گھڑسواری، کھیلنا وغیرہ سب ورزش ہے، حیات و صحت کے لیے ورزش ضروری ہے، آج کی مصروف زندگی نے انسان کو اس قدر مشکل میں بتلا کردیا ہے کہ وہ اپنی حیات وصحت سے بھی غافل ہوگیا ہے، غفلت کی یہ بڑی عجیب قسم ہے، مگر یہ غفلت بڑی خطرناک ہے۔ ہمیں جاگنا چاہیے حرکت میں آنا چاہیے۔ بے شک حیات وصحت پر آپ کا حق ہے، مگر ایک پہلو اور بھی ہے، جس پر آپ کو غور کرنا چاہیے اور وہ یہ ہے کہ آپ کی صحت آپ کے ملک کے لیے بھی ضروری ہے، قوم وملت کا ہر فرد اگر تندرست وتوانا اور متحرک ہے تو اس کا واضح مطلب یہی ہوسکتا ہے کہ پاکستان توانا وتندرست ہے۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ صحت مند رہنا ایک حق بھی ہے اور آپ کا فرض بھی ہے۔ اس طرح نصب العین صحت ٹھہرا۔ میری رائے میں اس سے زیادہ اچھا نصب العین دوسرا کوئی نہیں ہوسکتا۔ ''حرکت میں برکت ہے'' مقولے کے معنی اب بالکل واضح ہوگئے لہٰذا ہر صبح کا آغاز آپ حرکت سے کیجئے۔ اگر آپ کے پاس اتنا زیادہ وقت نہیں ہے تو پھر آپ اپنے گھر ہی میں ورزش کیجئے، میں آپ کو صرف دس منٹ کی ورزشیں بتاتا ہوں، میں تو اپنی صحت کے لیے ٹینس بھی کھیلتا ہوں، دوڑتا بھی ہوں اور حسب موقع یہ ورزشیں بھی کرتا رہا ہوں۔ مصروف تو میں بھی بہت ہوں مگر اپنی صحت کے لیے ورزش ضرور کرتا ہوں۔

ورزش نمبر1: دو کرسیاں لیجیے ایک کرسی پر دایاں اور دوسری پر بایاں ہاتھ رکھ کر سینے کو نیچے گہرائی میں آہستہ آہستہ لے جائیں جہاں تک لے جاسکیں پھر سابق پوزیشن میں آجائیں۔ یہ ایک بہترین ورزش ہے اسے تمام عمر ترک نہیں کرنا چاہیے۔ **ورزش نمبر۲:** یہ خوب گہرے سانس لینے کی ورزش ہے۔ سیدھے کھڑے ہوجائیں ہاتھ اوپر لے جائیں اور اوپر لے جاتے ہوئے خوب گہرا سانس اندر لیجئے اس کے بعد ہاتھ نیچے اس طرح لائیے جس طرح اوپر لے کر گئے تھے۔ ہاتھ نیچے لاتے لاتے سانس باہر نکالیں اس طرح کہ گویا پھیپھڑوں میں اب ہوا بالکل باقی نہیں رہی ہے۔

ورزش نمبر۳: یہ گویا اوپر سے نیچے خیالی رسی کو کھینچنا ہے ہاتھوں کی مٹھیاں بنا کر ایک دوسرے پر رکھ لیجئے۔ نیچے کا ہاتھ' اوپر کے ہاتھ کو اوپر لے جائیں اور اوپر کا ہاتھ نیچے دبائیں۔ اس زور کے ساتھ دونوں ہاتھ سر کے اوپر تک لے جائیں اور اسی کشمکش کے ساتھ نیچے ناف تک لے آئیے۔ بار بار یہی ''رسہ کشی'' کیجئے یہاں تک کہ بازو تھک جائیں۔

ورزش نمبر۴: دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں پھنسا لیجئے اور ایک دوسرے کے مقابل کیجئے اور اس طرح کھینچتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو سر کے اوپر تک لے جائیے اور اسی طرح کھینچتے ہوئے نیچے ناف تک لائیے' سینے کے لیے بہترین ورزش ہے بار بار کیجئے یہاں تک کہ تھک جائیں۔ **ورزش نمبر۵:** سینے کے لیے ایک اور بہترین ورزش ہے۔ سیدھے کھڑے ہو جائیے ایک ہاتھ کی مٹھی دوسری ہاتھ کی ہتھیلی میں فٹ کردیں اور پوری قوت کے ساتھ مٹھی والے ہاتھ سے ہتھیلی والے ہاتھ کو دھکیل دیں اور نیچے تک لے آئیں۔ اسی طرح دوسرے ہاتھ سے کریں۔

ورزش نمبر۶: سیدھے کھڑے ہوجائیں۔ دونوں پیروں کے درمیان چوبیس انچ کا فاصلہ کرلیجئے۔ دونوں ہاتھ پہلوؤں پر رکھ لیجئے۔ نیچے جھکنا شروع کیجئے' گھٹنے نہ مڑنے پائیں اور دایاں ہاتھ زمین کو چھوئے اس کے بعد بائیں ہاتھ زمین تک لائیے۔ اسی طرح باری باری کرتے رہیے۔ یہاں تک کہ تھک جائیں۔ پیٹ کے لیے ایک بہترین ورزش ہے۔ **ورزش نمبر۷:** بالکل سیدھے کھڑے ہو جائیے۔ دونوں ہاتھ کھول کر پھیلائیں۔ اس کے بعد بالکل اسی طرح قائم رکھتے ہوئے جسم کو دائیں جانب پوری طرح موڑ لیجئے پھر اپنی جگہ قائم رہیں پھر جسم کو بائیں طرف موڑیے۔

روحانیت کے طالبعلم فائدہ اٹھائیں صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

شفاء پانے والے

چھاتی کے کینسر سے چھٹکارا چند ماہ میں ممکن ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تقریباً تین سال ہوگئے ہیں۔ آپ کا درس آن لائن بھی سنتی ہوں۔ میرے شوہر نے ایک دن مجھے باتوں باتوں میں بتایا کہ میرا ایک دوست بہت ہی زیادہ پریشان ہے اس کی بیوی کو چھاتی کا کینسر لاحق ہے ڈاکٹری علاج جاری رکھے ہوئے ہے۔ میں نے فوراً سے کہا اس کو کہنا اپنی بیوی کو لاہور عبقری دواخانہ لے جائے اس مرض کا علاج وہاں موجود ہے اور ان شاء اللہ مجھے امید ہے وہ جلد سے جلد صحت یاب ہو جائے گی۔ اگلے دن میرے شوہر آفس گئے تو انہوں نے اپنے دوست کو یہی مشورہ دیا جس پر اس نے کہا کہ آپ اپنی بیوی سے کہیں کہ وہ میری اہلیہ کو لے جائے۔ جب میرے شوہر نے مجھے کہا تو میں فوراً سے مان گئی اور اگلی صبح میں اس کو لے کر عبقری دواخانہ پہنچی اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے چیک اپ کروایا۔ انہوں نے تسلی دی اور چند ماہ باقاعدگی کے ساتھ خون صفاء، ٹھنڈی مراد، نورتن شفاء، اینٹی بائیوٹک شفاء اور کالی کڑوی شفاء، مرہم سکون استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ ہم ادویات لے کر واپس گھر آ گئے۔ میں نے اس سے کہا آپ نے دوائی میں ناغہ نہیں کرنا ان شاء اللہ آپ جلد ٹھیک ہو جائیں گی۔ چند ماہ دوائی کے استعمال کے بعد جب ٹیسٹ کروایا تو مرض کی شدت میں کمی ہوئی جس پر انہیں مزید تسلی ہوگئی اور ادویات کے استعمال کا سلسلہ جاری رکھا۔ پھر ایک روز مجھے کال آئی کہ آج میں نے ٹیسٹ کروایا تو ٹیسٹ کلیئر آئے جس پر میں نے سوچا باجی کا شکریہ ادا کروں کیونکہ آپ نے اس بیماری کے خاتمے میں میرا بہت ساتھ دیا کہ میرے ساتھ خود عبقری دواخانہ لاہور گئیں میں آپ کی یہ نیکی ساری زندگی یاد رکھوں گی۔ میں نے اس کو کہا کہ صحت دینے والی اللہ کی ذات ہے انسان صرف کوشش کرسکتا ہے اور مجھے یقین تھا کہ عبقری دواخانہ کی ادویات میں اس مرض کا علاج موجود ہے اس لیے آپ کو وہاں جانے کا مشورہ دیا تھا آپ مجھے اور حکیم صاحب کو اپنی دعاؤں میں بس یاد رکھیں اور حکیم صاحب کی آن لائن یوٹیوب پر محفل سنتی رہیں جس سے آپ کو روحانی سکون بھی میسر آئے گا۔ (زاہدہ پروین، نارووال)

نوٹ: اگر آپ کے کسی عزیز یا جاننے والے کو چھاتی کا کینسر ہے اور آپ ڈاکٹری علاج کروا رہے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ عبقری کی ادویات خون صفاء۔ ٹھنڈی مراد۔ نورتن شفاء۔ اینٹی بائیوٹک شفاء اور کالی کڑوی شفاء۔ مرہم سکون (لگانے کے لیے) بھی استعمال کروائیں۔ بے شمار نے شفاء پائی آپ بھی آزمائیں۔

جسم کی اضافی چربی چند یوم میں ختم! انوکھی دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 25 سال ہے اور مجھے فاسٹ فوڈ کھانے کا بہت شوق ہے۔ میں رات کو کھانا گھر سے نہیں کھاتا تھا بلکہ باہر سے برگر، شوارما اور دیگر روسٹ کی ہوئی اشیاء کھا کر پیٹ بھرتا تھا جس وجہ سے میرا پیٹ بڑھنا شروع ہوگیا حالانکہ میں جسمانی طور پر دبلا پتلا ہوں لیکن ان چیزوں سے صرف پیٹ بھرتا تھا مگر غذا جذو بدن نہیں بنتی تھی۔ پہلے کچھ ماہ تو میں نے توجہ نہیں دی لیکن پھر میں نے اس کو سنجیدہ لینا شروع کر دیا۔ فاسٹ فوڈ چھوڑ دیا ورزش کی بہت کچھ کیا یہاں تک کہ مارکیٹ میں موجود مختلف اقسام کی پروڈکٹ اور بیلٹ وغیرہ کا استعمال شروع کر دیا کہ کسی طرح پیٹ کم کرنا ہے۔ بہت ہی جتن کیے لیکن کچھ نہ کر پائے اور آخر تھک ہار کر بڑھے ہوئے پیٹ کے ساتھ ہی جینا سیکھ لیا جو بھی دیکھتا صرف ایک ہی بات کہتا تمہارا پیٹ باہر نکل آیا ہے۔ چند ماہ پہلے میرا پرانا کلاس فیلو ملا اس نے بھی دیکھتے ہی یہی الفاظ کہے تو میں نے کہا یار کیا بتاؤں بہت ہی کوشش کی یہ پیٹ اندر ہو جائے لیکن ہر کوشش میں ناکام رہا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ اس میں پریشان ہونے کی کیا بات ہے میرا پیٹ بھی اسی طرح باہر آ گیا تھا میں نے دیسی دوائی کا استعمال کیا چند ماہ میں میرا پیٹ بالکل اندر ہو گیا اور میرے تمام گھر والے پریشان ہو گئے کہ اس نے آخر استعمال کیا کیا ہے کہ اس کا پیٹ بالکل ساتھ لگ گیا ہے اور فوراً سے میں نے اس سے پوچھا تو کیا استعمال کیا تھا تم نے؟ اس نے بتایا کہ عبقری دواخانہ کی ''پیٹ ویٹ گولیاں'' بس استعمال کیں تھیں میرا پیٹ اندر ہو گیا میں نے اس سے عبقری دواخانہ کا ایڈریس لیا۔ اگلے دن عصر کے وقت دواخانہ گیا اور پیٹ ویٹ گولیاں لیں، وہیں بیٹھ کر اس ڈبی پر لکھی ہوئی تحریر پڑھی اور میں حیران تھا کہ اس میں پیٹ کم کرنے کے علاوہ بواسیر، قبض، گیس اور یہاں تک کہ شوگر اور الرجی کا بھی علاج تھا۔ میں نے چند ماہ پیٹ ویٹ گولیاں استعمال کیں جس سے میرا پیٹ کم ہو گیا اور میں مکمل سمارٹ نظر آنے لگا سب حیران تھے کہ یہ تو کمال ہی ہو گیا ہے اور جہاں تک فاسٹ فوڈ کھانے کی بات ہے تو میں اب بھی کھاتا ہوں اور پیٹ ویٹ گولیاں کھا کر بے فکر ہو جاتا ہوں۔ (محمد فیاض، مریدکے)

کھانسی، نزلہ، زکام نے میرے گھر میں ڈیرے جما لیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے وابستہ ہوئے ڈیڑھ سال کے قریب ہو گیا ہے بہت ہی لاجواب اچھا رسالہ جب بھی پڑھا کچھ نہ کچھ سیکھنے کو ملا۔ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی بہت ہی فائدہ مند اور انتہائی مناسب قیمت میں دستیاب ہوتی ہیں حالانکہ موجودہ مہنگائی کے دور میں ادویات کی قیمتوں میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے لیکن عبقری کی ادویات کی قیمتوں میں زیادہ اضافہ نہیں ہوا یہی تو مخلوق خدا کی خدمت کی نشانی ہے۔ میرے گھر میں عبقری ادویات کا ہی استعمال ہوتا ہے۔ موسمی اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے میں شفاء حیرت سیرپ، بنفشی قہوہ، ناک شفاء ہر وقت اپنے گھر میں رکھتا ہوں، ختم نہیں ہونے دیتا کیونکہ ان ادویات کے استعمال سے کھانسی، نزلہ زکام، گلہ درد، ریشہ جیسی بیماریاں دور رہتی ہیں۔ ہر چھوٹا بڑا ان دیسی ادویات کو استعمال کرسکتا ہے اور اس کا فائدہ ہی فائدہ ہے نقصان نہیں ہے۔ پہلے موسم گرما ہو یا سرما میرے گھر میں نزلہ، زکام، کھانسی ڈیرے جما لیتے تھے لیکن اب ایسا نہیں ہے جب عبقری کی ادویات کا استعمال شروع کیا ہے۔ اس کے علاوہ عبقری کا خالص باغات کا شہد بہت ہی لاجواب ہے میرے بچے بہت ہی خوش ہو کر کھاتے ہیں جس کے استعمال سے ادویات لینے کی بھی ضرورت نہیں پڑتی اور بچے موسمی اثرات سے محفوظ رہتے ہیں۔ (الطاف، لاہور کینٹ)

کمرے کا رنگ. بہت جلد آپ کو پاگل بنا دے گا!

کلر تھراپی کے بارے میں ہر کوئی جانتا ہے اور اس بات کی حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ رنگ شخصیت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ رنگ خوش قسمتی کی علامت بھی سمجھے جاتے ہیں۔ اکثر اپنی زندگی میں ان رنگوں کی شمولیت مختلف حوالوں سے ضروری اور خوش قسمت سمجھی جاتی ہے۔ رنگ کے بغیر زندگی کا ہر رنگ بے رنگ ہوتا ہے۔ کلر کمبینیشن کی مناسبت سے رنگ کے انتخاب میں آپ کے لیے مختلف رنگوں کا منتخب کرنا اسکے علاوہ گھر کے مختلف حصوں جیسے کہ ڈرائنگ روم، لاؤنج، اسٹڈی، کچن، باتھ رومز، بیڈ روم ہر جگہ کی کلر اسکیم صاحب خانہ کے ذوق اور ذاتی دلچسپی کا مظہر ہوتی ہے جس طرح روزمرہ پہننے والے لباس کے لیے افراد اپنے پسندیدہ رنگوں کا انتخاب کرتے ہیں بالکل اسی طرح گھر کی تزئین و آرائش کے لیے کلرز منتخب کیے جاتے ہیں۔ گھر کا سب سے اہم حصہ ''بیڈ روم'' کو کہا جاتا ہے، جہاں کی کلر اسکیم گھر کے دیگر حصوں سے ممتاز اور منفرد ہونی چاہیے۔ اکثر لوگ اپنے بیڈ روم کا کلر اپنی ذاتی پسند کا رکھواتے ہیں لیکن ساتھ ہی اس بات کو مدنظر رکھنا بھی ضروری ہے کہ یہ کلرز بیڈ روم میں رکھی جانے والی ہر چیز کے ساتھ پرفیکٹ میچ لگے ایسا نہ ہو کہ دیواروں کا رنگ اگر نیلا ہے تو بیڈ روم کا فرنیچر ڈارک براؤن یا سیاہ لکڑی کا ہو اس سے کمرہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا محسوس ہوگا اس لیے رنگوں کا چناؤ دیکھ بھال کے اور ہر چیز کو ذہن میں رکھ کر کرنا ضروری ہے رنگ آپ کی شخصیت کے آئینہ دار ہوتے ہیں آپ کے بیڈ روم کا رنگ آپ کی شخصیت کا مظہر ہے وہ بتاتا ہے کہ آپ کس مزاج اور رویہ کے انسان ہیں۔ رنگ انسان میں طاقت، تحریک، خوشی، غم کے جذبات و احساسات کو ابھارتے ہیں۔ ہمارے جذبات اور دوسروں کے ساتھ برتاؤ رنگوں کی طاقت کا ہی مظہر ہوتے ہیں۔ اسی لیے ہر شخص کا ایک ''مخصوص'' رنگ ضرور ہوتا ہے بس ان کی پسند الگ الگ ہوتی ہے کچھ افراد قدرتی رنگوں کو اور کچھ بولڈ، تیز، شوخ رنگوں کو پسند کرتے ہیں۔ لیکن بات جب بیڈ روم کی ہو تو اکثر لوگوں کی یہ ہی خواہش ہوتی ہے کہ اس کمرہ کا رنگ اوریجنل اور یونیک ہو جو کمرہ کی خوبصورتی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ان کی شخصیت کے تاثر کی بھی عکاسی کرتا ہو۔

جامنی: یہ رنگ پراسرادیت، لگژریز، ہمدردی اور تیزی کو ظاہر کرتا ہے کبھی کبھار یہ حاکمانہ مزاج کا بھی مظہر ہوتا ہے اس لیے اگر آپ کے بیڈ روم کا رنگ یا کلر اسکیم جامنی رنگ پر مشتمل ہے تب آپ ایک لیڈر شپ کی خصوصیات کے مالک شخص ہیں جسے احساسات اور آرام دہ زندگی گزارنا پسند ہے اس کے علاوہ ایسے افراد کا وژن ہر معاملے میں بہت واضح اور صاف ہوتا ہے اسی لیے ہر فیصلہ دوٹوک انداز میں کرتے ہیں۔

آسمانی یا قدرتی نیلا رنگ: جو افراد اپنے بیڈ روم کی کلر اسکیم اس طرح کی کرواتے ہیں وہ سمجھدار اور ذہین ہونے کے ساتھ ہمہ صفت اور اچھے راز دان ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار بے خوف اور آئیڈیلسٹک بھی ہو سکتے ہیں۔ اس رنگ کو اپنے بیڈ روم کا حصہ بنانے والے افراد بڑی حد تک وفادار اور اپنی فیلنگز کے حوالے سے ایماندار تصور کیے جاتے ہیں دھوکہ دہی ان کی فطرت میں شامل نہیں ہوتی اس لیے یہ پیچ و خم کے بجائے سیدھے سادے انداز میں زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں۔ لیکن ان میں کچھ ایسے بھی افراد جو حالات واقعات کی بناء پر اکثر منفی رویہ بھی اپنا لیتے ہیں۔

سبز ہرا: اس رنگ کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے جو آنکھوں کو تراوٹ دیتی ہے۔ سبز رنگ نئی شروعات، جمالیاتی ذوق اور پرسکون لوگوں کی نشاندہی کرتا ہے یہ رنگ سینس آف سکیورٹی کا تاثر بھی دیتا ہے۔ سبز رنگ کا عنصر لکڑی ہے اس لیے ایسے افراد جو اپنے بیڈ روم کی کلر اسکیم میں ہرے رنگ کو شامل کرتے ہیں بہت پرسکون، ٹھنڈے مزاج کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس رنگ کو اپنانے والے دوسروں کو اپنی جانب متوجہ رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔

پیلا: یہ رنگ خوشی، سرشاری، ذہانت کی نشاندہی کرتا ہے ایسے افراد زندگی کا ہر لمحہ انجوائے کرنا اور خوشیاں منانا پسند کرتے ہیں نہ صرف یہ بلکہ پیلے رنگ کو اپنانے والے افراد اپنے اردگرد موجود لوگوں کو خوش رکھتے ہیں اور ان کی خوشی میں خود بھی خوش رہتے ہیں۔ خالص پیلا رنگ پسند کرنے والے افراد زندگی کے ہر معاملے میں اپنا ایک واضح نکتہ نظر رکھتے اور اپنے مؤقف پر دلائل کے ساتھ قائم رہنا پسند کرتے ہیں پیلے رنگ کا عنصر مٹی ہے شور شرابہ، ہلہ گلہ کرنا ان کی شخصیت کا نمایاں رنگ ہوتا ہے سو ایسے افراد جو اپنے بیڈ روم میں پیلا یا اس سے متعلق کوئی بھی شیڈ اپناتے ہیں ان میں یہ تمام خصوصیات بدرجہ اتم موجود ہوتی ہیں جن کا وہ وقتاً فوقتاً مظاہرہ کرنا بھی پسند کرتے ہیں۔

اورنج: یہ رنگ تخلیقی صلاحیت اور پرتجسس فطرت کو ظاہر کرتا ہے اگر دنیا میں کامیاب تخلیق کار افراد کی فہرست پر نظر ڈالی جائے تو ان میں سے بہت سے ایسے ہوں گے جن کا پسندید رنگ اورنج ہے۔ اورنج طاقت اور اتھارٹی کی نشاندہی کرتا ہے گہرا اور بولڈ اورنج کا عنصر آگ ہے۔ اس لیے اگر آپ اپنے پسندیدہ رنگ کو اپنے بیڈ روم کا حصہ بنانا چاہتے ہیں تو اس کا استعمال محدود حصوں پر ہی رکھیں۔ تیز اورنج اپنی تاثیر کے باعث آپ کی نیند میں خلل ڈال سکتا ہے۔

لال، سرخ: یہ رنگ خواہشات، آرزوؤں بے باکی، نڈر، بہادری، صبر کی نشاندہی کرتا ہے۔ زیادہ صلاحیت سے بھرپور شخصیت کے مالک افراد لال رنگ کو پسند کرتے ہیں۔ بیڈ روم میں لال رنگ کا استعمال انرجی اور سوفٹ فیلنگز کو اُجاگر کرتا ہے۔ یہ رنگ محبت کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے اس لیے اکثر نئے شادی شدہ جوڑے کے بیڈ روم میں لال، سرخ رنگ کا امتزاج بہت زیادہ ہوگا۔ اس رنگ کا منفی اثر آپ کے مزاج پر بھی پڑسکتا ہے یہ آپ کو غصہ دلانے کے ساتھ ساتھ مزاج کو برہم بھی کرسکتا ہے۔ لال رنگ کا عنصر بھی آگ ہے۔

سدرہ جاوید، سیالکوٹ

پیٹ درد کا انوکھا ٹوٹکہ مکہ مکرمہ سے آیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا آزمودہ عمل ہے اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو درد والی جگہ پر شہادت کی انگلی رکھے اور اول و آخر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر 11 مرتبہ اَللّٰھُمَّ یَارَحِیۡمُ پڑھے۔ ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔ یہ بہت ہی مجرب المجرب عمل ہے۔ بے شمار کو بتا چکا ہوں فائدہ ہوا۔ (محمد وصایا' مکہ مکرمہ' سعودی عرب)

قارئین کے آزمودہ روحانی وظیفے' طبی ٹوٹکے' نسخے اور چٹکلے

عبقری رسالے سے مسائل کا حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری وساری رکھے اور آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے آپ کی نسلیں شاد و آباد رہیں۔ آمین! جب سے ہمارے گھر عبقری رسالہ آنا شروع ہوا ہے ہماری زندگی بدل گئی ہے ہمارے گھر میں برکتیں، رحمتیں ہیں۔ ہمارے محلے میں کسی کو کوئی پریشانی یا بیماری، مسئلہ ہو تو ہم ان کو رسالے سے مسائل کا حل بتاتے ہیں تو ان کے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

یہ سب تو وظیفہ کا ہی کمال ہے: میں بہت زیادہ بیماری رہتی تھی جس وجہ سے سکول سے بہت زیادہ چھٹیاں ہوتی تھیں۔ جب بھی چھٹی کے بعد سکول جاتا تو ٹیچر بہت ہی زیادہ ڈانٹتی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں کٓھٰیٰعٓصٓ کا فائدہ پڑھا تو میں نے بھی پڑھنا شروع کیا۔ عمل اس طرح ہے کہ میں نے ہاتھ کی ایک انگلی ''ک'' پڑھ کر بند کی' پھر دوسری ''ھ'' پڑھ کر بند کی' تیسری ''ی'' پڑھ کر بند کی' چوتھی ''ع'' پڑھ کر بند کی اور پانچواں انگوٹھا ''ص'' پڑھ کر مٹھی بند کرلی۔ جب میں چھٹی کرکے اگلے دن کلاس میں ٹیچر کے سامنے گئی اور یہ عمل کیا تو ٹیچر نے مجھے کچھ بھی نہ کہا۔ یہ سب اسی وظیفہ کا کمال ہے۔ اس کے علاوہ عبقری میں اس کے فوائد میں یہ بھی لکھا تھا کہ کسی شخص سے بات منوانی ہے' اس کی طرف سے کوئی ڈرخوف ہو بس یہ عمل کرکے اس کے سامنے جائیں۔ پھر کمال خود دیکھئے گا۔

ڈرائیور حیران' یہ کرشمہ کیسے ہوا؟: ہمارے گھر میں سے کوئی بھی فرد جب بھی باہر جاتا ہے تو گیارہ مرتبہ 'یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ کر جاتا ہے۔ ایک مرتبہ میرے ابو شہر گئے تھے وہ بتا رہے تھے کہ میں سڑک پار کررہا تھا کہ اچانک سے تیز بس آئی اور مجھے کسی چیز نے جیسے دھکا دے کر سڑک کنارے کردیا ہو اور میں بال بال بچ گیا۔ بس ڈرائیور بھی حیران تھا کہ یہ کرشمہ کیسے ہوگیا۔ یہ سب 'یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' کی برکت تھی۔

میری بیٹی بچ گئی!: ایک مرتبہ میری خالہ اپنے بچوں اور خاوند کے ساتھ بہاولپور جارہی تھی کہ ان کی موٹر سائیکل خراب ہوگئی اور میرے خالو نے موٹر سائیکل سڑک کنارے کھڑی کی اور اس کو چیک کررہے تھے کہ اس میں آخر کیا خرابی آئی ہے؟ اتنی دیر میں میری خالہ کی چھوٹی بیٹی اچانک سے سڑک کے درمیان چلی گئی اور ٹرالی کے نیچے آنے ہی والی تھی کہ فوراً سے خالہ نے ہاتھ پکڑ کر کھینچ لیا۔ میری خالہ نے مجھے بتایا کہ یہ سب 'یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' کی برکت کا نتیجہ تھا کہ میری بیٹی بچ گئی۔

ٹریفک جام تو مسئلہ ہی نہیں: ہم تمام فیملی کے ساتھ ایک رشتہ دار کی شادی پر جارہے تھے تو راستے میں بہت زیادہ ٹریفک جام تھی ہم سب نے سورۂ قریش پڑھنا شروع کردی ابھی تین سے چار مرتبہ ہی پڑھی تھی کہ ٹریفک کھل گئی اور دیکھتے ہی دیکھتے سڑک بالکل صاف ہوگئی اور ہمیں آسانی سے راستہ مل گیا۔

بچھو نے ڈسا نہیں: پچھلی گرمیوں کی رات کو ہمارے گھر میں تمام لائٹیں بند تھی۔ میری بہن برآمدے میں بیٹھ کر سورۂ قریش کا ورد کررہی تھی اس نے محسوس کیا کہ اس کے پاؤں کے نیچے کوئی چیز ہے تو جب لائٹ آن کرکے دیکھا تو اس کے پاؤں کے نیچے ایک خطرناک بچھو بیٹھا تھا۔ سورۂ قریش کے پڑھنے کی برکت سے بچھو نے ڈسا نہیں اور میں حفاظت میں رہی۔ (ہمشیرہ عمر، لودھراں)

شدید قبض' نزلہ زکام اور ماہواری کے مسائل کا حل

ماہواری کے مسئلہ کے لیے

جن خواتین کو ماہواری نہ آرہی ہو تو ان کے لیے یہ ٹوٹکہ بہت مفید ہے۔ کالی مرچ، سونف، سفید تل تینوں ایک ایک چھٹانک لے کر پیس کر مکس کرلیں ایک چمچ صبح نہار منہ گرم دودھ کے ساتھ اور رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ لیں ان شاء اللہ چند ہفتے استعمال سے ہی ماہواری آجائے گی۔

شوگر، بواسیر اور ہائی بلڈ پریشر کا نسخہ

خالص عرق گلاب دو چمچ ایک پانی کے گلاس میں مکس کرکے پی لیا کریں ان شاء اللہ بواسیر کا خاتمہ ہوگا، بلڈ پریشر اور شوگر کنٹرول میں رہے گی۔ میں نے یہ نسخہ کتنے مریضوں کو دیا سب کو اللہ نے شفاء دی۔

نزلہ زکام کے لیے

نزلہ زکام ہوجائے تو زیتون تیل کے چند قطرے ناک میں ڈالتے رہیں چند دن میں نزلہ زکام سے نجات مل جائے گی۔ (والدہ محمد عمر، لاہور)

سو روپے کے نوٹ کا عمل! شفاء مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دائیں ٹانگ پر ران کے گوشت میں شدید درد اٹھتا تھا بہت دوائی مگر کوئی افاقہ نہ ہوا، ایک دن اچانک ایک بھکاری خاتون آئی تو میں نے 100 روپے کا نوٹ درد والی جگہ پر پھیر کر صدقہ کی نیت سے اس کو دے دیا تو اس سے کافی حد تک افاقہ ہوا۔

شدید قبض کے لیے

جتنی بھی پرانی اور شدید قبض ہو تو یہ نسخہ آزمائیں: چرائتہ، کالی ہڑیڑ، چھوٹی الائچی، طباشیر، انار دانہ یہ پانچ چیزیں ہموزن لے کر کوٹ پیس کرلیں اور اس میں جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی مکس کرکے صبح وشام ایک چمچ لیں ان شاء اللہ جتنی بھی پرانی قبض ہوگی ٹھیک ہوجائے گی۔

کھانا شفاء بن جائے

ہر کھانے کے دوران سات دفعہ سورۂ الفاتحہ اور کھانے کے بعد تین دفعہ سورۂ القریش پڑھتی ہوں الحمدللہ وہ کھانا میرے لیے شفاء بن جاتا ہے۔ (اہلیہ محمد محسن شہزاد، سرگودھا)

آنکھوں کے امراض ختم' عینک اتر جائے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا' ہم نے خود آزمایا ہمیں بہت فائدہ ہوا' میرے ایک جاننے والے ہیں ان کی بیٹی کو چھوٹی عمر میں ہی عینک لگ گئی' میں نے انہیں یہی ٹوٹکہ بتایا' ان کی بیٹی کی عینک اتر گئی اور نظر بالکل ٹھیک ہوگئی مزید یادداشت بھی بہترین ہوگئی۔ ٹوٹکہ یہ ہے' ھوالشافی: دکنی مرچ پانچ عدد' بادام پانچ عدد رات کو پانی میں بھگودیں' صبح نہار منہ بادام اور دکنی مرچ چبا کر کھائیں۔ یہ عمل چند ہفتے کریں' عینک کی ضرورت نہیں رہے گی' نظر کی کمزوری کیلئے کئی لوگوں کا آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ یادداشت بہترین ہوجاتی ہے' جن کو حافظے کا مسئلہ ہے ان کیلئے بھی یہ ٹوٹکہ بہت کام آتا ہے۔ نزلہ زکام' بالوں کا وقت سے پہلے سفید ہونا' نیند کا نہ آنا' دماغی خشکی ان تمام امراض کیلئے یہ چھوٹا سا ٹوٹکہ کام آتا ہے۔ (ارمغان علی' چشتیاں)

اسی سال شادی کرنا چاہتے ہیں تو یہ تحریر ضرور پڑھیے!

ارم زہرہ، لاہور

میری قارئین سے گزارش ہے کہ اپنی زندگی کو اعمال پر لائیں زندگی میں سکھ آجائے گا چین آجائے گا ہر طرف سے سکون ہی سکون نظر آئے گا میرے کچھ آزمودہ تجربات ہیں وہ میں آپ کو بتا رہی ہوں۔ سب سے پہلے ان خاتون کے لیے جو شادی شدہ ہیں اور انہیں سسرال میں سکون نہیں ہے ہر طرف پریشان، بے برکتی، مشکلات نظر آرہی ہیں میں ان تمام خواتین میں خود بھی ان میں شامل ہوں ہم مل کر یہ اعمال کریں جو میں کر رہی ہوں تو زندگی میں سکون آجائے گا۔ اپنی زندگی میں نماز کو کسی صورت میں نہیں چھوڑنا چاہیے۔ نماز پورے فرائض کے ساتھ خشوع خضوع کے ساتھ ادا کرنی ہے۔ جن کے لیے نماز ادا کرنا مشکل ہے وہ صبح اٹھنے سے پہلے روحانی بیڈ ٹی کا عمل کریں: صبح اٹھنے کے بعد اور بستر چھوڑنے سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور تسمیہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور پھر لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ آپ کچھ دن یہ عمل کرتے رہیں اللہ آپ کو ہر برائی سے بھی محفوظ رکھے گا اور نماز کی بھی توفیق دے گا۔ دوسری بات تلاوت قرآن پاک کا خصوصی طور پر اہتمام کریں جتنا بھی ہو سکے پڑھیں۔ اگر قرآن پاک پڑھنا نہیں آتا تو کسی سے پڑھنا سیکھ لیں چاہے عمر کے کسی بھی حصہ میں ہے۔

مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں۔ بیت الخلاء میں جاتے ہوئے اس مسنون دعا کا باقاعدگی سے اہتمام کریں۔ آپ سوچ بھی نہیں سکتیں کہ کتنا روحانی اور جسمانی سکون ملتا ہے۔ اور جب بھی نہانے جائیں تو روحانی غسل کی نیت سے نہایا کریں جس کام کا آپ تصور کر کے نہائیں گی تو وہ کام آپ کا ہو جائے گا جب بھی مجھے کہیں بھی درد ہوتا ہے یا سستی ہوتی ہے تو میں جب روحانی غسل کرتی ہوں تو مجھے بہت فائدہ اور فوری فائدہ ہوتا ہے۔ وضو کے بعد تین گھونٹ کا اہتمام کریں جو بھی مقصد ذہن میں ہے پورا ہوتا ہے۔ خاوند کا لہجہ ٹھیک نہیں یا بچے نافرمان ہیں تو ان کی نیت کرتے ہوئے تین گھونٹ پانی پئیں کچھ دنوں میں آپ کو فرق محسوس ہونا شروع ہو جائے گا اور جب وضو کیا کریں تو لاہوتی وضو سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے اعمال بہت زیادہ نفع دیتے ہیں اور زندگی کو سکون دیتے ہیں یہ اعمال انسان کی آخرت کو بھی سنوارتے ہیں اور دنیا کو بھی اور جو لڑکیاں ابھی غیر شادی شدہ ہیں وہ رمضان شریف والا عمل اس رمضان المبارک میں ضرور کریں۔ عمل یہ ہے:۔ رمضان شریف کی گیارہویں اور بارہویں روزے کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کر کے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔

12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور پاک ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور پاک ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل، انکساری، عاجزی سے کم از کم 15 منٹ اپنے لیے یا اپنی بہن، بیٹی کیلئے اچھے رشتے کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگلے رمضان سے پہلے مراد پوری ہوگی۔ یہ نہایت ہی آزمودہ اور آزمایا ہوا وظیفہ ہے۔ میں نے جس کو بھی بتایا اس نے اپنے رب کا شکر ادا کیا۔ آپ یقین جانیے اس وظیفے کے پڑھنے کی بدولت بڑی عمر کی لڑکیاں جو اپنی شادی سے ناامید ہوگئی تھیں اللہ کے فضل سے ان کی بھی شادیاں ہوگئی ہیں اور اپنے گھروں میں خوش اور آباد ہیں۔ اس رمضان ضرور کریں اور یقین کے ساتھ کریں۔ میں نے کھانے کے بعد سورۂ قریش تین دفعہ پڑھی اور آپ یقین جانیے اس عمل کی برکت سے کھانے میں لذت اور کھانے میں برکت اور دسترخوان وسیع ہو جاتا ہے کیا کمال کا عمل ہے اور میں کوشش کرتی ہوں صدقے کا اہتمام کروں یعنی جو خرچہ مجھے میرے شوہر دیتے ہیں میں اس میں سے اڑھائی فیصد صدقہ کرتی ہوں اس طرح بچ جانے والا خرچہ بیماری یا نقصان پر نہیں لگتا۔ اس کے علاوہ بڑھے پیٹ بارے ایک نسخہ حاضر خدمت ہے۔ **ٹوٹکہ:** جس کا پیٹ بڑھ رہا ہو وہ صبح نہار منہ آدھا چمچ شہد اور آدھا لیموں پانی میں نچوڑ کر کچھ ہفتے پیئے ان شاء اللہ پیٹ کم ہونا شروع ہو جائے گا۔ میرا آزمودہ ہے۔

شوہر سے لڑائی جھگڑے ختم! انوکھا فارمولہ میرے ہاتھ آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر فجر کی نماز کے لیے نہیں اٹھتے تھے، لاکھ جگاتی جتن کرتی مگر وہ اٹھنے کا نام نہ لیتے، اکثر مجھ سے ناراض ہو جاتے، اب میں ان کی روح کو اعمال کا ہدیہ بھیجنا شروع ہوگئی ہوں جس کی برکت سے اب خود ہی اٹھتے ہیں اور فجر کی نماز مسجد میں ادا کرنے کیلئے چلے جاتے ہیں، اب مجھ سے جھگڑا بھی نہیں کرتے اور زندگی خوشگوار گزر رہی ہے۔

دوسرا یہ میرے بیڈ روم کے فین کا ریگولیٹر خراب تھا، فل سپیڈ پر چلتا تھا، کم نہ ہوتا تھا، بہت پریشانی تھی، موسم تبدیل ہو رہا تھا، میں نے دو تین مرتبہ شوہر سے کہا مگر انہوں نے توجہ نہ کی، جمعرات تھی، مجھے خیال آیا کہ شوہر سے عرض کروں، مگر وہ سو رہے تھے، میں نے سوچا سونے دیتی ہوں تاکہ جمعرات کی محفل میں تسبیح خانہ میں نیند نہ آئے، رات کو محفل سے واپس آئی تو پنکھا چلا تو وہ آہستہ ہو گیا، میں نے شوہر کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے ٹھیک کروا دیا ہے، پنکھا بہترین چل رہا ہے، شوہر نے حیرانی سے میری طرف دیکھا اور کہا کہ میں نے تو ٹھیک نہیں کروایا، یقین کیجئے اب تک وہ بالکل ٹھیک چل رہا ہے۔ (ڈاکٹر انیقہ، لاہور)

اس کو سمجھائیں، بہنوں سے لڑتا اور تنگ کرتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سفر پر تھا تو گاڑی کے اندر ساتھ والی سیٹ پر ایک صاحب بیٹھے تھے جن کے ان کا دس سال کا بیٹا تھا۔ مجھ سے کہنے لگے: یہ میرا بچہ ہے، جو بالکل بات نہیں سنتا ہر وقت بہنوں سے لڑتا رہتا ہے، میں بہت تنگ آگیا ہوں، سمجھا سمجھا کر تھک گیا ہوں، بات نہیں مانتا اور نماز کی طرف تو بالکل نہیں آتا، آپ ہی ذرا سمجھائیں، شاید آپ کی بات مان جائے، میں نے کچھ باتیں نصیحت کے درجے میں اس بچے کو سمجھائیں جس کی عمر تقریباً تیرہ سال کے لگ بھگ تھی، اللہ تعالیٰ نے اس بچے میں کافی خیر رکھی ہے، ساتھ ہی اس کے والدین کو عبقری رسالہ ہدیہ کیا، دو انمول خزانہ، روحانی غسل، وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات کتابچے ہدیہ کیے اور اذان اور التحیات تسبیح کا عمل بتایا اور کرنے کو کہا۔ اسی اتوار کو ظہر کی نماز میں ملاقات ہوئی وہ معصوم بچہ بہت خشوع خضوع کے ساتھ نماز میں مشغول تھا اور بہت خوش اور مطمئن تھا، یہ سب اللہ کا کرم ہو رہا کہ مخلوق عبقری کی چھاؤں تلے آرہی اور آرام پا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں اور تمام عبقری کی خدمت کرنے والوں کو دین و دنیا کی خیریں اور برکات عطا فرمائے۔ (محمد علی قریشی، کینیڈا)

اُجڑے خاندان آباد ہو جائیں! صفحہ 41 پر لاہوتی نقش پڑھیں

شوگر، بلڈ پریشر کے مریض جو روزے نہیں رکھ سکتے شیخ الوظائف سے چند ٹوٹکے لیں زندگی میں آنے والے روزے نہیں چھوٹیں گے (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے؟

اِدھر عمل شروع کیا، اُدھر جادوگر بیمار اور میں صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی رحمت سے خوب نوازے آپ کی وجہ سے لوگوں کے کئی مشکل کام ہورہے ہیں میں خود عملیات کرتا ہوں مجھے ایک بزرگ نے کچھ عمل بتائے تھے جن سے لوگوں کو بہت فائدہ ہوا' اسی اللہ کے نیک بندے نے مجھے اجازت دی تھی کہ عبقری رسالہ پڑھا کرو' میں نے 2012ء کو عبقری رسالہ خریدا اس میں جادو کا توڑ سورۂ فلق، سورۂ ناس والا عمل میں نے خود چالیس دن کیا' میرے کچھ حاسدین تھے جو کہ سخت مخالف تھے' اور کہتے تھے کہ جادو ہم نے کروایا ہے جو کرنا ہے کرلیں' میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر یہ عمل شروع کردیا۔ صرف دس دن کے بعد مخالف کی صحت خراب ہوگئی باقی مخالفوں کے رزق میں کمی شروع ہوگئی۔ دوسری دفعہ عمل کیا تو ایک کا سخت ایکسیڈنٹ ہوگیا اور مجھ پر ہوا جادو ختم ہوگیا۔ ایک دوست کو عمل بتایا اس نے کیا دس دن کے بعد اس پر جادو کرنے والا بیمار ہوگیا اور آج تک ٹھیک نہیں ہوا اور چارپائی پر ہے اور اس پر ہوا جادو بھی ختم ہوگیا اور بھی کئی دوستوں کو عبقری سے ملا یہ انوکھا موتی دیا' الحمدللہ! عمل کا سوفیصد رزلٹ آرہا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ صبح وشام 200 مرتبہ فلق و ناس اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ بس یہی عمل ہے۔ (تہذیب الحسن، گوجرانوالہ)

سوچتی شادی کے بعد زندگی پرسکون ہوجائیگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ تقریباً ایک سال سے پڑھ رہی ہوں۔ آپ کا درس بھی سن لیتی ہوں۔ میں جب اپنی بھانجیوں کے پاس جاتی ہوں تو ان کے موبائل پر آپ کا درس سن لیتی ہوں۔ آپ ماشاء اللہ لاکھوں لوگوں کے مسئلے اور پریشانیاں کا حل اعمال کے ذریعے دیتے ہیں۔ میری شادی 2000ء میں ہوئی میری شادی کے ایک ماہ بعد میری والدہ کا انتقال ہوگیا۔ والد کا انتقال تو میرے بچپن میں ہی ہوگیا تھا۔ ہم چار بہنیں ہیں میں سب سے چھوٹی ہوں شادی سے پہلے میں ٹیوشن پڑھاتی تھی، سلائی کڑھائی کرکے گھر کا گزارہ کرتی تھی۔ سوچتی تھی کہ شادی کے بعد پریشانیاں ختم ہوجائیں لیکن پریشانیاں اور بڑھ گئیں۔ سسرال میں سیڑھی سے گری تو سیدھے پاؤں کا ٹخنہ فریکچر ہوگیا اسی دوران شوہر کی نوکری ختم ہوگئی اور میرے علاج پر کافی پیسے لگے جس وجہ سے ہم قرض میں ڈوب گئے۔ شوہر کو ایک چھوٹی سی نوکری ملی اور قرض ادا کیا۔ اس کے بعد میرے کمرے میں شوکیس کی دراز سے ایک بغیر دستے کی چھری نکلی اور ایک بار میرے بیڈ پر کمہار کی مٹی نکلی۔ جس کے بعد حالات بہت زیادہ خراب ہوگئے اور پھر شوہر کی نوکری ختم ہوگئی۔ عبقری رسالہ سے میں نے سورۂ والضحیٰ کا عمل دیکھا' میں نے کرنا شروع کردیا' اس سورۂ کی برکت سے حالات بہتر ہونا شروع ہوئے۔ ماشاء اللہ سے اس سورۂ کی برکت سے شوہر کو بہت اچھی نوکری مل گئی ہے۔ آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے دل سے ڈھیروں دعائیں نکلتی ہیں۔ عمل نوٹ فرمالیں!: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار' اول وآخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر ''ک'' پر 9 بار یاکَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں' جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں' نو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9،9 دن کا عمل کرتے ہیں۔ (ن،س۔ کراچی)

کاروباری زوال ختم اور عروج پائیے!

اللہ پاک نے ڈیپریشن سے باہر نکال دیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے سال عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں سالانہ چلہ سے ایک ہفتہ قبل میں وہاں خدمت کی نیت سے گیا اور دل میں تھا کہ اس خدمت کی وجہ سے اللہ پاک مجھے ذہنی ڈیپریشن سے باہر نکال دے۔ وہاں ایک ہفتہ خدمت کی اور روحانی چلہ شروع ہونے سے قبل میرا نام پانی والی جماعت میں آگیا بس اسی خدمت سے ہی مجھے شفاء ملنی تھی۔ سارا دن پانی کی خدمت پر رہتا روحانی چلہ میں شریک ہونے والوں کو پانی پلاتا اور جب وہ پانی پی کر جزاک اللہ کہتے تو دل میں ایک عجیب سی خوشی ہوتی بس ان کے منہ سے جزاک اللہ کا لفظ نکلتا گیا اور میں ڈیپریشن کی دنیا سے باہر آتا گیا دس دن لگاتار خدمت کے بعد اللہ پاک نے مجھے ذہنی ٹینشن، ڈیپریشن سے باہر نکال دیا۔ (فضل حق، گجرات)

امتحانات میں اچھے نمبرز سے پاس ہوگیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایم اے کے امتحانات دینے کے بعد میں گھر فارغ ہی بیٹھا تھا کچھ خاص کرنے کو نہیں تھا بس ایک ہی ٹینشن تھی کہ نمبرز اچھے آجائیں۔ ان دنوں ہی عبقری رسالہ میں میں نے عبقری حویلی احمد پور شرقیہ کے بارے میں پڑھا اور دل چاہا کہ گھر بیٹھ کر بھی کیا کرنا ہے چلو خدمت ہی کرآؤں۔ والدین سے اجازت لی جو انہوں نے خوشی خوشی دی اور بہت خوش ہوئے کہ تمہاری سوچ بہت ہی اچھی ہے اللہ پاک تمہیں ہر امتحان میں پاس کرے۔ میں عبقری حویلی احمد پور شرقیہ پہنچا اور جاتے ہی خدمت والوں کے ساتھ مل کر پودوں کی دیکھ بھال کرنا شروع ہوا۔ شام کو پودوں کو پانی لگانے کی ذمہ داری میرے حصے آئی جس کو میں نے بہت ہی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ رزلٹ آنے میں ابھی 25 دن تھے بس وہی 25 دن میں نے عبقری حویلی احمد پور میں خدمت میں لگائے۔ رزلٹ والے دن میں نے نیٹ پر رزلٹ چیک کیا تو میری خوشی کی انتہا نہ رہی یعنی کے جتنے نمبرز میں نے سوچ رکھے تھے اس سے زیادہ ہی نمبر آئے۔ گھر گیا تو والدین نے کہا کہ یہ سب خدمت کا ہی صلہ ہے کہ تمہیں اچھے نمبرز سے کامیابی ملی۔ (فیصل رشید، لاہور)

کاروباری آمدن میں اضافہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بچوں کے کھلونوں کا کاروبار ہے جو ہول سیل ریٹ پر ہم دیتے ہیں۔ چند ماہ سے کاروبار سست روی کا شکار تھا۔ میں تمام کام بیٹے کے حوالے کرکے خود عبقری حویلی خدمت پر آگیا پندرہ دن مسلسل یہاں خدمت پر رہا جو خدمت ملتی دل سے قبول کرکے لگ جاتا۔ بیٹے کی کال آئی کہ ابا جان دکان کی آمدن میں اضافہ ہوتا جارہا ہے اور مجھ سے کام نہیں سنبھالا جارہا آپ آجائیں۔ (حاجی شکور، فیصل آباد)

(نوٹ: عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں ترقی، کامیابی پانے اور مسائل، مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کے لیے چند دن چند ہفتے وہاں خدمت کے لیے ہمراہ بستر جائیں)

جنات کا مسئلہ چند منٹ میں حل!

جنات کا مسئلہ چند منٹ میں حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ سے اور آپ کی آنے والی نسلوں سے ہمیشہ راضی رہے اور میرا ایمان ہے کہ اللہ آپ سے اور آپ کی نسل سے راضی رہے کیونکہ آپ اللہ کی مخلوق کے لیے بہت زیادہ درد رکھتے ہیں اوران کی بھلائی کے لیے ہر وقت فکرمند رہتے ہیں‘ اللہ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے آمین۔ 2015ء سے عبقری سے منسلک ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے وظائف پڑھتی ہوں اور ان سے بے پناہ فوائد بھی حاصل کیے ہیں اور باقاعدگی سے آپ کا درس بھی سنتی ہوں۔ میرے گھر میں جنات کا مسئلہ تھا۔ جنات نے بہت ہی زیادہ تنگ کیا ہوا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتا ہوا وظیفہ یَاقَهَّارُ کی طاقت کے بارے میں پڑھا‘ اوراس کا ایک عمل پانی میں پاؤں رکھ کر گیارہ تسبیح یاقہار پڑھنے کا معلوم ہوا تو میں نے پانی میں پاؤں رکھ کر یَاقَهَّارُ گیارہ تسبیح اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اس کا رزلٹ بہت اچھا ملا۔ جنات نے تنگ کرنا چھوڑ دیا۔ سانس روک کر پڑھنے سے تو چند منٹ میں ہی مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ اللہ آپ کی نسلوں کو قائم ودائم آباد رکھے جو بھی تسبیح پڑھتی ہوں آپ اور آپ کی نسلوں کو ہدیہ کرتی ہوں۔ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ اور حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ بھی باقاعدگی سے پڑھتی ہوں اور درود پاک، تیسرا کلمہ اور استغفار بھی کرتی ہوں۔ (طاہرہ حبیب، بھکر)

سورۂ شمس کے عمل نے اولاد سے نواز دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو زندگی اور تندرستی عطا فرمائے۔ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد وآباد رکھے۔ آمین! عبقری سے میرا تعلق 2010ء سے ہے۔ آپ کی شخصیت ہے کہ اللہ کی ذات سے مایوس نہیں ہونے دیتی آپ کے عبقری یوٹیوب چینل پر درس ہمیشہ جوڑنے کے بارے میں ہوتے ہیں توڑنے کے بارے میں نہیں۔ اللہ پاک آپ کو خوش رکھے، میں تو آپ کو دعائیں ہی دے سکتی ہوں کہ آپ بے غرض انسانیت کے مسائل حل کررہے ہیں اور دل سے آپ کی شکر گزار ہوں آپ کی وجہ سے بہت سے اعمال کرنے لگی ہوں آپ کے درس میں بتائے گئے وظائف پڑھے بغیر نہیں رہ سکتی اوران اعمال سے فائدہ بہت ہی ہوتا ہے۔ حکیم صاحب! 2020ء میں میں حاملہ تھی میرے ہاں دوسرا بچہ آنے والے تھا۔ 2016ء میں شادی ہوئی اللہ تعالیٰ نے 2017ء میں بیٹی جیسی نعمت سے نوازا تھا۔ اس کے بعد تین سال گزر گئے لیکن دوبارہ اولاد کی امید نہیں ہوئی۔ میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ کالم میں بتائے شورۂ شمس کا عمل کرنا شروع کیا۔ اس عمل کے بارے میں پڑھا تھا کہ اوّل وآخر طاق تعداد میں درود شریف اور اکیس مرتبہ سورۂ شمس پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اولاد سے نوازے گا۔ میں نے عمل کیا اللہ نے کرم کردیا۔ حکیم صاحب! ہم پر قرض تھا جو ایک عرصہ سے ادا نہیں ہو پا رہا تھا۔ میں نے ایک وظیفہ اوّل وآخر درود طاق تعداد میں اور 313 مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، يَاوَارِثُ يَانَصِيْرُ کیا اور کچھ رقم روزانہ کے حساب سے الگ کرنا شروع کی دس دن میں اللہ تعالیٰ نے قرض سے نجات دلا دی۔

میرا خواب تھا کہ میرا بھی اپنا گھر ہو!

میرا خواب تھا کہ میرا اپنا گھر ہو ویسے جہاں اب ہم رہ رہے ہیں وہ بھی اپنا ہی گھر ہے لیکن جوائنٹ فیملی سسٹم ہے۔ سورۂ القارعہ کا عمل کیا اللہ پاک نے اسی گھر کے ساتھ سوا دو مرلے کی جگہ عطا کردی اب وہاں گھر کی تعمیر کا ارادہ ہے۔ میں نے سورۂ الکوثر کا عمل 2018ء سے شروع کیا تھا اللہ کا شکر ہے پیسے کی کبھی کمی نہیں ہوئی۔ (حوا کی بیٹی، پوشیدہ)

میں نے بچے پالے ہیں مجھ سے تجربہ لے لیں!

محمد نوید خان، کمالیہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بعض لوگ بچوں کے حوالے سے کافی پریشان ہوتے ہیں‘ ان کی شرارتوں سے تنگ آکر ان کو ڈانٹے ہیں‘ مارتے ہیں خود کڑہتے ہیں‘ میں عمر گزار چکا ہوں‘ بچے بڑے ہوگئے ہیں جب ایسے کسی والدین کو دیکھتا ہوں تو ہنستا ہوں اوران کو سمجھاتا ہوں کہ بچوں کو مارنا‘ ان کے سامنے جذباتی ہونا‘ ان پر کڑہنا چلانا ان کو مزید بدتمیز اور شرارتی بنا رہا ہے۔ میں آج قارئین کو کچھ اہم باتیں بتاتا ہوں یقیناً زندگی میں ان کے کام آئیں گی۔ قارئین! اصل میں شرارتی بچے بہت ذہین ہوتے ہیں اوران کا آئی کیو لیول والدین سے کئی گنا زیادہ ہوتا ہے اسی لیے ایسے بچے والدین کے قابو میں نہیں آتے یا ان کو آسان الفاظ میں کہوں تو بات نہیں مانتے اور اپنی من مانی کرنے پر تُل جاتے ہیں ایسے بچے کے ساتھ بہت احتیاط سے پیش آنا پڑتا ہے کیونکہ اکثر اوقات ایسے بچے منہ پر ہی کھری کھری سنا دیتے ہیں اور بندہ کھری کھری سن کر ہکا بکا رہ جاتا ہے ایسے بچوں پر ہمیشہ پیار کی نظر رکھنی پڑتی ہے‘ وہ کس موڈ میں ہیں اوران کے ساتھ کیسے بات کی جائے‘ اکثر لوگ ایسے بچوں کی شرارتوں کی وجہ سے اس بچے کا نام لینے کے بجائے اسے شرارتی بچہ کہہ کر پکارتے ہیں ایسا کرنا انتہائی غلط ہے‘ ہم بچوں کی شرارتوں پر ہنس تو سکتے ہیں لطف اندوز ہوسکتے ہیں مگر بدتمیزی پر سمجھوتہ نہیں کرسکتے کیونکہ اس بات سے ماں باپ کی تربیت پر حرف آتا ہے خیر بات ہے بدتمیزی کی سب سے پہلے تو یہ کہ بچہ شرارت یا غلط کام کرتا کیوں ہے؟ بچہ توجہ چاہتا ہے وہ ماں کی یا اپنے باپ یا دوسرے گھر والوں کو اپنی طرف توجہ دلانے کیلئے جان بوجھ کر الٹا کام کرتے ہیں سب سے پہلے ان کے غلط کاموں پر فوراً مارا نہ جائے بس انہیں ہلکا سا ڈانٹ دیا جائے‘ سرزنش کردیں مگر ایک دم جذباتی نہ ہوں آپ کے جذباتی ہونے سے بچے کو مزہ آئے گا وہ بار بار آپ کو طیش دلواتا رہے گا مگر جب بچہ دیکھے گا کہ میری ماں تو مطمئن ہیں جذباتی نہیں ہورہی تو سوچے گا ضرور اور حرکت دوبارہ نہ دہرائے گا (یہ آزمائی ہوئی بات ہے) ایک اور بات جب والدرات کو کھانا کھا کر فارغ ہوجائے تو اسے چاہیے کہ بچے کے ساتھ مل بیٹھ کر اس کے سکول کی باتیں یا پھر اس کے دوستوں کی باتیں کریں اس سے کیا ہوگا بچہ گھل مل جائے گا اسے شیئرنگ کی بھی عادت ہوجائے گی‘ وہ آپ سے دوستانہ ماحول میں بات کرنا بھی سیکھ جائے گا اور آپ کی بات مان کر خوش ہوگا۔ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں عمل کیجئے فائدے بڑے ملیں گے۔

رسالہ ادویات

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد پی ڈبلیو ڈی 0335-5605603
اسلام آباد: 051-2624335
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بورے والا 0673352712
بورے والا 03038308891
بنوں: 03139764887
بنوں: 0334-8852912
بالاکوٹ: 0333-5026866
بھاگٹانوالہ 0300-7060068
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
پیل: 0334-4306823
پچیکی: 0306-6482488
بڑاگھر: 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
پنڈ دادنخان: 03335007975
پھالیہ: 03016221924
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
ترناوہ: 0307-8321046
تیمر گرہ: 03159119967
تیمر گرہ: 0348-9651523
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
ٹیکسلا: 03078321046
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جوہر آباد 0301-4654747
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں، ورنہ انتظامیہ عبقری کو قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

جٹیال گلگت 0312-9934607
جڑانوالہ: 03004829368
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چارسدہ: 0300-8581709
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
چوک اعظم: 0300-6767661
چنیوٹ: 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حویلی لکھا: 03336943177
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 0321-5352745
راولپنڈی: 03337642532
روات اسلام آباد: 0335-5490418
رائے ونڈ: 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رجانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
دریالا جالب: 0333-5869273
دنداشاہ بلاول: 0336-5953230
دولتانہ: 0336-5167423
دائرہ دین پناہ: 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈنگہ: 0300-6269086
ڈیرہ غازیخان: 0334-6781558
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
ڈہاراں والا: 0304-5560006
ژوب: 0300-3904464
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سکھر 03353273133
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786

"عبقری" کو ہولڈر، بورڈ، اشتہار، پیڈ، کیلنڈر اور دکان پر عبقری کے نام کے ساتھ کوئی "فرنچائزی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں وہ قانوناً غلط ہے۔ کسی قسم کی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6538847
سمندری: 03087034268
بی: 0332-8819650
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شہدادکوٹ: 03342364637
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
شنکیاری: 0346-5556265
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فیصل آباد: 0313-6648000
فیصل آباد: 0320-6719819
فتح جنگ: 0303-8680406
فتح پور 0333-6843333
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کراچی: 0332-3501450
کراچی: 03343715784
کراچی: 0333-2424615
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
کوہاٹ: 03005668240
کبیروالا: 0306-9552336
کامرہ: 0300-5565249
کندیاں: 0344-4253576
کچی والا: 0348-7098026
قصور 0322-7616470

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات کی ایجنسی خود ساختہ دوائی نہیں بنا سکتی۔

نام شہر اور فون نمبر

قلعہ دیدار سنگھ: 03448445269
کاموکی 0323-8240642
کاموکی: 0302-1745546
کوئٹہ 081-2824617
کوئٹہ: 0333-7876540
کلورکوٹ 0300-7780221
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
قمر مشانی: 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-6292132
گجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گوجرہ: 0301-7237531
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0324-4623340
لاہور شاہدرہ 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاہور 0300-4526786
لاڑکانہ 03353273133
لورا 0321-5500221
لکی مروت: 0313-9091301
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ: 0301-8133822
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
ملتان: 0300-2033826
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
مردان 0317-8367519

ادارہ کی طرف سے دوا، اصول، خزانے اور کتب کوئی شخص نہیں چھاپ سکتا، قانونی حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ سوات: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
مظفرآباد 0312-4602800
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
میرپور خاص سندھ 0336-3611964
منچن آباد 0331-7584075
مریدوالا: 0335-3712502
نارووال 03456689204
نوشہرہ، خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وزیرآباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہارون آباد: 0334-6188787
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421

نیوجرسی، یو ایس اے
+1(908)230-8350
شکاگو 630-589-6432

یوکے
0044-7880-9842-16

آزاد کشمیر و گردونواح
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
مظفرآباد: 0312-4602800
درہ پیترو 0300-9097993
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
راولاکوٹ: 0345-3137740
بی: 03139632918
گاگوچ: 0344-5419941
باغ: 0346-5757746
میرپور آزاد کشمیر: 0345-5742600
سہنسہ: 0346-5159324

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

عبدالرشید کمبوہ، بدین۔ ناہید اختر، لاہور۔ مصباح قمر، شاہکوٹ۔ مسرت بانو، گجرانوالہ۔ عائشہ عبداللہ، ملتان۔ ذوالفقار احمد، منڈی بہاؤالدین۔ محمد عارف، ملتان۔ اقرار حسین، سکندرآباد۔ مولوی محمد رمضان، کوٹ سلطان۔ رافعہ حسین، سندھ۔ انورزیب خان۔ ضیاء قاسم، خانیوال۔ محمد یونس، ننکانہ صاحب۔ پرویز کوثر، مظفرآباد۔ کوثر، کراچی۔ ایمان مختار، ظاہر پیر۔ ثمینہ ناز۔ کراچی۔ حکیم محمد زکریا، گجرانوالہ۔ نایاب، گجرانوالہ۔ رضوان، اوکاڑہ۔ فیصل محبوب۔ منزہ، لاہور۔ ام بلال، لاہور۔ قرۃ العین، لاہور۔ ارم، میرپور آزاد کشمیر۔ صاعقہ عدیل، نذر، کراچی۔

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

میں سمجھتا تھا ادویات کی فروخت کیلئے فرضی تحریریں ہیں

محمد شفیع ذاکر، بہاولنگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ ایک سال سے رسالہ عبقری پڑھ رہا تھا رسالے میں مختلف لوگوں کی طرف سے آپ کی دوائیوں کی تعریفیں لکھی جاتی تھیں لیکن میں ہر رسالہ پڑھنے کے بعد سوچتا تھا کہ یہ سب دوائیوں اور اس رسالہ کو کامیاب کرنے کے لیے فرضی تحریریں بنائی جاتی ہیں مگر میں ہر بار پھر رسالہ خرید کر لاتا اور بار بار پڑھتا تھا مگر ہر بار رسالہ پڑھ کر یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا تھا کہ کچھ نہ کچھ تو ہو گا ہی مگر پھر بھی یقین نہیں آتا تھا آپ کے رسالہ میں مختلف شہروں کے ڈسٹری بیوٹروں کے نمبر درج تھے۔ میں نے اپنی تسلی کے لیے مختلف شہروں کے نمبر پر کال کر کے معلومات لینی شروع کی کہ آپ کے پاس عبقری کی ادویات ہیں کیا ان ادویات میں کوئی اثر یا جان ہے۔ میں نے ایک ماہ میں 9 شہروں میں فون کر کے معلومات لی مگر مجھے جواب ملا کہ محترم ہم ڈاکٹر یا حکیم نہیں ہم تو ان دوائیوں کے ڈسٹری بیوٹر ہیں جو کہ عبقری کی ہیں ہمیں کسی مشہوری یا پبلسٹی کی ضرورت نہیں پبلسٹی خود عبقری ہی ہے جس پر لوگوں کو یقین ہے اور ڈیمانڈ پر ہمیں منگوانا پڑتی ہیں باقی اگر آپ کو کسی بھی دوائی کی ضرورت ہو تو بھیج سکتے ہیں یا اگر آپ عبقری لاہور سے رابطہ کریں اپنے مسائل اور بیماری کے بارے میں بتائیں تو وہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے آپ فون پر اپنا مسئلہ بیان کریں وہ آپ کو دوائی بتا دیں گے اور آپ ہم سے منگوا لینا۔ میں عرصہ تین سال سے معدے کا مریض تھا میں ہر دس دن کے بعد مختلف ڈاکٹروں سے دوائی لیتا رہا اور ہر دس دن کے بعد 500 یا 700 روپے ان کی نذر کرتا رہا مگر رزلٹ نہ ملا۔ ایک دن میری عبقری کے ایک ایجنسی ہولڈر سے بڑی کھل کر بات ہوئی میں نے اس کو اپنی بیماری کے بارے میں بتایا تو اس نے مجھے ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں پھر اس سے ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' خرید لایا میں نے وہ سفوف اور گولیاں تین چار دن استعمال کی تو مجھے قبض ہوگئی پھر تین دن اور استعمال کی تو پیچش لگ گئے اور طبیعت مزید خراب ہوگئی جس پر میں نے آپ کے ایجنسی ہولڈر کو کال کر کے کافی گرمی سردی کی اور کہا کہ یہ سب کچھ بیکار ہے۔ میں نے غصے میں تینوں ڈبیاں شاپر میں ڈال کر اپنی الماری میں پھینک دی۔ اور پھر اپنے آپ کو کوسنے لگا کہ اتنی تسلی کر لینے کے بعد پھر دھوکے میں آ گیا۔ صبح ایجنسی ہولڈر سے اس کی دکان پر لڑائی کر کے آؤں گا۔ اسی سوچ میں گم تھا کہ میری نظر سامنے پڑے ہوئے اس کاغذ پر یعنی بروشر پر پڑی جو کہ ''اصلاح معدہ جگر پیکیج'' کے ڈبے میں سے نکلا تھا جس پر مکمل تفصیل لکھی ہوئی تھی جیسے ہی میں نے اٹھایا سب سے پہلے نظر اس لائن پر پڑی جہاں لکھا تھا ''پہلے اسے توجہ سے کم از کم تین بار پڑھیں اور سمجھیں پھر دوائی استعمال کریں''۔ میں نے اس بروشر کو آٹھ دفعہ پڑھا ایک ایک لائن کو بڑی گہرائی سے پڑھا جب یہ پڑھا کہ اس دوائی سے قبض بھی ہوگی پیچش بھی لگیں گے اور یہی بیماری کو باہر نکالنے کی علامت ہے تو میں اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گیا کہ یہ سب کچھ تو ہو رہا تھا مگر میں نے کچھ دن صبر نہ کیا۔ میں نے اس تحریر کو مدنظر رکھتے ہوئے دوبارہ ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' استعمال کرنا شروع کر دیا۔ پندرہ دن بعد ایک اور کورس لے آیا تقریباً تین کورس استعمال کیے اللہ کے فضل سے معدے کا مسئلہ حل ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے شفاء دے دی اس کے علاوہ میرا ایک مسئلہ یہ بھی تھا کہ میں جب بھی پیشاب کرتا تھا تو مجھے کم از کم دس منٹ لگ جاتے تھے کیونکہ پیشاب آہستہ آہستہ آتا تھا میں اس سے بھی بے حد پریشان تھا لیکن اسی دوائی کے استعمال سے میرا یہ بھی مسئلہ حل ہو گیا۔ اب عبقری کو ہاتھ اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتا ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو سدا قائم رکھے اور عبقری کے پورے عملہ کو اس نیک کام کے لیے اجر دے۔ میری تین سال کی بیماری تین کورس کے استعمال سے ختم ہو گئی۔

نظر کی کمزوری ختم، آنکھوں کو نئی جان مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 25 سال سے کالج میں بچوں کو پڑھا رہا ہوں۔ اب آ کر چند ماہ سے نظر کی کمزوری میں مزید اضافہ ہو گیا تھا۔ آئی سپیشلسٹ سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا آپ کی عینک کا نمبر بڑھانا پڑے گا جس کو لے کر میں کچھ زیادہ پریشان تھا۔ اسی کشمکش میں میرے چھوٹے بیٹے نے مجھے بتایا کہ میرے دوست کے والد عبقری دواخانہ جاتے ہیں تو وہ بتا رہے تھے عبقری دواخانہ والوں کا ''عینک توڑ ڈراپر'' ہے جس کا رزلٹ بہت ہی اچھا ہے چند ماہ کے استعمال سے عینک کا نمبر نیچے آنا شروع ہو جاتا ہے آپ اپنے والد صاحب کو وہی ڈراپر استعمال کروائیں۔ تو میں نے کہا بیٹا تم لے آؤ میں استعمال کر لیتا ہوں۔ اگلے ہی روز میرا بیٹا دو ڈراپر لے آیا میں نے دی گئی ہدایات کے مطابق ڈراپر کا استعمال شروع کیا پندرہ دن میں میری نظر میں واضح بہتری نظر آئی جس پر میں نے دو ڈراپر اور منگوا لیے تقریباً دو ماہ مسلسل ڈراپر کے استعمال سے میرا جو عینک کا نمبر بڑھ رہا تھا رک گیا اور جو عینک میں استعمال کر رہا تھا اسی سے ہی مجھے صاف دکھائی دینا شروع ہو گیا الحمدللہ۔ میں نے اپنے ساتھ دو تین پروفیسرز کو بھی اس کے بارے میں بتایا انہوں نے بھی ''عینک توڑ ڈراپر'' کا استعمال شروع کیا ماشاء اللہ سے سب کو فرق محسوس ہوا ہے اور عینک توڑ ڈراپر کا استعمال انہوں نے اپنی روزمرہ زندگی میں شامل کر لیا ہے اس کا ایک اور بہت بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ سارا دن پڑھا پڑھا کر آنکھیں تھک جاتی تھی لیکن جب سے یہ ڈراپر استعمال کرنا شروع کیے ہیں اب آنکھیں تھکاوٹ کا شکار نہیں ہوتیں۔ (پروفیسر منصور، فیصل آباد)

بھائی کو دماغی تکلیف سے آرام مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ قبل میرے بڑے بھائی موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گئے۔ میں تقریباً ایک ہفتے بعد ان کی عیادت کے لیے ان کے گھر سمبڑیال پہنچا۔ بڑے بھائی کہنے لگے کہ تمام چوٹیں جلد ہی ٹھیک ہو گئیں ہیں لیکن سر میں لگنے والی چوٹ کا زخم تو بڑھ گیا ہے اور اندر سے دماغ میں اچانک سے درد شروع ہو جاتا ہے اور درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ کانوں سے سننا بھی بند ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر نے ایک گولی لکھ کر دی ہے جب وہ کھالوں تو دماغ کو وقتی طور پر سکون میسر ہوتا ہے لیکن ایک سے دو دن بعد پھر وہی درد دوبارہ اٹھتا ہے جس کی وجہ سے میں بہت ہی زیادہ پریشان ہوں۔ میں نے بھائی سے کہا کہ آپ انگریزی ادویات چھوڑیں دیسی ادویات کی طرف آئیں۔ بھائی جان کہنے لگے کہ دیسی ادویات بھی اب کہاں رہی ہیں؟ دیسی میں انگریزی مکس کر کے لوگوں کو دی جاتی ہیں اس سے بھی وقتی آرام ہی آتا ہے۔ میں نے کہا کہ عبقری دواخانہ کی ادویات اصلی جڑی بوٹیوں سے تیار کی جاتی ہیں میں بھی استعمال کرتا ہوں کافی اچھا رزلٹ ہے۔ تو بھائی جان کہنے لگے ٹھیک ہے تم بھیج دینا۔ میں واپس اپنے شہر گجرات آیا اور یہاں موجود ایجنسی ہولڈر سے ''روشن دماغ'' لے کر بھائی کو سمبڑیال بھیج دی۔ تقریباً ایک ہفتے بعد کال کی کہ اب سر درد کیسا ہے تو کہنے لگے کہ آگے سے بہت ہی زیادہ فرق محسوس کر رہا ہوں مجھے امید ہے کہ میں روشن دماغ کی تین سے چار ڈبیاں استعمال کروں گا تو ان شاء اللہ مجھے شفا مل جائے گی۔ (محمد ابراہیم، گجرات)

غیبی مدد اپنی آنکھیں سے دیکھیں! صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

جسمانی و روحانی ٹوٹکوں کی بارش سے آپ سیراب ہونے چاہتے ہیں تو شیخ الوظائف کے ہمراہ محفل میں شریک ہو جائیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

خوبصورت ہونے کے باوجود ''حُسن'' کی کمی سے دوچار تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خاندان کی تمام لڑکیوں میں میرا رنگ گورا، قد بھی لمبا اور سمارٹ نظر آنے والی ایک خوبصورت لڑکی ہوں۔ لیکن مجھ میں جوسب سے بڑی کمی تھی جو میں خود اپنے آپ میں محسوس کرتی تھی وہ نسوانی حسن تھا۔ میری کزن کہتی تھی کہ ماشاء اللہ سے اتنی خوبصورت ہو پھر بھی پتہ نہیں تمہیں لوگ کیوں نہیں پسند کرتے حیرت کی بات ہے۔ لیکن میں جانتی تھی میرے اندر کیا کمی ہے۔ اسی کمی کو دور کرنے کے لیے آن لائن نیٹ پر میں نے بہت سی پراڈکٹ جو آئل اور کریموں کی شکل میں تھیں منگوا کر استعمال کرنا شروع کیں لیکن رزلٹ صفر رہا۔ میرے خاندان میں جتنی بھی میری ہم عمر لڑکیاں تھیں سب کی شادی ہوگئی اور وہ اپنے گھروں کی ہوگئیں تھیں لیکن میں وہی کی وہی تھی۔ زندگی کے دن گزر رہے تھے اسی دوران ایک رات فیس بک دیکھنے میں مصروف تھی کہ ایک پراڈکٹ ''نسوانی حسن شفاء آئل'' جو کہ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ تھا نظر سے گزرا۔ اس پراڈکٹ کی مزید تفصیل کے لیے میں نے عبقری کی ویب سائٹ پر آکر مزید معلومات حاصل کیں اور دل میں ایک ہی خیال تھا پتہ نہیں اس سے بھی فرق پڑے گا یا نہیں۔ خیر میں نے سوچا اتنا پیسہ اتنے مہنگے پراڈکٹ پر خرچ کرکے دیکھ لیا ہے اس سستے سے آئل پر بھی پیسے لگا دوں۔ کال کی اور دو بوتل ''نسوانی حسن شفاء'' کا آرڈر دیا جو کہ مجھے تین سے چار دن میں مل گیا۔ اسی دن سے اس کا استعمال کرنا شروع کیا پہلی بوتل ختم ہونے پر تو مجھے کوئی رزلٹ نہیں ملا اب سوچ رہی تھی دوسری بوتل استعمال کروں یا نہ کروں۔ تو سوچا کرلیتی ہوں پیسے تو لگائے ہیں اور اس کے لگانے سے کونسا کوئی نقصان ہوگا۔ خیر دوسری بوتل ختم ہونے پر مجھے فرق محسوس ہوا۔ میں نے مزید تین اور بوتل کا آرڈر دے دیا۔ تقریباً چار ماہ مسلسل استعمال کے بعد میرے حسن میں نمایاں اضافہ ہوا اور اگلے دو ماہ میں میری شادی بھی ہوگئی۔ اور یہ سب عبقری دواخانہ کی بدولت ہوا، ورنہ میں تو اچھی زندگی کی امید چھوڑ بیٹھی تھی۔ (ز، ب۔ ننکانہ پور)

ڈسٹ الرجی سے جان چھوٹ گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گھر میں جب بھی جھاڑو دیتی تو اس سے اٹھنے والی گرد سے مجھے فوراً چھینکیں آنا شروع ہوجاتی۔ ڈاکٹر سے مشورہ کیا تو اس نے بتایا کہ آپ کو ڈسٹ سے الرجی ہے اور مجھے رنگ برنگی گولیاں تھمادی کہ ایک ہفتہ استعمال کریں پھر دوبارہ آکر چیک اپ کروانا۔ ایک ہفتہ دوائی استعمال کی لیکن شفاء نہیں ملی۔ عبقری رسالہ کچھ عرصہ پہلے ہی پڑھنا شروع کیا تھا اس میں ''ناک شفاء'' ڈراپر کے بارے میں پڑھا جو کہ الرجی کے لیے بہت ہی زیادہ مفید تھے۔ اپنے شوہر کو دو ناک شفاء ڈراپر لانے کو کہہ دیا۔ اگلے دن وہ لے آئے اور میں نے لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا الحمدللہ سے دو ماہ مسلسل استعمال سے الرجی سے ہمیشہ کے لیے جان چھوٹ گئی آج تقریباً ایک سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے مجھے دوبارہ ڈسٹ سے الرجی نہیں ہوئی۔ خاندان میں بھی کسی کو اگر اس طرح کا مسئلہ درپیش ہو تو اس کو بھی میں ناک شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیتی ہوں۔ (عظمیٰ بیگ، لاہور)

چھ سال سے مسلسل کمر درد ختم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلے بچے کی پیدائش کے بعد میری کمر میں بہت ہی زیادہ درد رہنا شروع ہوگیا تھا کیونکہ آپریشن ہوا تھا اور آپریشن سے پہلے جو انہوں نے کمر میں ٹیکہ لگایا تھا یہ اسی کا درد تھا جو تقریباً چھ سال سے مسلسل ہو رہا تھا اس کے لیے میں نے کافی پین کلیر کھائی مگر وقتی طور پر ہی آرام آتا تھا۔ دو یا تین دن بعد درد دوبارہ سے شروع ہوجاتا جس وجہ سے میں پریشان تھی۔ عبقری رسالہ تو تقریباً دو سال سے پڑھ رہی تھی لیکن عبقری دواخانہ کی کوئی دوائی آج تک استعمال میں نہیں تھی پھر میں نے آپ کے اسسٹنٹ حکیم صاحب سے مشورہ کیا اور اکسیر البدن کھانا شروع کی تقریباً تین سے چار ڈبی کھانے کے بعد میرے کمر کا درد جاتا رہا اور مجھے سکون میسر ہوا۔ اکسیر البدن کا استعمال میں زیادہ تر رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کرتی تھی جس سے دودھ کی توانائی بھی جسم میں داخل ہوتی تھی۔ پہلے تھوڑا سے گھر کا کام کاج کرکے تھک جاتی تھی لیکن اب تھکن بھی نہیں ہوتی۔ (ح، ب۔ فتح جھنگ)

بیٹے کا معدہ تندرست، پھوڑے پھنسیوں سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے تعلق جڑے تقریباً تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ ہمارے استعمال میں عبقری کی بہت سی ادویات بھی ہیں۔ عبقری رسالہ میں دیئے گئے ٹوٹکے، نسخہ جات بھی بہت کمال کے ہوتے ہیں۔ مجھے جس دوائی سے سب سے زیادہ فائدہ ہوا وہ ہے روحانی پھکی ہے۔ کوئی بھی مسئلہ ہو تو میری پہلی ترجیح روحانی پھکی ہوتی ہے اگر اس سے بھی آرام نہ آئے تو پھر میں کسی اور دوائی کا رخ کرتی ہوں ورنہ میرے آدھے سے زائد مسائل کا حل روحانی پھکی سے ہوجاتا ہے۔ گھر میں بڑا چھوٹا جو بھی ہو سب روحانی پھکی کا استعمال بے دریغ کرتے ہیں جس سے انہیں شفاء ملتی ہے۔ ایک روز میرے چھوٹے بیٹے کو مسلسل الٹی متلی آرہی تھی دراصل اس کے معدہ کا مسئلہ تھا۔ انگریزی ادویات میں خود استعمال نہیں کرواتی کہ چھوٹا ہے ایسا نہ ہو انگریزی دوائی کے استعمال سے معدہ مزید خراب ہوجائے اس لیے میں زیادہ تر بچوں کو دیسی ادویات کا استعمال ہی کرواتی ہوں۔ میں نے بیٹے کو دن میں تین سے چار مرتبہ روحانی پھکی استعمال کروانا شروع کی تقریباً ایک ہفتہ کے اندر ہی بیٹے کا معدہ بالکل ٹھیک ہوگیا پہلے میں کھانا لے کر اس کے پیچھے پیچھے ہوتی تھی کہ بیٹا کھالو مگر اب خود آکر کہتا ہے کہ بھوک لگی ہے مجھے کھانا دو۔ اس کی صحت بھی آگے سے بہت بہتر ہوئی ہے پہلے چہرے کا رنگ پیلا پڑ گیا تھا لیکن روحانی پھکی کے استعمال کے بعد رنگ بھی ٹھیک ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ گرمیوں میں میرے بیٹے کے جسم پر کافی گرمی دانے بن گئے اور ان میں سے چند دانے بڑھتے بڑھتے پھوڑے کی شکل اختیار کرگئے اس کے لیے میں نے عبقری دواخانہ کا ٹھنڈک پاؤڈر بیٹے کو استعمال کروانا شروع کیا جس سے پھوڑے اور دانے چند ہفتوں میں خود بخود ڈھلے ہوکر ختم ہوگئے اس کے بعد گرمی کے تین سیزن گزر گئے لیکن اب تک بیٹے کو دوبارہ گرمی دانے اور پھوڑوں کی شکایت نہیں ہوئی۔ (ک۔ا، لاہور)

دشمن قریب بھی نہیں آئیں گے! صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

والدہ کو شیخ الوظائف نے فرمایا آپ کا سب کچھ تباہ ہو جائے گا

آمنہ وسیم، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری پیدائش سے لے کر اب تک ہم جادو کی لپیٹ میں ہیں۔ میری عمر اس وقت 22 سال ہے اور میں والدین کی اکلوتی اولاد ہوں الحمدللہ! عبقری سے بہت پرانی نسبت ہے اور عبقری سے بہت کچھ پایا ہے۔ تقریباً دس سال پہلے والدین کی ملاقات آپ سے ہوئی تھی اور آپ نے میری والدہ کو کہا تھا کہ آپ لوگ حاسدین میں گھرے ہوئے ہیں اور آپ کا سب کچھ تباہ ہو جائے گا۔ بالکل ویسا ہی ہوا پیسہ، صحت، گھر، جائیداد کچھ بھی نہیں بچا' کاروبار تک ختم ہو گیا۔ ہمیں ہمارا پورا حصہ بھی نہیں دیا گیا۔ میرے والد نے اپنی ایک زمین ہمارے ایک رشتہ دار کو فروخت کی تھی اور اس وقت کے حساب سے بہت زیادہ منافع کے ساتھ فروخت کی تھی۔ میری عمر اس وقت 8 یا 9 سال تھی اور میری والدہ کو بھی اس بات کا علم نہیں تھا کہ والد نے اس رشتہ دار کے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔ وہ رشتہ دار ہمارے ننھیال میں سے تھے اور ہم سے بہت محبت کرتے تھے۔ وہ عرب امارات میں مقیم تھے۔ وہ اپنے بڑے بیٹے کے لیے میرا رشتہ بھی لینا چاہتے تھے یہ ان کی خواہش تھی اور میری والدہ کی بھی یہی خواہش تھی۔ تقریباً بات پکی ہو گئی تھی۔ مجھے بھی یہ رشتہ پسند تھا اور سب راضی اور خوش تھے۔ ان کو تب تک نہیں پتا تھا کہ میرے والد نے ان کے ساتھ زمین والے معاملے میں کیا کیا ہے' مجھے اور والدہ کو بھی بہت دیر سے یہ بات پتا چلی۔ اب ہوا یہ کہ میرے ایک ننھیالی رشتہ دار تھے جن کا انتقال ہو گیا تھا ان کی بے شمار پراپرٹی تھی ان کا کوئی بیٹا نہیں تھا۔ اس لیے میری والدہ کا بھی ان کی جائیداد میں شرعی حصہ بنتا ہے۔ والدہ کو یہاں سے امید ہو گئی کہ اس حصے میں وہ ذاتی مکان خریدیں گی، میری تعلیمی اخراجات پورے کر لیں گی اور میری شادی کر دیں گی لیکن جیسے ہی میری والدہ نے جائیداد میں اپنا حق مانگا' میری والدہ کا تمام گھرانہ ان کے مخالف ہو گئے حالانکہ انہوں نے ہمیشہ ہمارا بہت خیال رکھا' ہم سے بہت محبت کرتے تھے۔ اوپر سے کسی نے ہمارے اس رشتہ دار کو فون کر کے بڑھکایا کہ والد نے آپ کے ساتھ کتنا بڑا دھوکہ کیا ہے۔ اب پورے ننھیال نے ہمارے ساتھ بات چیت بالکل ختم کر دی۔ میری والدہ کو ان کا حصہ بھی دینے سے سو فیصد انکاری ہو گئے۔ خاندان میں کسی نے ہمارا ساتھ نہیں دیا۔ میرے والد نے جو کیا تھا اس میں میری والدہ اور میرا کوئی قصور نہیں تھا۔ اسی دوران میں نے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْن'' پڑھنا شروع کیا اور تسبیح خانہ میں ہونے والی جمعرات کی محفل میں آنا شروع کیا۔ اس کی برکت سے یہ ہوا کہ والدہ کو اپنے والد کی پراپرٹی میں سے حصہ مل گیا جو ناممکن نظر آتا تھا مگر اللہ نے ہماری بہت مدد کی۔ بغیر سود کے ہمیں تب تب پیسے ملے جب جب ضرورت تھی۔ والدہ پر بہت وار ہوئے، صحت خراب ہوئی مگر ہر دفعہ اس وظیفے کی برکت سے والدہ ٹھیک ہو گئی۔ گھر میں لڑائی جھگڑا ختم ہو گیا۔ جو ہمارے خلاف تھے انہوں نے ہی میری والدہ کے والد یعنی میرے نانا کے مکان کا حصہ دے دیا۔ ہمارے پاس گھر کا کرایہ دینے کے پیسے نہیں تھے مگر اللہ نے ہم پر اپنا خاص کرم کیا۔ اس کے علاوہ مجھے اپنے اندر حیرت انگیز تبدیلی محسوس ہوئی مجھ میں ایک روحانی طاقت کا وجود قائم ہوا جو بہت بے خوف اور بہادر ہے۔ دماغ سے وسوسے ختم ہو گئے اور مجھے اہل بیتؓ کی محبت نصیب ہوئی۔ آنکھوں کے نور اور دل کی کیفیات میں اضافہ ہوا اور بس اللہ سے مانگنا آ گیا۔ میں نے اس کو دن رات صبح شام پڑھا ہے اور پڑھ رہی ہوں لاکھوں کی تعداد ہو چکی ہے الحمدللہ۔

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات 'فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

درود پاک پڑھنا شروع کیا اور فاقے ختم

محمد صابر، برتھال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے اور آپ کیساتھ جو اس کام میں معاون ہیں ان کی زندگی میں بھی اللہ تعالیٰ برکت عطا کرے۔ تقریباً چار سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ درود شریف کی برکت بہت زیادہ ہے کیونکہ میرا رب فرماتا ہے کہ میں بھی اپنے حبیب ﷺ پر درود بھیجتا ہوں' میرے فرشتے بھی درود بھیجتے ہیں اے ایمان والوں تم بھی میرے حبیب ﷺ پر درود بھیجا کرو۔ آپ ﷺ پر جب کوئی درود بھیجتا ہے تو فرشتے بھی جگہ جگہ چکر لگاتے ہیں جو کوئی درود پڑھتا ہے فرشتے آپ ﷺ کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ فلاں بن فلاں نے درود بھیجا ہے تو نبی کریم ﷺ جواب دیتے ہیں اور جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب اور جمعہ کا سارا دن درود پاک پڑھنے کے مزید بہت فضائل و برکات ہیں۔ حکیم صاحب! ایک دفعہ میری جیب کٹ گئی تھی کچھ دنوں بعد میرے پیسے بھی مل گئے اور چور بھی پکڑا گیا۔ یہ سب درود پاک کی برکت ہے۔ جب سے میں نے درود شریف پڑھنا شروع کیا' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تنگدستی ختم ہو گئی ہے۔ درود شریف پڑھنے والا مخلوق خدا کی نظروں میں عزت والا ہوتا ہے۔ درود شریف سے اللہ تعالیٰ دس رحمتیں نازل کرتے ہیں اور دس گناہ معاف کرتے ہیں۔ فرشتے بھی دعا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ راضی اور خوش ہوتے ہیں۔ اللہ پاک میرے آقا کملی والے حضرت محمد ﷺ پر اتنی رحمتیں سلام بھیجے کہ جتنے دنیا پر درختوں کے پتوں کے برابر، ریت کے ذروں کے برابر، گھاس کے پتوں کے برابر، آسمان کے ستاروں کے برابر جتنی حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت کی صبح تک بارش ہوئی یا ہوگی' بارش کے قطروں کے برابر زمین کے وزن کے برابر، پہاڑوں، سمندروں اور آسمان کے وزن کے برابر سلام اور رحمتیں نازل فرمائے۔ میں اللہ پاک سے پوری امت کے لیے دعا کرتا ہوں کہ اللہ پاک تمام امت کی پریشانیاں دور فرمائے اور ساتھ میں میری بھی۔ اور تمام مسلمانوں کی تمام نیک حاجتیں اپنے حبیب ﷺ کے صدقے میں پوری فرمائے (آمین)۔

بگڑے حالات تین دن میں بہتر نہیں بہترین

حالات بہتری کی طرف جا رہے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں تین دن روحانی چلہ میں شرکت سے قبل میرے حالات ایسے تھے کہ بیوی اور اولاد کو خرچہ تک نہیں دے سکتا تھا بہت ہی حالات خراب تھے۔ مجھ پر بدنظر، جنات و جادو کے اثرات تھے جس وجہ سے جسمانی بیماریوں کا شکار ہوگیا تھا بہت علاج کروایا مگر فائدہ نہیں ہوا۔ بس یہی سوچتا رہتا تھا کہ مجھے بھی کبھی شفاء ملے گی یا نہیں کچھ یہ غم تھا اور کچھ حالات نے دکھ اور غم دے رکھے تھے۔ الحمدللہ جب سے تسبیح خانہ میں روحانی شرکت کی اعمال کیے اللہ پاک نے رزق کے دروازے کھول دیئے حالات آگے سے کافی بہتر ہیں اور مزید بہتری کی طرف جا رہے ہیں۔ جادو، جنات کا مسئلہ بھی کافی حل ہوگیا ہے۔ (قاری محمد سلیم شاکر، لاہور کینٹ)

معدہ کی خرابی اور منہ کے چھالوں سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں پر ہمیشہ اپنی رحمت کا سایہ قائم رکھے اور تسبیح خانہ کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔ آمین۔ میں نے تین دن کے روحانی چلہ میں شرکت اس نیت سے کی کہ میں پچھلے سال سال سے کافی بیماریوں میں مبتلا تھی جس میں معدہ اور منہ کا مسئلہ تھا معدہ خراب رہتا اور ساتھ ہی منہ میں چھالے بن جاتے تھے جو ادویات کے استعمال کے باوجود ٹھیک نہیں ہو رہے تھے۔ روحانی چلہ میں شرکت کرنے اور اس میں ہونے والے اعمال کرنے کے بعد اللہ پاک سے خصوصی دعا کی کہ یا اللہ مجھے شفاء دے اور میری بیماری کو ختم کر اللہ پاک نے دعا کو قبول فرمایا۔ تسبیح خانہ سے آنے کے بعد میرا معدہ اور منہ کے چھالے بالکل ٹھیک ہوگئے۔ اب میں جو مرضی کھاؤں نہ معدہ خراب ہوتا ہے اور نہ ہی منہ میں چھالے بناتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو ہمیشہ آباد رکھے اور اس کے بنانے والوں کو دونوں جہانوں کی خوشیاں عطا فرمائے۔ (عائشہ رشید، لاہور)

دل نرم، دشمن دوست بن گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تسبیح خانہ سے تعلق 2019ء میں ہوا، یہاں رمضان بھی گزارا اور تین روزہ روحانی چلہ میں بھی کافی بار شرکت کی اعمال کیے روحانی و جسمانی سکون حاصل ہوا۔ روحانی چلہ میں شرکت سے میرے لہجہ میں تبدیل آگئی۔ لوگوں سے بدگمانی ختم ہوئی معاف کرنا اور معافی مانگنا مجھے آیا۔ ہر ایک کو اپنے سے بہتر سمجھتا ہوں۔ پہلے اس غصے پر قابو نہ پانے کی وجہ سے میرے اپنے رشتہ دار میرے دشمن بن گئے تھے۔ اچھی اچھی پوسٹ پر تھا اور نکالا دیا گیا وجہ یہ تھی کہ میں افسران کے ساتھ لڑ پڑتا تھا۔ دوستوں کو بھی دشمن سمجھنا شروع ہوگیا تھا۔ مگر تسبیح خانہ سے مجھے جو ملا میں بیان نہیں کر سکتا۔ روحانی چلہ نے تو جیسے میرے غصے کو ہی ٹھنڈا کر دیا ہو۔ اللہ نے ہر ایک کے لیے میرا دل نرم کر دیا۔ اب تو میں تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، تلاوت قرآن پاک اور دوسرے وظائف روزانہ کی بنیاد پر کرتا ہوں۔ دشمن دوست بن گئے ہیں۔ اللہ پاک تسبیح خانہ کو تاقیامت شاد و آباد رکھے۔ (ق،ف۔ پشاور)

ضدی بیماریاں' کالے سفلی علم کے ڈسوں کو شفاء ملی! آئیے آپ بھی آزمالیجیے

تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کے چلہ کے معمولات

7 روحانی پیکیج! جادو' بندشیں' بیماریاں' مشکلات ختم

یقین جانیئے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہوچکی ہیں' بیماریاں ختم' روگ ختم' بندشیں ختم! آیئے! آزمالیجئے!

(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو' جنات' آسیب بیماریاں ختم! پرانا سوٹ ہمراہ لائیں' سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا' بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت' صرف یہ سوٹ پہنیں' پھر اپنی جادو جنات' آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

(2) تالا کے عمل سے ہر بندش کھل گئی!: ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں' اس پر خاص عمل ہوگا' بس گھر جا کر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہوجائیں گی۔

(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں! اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جا کر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

(4) کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ! شکر' ٹوٹا چاول' اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کرلیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں' شاپر میں نہ لائیں۔ غربت' تنگدستی' بے روزگاری کیلئے اس پر آخری باکمال عمل کروایا جائیگا۔

(5) آیئے! کامیاب استخارہ کیجئے! استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم: گھریلو جھگڑے' میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلا دیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے' اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

(7) جائے نماز' مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں ہر قسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز' مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی ان شاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

گزشتہ چلے کا نورانی دسترخوان: گزشتہ چلے میں آنے والے مرد و خواتین نے اجتماعی طور پر یَاحَفِیۡظُ 2 لاکھ 50 ہزار۔ درود شریف 2 لاکھ 50 ہزار۔ یا اللہ یا سلام دو لاکھ پچاس ہزار۔ یا قہار دو لاکھ پچاس ہزار مرتبہ۔ دو لاکھ پچیس ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص تین دن میں اجتماعی پڑھی گئی۔

حروف تہجی کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کی جمعرات کی ایک محفل میں سنا تھا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سات مرتبہ حروف تہجی پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس شخص کو بے شمار نعمتیں عطا فرمائے گا۔ میں نے یہ عمل شروع کر دیا' میری پریشانیاں دور ہونا شروع ہوگئیں' بگڑے کام بننا شروع ہوگئے' سب سے بڑی نعمت جو مجھے اس عمل کے بعد ملی وہ تہجد کی نماز ہے' جس دن سے میں نے یہ عمل کیا وہ دن اور آج کا دن الحمدللہ میں تہجد کا پابند ہوں۔ انتہائی آسان عمل ہے۔ حروف تہجی نورانی قاعدہ بچوں کا سپارہ اس پر لکھے ہوئے ہیں جو کہ ا۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ ح۔ خ۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ و۔ ہ۔ ء۔ ی۔ ے۔ ہیں۔ (سید کلیم' لاہور)

لہسن سب سے زیادہ برصغیر پاک و ہند میں استعمال کیا جاتا ہے۔ دیہات میں تو اکثر اس کی چٹنی بھی کھاتے ہیں جو بہت لذیز ہوتی ہے۔ لہسن اپنے اندر جو انمول خزانے رکھتا ہے ان سے اکثریت ناواقف ہے قدیم زمانے میں طبیبوں نے بہت تجربات کے بعد ثابت کردیا تھا کہ کچا لہسن کھانا بہت سے امراض کا علاج ہے۔ یہ حیرت انگیز خوبیوں کے حامل پودے کی جڑ ہے۔ لہسن زکام روکنے کے لیے عمدہ ترین دوا ہے۔
اس کو بطور جراثیم کش دوا استعمال کرنا بہت مفید ہے علاوہ ازیں انتڑیوں کی بیماری، ٹائیفائیڈ قسم کے بخار، پھیپھڑوں کی پرانی بیماریوں اور گلے کی تکالیف کے لیے یہ بہترین اینٹی بائیوٹک ہے۔ سانس کی نالی کو صاف کرنے کے لیے عمدہ دوا ہے۔ چنانچہ اس کے جراثیم کش ہونے میں کوئی شک نہیں حال ہی میں اس میں ایک مفید مادہ الیسین کے نام سے دریافت کیا گیا ہے جو کہ لہسن کا روح رواں ہے۔ لہسن کو جس چیز نے قدرے ناپسندیدہ بنا کر نفیس لوگوں کی غذا سے خارج ہونے پر مجبور کیا ہے۔ وہ فقط اس کی ناخوشگوار بو ہے جسے دور کرنا بہت مشکل ہے۔
آپ نے شاید کبھی اس بات پر غور کیا ہو کہ لہسن کی موٹی سی پوتھی اگر چھلکے سمیت آپ کے قریب پڑی ہو تو اس میں وہ بو نہیں اٹھتی لیکن اس کو چھیل کر الگ الگ کردیا جائے تو بو پھیلنے لگتی ہے اس کی وجہ وہی مادہ الیسین ہے جو ہوا کی موجودگی سے اس میں پیدا ہو کر بو پھیلانے کا باعث بنتا ہے اور لہسن کے مندرجہ بالا سب فوائد اس مادہ الیسین ہی کے مرہون منت ہیں۔ جب الیسین کا وجود ختم کردیا جاتا ہے تو لہسن بھی بے کار ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کے گوناگوں فوائد حاصل کرنے کے لیے اس کو کچا کھانا چاہیے اور پھر دانتوں اور منہ کی گرمی سے جو 37 درجے کی حرارت پیدا ہوتی ہے۔ اس سے الیسین کی مقدار اور بھی زیادہ نکلتی ہے جب کہ پکا ہوا لہسن اپنی ساری خوبیوں کو کھو دیتا ہے۔ علاوہ ازیں لہسن میں جراثیم کش عناصر پنسلین کی طرح پائے جاتے ہیں اور اس میں اینٹی بائیوٹک کی سی خاصیت بھی موجود ہے، جس سے بوقت ضرورت فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

کچا لہسن کھائیے صحت مند زندگی پائیں

(ثریا فیروز، کمالیہ)

ایک ڈاکٹر نے تو یہ ثابت کردیا ہے کہ لہسن کا استعمال انسان کی انتڑیوں میں لیکٹک بیکٹیریا کی نشوونما کے لیے مددگار ثابت ہوتا ہے۔ نیز انتڑیوں کو صاف رکھنے کے لیے بطور جراثیم کش بھی مفید ہے۔ نزلہ اور زکام کے دنوں میں لہسن کو اگر کچا چبایا جائے تو نہ صرف گلے کے درد اور سینے کے درد کو دور کرتا ہے بلکہ پھیپھڑوں کو بھی آرام دیتا ہے اور سانس کی نالی کو صاف رکھتا ہے۔ بلڈ پیشر جیسے موذی مرض کو دور کرنے کے لیے اس میں بہت سارے مفید اجزاء موجود ہیں اور ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ فشار خون اور موٹاپے کے علاج کے لیے لہسن کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے۔ ان باتوں کا تجربہ ان خرگوشوں پر کیا گیا ہے جن کو مصنوعی غذا سے خوب موٹا تازہ کیا گیا تھا پھر جب ان کو لہسن استعمال کروایا گیا تو ان کی ساری چربی تحلیل گئی اور وہ اصلی وزن پر واپس آگئے۔
لہسن کے استعمال سے جسم میں مفید معدنیات از قسم میگنیز اور لوہا وغیرہ کی کمی کو دور کیا جاسکتا ہے اور پھر یہ مقولہ غلط نہیں ہے کہ جو ''شخص لہسن کھاتا ہے وہ ہمیشہ تندرست رہتا ہے''۔ طبی دنیا میں اس کا ثبوت مل چکا ہے۔ اس لئے اب آپ بھی عہد کرلیں کہ اپنے روزمرہ کے استعمال میں لہسن کو نہ بھولیں بلکہ اس کو چٹنی کی شکل میں باقاعدگی کے ساتھ کھا سکتے ہیں، سوکھا دھنیا، ہری مرچ، لہسن، ذراسی پیاز اور دو گری اخروٹ یا بادام اور نمک کی یہ چٹنی لذیذ اور مفید ہوتی ہے۔ البتہ منہ سے ابد بو دور کرنے کے لیے ماؤتھ واش کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جس سے خاطرہ خواہ نتائج بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں ثابت لہسن کو سرکہ میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں جب اس کا رنگ تبدیل ہونے لگے تو اس میں سے تھوڑی مقدار میں چھلے ہوئے لہسن کے ٹکڑے نکال کر کھانے کے ساتھ کھالیں مفید رہے گا نیز منہ میں بو نہ ہوگی۔
ہم لوگ روزانہ سالن میں جو لہسن مصالحہ کے ساتھ ڈالتے ہیں وہ زیادہ بھننے کی وجہ سے اپنی افادیت کھو دیتا ہے اس لیے محض سالن میں لہسن ڈال لینے سے اس خوش فہمی میں مبتلا نہ ہوں کیونکہ لہسن کا اس طرح استعمال بے کار ہے البتہ پانی میں ابال کر یا پیس کر ڈالا ہو لہسن آپ کی مطلوبہ ضروریات کو پورا کرسکتا ہے اس لئے جہاں تک ہوسکے اپنے آپ کو کچا لہسن کھانے کا عادی بنائیں لہسن کے مفید اجزاء گنٹھیا اور جوڑوں کے درد جیسی بیماری کو بھی دور کردیتے ہیں۔

سالہا پرانا کمر درد بالکل ٹھیک اور ازدواجی تعلقات مثالی

(ج، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری کمر میں اکثر درد رہتا تھا' پین کلر گولی کھالیتا تو سکون رہتا مگر جیسے ہی گولی کا اثر ختم ہوتا دوبارہ درد شروع ہوجاتا جس کی وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان رہتا' کوئی بھی کام صحیح طریقے سے سرانجام نہ دے پاتا' میری اہلیہ کے ساتھ میرے تعلقات بھی مثالی نہ رہے' جس کی وجہ سے گھر کا ماحول بھی خراب ہونا شروع ہوگیا' بہت علاج کروائے' اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کو چیک کروایا' مختلف حکماء کے مہنگے مہنگے نسخہ جات استعمال کیے' معجونیں اور مالش کے تیل کی ڈبیوں کا ڈھیر میری الماری میں لگ گیا مگر کہیں سے شفاء نظر نہ آرہی تھی' سب وقتی فائدہ دیتی تھیں اور چند دن بعد میں وہیں کھڑا ہوتا تھا جہاں ادویات استعمال کرنے سے پہلے تھا۔ میرے ایک دوست نے مجھے عبقری رسالہ ہدیہ کیا' اس میں ''نورانی حفاظتی کڑا'' کے متعلق پڑھا' ادویات کھا کھا کر پہلے تنگ تھا میں بھی کوئی ایسی چیز تلاش کررہا تھا کہ کوئی دوا نہ کھانا پڑے' بس کوئی دم' کوئی تعویذ کوئی نقش مل جائے اور میرا کام ہوجائے۔ اس کڑے میں مجھے شفاء نظر آئی اور اسی دن جا کر لیا اور بتائے گئے طریقے سے پہن لیا' میری حیرانگی کی انتہا نہ رہی صرف تین دن بعد میرا درد پہلے کم اور پھر بہت ہی کم ہوگیا' میں نے اس دن کوئی گولی بھی نہ کھائی تھی' دو ہفتوں کے اندر اندر میں بھول بھی گیا کہ مجھے کبھی کمر درد تھا' اس کے ساتھ ساتھ میرے جسم میں چستی اور پھرتی بھی آگئی' مزید میرے ازدواجی تعلقات بھی بہترین ہوگئے' گھر کا ماحول خوشگوار ہوا اور صحت بھی دن بدن بہتر سے بہترین ہوگئی۔ اس کڑے میں واقعی نورانی' روحانی اور حفاظتی حصار ہے' مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میری کوئی حفاظت کررہا ہے۔
میرا اکثر موٹر سائیکل پر حادثہ چھوٹا موٹا تو ہو ہی جاتا تھا' مگر تین ماہ ہوگئے میری بائیک کبھی ہلکی سی بھی کسی کے ساتھ نہ ٹکرائی۔

خواب تعبیر

خوبصورت دوپٹہ — خوشخبری کا نوٹس — وحشت ناک جگہ — کامیابی کا بہت اچھا موقع — غم والی خبر ملنے کا اندیشہ

خوبصورت دوپٹہ

میں نے خواب دیکھا کہ میں اور میری چھوٹی پھپھو، ان کی بیٹی اور خاندان کے کچھ اور لوگ ایک کمرے میں بیٹھے ہیں۔ میری پھپھو میرے سامنے بیٹھی ہیں اور وہ مجھے ایک دوپٹہ دیتی ہیں جو بڑا خوبصورت ہے۔ جامنی رنگ کا ہے اور کچھ پرنٹڈ سا ہے، کالے پھول سے بنے ہیں اور اس پر گوٹا کناری لگی ہے، جیسے شادی کے سوٹ کا دوپٹہ ہو۔ میں وہ کھول کر دیکھ رہی ہوں اور بہت خوش ہوں کہ چھوٹی پھپھو نے یہ مجھے دے دیا، پھر میں اسے اپنے پرس میں رکھ لیتی ہوں، پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (شمائلہ، جہلم)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس کا اشارہ ہے کہ آپ کی چھوٹی پھپھو کی طرف سے جو خلوص و محبت حاصل ہوگا اسے بعض حاسدین برداشت نہیں کر پائیں گے اور انہیں آپ سے بدظن کرنے کی ناکام کوشش کریں گے۔ واللہ اعلم۔

خوشخبری کا نوٹس

میں نے خواب دیکھا کہ میری امی گھر پر ہیں اور باہر گلی میں ایک آدمی آتا ہے جس نے سر پر سرمئی رنگ کی ٹوپی پہن رکھی ہے۔ وہ آتا ہے اور ہمارے سامنے ہمسایوں کے گھر کے سامنے کھڑے ہو کر اونچی آواز میں کہتا ہے کہ صدیقہ ابراہیم کا نوٹس آیا ہے۔ (صدیقہ ابراہیم، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جلد ہی کوئی اچھی خبر آپ کو ملنے والی ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد اکیس بار یاخبیر، یابشیر پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ واللہ علم۔

کامیابی کا بہت اچھا موقع

خواب میں دیکھا کہ میری والدہ، میں اور میری خالہ کہیں جا رہے ہیں۔ اسٹاپ پر بینچ بنی ہوئی ہے، اس پر بیٹھے ہیں اور بس کا انتظار کر رہے ہیں۔ سامنے ایک گھر ہے اس کے باہر امرود کا درخت لگا ہوا ہے اور اس میں بہت بڑے بڑے امرود لگے ہوئے ہیں۔ میں اس میں سے ایک امرود توڑتی ہوں جو سائز میں عام امرود سے دوگنا ہوتا ہے۔ اس کے بعد میری والدہ نظر نہیں آتیں۔ میں اور میری خالہ انہیں ڈھونڈ رہے ہیں، پھر ایک بس میں بیٹھتے ہیں۔ میرے برابر میں ایک عورت بیٹھی ہے اور اس کے برابر میں خالہ بیٹھی ہیں۔ اس عورت نے میرا پرس اپنے نیچے دبایا ہوا ہے۔ خالہ کہتی ہیں کہ تمہاری امی دوسری بس سے آ رہی ہوں گی۔ میں امرود کھاتی ہوں اور باقی بچا ہوا خالہ کو دے دیتی ہوں۔ امرود بہت میٹھا اور مزیدار ہے۔ میں ایک دو لقمے کھاتی ہوں، پھر بس آتی ہے۔ میں گھبرا کر زور زور سے رونے لگتی ہوں، اسی دوران آنکھ کھل جاتی ہے۔ (ش، سوات)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو کامیابی کا بہت ہی اچھا موقع حاصل ہوگا لیکن کوشش کریں کہ اس موقع سے فائدہ اٹھانے سے پہلے اس کی خبر ہر خاص و عام کو نہ ہو ورنہ یہ موقع ضائع ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم

وحشت ناک جگہ

میں نے خواب دیکھا کہ میرے ساتھ ایک لڑکی ہے ہم دونوں رکشہ میں جا رہے ہیں۔ تھوڑی دور جانے کے بعد ہم رکشہ سے اتر کر پیدل چلنا شروع کر دیتے ہیں۔ کچا راستہ ہے اور الٹے ہاتھ پر کھائی ہے۔ راستے میں چکنے پتھر پڑے ہوئے ہیں۔ میرے ہاتھ میں ایک گیلا تولیہ ہے۔، میں اس سے راستہ صاف کرتی ہوں اور پھر ہم چلنے لگتے ہیں۔ وہ لڑکی بار بار کھائی میں جھانک کر دیکھتی ہے۔ کھائی میں جگہ جگہ کوڑے اور کچرے کے ڈھیر ہیں اور جانوروں کی سڑی ہوئی لاشیں پڑی ہوئی ہیں، جن سے سخت بو آ رہی ہے۔ میں اس لڑکی سے کہتی ہوں کہ کتنی وحشت ناک جگہ ہے۔ اسی دوران میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (شفیق، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جو روحانی مسائل آپ کے ساتھ چل رہے ہیں ان کا علاج کسی حد تک ہو چکا ہے لیکن ابھی یہ روحانی مسائل ختم نہیں ہوئے ہیں اس لئے مذکورہ علاج ابھی پابندی کے ساتھ جاری رکھنا ہوگا اور ہو سکے تو حسب توفیق کچھ صدقہ بھی دے دیں۔ واللہ اعلم۔

غم والی خبر ملنے کا اندیشہ

میں خواب دیکھتی ہوں کہ بازار میں دکان سے پالک کا ساگ خریدتی ہوں اور کالے شاپروں میں کوئی اٹھ، دس شاپر ہوتے ہیں انہیں ایک خالی دکان پر رکھواتی ہوں۔ ایک کوئی ریڑھے والا گزرتا ہے، میں اس سے کہتی ہوں کہ خیال سے، یہ ساگ کے یہ شاپر میں نے رکھے ہیں، گر نہ جائیں۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (شاہدہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کوئی غم والی خبر ملنے کا اندیشہ ہے۔ تاہم حسب توفیق کچھ صدقہ خیرات دے دیں اور کلمہ طیبہ کا ورد کثرت سے کریں۔ واللہ اعلم

اہم کام میں حائل رکاوٹ دور

میں نے خواب دیکھا کہ میں مسافر کوچ میں بیٹھی ہوں۔ میرے ساتھ اور رشتہ دار بھی ہیں۔ میں اپنے بیٹے کی کوئی مہندی وغیرہ لے کر جاتی ہوں۔ میں کہتی ہوں کہ جگہ آگئی ہے۔ پھر ڈرائیور بس روک لیتا ہے کہ کنڈیکٹر دہی خریدنے گیا ہے لیکن میں کہتی ہوں کہ حقیقت میں جو گلی ہے جہاں ہم نے رشتہ کیا ہے اس کے دائیں طرف درخت ہے وہ گلی بائیں طرف ہے پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (ز۔ا، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کسی اہم کام میں حائل رکاوٹ ان شاء اللہ جلد دور ہو جائے گی اور تمام کام بہ حسن و خوبی انجام پا جائیں گے اگرچہ کہ ذرا سا وقت لگے گا۔ واللہ اعلم

گھر میں آپس کے اختلافات شدید

میں نے خواب دیکھا کہ میرے بھائی 'م' کی برأت کا دن ہے اور میں شاید بیمار ہوں، جس کی وجہ سے ذہن پر زور ڈالنے کے باوجود مجھے یاد نہیں آ رہا کہ بھائی کی مہندی اور برأت کا پورا دن میں کہاں تھی؟ بہر حال میں کمرے میں آتی ہوں۔ بھائی اور بھابھی بیڈ پر بیٹھے ہیں اور بھابھی بہت سادہ ہیں، میں ان کے پاس بیٹھ کر چند باتیں کرتی ہوں اور کمرے سے نکل جاتی ہوں اور باہر نکلتے ہی امی پوچھتی ہیں کہ بھابھی کمرے میں اکیلی ہیں تو ہم اس کے پاس جا کر بیٹھ جائیں۔ میں کہتی ہوں نہیں امی، بھائی کمرے میں ہیں وہ دونوں باتیں کر رہے ہیں۔ پھر دیکھتی ہوں کہ بھائی کمرے سے باہر آ گئے ہیں اور میں ان کے نکلتے ہی دوبارہ کمرے میں جاتی ہوں تو دیکھتی ہوں کہ بھابھی نے عام سے کپڑے پہن لئے ہیں اور وہ رو رہی ہیں۔ (حرا، گوجرانوالہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے گھر میں آپس کے اختلافات شدید نوعیت اختیار کر لیں تاہم صبر و تحمل اور ضبط کا مظاہرہ کریں اور گھر میں سورۃ یٰسین کے پڑھنے پڑھانے کا اہتمام کیا جائے۔ واللہ اعلم

بیٹی کی ٹانگوں میں ہونے والا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں رسالے سے ہمیں بہت فوائد ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ عبقری کی ادویات کا استعمال بھی کرتا ہوں۔ عبقری کی ہر دوا میں شفاء ہی شفاء ہے۔ میری بیٹی جس کی عمر چار سال ہے اس کی ٹانگوں میں اکثر درد رہتا تھا اٹھتے بیٹھتے بس ہائے ہائے کرتی تھی اس کے علاوہ رات سوتے وقت تو بلک بلک کر رونا شروع کر دیتی تھی، پین کلر دینے سے سو جاتی اگر کسی رات پین کلر نہ دی جاتی تو ساری رات درد سے تڑپتی۔ کافی ڈاکٹرز سے مشورہ کیا چیک اپ کروایا پر وقتی طور پر آرام آجاتا تھا لیکن چند دن کے بعد ہی دوبارہ ٹانگوں میں درد شروع ہو جاتا۔ میں نے عبقری رسالہ میں ''کراماتی تیل'' کے متعلق پڑھا۔ اسی دن فون پر آرڈر دیا جو چند دنوں میں مجھے مل گیا۔ اسی دن سے لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق چند ہفتے مسلسل مالش کرتا رہا۔ جس سے بیٹی کی درد میں افاقہ ہونا شروع ہو گیا۔ ماشاء اللہ چند ہفتوں بعد ہی بیٹی بالکل تندرست ہو گئی۔ اس کے علاوہ ہم گھر والے نزلہ، زکام، کھانسی اور ریشہ کے لیے عبقری دواخانہ کا شفاء حیرت سیرپ بھی استعمال کرتے ہیں جس سے پرانی کھانسی بھی ختم ہو جاتی ہے۔ دانتوں کے لیے سچا منجن کا استعمال گھر کا ہر چھوٹا بڑا فرد کرتا ہے جس سے دانت صحت مند رہتے ہیں اس کی زیادہ تاثیر حاصل کرنے کے لیے میں زیتون کی مسواک پر سچا منجن لگا کر کرتا ہوں جس سے میرے دانت مضبوط اور چمکدار رہتے ہیں اور دن منہ سے مہکتی مہکتی خوشبو آتی ہے۔ (عمران حسین، بدین)

سر میں مسلسل ہونے والی خشکی اور خارش سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! موسم سرما ہو یا گرما میرے سر میں ہر وقت خشکی اور خارش کا رہنا معمول کی بات تھی بہت سے ٹوٹکے بھی آزما چکی تھی لیکن کچھ فرق نہیں پڑتا تھا بال عمر سے پہلے سفید ہونا شروع ہو گئے جن کو لے کر میری والدہ بھی پریشان رہتی تھی اور کہتی کہ ابھی تمہاری عمر ہی کیا اور تمہارے سر کے تمام بال تیزی سے سفید ہو رہے ہیں۔ میں بہت پریشان تھی۔ مہنگے سے مہنگے شیمپو بھی استعمال کر چکی تھی لیکن ایک روز نیٹ پر آپ کا ایک کلپ دیکھا جس میں شیمپو کے نقصانات تھے میں سمجھ گئی کہ یہ بالوں کا سفید ہونا کوئی عمر کا لحاظ نہیں بلکہ کیمیکل ملے شیمپو کا بے دریغ استعمال ہے جس نے میرے سر کے تمام بال سفید کر دیئے تھے۔ حالانکہ میں نے شیمپو خشکی ختم کرنے کے استعمال کیا تھا نا ہی خشکی گئی اُلٹا بال تیزی سے سفید ہونا شروع ہو گئے۔ میں نے مزید سرچ کیا تو آپ کا عبقری دواخانہ سامنے آگیا اور پوری ویب کا میں نے بغور مطالعہ کیا اور ادویات کے پینل پر آ کر کلک کیا تو بے بہا ادویات تھیں۔ ان میں ایک عبقری ہربل ہیئر آئل نظر آیا میں نے فوراً عبقری دواخانہ کے نمبر پر کال کی اور اس کی قیمت پوچھی تو انتہائی مناسب قیمت تھی فوراً سے دو بوتل کا آرڈر دیا جو دو سے تین دن میں پہنچ گیا اور میں نے استعمال شروع کیا دو بوتل کے اختتام تک میرے سر کی خشکی ختم ہو گئی تھی۔ اب ہمارے گھر میں روزانہ استعمال میں عبقری کا ہربل ہیئر آئل ہی استعمال ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے بالوں میں ایک نئی جان سی آ گئی ہے۔ (سلمٰی الیاس، جڑانوالہ)

والدہ کی بڑھتی ہوئی شوگر کنٹرول میں آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی شوگر 300 سے اوپر رہنا شروع ہو گئی جس کو لے کر میں بہت پریشان تھا۔ حالانکہ انہوں نے میٹھا کھانا بالکل ترک کر دیا تھا پھر بھی ان کی اتنی شوگر دیکھ کر میں حیران تھا کہ آخر وجہ کیا ہے۔ ڈاکٹرز سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ اس کا حل صرف اور صرف دوائی ہی ہے اور کچھ نہیں ہے دوائی کھاتی رہے تاکہ شوگر کنٹرول رہے۔ اگر شوگر 400 سے اوپر چلے گئی تو پھر انسولین کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے جو کہ شوگر کنٹرول کرنے کا آخری حل ہے۔ ان باتوں سے میں اور بھی فکر مند ہو گیا۔ کسی دوست نے بتایا کہ والدہ کا دیسی ادویات سے علاج کرواؤ تو اسی دوست نے مجھے عبقری دواخانہ کا پتہ دیا میں والدہ کو وہاں لے کر گیا اور وہاں رش دیکھ کر میں حیران ہو گیا کہ اتنا رش ہے ظاہر ہے لوگوں کو فیض ملتا ہے تو رش ہوتا ہے یہ پہلا دواخانہ تھا جہاں میں نے رش دیکھا ورنہ دیسی ادویات لوگ کم ہی استعمال کرتے ہیں۔ اسسٹنٹ صاحب نے چھ شوگر کورس استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں دو لے آیا اور والدہ کو تاکید کی کہ وقت پر دوائی لینا اور اپنی اہلیہ کو بھی کہہ دیا کہ والدہ کو ٹائم پر دوائی دینی ہے۔ دو کورس ختم ہونے پر میں اور دو لے آیا تقریباً چھ کورس استعمال کرنے کے بعد اب والدہ کی شوگر 200 تک رہتی ہے اور میں مطمئن ہوں۔ دوائی ابھی بھی جاری ہے کیونکہ انگریزی دوائی سے معدہ خراب ہو جاتا تھا لیکن دیسی دوائی کے استعمال سے شوگر کے ساتھ ساتھ بلڈ پریشر بھی نارمل رہنا شروع ہو گیا۔ (ثقلین حبیب، کاہنہ نو)

آنکھیں صاف وشفاف ہو گئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند روز سے جب سو کر اٹھتا تو میری آنکھیں کیچڑ سے جڑی ہوئی ہوتی میں سمجھ گیا کہ آنکھوں کا انفیکشن ہو گیا ہے۔ جس کے لیے میں نے عبقری دواخانہ کا ''آنکھ شفاء'' ڈراپر استعمال کرنا شروع کیا کیونکہ عبقری کی ادویات کا استعمال میں اکثر کرتا ہوں۔ آنکھ شفاء مسلسل تین چار دن استعمال کرنے سے ہی آنکھوں کے جالے اور کیچڑ سب جاتا رہا۔ آنکھیں بالکل صاف اور شفاف ہو گئی۔ میں تقریباً ہر دوسرے دن اب آنکھ شفاء استعمال کرتا ہوں جس سے دن بدن کی گرد و غبار جو آنکھوں کے گرد جمع ہو جاتی ہے سب چھٹ جاتی ہے۔ جس سے آنکھوں کو سکون میسر ہوتا ہے۔ (محمد اسلم، چوہنگ)

کتابیں عبقری کے سپرد کر کے حقیقی خوشی پالی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کتابیں پڑھنے کا بہت شوق تھا لیکن جب کتاب پڑھ لیتا ہوں پھر سوچتا ہوں کہ اس کتاب کو الماری میں بند رکھنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا کسی کتابیں پڑھنے کا ذوق رکھنے والے کو دے دیتا ہوں۔ مگر آج کے معاشرہ میں کسی کو موبائل سے فرصت ملے تو وہ کتابیں پڑھے گا۔ مجھے ایسے شخص کی تلاش تھی جو میری دی ہوئی کتابوں کی قدر کرائے، پڑھے اس سے فائدہ اٹھائے اور پھر پڑھ کر آگے دے دیں۔ بہت ڈھونڈنے پر مجھے ایسا شخص تو نہ ملا مگر عبقری رسالہ مل گیا جس پر درج تھا کہ اپنی کتابیں ہدیہ اور صدقہ جاری کی نیت سے بھیجیں۔ مگر میں مطمئن نہیں تھا ذہن میں کچھ سوال تھے جس کو دور کرنے کے لیے میں اگلی صبح لاہور عبقری دواخانہ پہنچا اور وہاں موجود لوگوں سے اس کے بارے میں معلوم کیا تو پتہ چلا کہ واقعی آپ کتابوں کے قدردان ہیں اور آپ کو دی گئی کتابیں ضائع نہیں جاتی بلکہ افادہ عامہ کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ میں نے تمام کتابیں بذریعہ ڈاک عبقری کے ایڈریس پر بھیج دیں جس سے مجھے حقیقی خوشی ملی۔ (سلمان علی، کھاریاں)

صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

ماہ صیام کا ہر سیکنڈ، ہر منٹ، ہر گھنٹہ روحانیت سے بھرپور ہے بس دامن پھیلائیں اور رحمتیں سمیٹ لیں! کیسے؟ شیخ الوظائف سے سیکھ لیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

طبی نبوی وجدید سائنس | ساانول چغتائی

آنکھ میں شہد ڈالیے اور دنیا کو مٹھاس بھری نظر سے دیکھئے!

قارئین! آج میں آپ کے لیے خاص تحفہ لایا ہوں‘ میرا جب کبھی اپنے آبائی اور تاریخی شہر احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور جانا ہوتا ہے تو مجھے فضا میں موجود آلودگی کا اندازہ ہوتا ہے۔ جہاں ہمیں صاف ستھرا آسمان‘ تازہ کھلی ہوا لینے کو ملتی ہے تو جسم کیا روح بھی مسرور اور پرسکون ہوجاتی ہے۔ یعنی لاہور کے گنجان آباد علاقے میں رہائش‘ سارا دن گاڑیوں کا شور‘ دھواں‘ صاف ستھرا آسمان قسمت سے کبھی بارش کے بعد دیکھنے کو ملتا‘ موٹر سائیکل سے بازار کا ایک چکر لگالیں آپ کی قمیض کا کالر آپ کو فضائی آلودگی کی سنگینی کا پورا چارٹ دے دے گا‘ کبھی بازار سے گھر آئیں اور ٹشو لے کر صرف اپنے ناک کے نتھوں میں پھیر کر باہر نکالیں آپ کا ٹشو دھوئیں سے کالا ہوچکا ہوگا۔ اب آپ خود اندازہ لگائیں ہم سارا دن میں کتنی آلودہ ہوا‘ دھواں‘ مٹی سانس کے ذریعے اپنے اندر لے جاتے ہیں‘ جہاں سے ہوا گزر کر ہمارے پھیپھڑوں میں جاتی تو ہمارے پھیپھڑوں کا کیا حال ہوگا؟ یقیناً میری ان درج بالا مثال سے آپ کو فضائی آلودگی کا بخوبی اندازہ ہوچکا ہوگا اب یہی آلودہ ہوا‘ دھواں‘ گندگی سارا دن آپ کی آنکھوں میں بھی جاتی ہے‘ کچھ عرصہ پہلے میری بھی آنکھوں میں جلن‘ پانی کا نکلنا‘ آنکھوں کا خشک ہونا شروع ہوگئیں‘ بہت پریشانی تھی‘ الحمدللہ! ہمارے گھر میں ہمیشہ شہد کا استعمال کیا جاتا ہے‘ میرے والد محترم اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے انہوں نے ہمیشہ ہمیں خالص نبوی غذاؤں پر لگایا اور کھلایا۔ ہمارے گھر ترتیب ہے روزانہ رات کو سوتے وقت ہم تمام اپنی آنکھوں میں اپنے والد صاحب سے شہد ڈلواتے ہیں‘ یقین کیجئے جب سے ٹوٹکہ شروع کیا ہے‘ ہماری آنکھوں کے مسائل‘ دھندلا دکھنا‘ آنکھوں کے سامنے جالا آنا‘ چبھن‘ آنکھوں پر بوجھ پڑنا ختم ہوگیا ہے۔ آنکھوں سے سارے دن کی گندگی‘ آلودگی‘ دھواں سب نکل جاتا ہے اور آنکھیں اسی وقت ہلکی پھلکی پرسکون ہوکر صحت مندانہ مسکراہٹ لیے آپ کا شکریہ ادا کررہی ہوتی ہے۔ قارئین! آپ بھی شہد کو ڈراپر میں ڈال لیں‘ بس رات سوتے وقت دونوں آنکھوں میں ایک سے دو ڈراپ ڈالیں‘ شروع میں تھوڑی چبھن‘ جلن ہوگی مگر پھر آہستہ آہستہ یہ جلن ہونا ختم ہوجائے گی‘ یعنی جو آنکھ جتنا بیمار ہوگی اس کو اتنا ہی شہد جلن کرے گا اور اس کا علاج کریگا‘ جب آنکھ ٹھیک ہوجائے گی شہد ڈالنے پر جلن بھی نہ ہوگی۔ آپ بھی آج سے آنکھوں میں شہد ضرور ڈالیے‘ اپنے بچوں کو اس کا عادی بنائیے‘ کبھی بھی آنکھ کا کوئی مسئلہ نہ ہوگا‘ نہ وبائی امراض آنکھوں پر حملہ آور ہوں گی اور نہ ہی نسلوں میں نظر کی کمزوری کی شکایت ہوگی۔

خدمت کا صلہ نقد مل گیا!

ہجویری محل میں خدمت کا صلہ نقد مل گیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں وہ مستری تھا کہ میرا پورے کا پورا سال کسی نا کسی سوسائٹی میں بُک ہوتا تھا ہر ٹھیکیدار مجھ سے مکان، کوٹھی بنوانے کا خواہشمند ہوتا تھا لوگ پیسے لے لے کر میرے پیچھے ہوتے تھے اور میں کسی کو وقت نہیں دیتا تھا۔ اگر مستری کی دیہاڑی 1500 روپے ہیں تو میں 2500 لیتا تھا۔ ٹھیکیدار ہنس کر مجھے میری پسند کی دیہاڑی دیتا تھا۔ بڑی بڑی کوٹھیوں، بنگلے، مکانوں کی تعمیر میں کرچکا ہوں لیکن کچھ ماہ سے اچانک ایسا کیا ہوا کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ ہر طرف سے جیسے دروازے بند ہوگئے ہوں ۔ وقت ایسا آگیا کہ میں خود ٹھیکیداروں کو کال کرکے کہنا شروع ہوگیا کہ مجھے کام کی ضرورت ہے اور آگے سے جواب آتا کام نہیں ہے حالانکہ کام ہوتا تھا پھر وہ کیوں مجھے انکار کردیتے تھے یہ میں نہیں جانتا۔ اسی کشمکش میں تین ماہ مسلسل گھر میں بیٹھا رہا۔ قرض میں اضافہ ہوتا جارہا ہے میرے ماموں جو لاہور میں مقیم ہیں انہوں نے مجھے کال کی کہ تم لاہور آجاؤ یہاں کوئی کام ڈھونڈ لو جب میں لاہور ان کے پاس آیا تو انہوں نے باتوں باتوں میں عبقری کا ذکر کیا جس پر میں نے ان سے عبقری کے بارے میں مزید جاننا شروع کیا۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ اگر واقعی تم پر بندش ہے تو تم ہجویری محل جاکر خدمت کرو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں تمہاری بندش ختم ہوجائے گی میں نے ایڈریس لیا اور اگلے ہی دن ہجویری محل پہنچا اور وہاں پر خدمت میں اپنا نام لکھوایا اور بطور مستری اپنی خدمات انجام دینا شروع ہوگیا تقریباً پندرہ دن بھی مکمل نہیں ہوئے تھے کہ مجھے گوجرانوالہ کی مشہور سوسائٹی کے ٹھیکیداروں کے فون آنا شروع ہوگئے اور کہنے لگے آپ جو دیہاڑی وغیرہ کہیں گے ہم دیں گے لیکن کام آپ نے کرنا ہے۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور ماموں کو فون کیا کہ مجھے میری خدمت کا صلہ نقد مل گیا۔ (محمد شفقت، گوجرانوالہ)

بے جا بیماریوں سے چھٹکارا پالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جڑے تقریباً دو سال ہوگئے ہیں۔ میری عمر 26 سال ہے اور مجھے بیماریوں نے گھیر لیا تھا اور بیماریاں بھی ایسی کہ جو معمر شخص کو ہوں۔ جوڑوں کا درد تو اس میں نمایاں تھا۔ اٹھتے بیٹھتے ٹانگوں کے جوڑوں سے آوازیں آتی تھیں۔ میں بہت ہی زیادہ پریشان تھا کہ میں ہوں تو جوان لیکن اندر سے بوڑھا ہوگیا ہوں۔ ہڈیوں میں درد رہنا معمول تھا۔ اسی اثناء میں میں نے عبقری رسالہ میں ہجویری محل میں خدمت کرنے والوں کو جو ثمرات ملے اس کے بارے میں پڑھا تو امید کی کرن پیدا ہوئی دو‘روز کے بعد میں ہجویری محل پہنچ گیا اور وہاں تعمیراتی کاموں میں لگ گیا اور ارادہ کیا تھا چالیس دن کام کروں گا ایسا ہی کیا چالیس دن پورے کرنے کے بعد گھر آیا تو گھر والے حیران تھے حالانکہ پہلے ایسا تھا کہ چند منٹ کھڑا بھی نہیں ہو پاتا تھا یہ جب ہجویری محل کی خدمت سے ملنے والے ثمرات تھے۔ (ایان علی، بالاکوٹ)

اچھی نوکری کی تلاش ختم ہوئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بی اے کیے دو سال گزر گئے تھے لیکن اچھی نوکری نہیں مل رہی تھی والدہ نے کہا کہ تم ہجویری محل خدمت کرآؤ ان شاءاللہ اللہ پاک اچھی نوکری سے نوازے گا میں نے والدہ کے حکم پر ہجویری محل میں خدمت شروع کی تو چند ہفتوں کے بعد ہی مجھے ایک ملٹی نیشنل کمپنی سے کال آئی کہ آپ نے اپنے کاغذات جمع کروائے تھے انٹرویو کے لیے آجائے میں خوشی خوشی گیا انٹرویو دیا اور پاس ہوگیا الحمدللہ سے چالیس ہزار روپے جاتے ہی تنخواہ لگ گئی۔ یہ سب ہجویری محل میں خدمت سے میں نے پایا۔ (ارسلان محمود، لاہور)

(نوٹ: ہجویری محل میں ترقی، کامیابی پانے اور مسائل، مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن چند ہفتے وہاں خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں)

ہچکی جو موت کے منہ میں لے جائے، ختم

رانا محمد ذیشان، وانچھراں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں بے شمار ٹوٹکے پڑھے آزمائے' الحمدللہ سوفیصد فائدہ ہوا' آج میں بھی اپنی ڈائری کے آزمودہ ٹوٹکے لے کر حاضر ہوا ہوں' یقیناً قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور ان ٹوٹکوں کو اپنی نسلوں کے لیے بھی سنبھال لیجئے' بے شک یہ نسلوں میں کام آئیں گے۔

زخم درست کرنا: دیسی تل لیں اور اسے شہد میں پیس کر لیپ سا بنالیں اور پھر اس لیپ کو مرہم کی مانند محفوظ کرلیں جب بھی کہیں زخم ہو وہاں یہ لیپ مرہم کی مانند مل دیں زخم جلد ٹھیک ہوجائے گا۔

آنکھوں کے ہر مرض سے شفاء: آنکھوں پر خالص دودھ کی ملائی کسی کپڑے پر رکھ کر باندھ دیں۔ اس دوران آنکھیں بند رکھیں۔ کم از کم پانچ گھنٹے آنکھیں بند ہی رہنے دیں۔ آنکھوں کے ہر مرض کی شفاء اس میں ہے۔ آنکھوں میں درد ہو تو روئی کا پھایا لیں اور اسے گرم دودھ میں ڈبو کر آنکھوں کے پاس ٹکور دیں۔ آنکھوں کا درد دور ہوجائے گا۔ آنکھوں میں ذرا سا شہد ڈال لیں اور پھر پندرہ بیس منٹ کے بعد اسے دھولیں۔ آنکھوں کا درد دور ہوجائے گا اور بینائی میں اضافہ ہوگا۔

پلکیں دراز کرنے کیلئے: نیم گرم دودھ میں فلالین کے کپڑے کو بھگو کر کپڑا آنکھوں پر رکھ دیں۔ جب اس کی گرمائش کم ہوجائے تو اس عمل کو بار بار کریں۔ مگر چار پانچ بار سے زیادہ نہیں، اس سے پلکوں کی نشوونما ہوگی اور خوبصورت دکھائی دیں گیں۔

چیچک کے داغ دور: خالص پتے پیس کر سفوف بنالیں اور پھر رات کو سوتے وقت چیچک کے داغوں پر مسلسل ملئے۔ چھ ماہ ایسا کرتے رہیں پہلے داغ مدھم پڑ جائیں گے اور پھر آہستہ آہستہ ختم ہوجائیں گے۔ اس طریقے میں آپ کا وقت ضرور لگے گا مگر اس وقت کا نتیجہ خوبصورتی کی شکل میں سامنے آئے گا۔

جسم میں چبھا ہوا کانٹا نکالنے کا طریقہ: جب جسم کے کسی حصہ میں کانٹا چبھ جائے اور اس قدر اندر چلا جائے کہ کوشش کے باوجود نہ نکلتا ہو تو گھبرائیے نہیں۔ تھوڑا سا گڑ اور پیاز لے کر اسے کاٹ لیجئے۔ اور ان دونوں کو ملا کر اس جگہ پر باندھ دیجئے۔ کانٹا خود بخود باہر آجائیگا۔

منہ کے چھالے ختم: کافور اور کتھا لیجئے اور انہیں پیس کر دن میں تین چار بار چھالوں پر ملئے افاقہ ہوگا۔ ذرا سی مہندی پانی میں بھگو دیجئے اور اسے کچھ دیر بعد چھان لیجئے، دن میں دو تین بار اس سے غرارے اور کلی کیجئے افاقہ ہوگا۔ سبز دھنیا لیجئے اور اس کا عرق نکال لیجئے۔ دن میں تین چار مرتبہ سے ان چھالوں پر ملئے آرام ہوگا۔

کان کے درد سے شفاء: مولی کو باریک باریک ٹکڑوں میں کاٹ لیجئے اور پھر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر خوب گرم کرکے رس نکال لیجئے اور پھر اس تیل کو کسی شیشی میں محفوظ کرلیں۔ درد کے وقت کان میں چند قطرے ٹپکا لیجئے شفاء مل جائے گی۔

دانت کے کیڑے ختم: چنبیلی کے کچھ پتے لے کر انہیں پانی میں ابال لیں۔ ہر صبح نہار منہ اس پانی سے غرارہ کریں۔ دانتوں کے کیڑے ختم ہوجائیں گے۔

چہرہ دھوپ کے اثرات سے محفوظ

چہرہ اگر لو یا گرمی سے جھلس گیا ہو اور دھوپ میں گھومنے سے رنگ سیاہ ہوگیا ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ چہرہ نیم گرم پانی سے دھو کر ٹماٹر کا رس ملیں۔ چند دنوں میں چہرہ شاداب ہوجائیگا۔

پاؤں پر پڑے آبلہ دور: نیا جوتا اکثر پاؤں میں آبلہ ڈال دیتا ہے یہ آبلہ بے حد تکلیف دہ ہوتا ہے۔ رات کو سوتے وقت اس آبلے پر انڈے کی سفیدی لگا دیجئے درد اور آبلے کو آرام مل جائے گا۔

سر اور کپڑوں میں جوئیں پڑ جائیں:

سر کو نہ دھونے اور کپڑے میلے رکھنے سے پسینے اور غلاظت کے باعث ان میں جوئیں پیدا ہوجاتی ہیں۔ ان سے نجات کے لیے کافور کے عرق کو تیل میں ملا کر بالوں میں لگالیں جوئیں فوراً مر جائیں گی۔

زہریلا جانور کاٹ جائے تو شفاء یابی کیلئے: مولیوں کو کاٹ کر ان کا عرق کپڑے سے چھان کر نکال لیں اور دو تین بار روئی سے کاٹی ہوئی جگہ پر لگائیں۔ ہر قسم کی تکلیف اور جلن ختم ہوجائے گی اور جس قدر مولی کا یہ عرق پرانا ہوگا اسی قدر تیر بہدف ہوگا۔ بچھو، یا شہد کی مکھی وغیرہ زہریلے کیڑے نے اگر کاٹ لیا ہو تو پیاز کا عرق نکال کر روئی سے کاٹی ہوئی جگہ پر لگائیں اور کچھ پیاز کھالیں شفاء ہوگی۔

ہچکی بند کرنے کیلئے: ہچکی آرہی ہو تو اس کا سب سے مجرب علاج یہ ہے کہ پانی میں شکر ملا کر پی لیں ہچکی بند ہوجائے گی۔ اگر ہچکی مسلسل آرہی ہو تو نرم گنڈیریاں مسلسل چوستے رہے ہچکی بند ہو جائے گی۔ تھوڑی سی چینی کھالینے سے بھی ہچکی بند ہو جاتی ہے' شاپر میں منہ ڈال کر سانس لیں مزید جلیبی کھا لیجئے۔ سبز الائچی کا قہوہ بنا کر گھونٹ گھونٹ پی لیجئے۔ تجربات ہیں کہ ان ٹوٹکوں سے ہچکی بند ہوجاتی ہے جو کافی دنوں سے بند نہ ہو۔

بالوں کی خشکی: ناریل کے روغن میں لیموں کا ذرا سا عرق ملا لیجئے اور اسے سر پر مالش کیجئے۔ چند روز ایسا ہی کیجئے سر کی خشکی ختم ہوجائے گی۔

نیند لانے اور دماغ اور آنکھوں کے سکون کیلئے

اپنے پاؤں کے تلوؤں پر خالص سرسوں کا تیل رات کو سوتے وقت ملئے اور چار پانچ منٹ ہر روز سونے سے قبل ایسا کیجئے، اس سے دماغ کو تراوٹ اور سکون ملے گا، نظر تیز ہوگی اور سکون سے نیند آئے گی۔

آواز بیٹھ جائے: آدھا کلو پانی میں ایک تولہ سونف ڈال کر اسے پکا لیجئے، چوتھا حصہ رہ جانے پر اسے اتار لیجئے اور چھان کر اس میں حسب طبیعت چینی ملا لیجئے اور اسے استعمال کیجئے۔ دو تین بار پینے سے شفاء حاصل ہوگی۔ سونف ذرا ذرا سی منہ میں ڈال کر دن میں کئی بار چباتے اور اس کا رس پیتے رہنے سے گلا صاف ہوجائے گا۔

چہرے کی چھائیاں: سفید تل لیجئے اور اسے بھینس کے دودھ میں ڈال کر رگڑ لیں اور رات کو سوتے وقت چہرے پر مل لیں۔ صبح اٹھ کر اسے صابن سے صاف کرلیں۔ چھائیاں دور ہوجائیں گی اور چہرہ کھل جائے گا۔

جادو کے اثرات ختم شفاء مل گئی

میں نے عبقری رسالہ میں سورۂ رحمٰن کے متعلق پڑھا' مجھ پر جادو کے اثرات تھے' میں نے سارا دن گھر میں سورۂ رحمٰن سنی اور بہت زیادہ سنی' جس کی وجہ سے مجھے صحت ملی' مجھ سے جادو کے اثرات ختم ہوئے۔ (عائشہ' لاہور)

جیب میں رکھیں پیسے ختم نہیں ہوں صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

عبقری 190 حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی: چقندر کے خشک پتوں کی نسوار لینے سے اگر حاملہ عورت کو چھینک آجائے تو حمل میں لڑکی ہے اگر نہ آئے تو لڑکا ہے۔ (واللہ اعلم)

(بقیہ: حروف مقطعات کا عمل، خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے)

(7) اس نقش کو رسالے سے جدا نہ کریں اس کو رسالے میں ہی رہنے دیں۔ اس رسالے پر علامہ لاہوتی صاحب نے حفاظتی حصار کا عمل کیا ہوا ہے۔ اس رسالے کو سنبھال کر اپنے گھر میں رکھیں۔ انوکھی برکت اور سعادت رہے گی' ہمیشہ بلائیں' مصائب' آفات' بندشیں ٹلی رہیں گی۔ گھر میں کبھی جھگڑے نہیں ہوں گے۔ (8) آپ اگر مزید اور زیادہ سعادتیں لینا چاہتے ہیں تو اس رسالے کو زیادہ سے زیادہ تقسیم کریں' جتنے زیادہ لوگ یہ نقش پُر کریں گے اتنا زیادہ آپ کو برکات' سعادتیں' خیریں ملیں گی اور نسلیں مالا مال ہوں گی۔ (9) کل 12 نقوش شائع کیے جائیں گے۔ پہلا نقش ستمبر 2021ء، دوسرا نقش دسمبر 2021ء کے رسالے میں شائع ہو چکے ہیں۔ اگر آپ کو اس عمل کی دیر سے اطلاع ہوئی ہو اور آپ کے گزشتہ ماہ کے نقوش کا عمل رہ گیا ہو تو کوئی مسئلہ نہیں آپ اسی ماہ گزشتہ ماہ کے رسالے لے کر یہ عمل پورا کر سکتے ہیں۔ (10) جو تمام 12 نقش کا عمل پورا کرے گا اس کو ایک اجتماعی نقش کا عمل کروایا جائے گا۔ اس کو ہی مکمل اور اصل فائدہ ہوگا اور یہ فائدہ اسی کو ملے گا تو یہ بارہ مکمل حروف مقطعات کا نقش مکمل کرے گا۔

(بقیہ: پندرہ شعبان المعظم! آئیے تسبیح خانہ میں گزاریں)

عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کا پورا اہتمام کیا جائے۔ جتنا سہولت اور آسانی سے ممکن ہو اس مقدس رات کو نوافل اور ذکر و تلاوت میں گزاریں، منکرات سے دامن بچاتے ہوئے قبرستان جا کر زیارت قبور کرنا، صحت و عافیت، رحمت و بخشش اور جملہ مقاصد حسنہ کے لئے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ پندرہویں شعبان کا روزہ رکھیں۔ جن گناہوں کی نحوست اور وبال اس مبارک رات کی رحمتوں اور برکتوں سے محروم کر دیتی ہے۔ ان سے مکمل پرہیز کرتے ہوئے صدق دل سے توبہ کی جائے، شب بیداری کا تقاضا ہے کہ ان بابرکت اور قیمتی لمحات کو توبہ و مناجات، اللہ کے ذکر اور دعاؤں میں بسر کیا جائے۔ حضرت عطاء بن یسارؒ فرماتے ہیں: ''لیلۃ القدر کے بعد شعبان کی پندرہویں شب سے زیادہ کوئی رات افضل نہیں۔'' ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (اے عائشہؓ) کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس رات یعنی شعبان کی (پندرہویں شب) میں کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ (اس شب) کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شب میں یہ ہوتا ہے کہ اس سال میں جتنے بھی پیدا ہونے والے ہیں، ان سب کے متعلق لکھ دیا جاتا ہے اور جتنے اس سال فوت ہونے والے ہیں، ان تمام کے متعلق بھی لکھ دیا جاتا ہے، اس شب تمام بندوں کے (سارے سال کے) اعمال اٹھائے جاتے ہیں اور اسی رات لوگوں کی مقررہ روزی اترتی ہے۔ (مشکوٰۃ، ص 115)۔ حضرت عطاء بن یسارؒ فرماتے ہیں کہ جب شعبان کی پندرہویں شب ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک فہرست ملک الموت کو دے دی جاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ جن جن لوگوں کا نام اس فہرست میں درج ہے، ان کی روحوں کو قبض کرنا، (چنانچہ حال یہ ہوتا ہے کہ) کوئی بندہ تو باغ میں پودا لگا رہا ہوتا ہے، کوئی شادی بیاہ میں مصروف ہوتا ہے، کوئی مکان کی تعمیر میں مصروف ہوتا ہے، حالانکہ ان کا نام مردوں کی فہرست میں لکھا جا چکا ہوتا ہے۔ (شیخ عبدالحق محدث دہلوی/ ماثبت بالسنۃ ص 353)۔ یہ مقدس شب رحمت و مغفرت اور قدر و منزلت والی ہے، اس بابرکت رات کی مقدس گھڑیوں میں جو چودہ شعبان کے سورج غروب ہونے سے شروع ہوتی اور پندرہ شعبان کی صبح صادق ہونے تک رہتی ہے۔ بارگاہ رب العزت کی رحمت و مغفرت کا ابر کرم خوب جم کر برستا ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہؓ کی ایک روایت میں ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بلاشبہ اللہ تبارک و تعالیٰ شعبان کی پندرہویں شب آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے اور قبیلہ بنو کلب کی بکریوں کے بالوں کے برابر لوگوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔'' (ترمذی 1/ 156، مسند احمد 6۔238)

(بقیہ: نمک کا معالجاتی استعمال)

بطور تریاق: کسی فرد نے سلور نائٹریٹ کھا لیا ہو تو اسے نمک پانی میں حل کر کے پلائیں۔ نمک سلور نائٹریٹ سے کیمیائی ردعمل کر کے اس کو بے ضرر مادہ میں تبدیل کر دے گا۔ **قلت تیزابیت معدہ:** اگر قلت تیزابیت معدہ کی صورت درپیش ہو تو: اجوائن دیسی 50 گرام، فلفل سیاہ 5 گرام، زنجبیل 10 گرام، نمک 10 گرام۔ تمام اشیاء کو باریک پیس کر ملا لیں۔ 2 گرام کی مقدار میں صبح، دوپہر اور شام بعد از غذا استعمال کروائیں۔ یہ نسخہ قلت تیزابیت معدہ کے علاوہ وجع المعدہ، وجع الفم معدہ، نفخ شکم، ضعف ہضم میں مفید و مستعمل ہے۔ **لو لگ جانا:** لو لگ جانے کی صورت میں: لیموں درمیانہ سائز ایک عدد، چینی 10 گرام، نمک 2 گرام، 250 ملی لیٹر پانی میں لیموں نچوڑ کر چینی اور نمک حل کر کے مناسب ٹھنڈا کر کے نوش فرمائیں۔ **اسہال یا دست:** بچوں میں اسہال یا دست کا عارضہ ہو تو: سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد، چینی 5 گرام، نمک ایک گرام۔ بیضہ مرغ خام کو توڑ کر احتیاط سے سفیدی کو زردی سے الگ کر لیں۔ سفیدی میں چینی اور نمک حل کر کے ایک چمچ ہر دست کے بعد بچے کو پلائیں۔ اس سے دست میں وقفہ کے ساتھ ساتھ بدن میں ہونے والی نمکیات کی کمی پوری ہو جائے گی۔ **بلڈ پریشر میں کمی:** بلڈ پریشر میں کمی ہو تو بیضہ نیم برشت پر نمک چھڑک کر کھلائیں۔، چند منٹ کے بعد بلڈ پریشر نارمل ہو جائے گا۔ وہ سبزیاں جو پکانے کے علاوہ کچی حالت میں بھی استعمال ہو سکتی ہیں ان کو اگر نمک کے ساتھ کھایا جائے تو جلد ہضم ہو جاتی ہیں جیسے مولی، گاجر، شلجم وغیرہ۔ علاوہ ازیں وہ پھل جو دیر ہضم ہیں۔ ان کو اگر نمک لگا کر کھایا جائے تو وہ زود ہضم ہو جاتے ہیں جیسے امرود، جامن، سیب، ٹماٹر، کھیرا، تر وغیرہ۔ اسی طرح وہ پھل جن کے اندر ترشی پائی جاتی ہے ان کو اگر نمک لگا کر کھایا جائے تو یہ ان کی ترشی کو کم کر کے مضر اثرات کے بغیر ہمیں ان کے فوائد مہیا کرتا ہے۔

رمضان سے پہلے برکت کی گٹھڑی پالیجئے

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اپنی رحمتیں اور برکات نازل فرمائے' تسبیح خانہ کی رونقیں قیامت تک آباد رکھے۔ میرے پاس پیسے نہ رہتے تھے' بے برکتی کا عجب نظام تھا' جس وجہ سے میں کئی بار روئی بھی کہ آخر میں میرے ساتھ ایسا کیوں ہے؟ بے برکتی کی انتہا تھی' پندرہ تاریخ تک شوہر کی جیب خالی ہو جاتی۔ پھر مجھے سورۂ کوثر کا وظیفہ عبقری رسالہ سے ملا' اسم اعظم کی دم شدہ برکت والی تھیلی دفتر ماہنامہ عبقری سے منگوائی' میں روزانہ 129 بار سورۂ کوثر اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر برکت والی تھیلی پر دم کرتی' اس نیت سے بھی پڑھتی کہ میری روحانی ترقی بھی ہو اور دعا کرتی یا اللہ! مجھے بس اپنا ہی محتاج رکھنا۔ جب سے سورۂ کوثر کا وظیفہ شروع کیا ہے' برکت جاگتی آنکھوں سے دیکھی اب مہینہ ختم ہو جاتا ہے لیکن برکت والی تھیلی میں سے پیسے ختم نہیں ہوتے پہلے تو پندرہ تاریخ تک تمام پیسے ختم ہو جاتے تھے۔ یہ برکت والی تھیلی نہیں برکت کی پوری گٹھڑی ہے' اللہ پاک آپ کا سایہ ہم پر قائم رکھے' آپ اور آپ کی نسلوں پر رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔ (شہلا، کراچی)

رزق کا ضیاع

کہنے کو سبھی یہ کہتے ہیں کہ رزق کو ضائع نہیں کرنا چاہیے لیکن ہماری آج کی زندگی میں یہ بات محض ایک نظریہ ہو کر رہ گئی ہے۔ جس کا عمل دنیا میں کہیں نظر نہیں آتا۔ ہمارے گھروں میں دعوتوں کے مواقع پر اور ہوٹلوں میں جتنا رزق روزانہ ضائع ہوتا ہے اگر اس کا مجموعی اندازہ لگایا جائے تو یقیناً وہ ہزاروں خاندانوں کا پیٹ بھرنے کے لیے کافی ہو سکتا ہے۔ لیکن حالت یہ ہے کہ جس ماحول میں نہ جانے کتنے گھرانے معمولی غذا کو ترس رہے ہوتے ہیں وہاں منوں کے حساب سے اعلیٰ غذائیں کوڑے کرکٹ میں پڑی نظر آتی ہیں۔ آج ہمارا یہ حال ہے کہ دسترخوان کو جا کر کوڑے دان کے اندر جھاڑ دیا جاتا ہے اللہ کے رزق کے احترام کا کوئی اہتمام نہیں۔ ہر شخص کو سوچنا چاہیے کہ میرے علاوہ بھی بہت سے اللہ کے بندے ہیں ہم انسانوں کے سوا اور بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوقات ہیں ان سب کیلئے اللہ تعالیٰ نے یہ رزق پیدا کیا۔ اگر کہیں روٹی کا ٹکڑا نظر آئے تو اسے کسی اونچی جگہ پر رکھ دیا کریں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا رزق ہے۔ اس کا احترام کرنا لازم ہے۔ نبی کریم ﷺ کی تعلیم ہے کہ کھانا پسند آئے تو کھا لو اور اگر پسند نہ آئے تو اس میں عیب مت نکالو۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

اہلیہ کے گردے کی پتھری نکل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اہلیہ کے گردے میں پچھلے آٹھ ماہ سے پتھری تھی جس وجہ سے وہ ہر وقت درد میں مبتلا رہتی تھی۔ سارا سارا دن پیٹ پکڑے بیٹھی رہتی تھی۔ ڈاکٹرز سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپریشن ہی آخری حل ہے ادویات لینے سے صرف درد میں افاقہ ہوسکتا ہے لیکن مرض ختم نہیں ہوگا۔ اہلیہ آپریشن کروانے پر راضی نہیں تھی اس اثناء میں میرا ایک دوست ملا اس نے مجھے ستر شفائیں استعمال کروانے کا مشورہ دیا بلکہ دوڈبی مجھے ہدیہ پیش کی اور کہا باقاعدگی سے استعمال کرواتے رہیں ان شاء اللہ پتھری کا نام ونشان تک نہیں رہے گا۔ اس کے علاوہ اس نے ستر شفائیں کی اتنی تعریفیں کی کہ لکھنے بیٹھوں تو لکھتے ہی جاؤ۔ خیر میں نے اہلیہ سے کہا کہ اس دوائی کو استعمال کرنا شروع کرو میرے دوست نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔ چنے کے برابر گولی بنا کر اہلیہ نے استعمال کرنا شروع کیا دس دن کے استعمال سے ہی گردے کا درد ختم ہوگیا۔ دوڈبی کے اختتام کے بعد ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ پتھری نکل چکی ہے۔ ٹیسٹ رپورٹ دیکھ کر میں بہت خوش ہوا میں نے رپورٹ اہلیہ کو دکھائی تو اس نے بھی سکھ کا سانس لیا۔ اس دن کے بعد عبقری دواخانہ کی ادویات پر بھروسہ بڑھ گیا۔ آپ کے دواخانہ کی ہی ایک دوائی روحانی پھکی میں نے اسہال، ہیضہ اور پیٹ درد کے امراض میں لوگوں کو استعمال کروائی جس کا سو فیصد رزلٹ پایا۔ (محمد معین، فیصل آباد)

خشک اور کھردری جلد ملائم اور صاف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے جلدی مسائل کا سامنا ایک عرصہ سے تھا۔ گرمی ہو یا سردی میرے پورے جسم کی جلد خشک اور کھردری رہتی تھی۔ بہت سے لوشن بھی استعمال کر چکا ہوں لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ مہنگے سے مہنگا صابن ملکی وغیر ملکی بھی استعمال کر کے دیکھا لیکن صرف اور صرف پیسے ہی ضائع کیے فائدہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ ایک روز سوشل میڈیا پر عبقری کی پوسٹ آئی ہوئی تھی جس پر عبقری جراثیم شفاء صابن کے بارے میں لکھا ہوا تھا۔ میں نے فوراً سے دیئے گئے نمبر پر مزید معلومات اکٹھی کی اور اپنے ہی شہر کے ایک ایجنسی ہولڈر سے چھ صابن لایا اور استعمال کرنا شروع کیا بہت ہی لاجواب اور دھیمی خوشبو ہے ایسی خوشبو نہیں جو کہ آپ کے سر کو بھاری کر دے۔ بہت ہی مہکتی مہکتی خوشبو اور صابن بھی لاجواب۔ روزانہ کی بنیاد پر میں نے جراثیم شفاء صابن استعمال کرنا شروع کیا جس سے مجھے فائدہ یہ ہوا کہ میری ایک عرصہ سے خشک اور کھردری جلد تھی وہ بالکل ملائم اور صاف ہوگئی۔ اس کے علاوہ جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے جو کہ ہر موسم میں میرے جسم پر نمودار ہوتے تھے ان کا بھی مکمل صفایا ہوگیا۔ عبقری جراثیم شفاء صابن کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ یہ مارکیٹ میں موجود دیگر مہنگے مہنگے صابنوں سے سستا بھی ہے اور زیادہ فائدہ مند بھی ہے۔ اب میرے گھر کے چھوٹے بڑے تمام ہی عبقری کا جراثیم شفاء صابن ہی استعمال کرتے ہیں۔ (شہزاد انور، چیچہ وطنی)

عمر رسیدہ شخص دعائیں دیتا ہوا چلا گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جڑے دس سال کا عرصہ ہوگیا ہے۔ عبقری دواخانہ کی ادویات بھی میرے استعمال میں ہوتی ہیں خاص کر جب میں شہر سے باہر کسی لمبے سفر پر جاؤں تو میرے بیگ میں عبقری کی کوئی نہ کوئی دوائی لازمی ہوتی ہے۔ پچھلے دنوں میرا لاہور سے کراچی جانے کا اتفاق ہوا۔ ٹرین کا ٹائم سہ پہر کا تھا۔ لاہور اسٹیشن سے گاڑی روانہ ہوئی رات دو بجے کے قریب صادق آباد کے قریب پہنچے تو مجھے بھوک لگی میں نے ہلکا پھلکا سا کھانا جو گھر سے بنوا کر لایا تھا کھایا اور اپنے کیبن سے باہر نکلا تو دیکھا تو ایک عمر رسیدہ بزرگ ڈبے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ واک کر رہے تھے میں نے پوچھا کہ آپ واک کر رہے ہیں تو کہنے لگے بیٹا میں نے کھانا کچھ زیادہ کھا لیا تھا جس وجہ سے اب پریشان ہوں۔ میں نے پوچھا آپ نے کھانا کتنے بجے کھایا تھا؟ کہنے لگا رات آٹھ بجے۔ میں سمجھ گیا کہ ان کا ہاضمہ خراب ہے خیر میں نے کوئی بات نہیں کی اور اپنے کیبن میں آگیا۔ صبح پانچ بجے گاڑی ایک اسٹیشن پر رکی تو میں ڈبے سے باہر نکلا تو کیا دیکھتا ہوں وہی بزرگ اسٹیشن پر واک کر رہے ہیں میں نے کہا کہ کیا کھانا ہضم نہیں ہوا آگے سے سر ہلا کر کہنے لگے نہیں۔ میں نے پھر فوراً سے اپنے کیبن میں آکر عبقری دواخانہ کی ہاضمہ خاص لی اور ان بزرگ کو دی کہ اس کو استعمال کریں انہوں نے میرا شکریہ ادا کیا اور فوراً نے پھکی کھائی۔ صبح دس بجے کے قریب ٹرین کراچی اسٹیشن پر تھی میں ڈبے سے باہر نکلنے لگا تو وہ بزرگ فوراً سے بھاگے بھاگے میرے پاس آئے اور کہنے لگے تمہارا بہت بہت شکریہ یہ ہاضمہ خاص کھاتے ہی میرے معدے کا نظام بالکل ٹھیک ہوگیا ورنہ میں اذیت میں مبتلا تھا۔ میں نے انہیں کہا کہ شکریہ کی بات نہیں آپ میرے بڑے ہیں۔ اور مجھے کہنے لگے کہ یہ دواخانہ لاہور میں ہے یا کراچی میں بھی ان کی ادویات مل سکتی ہیں تو میں نے کہا جی ضرور آپ عبقری رسالہ کسی بھی سٹال سے لے کر اس پر درج ایجنسیز کے نمبر ہے وہاں کراچی کے نمبرز بھی ہیں آپ وہاں کال کر کے پتہ لیں اور وہاں سے آسانی سے دوائی لے سکتے ہیں۔ اس طرح وہ بزرگ مجھے اور عبقری دواخانہ کو دعائیں دیتے ہوئے اپنی منزل کی طرف چلے گئے۔ (محمد طاہر، لاہور)

اینٹی بائیوٹک ادویات نے مریض بنا دیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جتنا بھی بیمار ہو جاؤں میری کوشش ہوتی ہے کہ میں ڈاکٹر کے پاس نہ جاؤں ایسے ہی اپنے سے تجویز کردہ اینٹی بائیوٹک کا استعمال کر لیتا ہوں اور وقتی طور پر ٹھیک ہو جاتا ہوں۔ سردرد، جسم درد، نزلہ وزکام اور دیگر دردوں کے لیے میں زیادہ تر اینٹی بائیوٹک کا ہی استعمال کرتا تھا۔ لیکن ایک روز اچانک ہائی بلڈ پیشر ہوگیا اور میں چکر کھا کر گر گیا۔ فیکٹری میں میرے ساتھ کام کرنے والے مجھے اٹھا کر ہسپتال لے گئے۔ ڈاکٹرز نے کہا آپ کو پہلے بھی ایسا مسئلہ ہوا میں نے کہا نہیں پہلی بار ہی ایسا ہوا ہے کہ اچانک سے زمین گھومنے لگ پڑی اور سر درد شدت اختیار کر گیا جس وجہ سے میں زمین پر گر گیا۔ خیر ڈاکٹرز نے دوائی دی اور مجھے رخصت کر دیا۔ اب مجھے ڈاکٹرز کی دی ہوئی دوائی کھانا لازمی تھی لیکن میں نے نہیں کھائی اور مجھے عبقری دواخانہ کا پتہ چلا۔ عبقری دواخانے کا کیسے پتہ چلا یہ ایک لمبی کہانی ہے۔ میں عبقری دواخانہ پہنچا اپنا مسئلہ بیان کیا تو انہوں نے مجھے دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے کہا ان اینٹی بائیوٹک کی وجہ سے تو میں ہائی بلڈ پریشر کا مریض بنا ہوا۔ لیکن آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے بتایا کہ یہ انگریزی دوائی نہیں ہے یہ دیسی اینٹی بائیوٹک ہے اور دیسی ادویات کا فائدہ ہی ہوتا ہے نقصان کوئی نہیں ہے۔ ان کی یہ بات دل میں گھر کر گئی بس وہ دن اور آج کا دن میں نے انگریزی اینٹی بائیوٹک چھوڑ کر دیسی اینٹی بائیوٹک استعمال کرنا شروع کر دی ہے۔ (ذوالفقار چیمہ، جھنگ)

یہ سب سے بڑی بدبختی نہیں تو اور کیا ہے؟

ترمذی شریف میں حضرت عمرؓ بن خطاب سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''اگر تم اس طرح توکل کرو جیسا کہ اللہ پر توکل کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں اسی طرح رزق دے جیسے وہ پرندوں کو رزق دیتا ہے جو صبح بھوکے پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو شکم سیر لوٹتے ہیں''۔ ترمذی شریف کی ایک اور حدیث پاک میں منقول ہے، جس کے راوی حضرت انسؓ بن مالک ہیں۔ ''ایک شخص نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! کیا میں اونٹ باندھوں اور توکل کروں یا اسے کھلا چھوڑ کر توکل کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا'' باندھ کر توکل کرو''۔ امام بیہقی اور طبرانی نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ ''نبی کریم ﷺ نے فرمایا'' مجھے اپنی امت پر ضعف یقین کے سوا کسی شے کا خوف نہیں ہے''۔ امام احمد نے کتاب الزہد میں روایت کیا ہے۔ ''حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا'' جو شخص یہ پسند کرتا ہو کہ وہ تمام لوگوں سے زیادہ طاقتور ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے اور جو یہ پسند کرتا ہو کہ وہ تمام لوگوں سے زیادہ معزز بن جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور جو یہ پسند کرتا ہو کہ وہ تمام لوگوں سے زیادہ غنی ہو جائے تو وہ اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ رزق پر قناعت وکفایت کرے''۔

کسی نے امام علی بن موسیٰ الرضا رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا'' توکل کی حد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا'' خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے کسی سے نہ ڈرو''۔ حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا'' بے نیازی اور عزت محو جستجو رہتی ہیں اور جہاں توکل پا لیتی ہیں وہیں رہنے لگتی ہیں''۔ توکل کے بارے میں متعدد احادیث قدسیہ اور روایات وفرمودات اہل بیتؓ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین موجود ہیں۔ اس تحریر کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ ویقین ہی مضبوط ایمان کی نشانی ہے اور اسی میں دنیاوی مشکلات کا حل اور اخروی راحت کا راز پوشیدہ ہے لیکن اس کے لیے اللہ تعالیٰ، نبی کریم ﷺ اور قرآن کریم پر مضبوط ومکمل یقین بنیادی شرط ہے اور اس کے لیے قرآن کریم کی سورۃ یٰسین کی آیت نمبر 82 ہی کافی ہے کہ جس میں ارشاد ربانی ہے۔ ترجمہ: ''اور وہ جب کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے''۔ تو جب سب کام اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہی منسلک ہیں اور اس کے حکم اور منشا کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا تو پھر اللہ پاک پر توکل اور بھروسہ اور یقین محکم نہ کرنے میں کیا امر مانع ہو سکتا ہے۔ وہی خالق ومالک اور پروردگار ہے۔ تمام کائنات اس کے تابع ہیں۔ بادشاہ ہے یا فقیر سب اس کے محتاج ہیں۔ تو پھر اس کو چھوڑ کر انسان کی محتاجی کرنا بدبختی نہیں تو اور کیا ہے۔ اللہ کریم ہم سب کو تقویٰ اور مکمل توکل نصیب فرمائے۔ آمین!

عبقری یوٹیوب چینل سے مسائل کا انوکھا حل ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق راولپنڈی سے ہے لیکن پچھلے کچھ سالوں سے لاہور میں رہائش پذیر ہوں۔ جب راولپنڈی میں تھی تو ہمارے پڑوسی عبقری کا تذکرہ کرتے تو میں ایسے سنتی جیسے کسی اور دنیا کی باتیں ہوں پر جب وہ بتاتی کہ عبقری لاہور میں ہے تو چپ ہو جاتی کہ ان کے پاس تو وسائل ہیں میری بھلا لاہور تک رسائی کیسے ممکن ہو؟ اور دل میں یہی کسک لیے وقت گزرتا رہا پھر زندگی لاہور لے آئی۔ مجھے گزشتہ دس سال سے ہیپاٹائٹس سی ہے۔ مختلف جگہ سے علاج کروائے یہاں کسی نے عبقری کا نام لیا اور مجھے لگا میں اس نام سے واقف ہوں خیر پتہ پوچھا اور عبقری دواخانہ آ گئی ایک بار یش حکیم صاحب سے زیر علاج رہی یہاں بیٹھی خواتین سے سنتی کہ بڑے حکیم صاحب ہیں پر ان سے ملاقات مشکل سے ہوتی ہے ان کی باتیں سنتی اور یہی سوچتی کہیں آپ وہی تو نہیں جن کا راولپنڈی میں پڑوس والی ذکر کرتی تھی پر عورتوں کی باتیں سن کر ہر بار ملنے کی تمنا دل میں لیے یہاں سے چلی جاتی پھر پیسوں کی کمی کی وجہ سے دوا لینا بھی بند کر دی اب ایک ماہ پہلے موبائل پر یوٹیوب کو اوپن کیا تو عبقری کا نام پڑھ کر جب آپ کے درس وغیرہ دیکھے تو جیسے کھویا خزانہ مل گیا ہو۔ پھر آپ کے درس ذوق وشوق سے سننے لگی اور اللہ کا شکر ادا کرنے لگی کہ میری دیرینہ خواہش آپ سے ملنے کی ایسے پوری ہوگئی آپ جو تسبیحات اور استغفار کا بتاتے ہیں وہ سب اپنی ٹوٹی پھوٹی عبادت میں شامل کرنے لگی اور ان سب چیزوں سے انجان اپنی پچھلی زندگی پر نادم ہونے لگی، پچھتاتی کہ ساری زندگی کیسے گزار دی مگر اب اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اللہ کریم نے یوٹیوب کے ذریعے عبقری سے ملاقات کروا دی اور میری زبان پر اللہ کا نام، مسنون دعائیں اور نماز آ گئی۔ اللہ سے آپ کی اور اپنی زندگی کی سلامتی کی دعائیں اب شب وروز کرتی ہوں۔ (بشریٰ گل، لاہور)

زخم جتنا مرضی گہرا ہو جلد بھر جائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے کچھ آزمودہ ٹوٹکے ہیں جو قارئین عبقری کو ہدیہ کر رہے ہیں: ۔1۔ اگر بھڑ کاٹ لے تو فوراً ڈنگ والی جگہ پر مٹی کا تیل لگالیں، درد ختم ہو جائے گا اور سوجن بھی نہیں ہوگی۔ 2۔ زہریلا کیڑا کاٹ لے تو لعاب یعنی تھوک لگالیں، سوجن نہیں ہوگی، درد بھی ختم ہو جائے گا۔ یہ ایک انوکھا ٹوٹکہ ہے، کام کرتا ہے۔ 3۔ کوئی زہریلی چیز کاٹ لے تو اسی وقت متاثرہ جگہ پر خالص لوہا پھیرلیں۔ 4۔ اگر گہرا زخم آ جائے تو فوراً اسے ہلدی سے بھر دینا چاہیے، روزانہ تیل لگا کر پھر اوپر ہلدی لگالیں، ان شاء اللہ زخم بھر جائیگا۔ 5۔ زخم لگ جائے تو فوراً سرمہ سے بھر دیں لیکن چہرے کے زخم میں سرمہ نہ ڈالیں کیونکہ سرمہ کا کالا نشان رہ جائیگا۔ 6۔ زخم لگ جائے تو مکڑی کا جالا توڑ کر زخم کو بھر دیں، زخم خراب نہیں ہوگا، جلد بھر جائیگا۔ پرانے زمانے میں ٹانکے نہیں لگتے تھے یہی ٹوٹکے ہوتے تھے۔ (فاران ارشد بھٹی، خان گڑھ)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

روزانہ سحری وافطاری میں تسبیح الوظائف اپنی زیر نگرانی ایسے عمل کروائیں گے کہ جن کی مقبولیت اور قبولیت میں کوئی شک نہیں (رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں، مزید تفصیلات صفحہ نمبر 38 پر ملاحظہ فرمائیں)

نوکری کا مسئلہ حل	پٹھوں کے کھچاؤ ختم	بیٹے کا چڑچڑا پن غصہ ختم
عرق النساء کا علاج	خون کی کمی	قرض ادا ہو جائے' کچھ بتائیے

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ' تجربہ' کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

فروری کے جوابات

محترمہ آپ نے لکھا کہ آپ کے شوہر بیروزگار ہیں' میرے بھی منگیتر کی نوکری کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا' مجھے میری خالہ جو کہ میری ساس بننے والی ہیں' انہوں نے میری والدہ سے یہ مسئلہ ڈسکس کیا' میں عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہی ہوں' میں نے اپنے منگیتر کی نوکری کی نیت کر کے یہ وظیفہ کیا' تیسرے دن میری خالہ نے بتایا کہ میرے بیٹے کو بہترین جگہ نوکری مل گئی ہے' وہ بہت خوش تھیں۔ بہن آپ بھی یہی وظیفہ کیجئے ان شاء اللہ کرم ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے:۔ اول و آخر درود پاک گیارہ مرتبہ اور یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ 12 سو مرتبہ روزانہ پڑھیں' بارہ دن تک۔ مگر میں صرف تین دن پڑھا تھا اور مسئلہ حل ہو گیا تھا' کام جب بھی ہو جائے بارہ دن لازم پڑھیں۔ (ع۔ لاہور)

2۔ میری والدہ کو یہی مسئلہ تھا' میں نے عبقری دواخانہ سے ''معجون شفاء یابی'' اور ''کراماتی تیل'' لا کر لکھی گئی ترکیب سے استعمال کروایا' الحمدللہ! چند ہفتوں کے اندر اندر میری والدہ کی طبیعت بالکل ٹھیک ہو گئی ہے۔ آپ بھی یہی دونوں ادویات استعمال کریں آپ کا مسئلہ بھی ان شاء اللہ حل ہو جائے گا۔ (شاہنواز' سکھر)

3۔ بہن! رات کو کسی بھی وقت اندھیرے میں بیٹھ کر ایک بار بسم اللہ شریف کے ساتھ سورہ بقرہ کی آیت نمبر 117 پڑھیں اور ہر بار بسم اللہ شریف کے ساتھ اس آیت مبارکہ کو گیارہ بار پڑھ کر بیٹے کا تصور کر کے دم کر دیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کریں اس وظیفے پر کم از کم نوے دن تک عمل کریں اور جن دنوں میں نہ کر سکیں وہ دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔ (سویرا محبوب' اسلام آباد)

4۔ بیٹی سے کہیں جب بھی کتاب کھولے پہلے تین مرتبہ سورۃ الم نشرح اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کرے' ان شاء اللہ اس کا یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ (محمد شفیع' اوکاڑہ)

5۔ پیشاب کی رکاوٹ کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: پھٹکری خام یعنی پھول نہ کریں بلکہ اصلی حالت میں 10 گرام' کباب چینی 100 گرام دونوں نہایت باریک کر کے پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں 4 بار یا حسب ضرورت 6 بار کچی لسی یا پانی کے ہمراہ دیں۔ اصلی کباب چینی کی نشانی یہ ہے کہ اس کے ساتھ ڈنڈی ہوگی یہ کالی مرچ کی طرح کے بیج ہوتے ہیں اگر ڈنڈی نہ ہو تو ہرگز ہرگز نہ لیں۔ (ن' پشاور)

مارچ کے سوالات

1۔ محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دراز سے آپ کے رسالہ عبقری کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ بڑی خوشی ہوتی ہے رسالہ پڑھ کر دنیا میں ایسے بزرگ بھی موجود ہیں جو خلق خدا کی خدمت کر رہے ہیں۔ عرق النساء کے درد شدت اختیار کرتا جا رہا ہے اس بارے کچھ تجویز فرما دیں۔ (سید محمد زماں' کراچی)

2۔ قارئین! میں جب بھی کسی کا قرض ادا کرتا ہوں تو دوسرے کا قرض دار ہو جاتا ہوں یہ معاملہ گزشتہ دس سال سے چل رہا ہے۔ بیٹے کو ایک دوکان کی برانچ لے کر دی کراچی میں ہی جو مال ہیڈ آفس سے آتا رہا پہلے تو نقد دیتا رہا لیکن اب قرض بڑھتا جا رہا ہے کوئی وظیفہ عنایت فرمائے جس سے سالوں کے قرض سے چھٹکارا مل جائے۔ (ناصر' کراچی)

3۔ محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بچی کو خون کی کمی رہتی ہے اس بارے میں کچھ بتائیں۔ دوسرا قرض سے نجات کے لیے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ میرا گھر کی تعمیر کسی نہ کسی وجہ سے ہر بار رک جاتی ہے میں بہت ہی زیادہ پریشان ہوں۔ (حوا کی بیٹی' پوشیدہ)

4۔ جب بھی بڑا پاخانہ آتا ہے تو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اور پاخانے کے بعد یہ درد تقریباً چار سے پانچ گھنٹے رہتا ہے۔ پچھلے پانچ چھ سال سے مختلف ادویات کھا رہی ہوں لیکن کوئی فرق نہیں پڑ رہا۔ قارئین مجھے کوئی طبی ٹوٹکہ یا نسخہ بتائیے میرا یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ (پ۔ پوشیدہ)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبہ! پوری دنیا میں مانا ہوا علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

مراقبہ دور جدید کی تمام ضدی بیماریوں کا آزمودہ علاج ہے' خاص طور پر ٹینشن' ڈیپریشن' ذہنی' جسمانی دباؤ' کھچاؤ' نیند کی کمی کا پوری دنیا میں مانا ہوا علاج ہے' بڑے بڑے ماہر نفسیات ان تمام بیماریوں کا علاج مراقبہ سے ہی کر رہے ہیں' جدید سائنس آج اسے امراض کا یقینی علاج قرار دے رہی ہے۔ مزید Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل سَلٰمٌ ۟ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

شیخ الوظائف کی کتابوں میں غلطیاں

ایڈیٹر نے ہمیشہ اعتراف کیا ہے کہ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں' کسی کتاب میں حوالہ رہ گیا ہو' کوئی کمی ہو' ایڈیٹر نے اپنی کتاب کے لیے کسی کتاب کا حوالہ لیا ہو' وہ نہ لکھ سکے ہوں' کیونکہ اب سے پہلے کتب ادارے چھاپتے تھے اب عبقری خود چھاپتا ہے جہاں کوئی کمی' غلطی' آپ کو نظر سے گزرے آپ ادارہ کو ضرور اطلاع دیں' کیونکہ بندہ ہر پل اصلاح کا محتاج ہے۔

جادو کرنیوالے پر پلٹ جائے!
صفحہ 41 پر لاہوتی نقش ملاحظہ کریں

گھریلو اُلجھنیں اب نہیں رہیں گی! آزما کر دیکھ لیں!

گمشدہ گاڑی، ضروری دستاویزات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے چھ ماہ قبل میری گاڑی ایک شاپنگ مال کے باہر سے غائب ہوگئی جس وجہ سے میں بہت ہی زیادہ پریشان تھا۔ میری گاڑی بھی مہنگی تھی اور اس میں پڑے کاغذات اس سے بھی زیادہ قیمتی تھے۔ میں نے ایف آئی آر درج کروائی ہوئی تھی لیکن گاڑی کی لوکیشن کا پتہ نہیں لگ رہا تھا۔ پولیس والوں نے تسلی دی کہ ہم اپنی پوری کوشش کررہے ہیں آپ دعا کریں ان شاء اللہ آپ کی گاڑی مل جائے گی۔ انہیں دنوں میں نے آپ کا یوٹیوب پر درس کا ایک کلپ سنا تھا جس میں آپ ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ بارے بتارہے تھے۔ میں نے نیٹ سے ہی عبقری کا ایڈریس لیا اور عبقری دواخانہ آیا اور اس کتابچہ بارے مزید معلومات لی۔ اسی دن سے میں نے کتابچہ میں درج وظائف کرنا شروع کردیئے اور اپنے اللہ سے خصوصی دعائیں کیں۔ اس کے علاوہ کتابچہ کافی تعداد میں صرف اس نیت سے تقسیم کرنا شروع کیا کہ میری گاڑی مجھ مل جائے۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد ہی میری گاڑی کا پتہ چل گیا۔ میں پولیس اسٹیشن گیا تو مجھے بتایا گیا کہ آپ کی گاڑی محفوظ ہے اور اس میں تمام دستاویزات بھی موجود ہیں میں نے اسی وقت گھر آکر دو نوافل شکرانے کے ادا کیے۔ (چوہدری نذیر، لاہور)

تبادلہ رک گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری سے جڑے تقریباً دوسال کے قریب ہوگیا ہے اور میں ایک سرکاری ٹیچر ہوں۔ کچھ ہفتے پہلے مجھے اطلاع ملی کہ آپ کا تبادلہ دوسرے سکول ہوگیا ہے۔ یہ سنتے ہی میں پریشان ہوگئی کیونکہ یہ سکول میرے گھر سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کے مسافت پر تھا۔ روزانہ آنے جانے میں ہی تین گھنٹے لگ جائیں گے یہی سوچ سوچ کہ پریشان تھی کہ اچانک مجھے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کے کتابچہ کا خیال آیا اور میں نے پڑھنا شروع کیا اور اپنے ساتھ جو ٹیچرز تھی ان میں بھی تقسیم کیا۔ چار دن کے بعد مجھے کال آئی کہ آپ کا تبادلہ نہیں ہورہا آپ یہی سکول میں رہے کیونکہ جس سکول میں آپ کا تبادلہ کیا جانا تھا وہاں ایک دوسری ٹیچر کا تبادلہ کردیا گیا ہے جو اسی علاقے میں رہتی ہیں۔ یہ خبر سنتے ہی میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا جس نے مجھ ناچیز کی دعائیں سن لی۔ (ا، ر۔ شورکوٹ)

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچائیے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں' ہسپتالوں' کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر داد رسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 30 روپے' تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 20 روپے میں حاصل کیجئے)

13 مارچ 2022ء بروز اتوار صبح 9 بجے

ہجویری محل کے آستانہ منت مراد پر اللہ سے مرادیں پوری کروانے کا دن اس مبارک دن میں شیخ الوظائف سفر عراق میں انبیاءؑ، اہل بیتؓ، صحابہؓ، اولیاءؒ اور متبرک مقامات سے ملے فیوض برکات تقسیم کر رہے ہیں!

حضرت علیؓ کی مشکل کشا دُعا کے خاص عمل میں بھی ضرور شامل ہوں!

25 خاص تعویذات کا شفائیہ پانی، برکاتی تسبیح ضرور لیجئے!

یہ برکاتی تسبیح اور 25 تعویذات کا شفائیہ پانی شیخ الوظائف نے دوران سفر عراق بڑے بڑے انبیاءؑ، اہل بیتؓ، صحابہؓ اولیاء اکرامؒ کے مزارات پر خاص توجہات کے ساتھ لکھے ہیں اور خاص طور پر آپ کیلئے وہاں سے لائے ہیں۔

خوش نصیب ہے وہ شخص جس کے پاس یہ خاص عمل شدہ تسبیح اور 25 تعویذات کا شفائیہ پانی ہوگا۔ اس پانی اور تسبیح کے چند کمالات تو ضرور پڑھیے!

برکاتی تسبیح اور شفائیہ پانی کے چند فوائد

- جس گھر میں یہ پانی ہوگا وہاں کبھی بیماری کا ڈیرہ نہیں لگے گا۔
- جس گھر میں یہ تسبیح اور پانی ہوگا وہاں کبھی تنگدستی نہیں ہوگی۔
- جس گھر میں یہ تسبیح اور پانی ہوگا وہاں کبھی لڑائی جھگڑے نہیں ہوں گے۔
- خوشحالی چاہیے تو اس 25 تعویذات کا پانی اور تسبیح کو اپنے گھر ضرور رکھیے!
- جو بھی عمل اس تسبیح پر کیا جائے گا، فوری قبول، مشکل حل
- میاں بیوی کی آپس کی ناچاقی اور الجھن کا سو فیصد حل اس شفائیہ پانی میں موجود
- ہر قسم کے وبائی امراض سے بچنا چاہتے ہیں تو یہ پانی آپ کے گھر میں ضرور ہو
- کالے جادو کے وار سہہ سہہ کر تھک چکے تو اس پانی کے چھینٹے ماریئے!
- اس تسبیح پر چند بار ہی کوئی وظیفہ کیجئے فوری رزلٹ آنکھوں کے سامنے
- کاروبار کی بندش کے شکار احباب اس تسبیح کو ضرور لیجئے اور سکھی زندگی گزاریئے
- عزت وقار حاصل کرنے والے 25 تعویذات کا شفائیہ پانی ضرور حاصل کریں

عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیدار رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خواہشمند اس تسبیح پر درود پاک پڑھیے، ان شاء اللہ چند دنوں میں ہی دیدار رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا۔

بچوں کی ترقی، خوشحالی اور نیک نصیب مقدر کیلئے بچوں کو یہ شفائیہ پانی پلایئے اور برکاتی تسبیح دیجئے، ہمیشہ خوشحالی ان کا مقدر رہے گی۔

جادو جنات کا خوف ختم کرنا ہے تو یہ تسبیح سرہانے رکھ کر سو جائیں! پرسکون نیند، ہر قسم کا ڈر خوف ختم، خواتین پر رات کو پڑنے والا دباؤ نہ ہوگا، کوئی چیز رات کو تنگ بھی نہ کرے گی۔

رشتہ کیلئے پریشان، بندش کا شکار مرد و خواتین، شفائیہ پانی اور برکاتی تسبیح سے تھوڑے ہی عرصہ میں شادی کی تیاری کیجئے! ان شاء اللہ فوری رشتہ طے

بے اولادی کے شکار حضرات اس شفائیہ پانی کو استعمال میں لائیں اور تسبیح پر ذکر کرکے دُعا مانگیں، ان شاء اللہ گود ہری ہو جائے گی۔

شفائیہ پانی کے استعمال کا طریقہ

ہجویری محل کے آستانہ منت مراد سے ملنے والے پانی میں مزید پانی ملا لیں اور اس پانی کو بھی ختم نہ ہونے دیں آٹا گوندھنے، سالن پکانے، پینے والے پانی میں اسی پانی کو شامل کر کے استعمال کریں، کبھی ختم نہ ہونے دیں۔

خاص برکت، نسلوں کیلئے کشادہ رزق کا انتظام

شیخ الوظائف نے ہر آنے والے کو پہلی مرتبہ یہ سعادت اور برکت دی ہے کہ وہ اپنے ساتھ پیک شدہ لنگر (کھانے پینے کوئی بھی چیز) لاکر وہاں آئی مخلوق خدا میں تقسیم کرے۔ دل کھول کر سخاوت کریں۔

نوٹ: سخاوت کے جذبے کے ساتھ لنگر لائیں۔ ہدیہ کی نیت ہو صدقہ کی نہ ہو

ہجویری محل میں

اسم اعظم کا روحانی دم اور 8 خصوصی پیکیج

13 مارچ بروز اتوار صبح 9 بجے

اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب درس، شفائیہ دعا، مراقبہ ہوگا۔ دم میں شامل خواتین و حضرات اونچی آواز میں کلمہ طیبہ کا ورد کریں گے۔ دم کے خصوصی پیکیج کا ڈبہ ہمراہ ضرور لائیں۔

عشق و محبت رکھنے والوں کیلئے خاص سعادت: ہجویری محفل میں آنے والے احباب کے بیٹھنے کیلئے دریاں بچھانے، پانی کا انتظام اور لنگر کھلانے میں اپنے آپ کو پیش کریں، یہ خدمت سعادت سمجھ کر لیں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے سال بھر کے اعمال/ مستند، مسنون اور کامل حوالہ جات کیساتھ سچے وظائف اور اعمال

یہ تمام محافل سال میں ایک بار ہوں گی

4 عدد کیل لائیں اور پھر کمال دیکھیں

3 مارچ 2022ء بروز جمعرات

جادو پرانا ہونے کی وجہ سے گھر اجڑ گیا ہو، جنات کے ڈیرے ہوں، دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے بعد مایوسی اور ناامیدی کا آپ پر راج ہو، گھر میں جھگڑے ہوں میاں بیوی کی ایک پل نہ بنتی ہو تو ایسے حضرات صرف چار کیلیں اپنے گھر لگائیں، سکون، برکت، رحمت آتی اور جنات گھر سے جاتے اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ چار عدد کیل ساتھ لائیں شیخ الوظائف خاص عمل کروائیں گے، گھر جاکر یہ کیل چاروں کونوں میں گاڑھ دیں۔ پھر کمال دیکھیں۔

120 دن کا چلہ، شیخ الوظائف کی زیرنگرانی

3 مارچ 2022ء سے شیخ الوظائف کی زیرنگرانی یاقہار کا صرف دس منٹ کا چلہ اپنے مقام پر رہتے ہوئے کیجئے، ہر قسم کے جادو، تنگدستی، بے اولادی اور ہر مشکل سے نجات پائیے

تکیہ کے کور کا خاص عمل

رمضان المبارک سے پہلے 24 مارچ بروز جمعرات کو شیخ الوظائف تسبیح خانہ لاہور میں دوران محفل خصوصی عمل عنایت فرمائیں گے جو اس خاص عمل میں شامل ہوگا اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ

تکیہ کا کور گھر سے لانا ہرگز نہ بھولیے

اسی جمعرات 24 مارچ بروز جمعرات کو گھر سے تسبیح خانہ میں محفل کے لیے آتے ہوئے تکیہ کور ہرگز لانا نہ بھولیے، تمام گھر والوں کے تکیہ کور بھی لاسکتے ہیں۔ شیخ الوظائف ایک خاص عمل کروائیں گے اور انگلی سے خاص اسم تکیہ پر لکھوائیں گے، گھر جاکر اس تکیہ کور کو تکیہ پر چڑھا کر اس پر رات کو سوئیں، جناتی مسائل، جادو کے مسائل، ڈیپریشن، دماغی امراض، نیند نہ آنے کا مسئلہ، بندشوں کا لاجواب حل پائیں۔

سورۂ قریش کا چلہ! جو شامل ہوا رنگا گیا!

12 مئی 2022ء بروز جمعرات

نسلوں سے طلاقیں ختم، بیٹیوں گھروں میں خوشحال۔ عزت دولت، شان و شوکت۔ بیروزگاری ختم، بیماری ختم، تنگدستی ختم۔ بندشیں ختم۔ بس 12 مئی کو تسبیح خانہ میں ہونے والی محفل میں شامل ہوں اور سورۂ قریش کا بااجازت چلہ کیجئے پھر زندگی میں چند بار جب بھی پڑھیں گے، کام ہوتا جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔ بے شمار کا آزمودہ۔

نہانے اور کپڑے دھونے کا صابن

اسی جمعرات 12 مئی 2022ء کو کیلئے آتے ہوئے گھر سے نہانے اور کپڑے دھونے کا صابن لائیں، پرانی بیماریاں، جادو، نظربد، بندشیں، گھریلو لڑائی جھگڑے، جوڑوں کا درد، ڈیپریشن، دل کی گھبراہٹ، ہائی بلڈ پریشر، شوگر سے نجات پائیں۔ عبقری کا روحانی دم شدہ صابن بھی لاسکتے ہیں۔

5 اسم، چار سمتیں! ہر مصیبت ختم

9 جون 2022ء بروز جمعرات تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف پانچ طاقتور ترین اسم آگے پیچھے، دائیں بائیں منہ کرواکر پڑھوائیں گے، انتہائی تیربہدف عمل، پورا سال ہر مصیبت، آفت، برائی، نظربد سے محفوظ رہیں۔

برش، کنگھی ہمراہ لانا نہ بھولیں!

اسی جمعرات 9 جون کو محفل میں برش یا کنگھی ہمراہ لائیں۔ جادو جنات کے اثرات، بالوں کا ٹوٹنا، اور عزت شان و شوکت میں اضافے کیلئے خاص عمل ہوگا۔ عمل کے بعد جب بھی یہ برش اور کنگھی سر میں استعمال کریں گے، اللہ پاک اس سر کو شرمندگی اور ذلت رسوائی کی وجہ سے جھکنے سے بچائے گا۔ ٹینشن، ڈیپریشن، کمزوری حافظہ، یادداشت، دماغی امراض، اعصاب پٹھوں کے کھچاؤ سے حفاظت رہے گی۔

دشمنوں، ظالموں، حاسدین اور انتقام لینے والوں سے چھٹکارا

کسی نے جینا دوبھر کررکھا ہے، کوئی پیسے کھا گیا ہے، قرض واپس نہیں کررہا، کسی نے زمین پر قبضہ کرلیا ہے یا حاسد جادو کرنے سے باز نہیں آرہا، کسی ظالم نے چین، سکھ چھین لیا ہے یا کسی افسر نے بلاوجہ تنگ کررکھا ہے تو 30 جون بروز جمعرات تسبیح خانہ میں ضرور آئیے! شیخ الوظائف ایک ایسی آیت کا ورد کروائیں گے،

علت، قلت اور ذلت سے نجات

اسی جمعرات 30 جون کو آتے ہوئے سرخ روشنائی والا (سرخ پین) قلم اور کاپی ہمراہ لائیں، شیخ الوظائف چند حرف لکھوائیں گے، کوئی کسی بھی عادت بد میں مبتلا ہے، شوہر یا بیوی کی کوئی بری عادت، بچے سے کوئی گندگی چھڑوانا، موبائل، انٹرنیٹ کی دنیا سے نجات، نوجوان اولاد کو بے راہ روی سے بچائیے! ضرور شامل ہوں!

29 مرادوں کے لیے مقبول نقش

7 جولائی 2022ء بروز جمعرات ذوالحجہ کی نوچندی جمعرات کو مقبول نقش لیجئے! شیخ الوظائف حروف تہجی کا خاص تعویذ لکھوائیں گے، حروف تہجی کے 29 حروف ہیں، اس کو شیخ الوظائف خود دوران محفل خاص گھڑی میں لکھوائیں گے۔ 29 مرادوں کے لیے یہ نقش مقبول ہے۔ یہ نقش جس کے پاس بھی آیا وہ مقدر کا سکندر بنا۔ گزشتہ سال بے شمار نے لکھا اور ابھی تک ڈھیروں مسائل سے نجات پاچکے ہیں۔ جس کے تجربات عبقری رسالہ میں اکثر شائع ہوئے ہیں۔ آپ بھی شامل ہوں۔

9 ذی الحجہ سے 13 ذی الحجہ کا عمل

شیخ الوظائف کا بتایا عمل، 9 ذی الحجہ کی فجر سے 13 ذی الحجہ کی عصر تک تکبیر تشریق پڑھیے! 30 سیکنڈ کا عمل ہے۔ جس نے بھی عمل کیا، جادو، جنات، بندشیں پورا سال اس پر اثرانداز نہ ہونگی۔

بس! جائے نماز ساتھ لائیں! کرشماتی عمل لے جائیں!

16 جولائی 2022ء بروز جمعرات کو محفل میں آتے اپنی جائے نماز لیکر آئیں، شیخ الوظائف خاص کرشماتی عمل کروائیں گے، جب بھی جس جگہ بھی اس جائے نماز پر بیٹھ کر جو عمل، جو دعا، جو حاجت مانگیں ان شاء اللہ پوری۔ بے شمار کی حاجات پوری، آج خوشحال ہیں۔

سرمہ بھی ہمراہ لائیں، عینک سے نجات پائیں

اسی جمعرات 28 جولائی 2022ء کو محفل میں آتے ہوئے سرمہ ہمراہ لائیں خاص دم ہوگا، عینک اُتار کر آنکھوں پر دائیاں ہاتھ رکھ کر ایک خاص ورد کروایا جائے گا، خاص اجتماعی عمل ہوگا۔ گھر جاکر بھی اس عمل کو کرنے کی خصوصی اجازت ملے گی۔ آپ تو کیا آپ کی نسلوں کی عینک بھی اُتر جائے گی۔ یادداشت مضبوط، دماغی امراض ختم۔

محرم الحرام کی نوچندی جمعرات میں نظربد کا خاص دم

4 اگست محرم الحرام کی نوچندی جمعرات تسبیح خانہ میں سال کے بعد نظربد کا خاص دم شیخ الوظائف کی زیرنگرانی کروائیے، سال بھر نظربد، جادو جنات سے خود بھی محفوظ رہیے اور نسلوں کو بھی بچائیے۔

نقش جبریل کا عمل

اسی جمعرات شیخ الوظائف "نقش جبریل کا عمل" کروائیں گے۔ یہ نقش حضرت جبرائیلؑ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائے۔ وہ کلمات شیخ الوظائف پڑھوائیں گے اور اس کا نقش جو نقش جبریل کے نام سے مشہور ہے اس کو بااجازت دیں گے۔ ہر دکھ، غم، نظربد، جادو، بندش سے نجات کیلئے اس سے بڑا نقش نہیں ہوسکتا۔ صدیوں سے آزمودہ نقش نظربد کیلئے انتہائی مفید ہے، نسل در نسل چلنے والی بندش اور نظربد ختم کروانے کیلئے ضرور شامل ہوں۔

تسبیحات فاطمہؓ کا انوکھا عمل

25 اگست 2022ء کو محرم الحرام کی آخری جمعرات تسبیح خانہ لاہور میں یہ خاص عمل ہوگا، جس نے بھی کیا مسائل، مشکلات، بیماریوں سے نجات پائی۔ تسبیحات فاطمہؓ کا طاقتور ترین عمل ضرور شرکت کیجئے۔

بے اولادی کیلئے سیب اور لونگ کا عمل

بے اولاد حضرات کیلئے خوشخبری! بارہا کا مجرب عمل 25 اگست 2022ء بروز جمعرات آتے ہوئے اپنے ہمراہ سیب اور چالیس لونگ ہمراہ، شیخ الوظائف خاص دم فرمائیں گے، بے شمار بے اولاد آج صاحب اولاد ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کسی بھی بیماری میں، کمزوری، محتاجی میں مبتلا ہیں، بس سیب اور چالیس لونگ لائیں دم کروائیں، کمال جاگتی آنکھوں سے دیکھیں

تین دن میں کائنات کے سب سے طاقتور عمل کے عامل بن جائیے!

6-7-8 صفرالمظفر تسبیح خانہ میں گزاریئے شیخ الوظائف کی زیرنگرانی حزب البحر کا چلہ کیجئے! دنیا کا آخری خطرناک جادو اس چلہ کے آگے راکھ کا ڈھیر۔ خطرناک شریر جنات جنہوں نے نسلیں برباد کردی ہوں اب نہ رہیں گے۔ بے اولادی اور بیروزگاری نے تباہ کردیا ہو تو تین دنوں کا انتظار کیجئے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ، کوئی الجھن، کوئی پریشانی ہو بس آئیے، چلہ میں شامل ہوں اور مشکلات سے نجات پاکر گھر جائیے!۔ تین دن روزہ رکھوا کر حزب البحر پڑھوائی جائے گی۔ سحری و افطاری کا انتظام! خواتین و حضرات دونوں شامل ہوسکتے ہیں، بچے ہرگز نہ لائیے۔

عبقری روحانی کلاس 2022ء

حزب البحر کے چلہ سے ایک دن پہلے ہوگی۔ (تین دن)

تعویذ چبائیں اور نگل جائیں!

15 ستمبر بروز جمعرات تسبیح خانہ میں عمل بتائیں گے، آسان ترین تعویذ، جو ہر شخص لکھ سکے، نتائج بے شمار، خصوصاً اندرونی بیماریوں، نفسیاتی مسائل اور اولاد کی نافرمانی کیلئے مجرب۔

نوکری، شادی کی بندش ختم! تنگدستی، بے اولادی کا خاتمہ! صرف 9 دن میں رزلٹ پائیے!

اسی جمعرات 15 ستمبر 2022ء شیخ الوظائف خاص عمل بتائیں گے۔ صرف 9 دنوں میں نوکری ملنے، رشتہ ملنے، تنگدستی ختم، بے اولادی کا خاتمہ کیلئے خاص عمل بتائیں گے۔ یہ عمل سال میں ایک مرتبہ ہوگا، ضرور شامل ہوں۔ جو بھی اس عمل میں شامل ہوا اس کا مسئلہ صرف نو دن کے اندر حل ہوا، ضرور شامل ہوں۔

مسواک کا جادو توڑ اور حفاظتی دیوار کا عمل

6 اکتوبر 2022 بروز جمعرات محفل، اپنی مسواک ہمراہ لازم لائیں! شیخ الوظائف خصوصی دم اور عمل فرمائینگے، بس جس جگہ یہ مسواک ہوگی وہاں چوری، نہ ڈاکہ، نہ آگ، نہ ڈکیتی، نہ وا، ہر قسم کی حفاظت، لاعلاج بیماریاں ان شاء اللہ ختم

حفاظت، کفایت، مدد، قرض نجات! حیرت انگیز حصار

اسی جمعرات 6 اکتوبر 2022ء کو شیخ الوظائف دوران محفل ایک اور خاص عمل کروائیں گے۔ جو بھی شامل ہوا وہ ہمیشہ کی حفاظت، کفالت میں رہے گی اور اس کے ساتھ غیبی مدد رہے گی، اور وہ مدد جاگتی آنکھوں سے زندگی ہر موڑ پر محسوس کرے گا۔ سالانہ عمل، جو بھی شامل ہوا محفوظ رہا۔

انمول خزانہ کا چلہ

20 اکتوبر 2022ء بروز جمعرات۔ شیخ الوظائف انتہائی طاقتور اور کامیاب عمل دو انمول خزانہ کا خاص چلہ کروائیں گے۔ گزشتہ سال بے شمار نے اپنی الجھنیں ختم، تنگدستی ختم، بیروزگاری ختم، جادو، جنات بندشیں ختم کروالیں، آپ بھی ضرور شامل ہوں۔ شیخ الوظائف دوران محفل چند منٹ کا یہ عمل کروائیں گے۔

مٹھی بھر چاول لائیں، بندش، جادو، تنگدستی سے نجات پائیں

20 اکتوبر 2022ء بروز جمعرات اس خاص عمل کو ہرگز نہ چھوڑیئے گا، بس چاول لائیے، کوئی مشکل جو حل نہ ہورہی ہو، پریشانی جو باوجود کوشش نہ جارہی ہو، بس اس عمل میں شامل ہوں۔

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مشکل کشاء عمل

27 اکتوبر بروز جمعرات شیخ الوظائف خاص عمل کروائیں گے، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نقش تسبیح خانہ میں محفل سے پہلے ہر آنے والے کو دیا جائے، شیخ الوظائف اس پر خصوصی عمل کروائیں گے۔ مزید اس نقش پر لکھے اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر نام مبارک کو اجتماعی پڑھا جائے گا اور اس پر درود پاک پڑھا جائے گا، لاکھوں کی تعداد میں درود، پھر ان اسماء کی نسبت سے رب سے دعا، انوکھی محفل، جو بھی حاجت ہو دل میں رکھ کر آئیں اور قبول کروائیں۔

سوا کروڑ درود پاک کا چلہ عبقری حویلی احمد پور شرقیہ

2023ء میں عبقری حویلی احمد پور شرقیہ میں سالانہ سوا کروڑ درود پاک کا چلہ کروایا جائے اس کے علاوہ تین دن خصوصی اعمال، وظائف، تعویذات دیئے جائیں گے۔

گوشہ درود و سلام کراچی میں محفل

8 جنوری 2023ء میں گوشہ درود و سلام کراچی میں خصوصی محفل ہوگی۔ شیخ الوظائف خاص روحانی پیکجز کروائیں گے، جو شامل ہوا تمام پریشانیاں حل، مشکلات دور۔ المستعم کے 121 مرتبہ کے چلے کی اختتامی دعا ہوگی۔

نو اور دس محرم الحرام تسبیح خانہ میں گزاریں!

نو اور دس محرم الحرام کو تسبیح خانہ میں مجالس ذکر شان اہل بیتؓ ہونگی۔ اہل بیتؓ کے فضائل، کرامات اور مشکل کشاء وظائف بیان کیے جائینگے۔

26 محرم کو یہ نقش لکھیے! درخت سے باندھ دیجئے! اور مشکل حل

یہ تعویذ 26 محرم کو لکھنا ہے، سورۂ توبہ کی آخری دو آیات کا انتہائی طاقتور نقش۔ ہر مقصد کا حل، ہر مشکل حل، ہر الجھن سلجھن میں تبدیل

15 شعبان تسبیح خانہ میں گزاریں!

15 شعبان مرادیں پانے، دعائیں قبول کروانے اور مشکلات حل کروانے کا سنہری موقع۔ جو دعا دل میں رکھ کر لائیں ان شاء اللہ سوفیصد قبول پندرہ شعبان یاد رکھیں۔

ذوالحجہ کی دس راتوں کے اعمال

ذوالحجہ کی پہلی مقبول دس راتوں میں ہر شب کا علیحدہ وظیفہ، کمالات، برکات، خاص اسم کا عمل اور دعا۔ عبقری سوشل میڈیا پر شیخ الوظائف کا لائیو پروگرام، مسلسل دس راتیں صرف بیس منٹ کا پروگرام دیکھنا ہرگز نہ بھولیں!

ہر ماہ کی نوچندی جمعرات

اسم اعظم کا روحانی دم، حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ سے جھولیاں بھرلیں۔ (اعلان ہر ماہ کے رسالہ کے ٹائٹل پر وقت اور دن پڑھ کر ضرور شامل ہوں)

ہر ہفتے کے تین دن تسبیح خانے میں گزاریں پھر قدرت ربی کا مشاہدہ دیکھیں!

تین دن۔ تین اعمال۔ تمام مقاصد پورے

جمعرات قبل از مغرب تا اتوار بعد نماز ظہر پھر اجتماعی دعا اور واپسی کی اجازت

ہر لمحہ، ہر گھڑی جسم کے بال بال روئے روئے سے بیماری جادو، جنات، بندشیں اکھاڑنے والے روحانی عمل

تسبیح خانہ کا رمضان

اعمال، وظائف کا مجموعہ، جو لمحات اور سیکنڈز میں آپ کی دکھی زندگی کو آسودہ کردے! ایسے آسان چھوٹے چھوٹے روحانی وطبی ٹوٹکے کروائے اور دیئے جائیں گے جو آپ کی زندگی سے ہر غم دور، بیماری ختم، قلت، ذلت سے نجات اور خوشحالی اور برکات کے ڈھیر لگادے۔

تو پھر ابھی سے بھرپور تیاری کیجئے، یہ رمضان تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے!

خواتین کے علیحدہ انتظام، بچے ہرگز نہ لائیے!۔ پرسکون رہائش، سحری و افطاری کا کشادہ انتظام۔ حسب موسم بستر ہمراہ لازم لائیے۔

کاغان محفل: شیخ الوظائف کی 18 جون بروز ہفتہ صبح 11 بجے کاغان میں محفل ہوگی۔ مانسہرہ محفل: شیخ الوظائف کی 17 جون بعداز جمعۃ المبارک محفل ہوگی خواتین کے لیے علیحدہ باپردہ انتظام، بچے ہرگز نہ لائیں۔

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	90/-
2	آگ شفاء	100/-
3	اکسیر البدن	300/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-
6	السر کورس	400/-
7	انوکھی شفاء	250/-
8	ایام شفاء	150/-
9	بواسیر کورس	500/-
10	برص پھلبہری کورس	500/-
11	بے اولادی کورس	2500/-
12	بے اولادی پاؤڈر	500/-
13	بنفشی قہوہ	140/-
14	بستر پیشاب شفاء	150/-
15	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	150/-
16	بیری کا شہد 265 گرام	650/-
17	بیری کا خالص شہد 500 گرام	1300
18	بیری خالص شہد 1 کلو گرام	2400/-
19	برکت والی تھیلی	30/-
20	پیشاب کنٹرول کورس	400/-
21	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-
22	پوشیدہ کورس	600/-
23	پیچش شفاء	150/-
24	پتہ پتھری شفاء	120/-
25	پیٹ ڈیٹ گولیاں (پیٹ کم کرنے کیلئے)	300/-
26	تندرستی ٹانک	440/-
27	تریاق (پیٹ کے کیڑوں کی دوا)	120/-
28	ٹھنڈی مراد	150/-
29	ٹھنڈک پیکیج	500/-
30	ٹھنڈک پاؤڈر	120/-
31	جوہر شفاء مدینہ	180/-
32	جادو شکن پانی	80/-
33	جادو شکن تیل	50/-
34	جوش جوشاندہ	10/-
35	جوانی گولیاں	150/-
36	چلڈرن سیرپ	150/-
37	چوٹ شفاء	100/-
38	چہرہ شفاء	180/-
39	چھلکا اسپغول	200/-
40	چھلکا (ساشے)	10/-
41	چمک (برتن دھونے کیلئے)	150/-
42	حسن شفاء سیرپ	150/-
43	حاملہ ٹانک	120/-
44	خون صفاء پاؤڈر	150/-
45	خاتون شفاء (سیرپ)	150/-
46	خون روک شفاء	120/-
47	خون افزاء ٹانک	120/-
48	خاندانی راز شفاء	200/-
49	دیسی کریم	500/-
50	دیسی گھی	1200/-
51	دیسی گھی آدھا کلو	630/-
52	دم والا شہد دوائی	900/-
53	دل شفاء (عبقری کی قلبی)	500/-
54	دردی ہربل بام	80/-
55	دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء	150/-
56	ڈیپریشن پیکیج	490/-
57	روغن زیتون 500ML	700/-
58	روغن زیتون 60ML	120/-
59	روحانی دھونی	150/-
60	روغن کلونجی 60ML	160
61	روغن بادام 60ML	230/-
62	روغن ارنڈ	70/-
63	روحانی پھکی	50/-
64	روحانی عطر	240/-
65	روشن دماغ ٹانک	300/-
66	زرغوانی نقرائی	2200/-
67	ستر شفائیں	250/-
68	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	150/-
69	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	400/-
70	سرسوں کا تیل 500ML	290/-
71	سچا منجن	100/-
72	سچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-
73	سدابہار حسن وخوبصورتی پیکیج	840/-
74	شفاء حیرت سیرپ	150/-
75	شہد ایک کلو گرام	900/-
76	شہد (500 گرام پیکنگ)	450/-
77	شہد 330 گرام	300/-
78	شوگر کورس	800/-
79	شاہی ناشتہ	120/-
80	طب نبوی حسن و جمال کریم	330/-
81	طب نبوی ہیئر آئل	350/-
82	طلسم توڑ کنگھی	120/-
83	عروسی سہاگ کورس	5000/-
84	عرق موٹاپا شفاء	400/-
85	عرق گلاب/ اسپرے	70/-
86	عبقری قہوہ	10/-
87	عبقری تلبینہ	150/-
88	عرق شوگر شفاء	400/-
89	عبقری بے بی ٹانک	150/-
90	فشاری گولیاں	250/-
91	فیملی شفاء (ساشے)	10/-
92	فٹنس پیکیج	600/-
93	فٹنس فولاد ٹانک	150/-
94	کالی کڑوی شفاء	400/-
95	کراماتی تیل	250/-
96	کان شفاء	100/-
97	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
98	کرنٹ مالش	500/-
99	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
100	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
101	گردے فیل شفاء	150/-
102	گردی	250/-
103	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
104	لال قلعہ شاہی ٹانک	400/-
105	قد دراز کورس	500/-
106	قبض کشا	150/-
107	قوتی گولیاں	550/-
108	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
109	لیکوریا شفاء	150/-
110	معجون شفاء یابی	550/-
111	مرہم سکون	100/-
112	مرہم برص	250/-
113	موٹاپا کورس	600/-
114	مشروب عبقری افزاء	260/-
115	مشروب املی آلو بخارا	290/-
116	معالج آٹا	400/-
117	معجون مراد	1200/-
118	معذور شفاء ٹانک	550/-
119	نبویؐ برتن مد	2250/-
120	نبویؐ برتن صاع	3850/-
121	نورانی حفاظتی کڑا	700/-
122	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
123	ناک شفاء	130/-
124	نسوانی حسن شفاء	300/-
125	نشاطی (جدید)	550/-
126	نوجوان شفاء	150/-
127	نیو طاقتی	680/-
128	نورتن شفاء	200/-
129	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
130	ہارمونز شفاء	300/-
131	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
132	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	150/-
133	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	400/-
134	ہاضم خاص پاؤڈر	120/-
135	ہربل ہیئر آئل	300/-
136	ہربل شیمپو	300/-
137	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
138	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-
139	7 تخم شفاء	150/-
140	ویزلین چھوٹی	50/-
141	ویزلین بڑی	90/-

تفصیلات صفحہ نمبر 64 پر!

پندرہ لاکھ کا سامان غائب ہوگیا

میرا لاہور کی بڑی مارکیٹ میں وسیع کاروبار ہے‘ گزشتہ ماہ ہفتہ وار آڈٹ میں معلوم ہوا کہ گودام سے پندرہ لاکھ کا مال کم ہوگیا۔ لڑکوں سے پوچھ گچھ کی مگر کچھ بھی پتہ نہ چل رہا تھا‘ ... بتایا‘ وہ بھی پریشان ہوگئی‘ اس نے بتایا کہ فوراً عبقری رسالہ لے کر پوری مارکیٹ میں ... ان شاء اللہ کرم ہوجائے گا۔ میں نے فوراً ایک ہزار عبقری رسالہ تقسیم کروایا‘ ... دن ایک پارٹی کا فون آگیا کہ آپ کے تین بنڈل میرے پاس زیادہ آگئے ہیں‘ ... واپس بھجوا رہا ہوں‘ ان تین بنڈلوں میں پندرہ لاکھ کا مال تھا۔ (کاشف‘ لاہور)

لاہوتی نقش نے بیٹی کو جنات کے چنگل سے چھڑوالیا

جب میری بیٹی 13 سال کی ہوئی تو اس کی حرکتیں عجیب ہوگئی‘ ایک دن اس کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہوئی تو وہ عجیب آواز میں باتیں کرنا شروع ہوگئی‘ ہم سب بہت زیادہ ڈر گئے‘ بھاگ کر مسجد کے قاری صاحب کو بلایا‘ وہ آئے انہوں نے کچھ قرآنی آیات پڑھ کر دم کیا تو بیٹی کی حالت بہتر ہوئی‘ انہوں نے بتایا اس پر جنات آتے ہیں‘ ہم بہت پریشان ہوئے یہ کیا ہوگیا‘ ہم نے تو ایسی باتیں سنی تھیں‘ کبھی دیکھا نہ تھا۔ پھر ہر دو تین دن کے بعد اس پر جنات آنا شروع ہوگئے۔ ہم نے بہت جگہوں سے دم کروائے‘ تعویذ لیے مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ میں سبزی لیکر گھر آرہی تھی کہ سڑک پر میرے قریب ایک گاڑی رکی‘ اس میں موجود ایک نوجوان لڑکی نے مجھے عبقری رسالہ تھمایا‘ میں گھر لائی تو اس میں لاہوتی نقش کے متعلق پڑھا‘ بیٹی نے یہ نقش مکمل کیا اور بتایا گیا عمل کیا۔ اس کی حالت سنبھل گئی‘ وہ نقش سرہانے رکھ کر سوتی ہے‘ ابھی اس نے دوسرا نقش بھی مکمل کرلیا ہے‘ دوبارہ میری بیٹی پر جنات نہیں آئے۔ (مسز اسامہ‘ فیصل آباد)

جب ڈاکٹر بے بس ہوئے تو عبقری رسالہ کام آگیا

ہماری جاننے والی خاتون ہے‘ ایک مرتبہ ملی تو اس نے کہا کہ میرا پوتا سات دن کا ہے‘ سات دن میں ایک مرتبہ بھی نہیں رویا‘ نہ ہی صحیح طریقے سے دودھ پیتا ہے‘ ڈاکٹروں کو چیک کروایا‘ بہت علاج کروایا مگر بچہ رو نہیں رہا‘ میں نے کہا کہ فوراً قریبی ایجنسی سے عبقری رسالہ حسب توفیق لیں اور ہسپتال میں تقسیم کردیں‘ دوسرے دن وہ خاتون آ کر بات بتاتے ہوئے رو پڑیں کہ ادھر ہم نے رسالے تقسیم کیے اُدھر بچے نے رونا شروع کردیا۔ وہ بچہ اب نارمل ہے۔ (جاوید‘ لودھراں)

مجھے اولڈ ہاؤس لے چلو‘ میں پاگل ہوجاؤں گا

دوست جن کی عمر 65 سال‘ اچانک فون آیا روتے ہوئے کہنے لگا: مجھے ’’اولڈ ہاؤس‘‘ چھوڑ آؤ میں پاگل ہوجاؤں گا۔ مزید بولا گھر میں نااتفاقی کی آگ لگی ہے‘ بیٹا‘ بہو کاٹ کھانے کو دوڑتے ہیں‘ میں نے حوصلہ دیا اور ساتھ کہا کہ تم سارا دن یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھو اور عبقری رسالہ زیادہ سے زیادہ تقسیم کرو‘ لوگوں کے دکھ درد کا مداوا کرو‘ تمہارے گھر کی آگ خود بخود بجھ جائیگی‘ اس نے ایسا ہی کیا‘ آج ملا تو کہنے لگا: یقین نہیں آتا گھر میں اتنا اتفاق و برکت کیسے آگئی‘ میرے بچے مجھ سے لپٹ لپٹ کر رو رو کر معافیاں مانگتے ہیں۔ (محسن‘ ملتان)

لاہوتی نقش نے بیٹی کو جنات کے چنگل سے چھڑوالیا

اتنی برکت‘ اتنا سکون کہ بیان سے باہر: معاشی تنگی‘ ہر وقت لڑائی جھگڑے رہتے‘ تنگی سے عاجز تھا‘ جو رقم کہیں سے آتی بیماریوں میں لگ جاتی‘ ہر وقت قرض میں ڈوبا رہتا‘ بازار سے گزر رہا تھا کہ کسی نے عبقری ہدیہ کیا‘ گھر لا کر پڑھا تو پڑھتا ہی چلا گیا۔ رزق کی برکت کا ایک عمل پڑھا کہ ہر وقت باوضو رہنے سے نفع ہوتا ہے اور دوران کھانا مسلسل سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھتا رہتا ہوں۔ معاشی طور پر بہت نفع ہوا‘ اتنی برکت مل رہی ہے کہ بیان سے باہر‘ زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (کامران خان‘ پشاور)